وَاَلْحِقْنَا بِالصّٰلِحِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۔ دو رکعت سنت پڑھے اوّل میں فاتحہ کے بعد سورہ کافرون دوسری میں سورۂ اخلاص اس کے بعد چار رکعت اور پڑھے اوّل میں بعد فاتحہ آیۃ الکرسی تین دفعہ دوسری میں اخلاص معوذتین ایک ایک دفعہ تیسری میں آیۃ الکرسی تین دفعہ چوتھی میں تینوں قل ایک ایک دفعہ پڑھے سلام کے بعد سجدے میں جائے اور چار دفعہ کہے سُبْحَانَ الْعَظِیْمِ الَّذِیْ لَمْ یَزَلْ وَلَا یَزَالُ سُبْحَانَ الْعَلِیْمِ الَّذِیْ لَا یَجْھَلُ سُبْحَانَ الْجَوَادِ الَّذِیْ لَا یَبْخَلُ سُبْحَانَ الْحَکِیْمِ الَّذِیْ لَا یَعْجَلُ اور بیس دفعہ یَا رَحِیْمُ پڑھے اور اپنی حاجت حق تعالیٰ سے چاہے ۔ ایضاً چار رکعت اور پڑھے پہلی میں سورہ یٰس اور دوسری میں نجم دخان تیسری میں الم تنزیل الکتاب چوتھی میں سورۃ الملک پڑھے سلام کے بعد درود شریف پڑھ کر تین سو بار یَا وَاحِدُ الْبَاقِیْ اَوَّلَ کُلِّ شَیْءٍ وَّاٰخِرَہٗ ۔

ف ذاکر کو چاہیئے کہ نوافل پڑھ کر سو رہے اور آخر شب میں اٹھ کر وتر ادا کرے اور افضل یہ ہے کہ وتر میں یہ سورت قرأت کرے پہلی رکعت میں سبح اسم اور انا انزلنا ۔ دوسری میں قل یا ایہا الکافرون تیسری میں سورۂ اخلاص پھر ہاتھ اٹھا کر اللہ اکبر کہے اور ہاتھ باندھے اور دعائے قنوت پڑھے ۔ سلام کے بعد سجدے میں جاکے تین بار یا پانچ بار سُبْحَانَ الْمَلِکِ الْقُدُّوْسِ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَالرُّوْحِ کہے اور سر اٹھا کر آیۃ الکرسی پڑھے پھر دوسرا سجدہ کرے ۔ اور یہی تسبیح پڑھ کر سر اٹھاوے اور حاجت چاہے ۔

دو رکعت تشفیع الوتر اس کے بعد دو رکعت تشفیع الوتر بیٹھ کر پڑھے ۔ اوّل رکعت میں سورہ اذا زلزلت الارض دوسری میں الھٰکم التکاثر اور سلام کے بعد چار بار تَوَکَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ یَفْعَلُ اللّٰہُ مَا یَشَآءُ بِقُدْرَتِہٖ وَیَحْکُمُ مَا یُرِیْدُ بِعِزَّتِہٖ اور ۳۳ بار سُبْحَانَ اللّٰہِ اور ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اور ۳۴ بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ اور ایک بار لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ فَالْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ ما مِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا ۔

پڑھے اور اپنی حاجت چاہے تو بہتر ہے ف سوتے وقت اور صبح کی نماز کے بعد ان آیات اور سورہ ہائے قرآن مجید کی مواظبت کرے۔ سورہ یٰس، سورہ حشر سورہ صف سورہ جمعہ سورہ تغابن سورہ اعلیٰ، سورہ نون اگر اس قدر نہ ہو سکے تو اذا السماء انشقت تا آخر اور سورہ فاتحہ اور آیات الٓمّٓ ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ تا مُفْلِحُوْنَ اور اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ تا يَعْقِلُوْنَ اور آيَةُ الْكُرْسِيِّ تا خٰلِدُوْنَ اور لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ تا آخر وَشَهِدَ اللّٰهُ تا الْاِسْلَامُ اور قُلِ اللّٰهُمَّ تا بِغَيْرِ حِسَابٍ اور اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ تا مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ اور لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ تا آخر اور قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ تا آخر اور اول سورہ کہف سے تا عَجَبًا اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تا آخر سورہ کہف اور ذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ تا الْوٰرِثِيْنَ اور فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ تا تُخْرَجُوْنَ اور سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اور وَالصّٰٓفّٰتِ تا لَازِبٍ اور حٰمٓ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ تا اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ اور لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّؤْيَا تا آخر سورہ قُلْ اُوْحِيَ تا شَطَطًا اور قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اور سورہ اخلاص اور معوذتین ف مترجم کہتا ہے چونکہ شیخ نے بوجہ اختصار کے آیات مذکورہ کا نام لے دیا کہ واقف سمجھ لے گا واقفوں کے لیے ایک امر دشوار تھا اس واسطے ان آیات مذکورہ کا نام لے دیا کہ تلاش کرنی نہ پڑے اور ہر شخص بآسانی تلاوت کر سکے (ڈھونڈا)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ o اٰمِيْنَ o بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o الٓمّٓ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ o اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ o وَاِلٰهُكُمْ

إِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ إِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ
الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِيْ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ أَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَأَحْيَا
بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْأَرْضِ لَاٰيٰتٍ
لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝ اَللّٰهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَأْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
وَمَا فِي الْأَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ إِلَّا بِإِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ
وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ إِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ
حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ لَآ إِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ فَمَنْ يَّكْفُرْ
بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝
اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ آمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ إِلَى النُّوْرِ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا أَوْلِيٰٓـُٔهُمُ
الطَّاغُوْتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ إِلَى الظُّلُمٰتِ أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ
لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَإِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ أَنْفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ
فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ آمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ أُنْزِلَ
إِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ كُلٌّ آمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ
أَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيْرُ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ
نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ إِنْ نَّسِيْنَآ أَوْ أَخْطَأْنَا رَبَّنَا
وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ
وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا أَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ شَهِدَ
اللّٰهُ أَنَّهٗ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَأُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ
الْحَكِيْمُ ۝ إِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْإِسْلَامُ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ
تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ إِنَّكَ
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ
وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ
وَالْأَرْضَ فِيْ سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا وَّ

الشمس والقمر والنجوم مسخرات بامره الا له الخلق والامر تبارك الله رب العالمين
ادعوا ربكم تضرعا وخفية انه لا يحب المعتدين ولا تفسدوا في الارض بعد اصلاحها
وادعوه خوفا وطمعا ان رحمت الله قريب من المحسنين ○ لقد جاءكم رسول من
انفسكم عزيز عليه ما عنتم حريص عليكم بالمؤمنين رءوف رحيم فان تولوا فقل
حسبي الله لا اله الا هو عليه توكلت وهو رب العرش العظيم قل ادعوا الله
او ادعوا الرحمن ايا ما تدعوا فله الاسماء الحسنى ولا تجهر بصلاتك ولا تخافت بها
وابتغ بين ذلك سبيلا وقل الحمد لله الذي لم يتخذ ولدا ولم يكن له شريك في
الملك ولم يكن له ولي من الذل وكبره تكبيرا ○ بسم الله الرحمن الرحيم
الحمد لله الذي انزل على عبده الكتب ولم يجعل له عوجا قيما لينذر باسا شديدا
من لدنه ويبشر المؤمنين الذين يعملون الصلحت ان لهم اجرا حسنا ماكثين فيه ابدا
وينذر الذين قالوا اتخذ الله ولدا ما لهم به من علم ولا لابائهم كبرت كلمة
تخرج من افواههم ان يقولون الا كذبا فلعلك باخع نفسك على اثارهم ان
لم يؤمنوا بهذا الحديث اسفا ○ انا جعلنا ما على الارض زينة لها لنبلوهم ايهم احسن
عملا ○ وانا لجعلون ما عليها صعيدا جرزا ○ ام حسبت ان اصحب الكهف والرقيم
كانوا من ايتنا عجبا ○ ان الذين امنوا وعملوا الصلحت كانت لهم جنت الفردوس
نزلا خلدين فيها لا يبغون عنها حولا ○ قل لو كان البحر مدادا لكلمت ربي لنفد
البحر قبل ان تنفد كلمت ربي ولو جئنا بمثله مددا ○ قل انما انا بشر مثلكم يوحى
الي انما الهكم اله واحد فمن كان يرجوا لقاء ربه فليعمل عملا صالحا ولا
يشرك بعبادة ربه احدا ○ وذا النون اذ ذهب مغاضبا فظن ان لن نقدر عليه
فنادى في الظلمت ان لا اله الا انت سبحنك اني كنت من الظلمين فاستجبنا له
ونجينه من الغم وكذلك ننجي المؤمنين ○ وزكريا اذ نادى ربه رب لا تذرني
فردا وانت خير الورثين ○ فسبحن الله حين تمسون وحين تصبحون وله الحمد
في السموت والارض وعشيا وحين تظهرون ○ يخرج الحي من الميت ويخرج الميت

مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ٥ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا
يَصِفُوْنَ ٥ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ٥ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥
وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ٥ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ٥ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ٥ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ٥ رَبُّ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ٥ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ١لْكَوَاكِبِ ٥ وَ
حِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ٥ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ
دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ٥ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ٥ فَاسْتَفْتِهِمْ
اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ٥ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥
حٰمٓ ٥ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ٥ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ
الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ٥ لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا
بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ لَا
تَخَافُوْنَ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ٥ هُوَ الَّذِيْ اَرْسَلَ
رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ٥ مُحَمَّدٌ
رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا
سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ
ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ
فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ٥ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ
اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا يَّهْدِيْ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ وَ
لَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَا اَحَدًا ٥ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ٥ وَّاَنَّهٗ
كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ٥ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ٥ وَ
اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ٥ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ٥ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ٥ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا
وَحُقَّتْ ٥ يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ٥ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ
فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ٥ وَّيَنْقَلِبُ اِلٰٓى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ٥ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ

ظَهْرِهٖ فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا وَّ يَصْلٰى سَعِيْرًا وَ اِنَّهٗ كَانَ فِيْٓ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا وَ اِنَّهٗ ظَنَّ
اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ۝ بَلٰٓى اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا ۝ فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ وَ الَّيْلِ وَمَا وَسَقَ وَالْقَمَرِ
اِذَا اتَّسَقَ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ وَ اِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا
يَسْجُدُوْنَ ۝ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ
اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا
عَبَدْتُّمْ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِيْمِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ
اِذَا وَقَبَ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِكِ النَّاسِ اِلٰهِ النَّاسِ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ الَّذِيْ
يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝ يَآ اَكْرَمَ مِنْ كُلِّ كَرِيْمٍ يَآ اَعْظَمُ ـــــ
مِنْ كُلِّ كَرِيْمٍ يَآ اَعْظَمَ مِنْ كُلِّ عَظِيْمٍ اَغْنِنَا بِجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ وَمُدَّ عُمْرَنَا مَعَ
الْعَافِيَةِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ پڑھے اور دایاں ہاتھ سرہانے رکھ کر
اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ـ
پڑھتا ہوا سو جائے اور منہ قبلہ کی جانب کرے ـ

**ذکر استنجا** اس میں دو چیزیں فرض ہیں اوّل دور کرنا نجاست کا ـ دوسرے پاکی کرنی کلوخ سے اور استخواں اور سرگین اور اس سے کہ ایک دفعہ استنجا کیا ہو نہ کرے اور جیسا کہ کتاب سعادت میں لکھا ہے عمل کرے ـ

**فائدہ** مترجم کہتا ہے کہ شاید کتاب السعادت سے مراد کیمیائے سعادت ہو لہٰذا اس کی عبارت ترجمہ کرکے یہاں لکھنی مناسب ہوئی وھو ہذا ـ

**پاخانہ جانے کے آداب کے بیان میں** اگر آدمی صحرا میں ہو تو چاہیئے کہ لوگوں

له اگر قدر نجاست درہم شرعی سے کم ہے تو دھونا سنت ہے اگر برابر ہے تو واجب اور اگر اس سے زیادہ ہے تو فرض ہے ۱۲

کی نگاہ سے دور ہو جائے اور ممکن ہو تو کسی دیوار کی آڑ کر لے اور بیٹھنے سے
پہلے شرمگاہ نہ کھولے اور آفتاب ماہتاب کی طرف منہ نہ کرے اور قبلہ کی طرف[1]
پیٹھ نہ کرے اگر پاخانہ میں تو درست ہے مگر اولیٰ یہی ہے کہ قبلہ دائیں بائیں رہے
مجمع عام کی جگہ پاخانہ پیشاب نہ کرے اور نہ پانی میں کھڑے ہو کر اور نہ میوہ دار
درخت کے نیچے اور نہ وضو اور غسل کی جگہ اور نہ کسی بل میں اور نہ سخت زمین اور
ہوا کے رخ پیشاب کرے اور بائیں پانوں پر زور دیکر بیٹھے جب پاخانہ جانے لگے
تو قدمچہ پر پہلے بایاں پاؤں رکھے اور آتے وقت داہنا ۔ اور جس چیز
میں خدا کا نام ہو اُسے اپنے ساتھ نہ لیجائے اور ننگے سر جائے اور پاخانہ جاتے
وقت یہ دعا پڑھے۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الرِّجْسِ النَّجِسِ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ اور باہر نکلتے
وقت یہ کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَذْهَبَ عَنِّيْ مَا يُؤْذِيْنِيْ وَاَبْقٰى فِيْ جَسَدِيْ مَا يَنْفَعُنِيْ

**استنجے کے بیان میں** | چاہیے کہ پتھر کے تین ٹکڑے یا مٹی کے تین ڈھیلے پاخانہ
پھرنے کے پہلے درست کر رکھے جب فارغ ہو تو بائیں ہاتھ میں پاخانہ کے مقام
کے قریب پاک جگہ رکھ کر کھسکائے اور نجاست کے مقام پر لاکر اُسے پھیرے اور
نجاست پونچھے۔ دوسری جگہ نجاست نہ لگنے پائے اسیطرح تین ڈھیلے کام میں[2]
لائے اگر پاک نہ ہو تو دو ڈھیلے اور لے تاکہ طاق رہیں پھر پتھر کا ایک بڑا ٹکڑا
یا ایک بڑا ڈھیلا داہنے ہاتھ میں لے اور آلۂ تناسل بائیں ہاتھ سے پکڑے اور
اس پتھر یا ڈھیلے پر تین بار یا تین جگہ اُس کا سر رکھے اور بائیں ہاتھ سے ہلائے
داہنے ہاتھ سے نہ ہلائے اگر اتنے ہی پر قناعت کرے تو پاکی کے لئے کافی ہے
لیکن اولیٰ یہ ہے کہ ڈھیلے اور پانی دونوں سے استنجا کرے۔ اگر پانی لینا منظور

---

[1] استنجے کے لئے قبلہ کو منہ یا پیٹھ کر کے بیٹھنا مکروہ اور پیشاب کرنا اور پاخانہ پھرنا مکروہ تحریمی ہے - ۱۲ مترجم

[2] گرمی کے دنوں میں پہلے اور تیسرے پتھر کو پیچھے کی طرف بیجا کر پاک کرے اور جاڑے کے دنوں میں پہلے اور تیسرے پتھر کو آگے کی طرف سے پاک کرے اور دونوں صورت میں دوسرے پتھر سے آگے کی طرف پاک کرے اور دوسری میں پیچھے کی طرف اور عورت جاڑے گرمی میں ہمیشہ پہلے پتھر کو پیچھے کی طرف سے جاکر پاک کرے ۱۲

ہو تو اُس جگہ سے اُٹھ کر دوسری جگہ جائے۔ داہنے ہاتھ سے پانی ڈالے اور بائیں ہاتھ ہتھیلی تک استدر ملے کہ معلوم ہو جائے کہ اب نجاست کا اثر کچھ باقی نہیں رہا تو بہت پانی نہ بہائے اور ملنے میں بہت زور نہ کرے کہ پانی اندر پہنچ جائے لیکن آبدست کے وقت اپنے کو ڈھیلا رکھے اور اسی طرح آبدست لینے میں جہاں پانی نہ پہنچے وہ باطن ہے اس کو نجاست کا حکم نہیں ہے وسواس نہ کرنا چاہیے۔ اسی طرح قطرہ جھاڑنے میں تین بار ذکر کے نیچے ہاتھ لے جائے اور تین بار جھٹکے اور تین قدم چلے اور تین بار کھنکارے اس سے زیادہ اپنے کو تکلیف نہ دے کہ وسواس پیدا ہوگا۔ اگر ایسا کر چکا اور ہر بار معلوم ہوا کہ استنجا کرنے کے بعد تری ظاہر ہوئی اپنی میانی پر پانی ڈال لیوے کہ وہ تری پانی کی معلوم ہو۔ کیونکہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے وسواس کے دور کرنے کو ایسا ہی فرمایا ہے جب استنجا کر کے فارغ ہو تو دیوار یا زمین پر ہاتھ ملے پھر دھوئے تاکہ کچھ بو باقی نہ رہے اور بعد استنجے کے یہ دعا پڑھے۔

استنجا کے بعد کی دعا اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِیْ مِنَ النِّفَاقِ وَحَصِّنْ فَرْجِیْ مِنَ الْفَوَاحِشِ

فقط تمام ہوا مضمون امام غزالیؒ کا۔ جاننا چاہیئے کہ استنجا کرنا اس حدیث سے جو دونوں راہوں سے نکلے پتھر وغیرہ سے یہاں تک کہ صاف ہو جاوے بغیر گنتی کے سنت ہے اور امام شافعیؒ کے نزدیک گنتی بھی سنت ہے۔ واضح ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے استنجے پر مداومت فرمائی ہے ضرور کیا کرے اور تین پتھروں کا ہونا کچھ ضرور نہیں اگر دو پتھروں میں صاف ہو جائے کافی ہے۔ ہمارے مذہب میں کوئی شمار پتھروں کا مسنون نہیں ہے اور بعد پتھر لینے کے پانی سے دھونا ادب ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نہیں دیکھا میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی کہ نکلے پائخانے سے مگر یہ کہ نہ چھوا پانی کو (یعنی پانی لیا) اور روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے اور روایت ہے حضرت انس رضی

لہ اگر روزہ دار ہے تو بہت کھل کر اور ڈھیلا ہو کر نہ بیٹھے کہ پانی جانے کا احتمال ہے۔ ۱۲ مترجم عفی عنہ

اللہ عنہ سے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی رِجَالٌ یُّحِبُّوْنَ اَنْ یَّتَطَهَّرُوْا وَاللّٰهُ یُحِبُّ الْمُطَّهِّرِیْنَ۔ یعنی مسجد قبا میں وہ لوگ کہ دوست رکھتے ہیں طہارت کو اور اللہ دوست رکھتا ہے طہارت کرنیوالوں کو فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اے گروہ انصار کے تحقیق اللہ نے ثنا کی اوپر تمہارے تمہاری طہارت پر پس کیا ہے طہارت تمہاری۔ کہا انہوں نے کہ ہم وضو کرتے ہیں نماز کے لئے اور غسل کرتے ہیں جنابت سے اور استنجا پاک کرتے ہیں ہم پانی سے فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سو وہ یہی ہے کہ لازم پکڑو تم اس کو روایت کیا اس کو ابن ماجہ اور رزین رحمۃ اللہ علیہما نے تو اس حدیث سے معلوم ہوا کہ طہارت سے مراد قرآن شریف میں یہی استنجا کرنا پانی سے ہے اس واسطے کہ مسجد قبا والے خاص اس میں اور مہاجرین سے زیادہ تھے ورنہ وضو اور غسل اور مہاجرین بھی کرتے تھے۔ اور روایت ہے سنن ابن ماجہ میں عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ دھوتے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے پائخانے کی جائے کو تین بار کہا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے کیا ہم نے اس کو پس پایا ہم نے اس کو دوا اور پاکی۔ اور راوی اس حدیث کے ثقہ ہیں۔ پہلے دونوں ہاتھ دھوئے پھر مخرج کو ڈھیلا چھوڑ کر خوب صاف کرکے مل کے دھووے اور ایک انگلی یا دو تین انگلیوں کے باطن سے دھووے اور انگلیوں کے سرے سے نہ دھوئے پھر دونوں ہاتھ دھوئے اور اگر نجاست مخرج درم کے برابر تجاوز کرے گی۔ دھونا اس کا شیخین کے نزدیک واجب ہے اور امام کے نزدیک اگر مخرج سمیت درم سے بڑھ جاوے اس کا بھی دھونا فرض ہے اور کھانے اور ہڈی اور گوبر اور داہنے ہاتھ سے استنجا درست نہیں۔ اور کھڑے ہوکے پیشاب کرنا خلاف ادب ہے۔ اور نیز پیشاب کے لئے بہت احتیاط چاہیئے۔ کیونکہ حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ جو بول میں احتیاط نہ کرے اس کے واسطے بڑی وعید شدید ہے روایت کی دار قطنی اور حاکم وغیرہ نے فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پرہیز کرو پیشاب سے اکثر عذاب قبر کا اسی سے ہوتا ہے (یعنی پیشاب کی بے احتیاطی سے) مترجم عفی عنہ

# وضو کا بیان

عبداللہ بن زید انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم چار دانگ اور ایک من[1] پانی سے وضو[2] کیا کرتے تھے اور امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ڈیڑھ من پانی چاہیئے نصف من استنجے کے لئے اور نصف من ہاتھ اور سر کے مسح کے لئے اور نصف من پاؤں دھونے کے لئے اگر استنجے کی ضرورت نہ ہو تو صرف وضو کے لئے ایک من کافی ہے نصف من میں ہاتھ منہ اور مسح سر۔ اور نصف من میں دونوں پاؤں اور جو موزوں پر مسح کرے تو نصف من اور غسل[3] کے پانی کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا ایک

---

[1] من سے مراد سیر ہے اور من کے عربی میں سیر ہی کے معنی آتے ہیں واضح ہو کہ وضو میں چار فرض ہیں۔
[2] پہلے منہ کا دھونا پیشانی سے ٹھوڑی کے نیچے تک اور کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک۔ دوسرے دونوں ہاتھوں کا دھونا کہنیوں سمیت۔ تیسرے دونوں پاؤں کا دھونا ٹخنوں سمیت۔ چوتھے مسح کرنا چوتھائی سر کا اور چودہ سنتیں ہیں۔ (۱) دونوں ہاتھوں کا دھونا بند دست تک (۲) وضو کے شروع میں اللہ کا نام لینا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ یا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی دِیْنِ الْاِسْلَامِ کہنا در میان (۳) مسواک کرنی۔ (۴) تین بار کلی کرنی۔ (۵) تین بار ناک میں پانی ڈالنا (۶) ڈاڑھی کا خلال کرنا (۷) دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کا خلال کرنا (۸) دونوں پاؤں کی انگلیوں کا خلال کرنا (۹) ہر عضو کا تین بار دھونا۔ (۱۰) ایک بار سارے سر کا مسح کرنا۔ (۱۱) دونوں کانوں کا مسح کرنا سر کے مسح کے پانی سے۔ (۱۲) نیت کرنی وضو کے شروع وقت کی (۱۳) ترتیب سے وضو کرنا۔ (۱۴) پے درپے اعضا کا دھونا۔
[3] غسل میں تین چیزیں فرض ہیں۔ (۱) پانی منہ میں ڈالنا۔ (۲) ناک میں پانی ڈالنا (۳) تمام ظاہر بدن پر پانی کا پہنچانا۔ اور پانچ چیزیں سنت ہیں۔ (۱) دونوں ہاتھوں کا دھونا۔ (۲) فرج کا دھونا۔ (۳) نجاست دور کرنا فرج دھونے کے بعد (۴) وضو کرنا اگر پتھر وغیرہ غسل کی جگہ نہ رکھا ہو اور وہاں مستعمل پانی جمع رہتا ہو تو بعد میں پاؤں دھوئے۔ (۵) تین بار تمام بدن پر پانی بہانا۔

صاعؓ اور صاع چار من کا ہوتا ہے) صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم کو کافی نہ ہوگا۔ آپ نے فرمایا جو بالوں میں تم سے زیادہ ہے اور اطاعت میں تم سے آگے ہے اس کے لئے کافی ہے (اس سے زیادہ کی رخصت نہ دی) حضرت امام اعظمؒ فرماتے ہیں کہ نصف من سے پاؤں دھوؤ اور باقی پانی سارے بدن پر بہاؤ۔ مترجم کہتا ہے کہ شیخ نے وہ دعائیں جو ہر عضو کے دھونے کے لیے آثار صالحین سے پائی گئی ہیں نہیں لکھیں اس واسطے یہاں لکھنا مناسب معلوم ہوا کہ التزام ادعیات میں فرق نہ آئے۔

## ادعیہ وضو

(۱) اعوذ و بسم اللہ اور وضو کی نیت کے بعد پڑھے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ الْمَآءَ طَهُوْرًا۔

(۲) مضمضہ کے وقت اَللّٰهُمَّ اَسْقِنِیْ مِنْ حَوْضِ نَبِیِّكَ كَاْسًا لَا اَظْمَاُ بَعْدَهٗ اَبَدًا اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَتِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ۔

(۳) ناک میں پانی دیتے وقت اَللّٰهُمَّ لَا تُحَرِّمْنِیْ رَائِحَةَ نَعِیْمِكَ وَجِنَانِكَ۔

(۴) منہ دھوتے وقت اَللّٰهُمَّ بَيِّضْ وَجْهِیْ یَوْمَ تَبْیَضُّ وُجُوْهٌ وَّ تَسْوَدُّ وُجُوْهٌ وَلَا تُسَوِّدْ وَجْهِیْ یَوْمَ تَسْوَدُّ وُجُوْهٌ۔

(۵) دایاں ہاتھ دھوتے وقت اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِیْ كِتَابِیْ بِیَمِیْنِیْ وَحَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا۔

(۶) بایاں ہاتھ دھوتے وقت اَللّٰهُمَّ لَا تُعْطِنِیْ كِتَابِیْ بِشِمَالِیْ وَلَا مِنْ وَّرَآءِ ظَهْرِیْ۔

(۷) سر کے مسح کے وقت اَللّٰهُمَّ حَرِّمْ شَعْرِیْ وَبَشَرِیْ عَلَی النَّارِ وَاَظِلَّنِیْ تَحْتَ عَرْشِكَ یَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّكَ۔

(۸) کان کے مسح کے وقت اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ یَسْمَعُوْنَ الْقَوْلَ

---

لہ ایک صاع دو سو بہتر تولہ کا ہوتا ہے قوامی حساب سے تین تولہ تین سیر پانی ہوا ۱۲ مترجم

فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ۔

(۹) گردن کے مسح کے وقت اَللّٰهُمَّ اَعْتِقْ رَقَبَتِيْ مِنَ النَّارِ۔

(۱۰) دایاں پاؤں دھوتے وقت اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ قَدَمِيْ عَلَى الصِّرَاطِ يَوْمَ تَزِلُّ الْاَقْدَامُ۔

(۱۱) بایاں پاؤں دھوتے وقت اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ ذَنْبِيْ مَغْفُوْرًا وَسَعْيِيْ مَشْكُوْرًا وَّتِجَارَتِيْ لَنْ تَبُوْرَ۔ اور ہر عضو کے دھوتے وقت درود شریف پڑھے (کذا فی الکبیری شرح منیۃ المصلی و الحصن الحصین) جب وضو کر چکے تو یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ الَّذِيْنَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ اور آسمان کی طرف منہ کر کے کہے۔ سُبْحٰنَكَ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ۔ اور ایک بار یا دو بار یا تین بار انا انزلنا پڑھے۔ اور وضو کا بقیہ پانی کھڑے ہو کر پیے اور یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ اشْفِنِيْ بِشِفَائِكَ وَدَاوِنِيْ بِدَوَائِكَ وَاعْصِمْنِيْ مِنَ الْاَحْوَالِ وَالْاَمْرَاضِ وَالْاَوْجَاعِ۔ وضو کی دعائیں تمام ہوئیں۔

صلوٰۃ تحیۃ الوضوء | وضو کے بعد دو رکعت صلوٰۃ تحیۃ الوضو پڑھے۔ اوّل میں فاتحہ کے بعد سورۃ الم دوسری میں والضحیٰ اور سلام کے بعد درود شریف پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ اٰتِ نَفْسِيْ تَقْوٰهَا وَزَكِّهَا اَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكّٰهَا اَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلٰهَا اَللّٰهُمَّ اَنْتَ لِيْ كَمَا اُحِبُّ فَاجْعَلْنِيْ لَكَ كَمَا تُحِبُّ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَبْرِيْ خَيْرًا مِّنْ مَلَاذِ مُصَالَحَةِ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ حُسْنَ الْاِخْتِيَارِ وَصِحَّةَ الْاِعْتِبَارِ وَصِدْقَ الْاِفْتِقَارِ بِرَحْمَتِكَ يَا عَزِيْزُ يَا غَفَّارُ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ٥ مترجم کہتا ہے کہ وضو کے بعد دو رکعت نماز نفل تحیۃ الوضو پڑھنے کی کتابوں میں بہت بڑی فضیلت لکھی اور دعا کی قبولیت کے لئے ایک واسطہ فائق بھی ہے (چنانچہ اس کا بیان اب لکھا جاتا ہے) چاہیئے کہ ضرور پڑھا کرے شرح منیۃ المصلی کبیری

ثیں لکھتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حق تعالیٰ سے روایت کرتے ہیں کہ جو شخص بے وضو ہوا اور وضو نہ کیا ہو تو بیشک اس نے مجھ پر جفا کی اور جو بے وضو ہوا اور وضو کیا لیکن دو رکعت نماز پڑھی تو بیشک اس نے مجھ پر جفا کی اور جو بے وضو ہوا اور وضو کیا اور نماز دو رکعت پڑھی اور اس نے مجھ سے سوال کیا اگر میں اس کی حاجت قبول نہ کروں گا تو بیشک ظالم ٹھہروں گا۔ لیکن پروردگار تمہارا ظالم نہیں ہے۔ یعنی دعا اس کی ضرور قبول کی جائے گی۔

**صلوٰۃ السعادت** چار رکعت صلوٰۃ السعادت پڑھے پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص دس بار دوسری میں بیس بار تیسری میں تیس بار چوتھی میں چالیس بار پڑھے۔ ایضاً دو رکعت اور پڑھے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص ستر بار اور سلام کے بعد ستر بار استغفار پڑھے۔

## تہجد کا بیان

اے عابد جب تجھے توفیق ہو اور تہجد پڑھنا شروع کرے تو چاہیئے کہ، تحیۃ الوضو سے پہلے یہ پڑھے۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا وَسُبْحَانَ اللّٰہِ بُکْرَۃً وَّ اَصِیْلًا اور دس بار پڑھے۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ اور ایک بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ ذُوالْمُلْکِ وَالْمَلَکُوْتِ وَالْکِبْرِیَاءِ وَالْعَظْمَۃِ وَالْجَلَالِ وَالْقُدْرَۃِ وَالْکَمَالِ اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ بَھَاءُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاَنْتَ زَیْنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَیَّامُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِیْھِنَّ وَمَنْ عَلَیْھِنَّ اَنْتَ الْحَقُّ وَلِقَاءُکَ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ وَالنَّبِیُّوْنَ حَقٌّ وَمُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَقٌّ اَللّٰھُمَّ لَکَ اَسْلَمْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَبِکَ خَاصَمْتُ وَاِلَیْکَ اَنَبْتُ وَاِلَیْکَ حَاکَمْتُ فَاغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَللّٰھُمَّ اٰتِ نَفْسِیْ تَقْوٰھَا وَزَکِّھَا اَنْتَ خَیْرُ مَنْ زَکّٰھَا اَنْتَ وَلِیُّھَا وَمَوْلٰھَا اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ فَاِنَّہٗ لَا یَھْدِیْنِیْ لِاَحْسَنِھَا اِلَّا اَنْتَ

وَلَا یَصْرِفُ عَنِّیْ سَیِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ اَسْئَلُكَ مَسْئَلَةَ الْبَائِسِ الْمِسْكِیْنِ وَاَدْعُوْكَ دُعَاءَ الْفَقِیْرِ الذَّلِیْلِ الْخَاضِعِ فَلَا تَجْعَلْنِیْ بِدُعَائِكَ رَبِّ شَقِیًّا وَّكُنْ لِّیْ رَءُوْفًا رَّحِیْمًا یَا خَیْرَ الْمَسْئُوْلِیْنَ وَیَا اَكْرَمَ الْمُعْطِیْنَ۔ اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَئِیْلَ وَمِیْكَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَیْنَ عِبَادِكَ فِیْمَا كَانُوْا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ اِهْدِنِیْ لِمَا اخْتُلِفَ فِیْهِ بِاِذْنِكَ وَتَهْدِیْ مَنْ تَشَاءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ اس کے بعد صلوٰۃ تحیۃ الوضو حسب تحریر بالا ادا کرے اور سلام کے بعد تین بار سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ عَدَدَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ وَزِنَةَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ وَمِلْاَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ پڑھ کر تین تین بار سید الاستغفار یعنی اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهٗ عَمَدًا اَوْ خَطَاً سِرًّا اَوْ عَلَانِیَةً وَّ اَتُوْبُ اِلَیْهِ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ لَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ وَجَرٰی بِهٖ قَلَمُكَ وَنَفَذَتْ بِهٖ مَشِیَّتُكَ اور اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ تَوَالَدَ وَارْفَعْ دَرَجَتَهُمَا فِیْ اَعْلٰی عِلِّیِّیْنَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ پڑھے۔

**صلوٰۃ الاحیاء واللیل** دو رکعت بہ نیت صلوٰۃ احیاء واللیل پڑھے۔ اول میں آیۃ الکرسی دوسری میں اٰمن الرسول اس کے بعد بارہ رکعت چھ سلام سے ادا کرے اور ہر رکعت میں قراءت کم کرے۔ اقل نماز تہجد چار رکعت ہے اور اوسط بارہ رکعت اور اکثر جس قدر ہو سکے۔ ہر دوگانہ کے بعد دم لے اور تسبیح اور استغفار اور صلوٰۃ میں مشغول ہو۔ بعد نماز تہجد اس فقیر کی مناجات جو بخطاب غوث مخاطب کیا جاتا ہے ستر بار پڑھے اور وہ یہ ہے: الٰہی آنچہ بد کردم ندانستم خطا کردم بہ بخش بحق لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ وَصَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔ ایضاً دو رکعت اور پڑھے اول میں فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص اکیس بار دوسری

میں معوذتین دس بار اور سلام کے بعد اپنے اور جمیع مومنین اور مومنات کے لئے مغفرت اور دعا مانگے مستجاب ہوگی اور اس اسم کے پڑھنے سے جلد قبول ہونے کا واسطہ وہ یہ ہے۔ یَاغِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَّمُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَّمَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَّیَارَجَائِیْ حِیْنَ تَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ۔

**دعائے سریع الاجابت** جس وقت مسجد[1] میں داخل ہو اگر وضو ہے تو پہلے دو رکعت پڑھے اول میں آیۃ الکرسی دوسری میں تین بار سورۂ اخلاص اور سلام کے بعد یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَ ھٰذَا الْمَنْزِلِ وَخَیْرَ مَافِیْہِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ ھٰذَا الْمَنْزِلِ وَشَرِّ مَافِیْہِ اَللّٰھُمَّ اَعْصِمْنِیْ بِاَلْطَافِکَ حَتّٰی لَا اَعْصِیَکَ وَاَعِنِّیْ عَلٰی طَاعَتِکَ بِتَوْفِیْقِکَ وَجَنِّبْنِیْ مِنْ مَعَاصِیْکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔ اگر صاحب عذر ہے تو تیمم۔ اور ایکبار آیۃ الکرسی اور تین بار سورۂ اخلاص پڑھے اگر سنت و نوافل گھر میں پڑھے تو بہتر ہے اور نوافل کی نیت تکمیلاً للفرائض کرے۔

## ہفتہ بھر کی نوافل کا بیان

**نوافل شب جمعہ** جمعہ کی رات میں بین العشائین بارہ رکعت پڑھے اور ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص گیارہ بار پڑھے۔

**ایضاً:** عشاء کے فرض اور سنت کے بعد دس رکعت پڑھے اور ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد اخلاص اور معوذتین ایک ایک بار پڑھے تو شب قدر کی تمام رات جاگنے کا ثواب پاوے۔

**نوافل یوم جمعہ** چاشت کے وقت بارہ رکعت پڑھے اور جو آیتیں یاد ہوں وہ پڑھے اور سلام کے بعد درود شریف کا موظف ہو۔

---

[1] جب مسجد میں داخل ہو تو چاہیئے کہ پہلے دایاں پاؤں رکھے پھر بایاں اور مسجد سے نکلتے وقت پہلے بایاں پاؤں رکھے پھر دایاں۔ اور پاخانہ میں جاتے وقت اس کے برخلاف کرے بہت سی نیکیاں اس کے نامہ اعمال میں لکھی جاتی ہے۔ ۱۲ مترجم عفا عنہ۔

**نوافل روز شنبہ** چالیس رکعت پڑھے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ الکافرون تین بار اور سلام کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار۔

**نوافل شب یکشنبہ** بیس رکعت پڑھے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پچاس بار اور معوذتین ایک بار اور سلام کے بعد درود شریف سو بار اور استغفار سو بار اور لاحول سو بار اور اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ تَوَالَدَ وَلِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ سو بار پڑھے۔

**نوافل روز یکشنبہ** اشراق کے بعد چار رکعت پڑھے ہر رکعت میں امن الرسول ایک بار پڑھے۔

ایضاً: ظہر کی نماز کے بعد چار رکعت دو سلام سے پڑھے اوّل میں الم تنزیل الکتاب سجدہ دوسری میں تبارک الذی بیدہ الملک تیسری اور چوتھی میں ایک ایک بار سورہ جمعہ۔

**نوافل شب دوشنبہ** چار رکعت پڑھے اوّل میں فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص دس بار دوسری میں بیس بار تیسری میں تیس بار چوتھی میں چالیس بار اور سلام کے بعد اخلاص اور معوذتین اور درود شریف اور اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ تَوَالَدَ وَلِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ پچتر بار پڑھے۔

**نوافل روز دوشنبہ** اشراق کے بعد دو رکعت پڑھے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی اور سورۂ اخلاص اور معوذتین ایک ایک بار پڑھے اور سلام کے بعد بارہ دفعہ سورۂ اخلاص اور بارہ دفعہ استغفار پڑھے۔

**نوافل شب سہ شنبہ** دو رکعت پڑھے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص اور معوذتین پندرہ بار اور سلام کے بعد درود شریف اللہ

آیۃ الکرسی اور استغفار پندرہ بار پڑھے۔

**نوافل روز سہ شنبہ** اشراق کے بعد نصف النہار تک بارہ رکعت پڑھے اور ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار پڑھے اور اخلاص تین بار۔

**نوافل شب چہار شنبہ** چھ رکعت تین سلام سے ادا کرے اور ہر ایک میں قل اللّٰھم تا بغیر حساب ایک بار پڑھے اور سلام کے بعد ستر بار کہے جَزَی اللّٰہُ مُحَمَّدًا عَنَّا مَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَمُسْتَحِقُّہٗ وَمُتَوَجِّبُہٗ۔

**ایضاً** دو رکعت عشار کے بعد پڑھے اول میں سورۃ فلق دس بار اور دوسری میں سورۃ والناس دس بار پڑھے اور بعد فراغ صلوٰۃ واستغفار۔

**نوافل روز چہار شنبہ** اشراق کے بعد بارہ رکعت پڑھے ہر رکعت میں آیۃ الکرسی ایک بار اور تینوں قل تین تین بار۔

**نوافل شب پنجشنبہ** بین العشائین دو رکعت میں فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی اور تینوں قل پانچ پانچ بار پڑھے اور سلام کے بعد پندرہ بار استغفار اور یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ ثَوَابَ ھٰذَا لِوَالِدَیَّ وَرَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْھُمَا کَمَا رَبَّیَانِیْ صَغِیْرًا۔

**نوافل روز پنجشنبہ** ظہر اور عصر کے درمیان دو رکعت پڑھے اول آیۃ الکرسی سو بار اور دوسری میں اخلاص سو بار اس کے بعد درود و استغفار سو سو بار پڑھے۔

## ہفتہ بھر کے اذکار[1] کا بیان

عابد کو چاہیے کہ ان دعاؤں کو سو بار اس ترتیب سے پڑھا کرے۔

**ہفتہ کو** لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ **اتوار کو**

[1] واضح ہو کہ بہتر یہ اذکار تلاوت قرآن شریف ہے اس سے بڑھ کر کوئی نعمت عظمیٰ نہیں۔ (باقی اگلے صفحہ پر)

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ۔ **پیر کو:** لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عَزِیْزٌ جَلِیْلًا یَا عَزِیْزُ یَا جَلِیْلُ۔ **منگل کو:** اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمْ۔ **بدھ کو:** لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ خَالِقًا مُخْلِقًا۔ **جمعرات کو:** لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ **جمعہ کو:** سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

اس کے بعد دو رکعت پڑھے اور قرآن شریف سے جو یاد ہو قرأت کرے اور سلام کے بعد سجدے میں جا کر حق تعالیٰ سے اپنی حاجت چاہے۔

## دوسری ترتیب جو سلطان الموحدین حضرت شیخ ظہو الحق والشرع والدین سے

منقول ہے کہ ہر روز ایک ہزار بار اس ترتیب سے پڑھے۔ وہ یہ ہے۔

**شنبہ:** یَا ھُوَ یَا اَللّٰہُ **یکشنبہ:** یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ
**دوشنبہ:** یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ **سہ شنبہ:** یَا صَمَدُ یَا فَرْدُ
**چہارشنبہ:** یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ **پنجشنبہ:** یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ
**آدینہ:** یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

**نوع دیگر:** مروی ہے حضرت شیخ الشیوخ رضی اللہ عنہ سے کہ ہر روز حسب ذیل ایک ہزار ایک بار پڑھے۔

**روز شنبہ:** لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ **روز یکشنبہ:** یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ **روز دوشنبہ:** درود شریف **روز سہ شنبہ:** لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ

---

بقیہ حاشیہ: فردوس آرام گاہ حضرت شاہ اہل اللہ برادر شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہا اللہ چہار باب میں تحریر فرماتے ہیں کہ حسب ذیل ترتیب سات روز میں قرآن شریف ختم کرنا بہت ہی قبولیت رکھتا ہے۔

جمعہ: سورۂ فاتحہ سے آخر مائدہ تک۔ شنبہ کو انعام سے آخر توبہ تک یکشنبہ کو سورۂ یونس سے آخر سورۂ مریم تک دوشنبہ کو سورۂ طٰہٰ سے آخر قصص تک سہ شنبہ کو عنکبوت سے آخر صاد تک چہارشنبہ کو سورۂ زمر سے آخر سورۂ رحمٰن تک۔ پنجشنبہ کو سورۂ واقعہ سے آخر قرآن تک پڑھ کر سجدہ کرے اور خدا تعالیٰ سے حاجت چاہے۔ ۱۲ مترجم

استغفر روز چہار شنبہ : اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْهِ۔ روز پنجشنبہ : یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ جمعہ : سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

# احزاب کی نماز کا بیان

منگل کے دن ظہر کی نماز کے بعد چار رکعت پڑھے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی اور قل اللہم مالک الملک تا بغیر حساب اور چاروں قل پڑھے۔ اور پندرہ دفعہ یہ کہے لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ دس بار رکوع میں اور دس بار قومہ میں اور دس بار سجدے میں اور دس بار جلسہ میں اور دس بار دوسرے سجدے میں اور دس بار جب سجدہ سے سر اٹھائے۔ غرضکہ ہر رکعت میں پچہتر بار ہوا اس کے بعد اور چار رکعت اسی ترتیب سے پڑھے۔ مگر اخیر رکعت میں التحیات کے بعد سجدہ کرے اور اکتالیس بار یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ حَسْبِیَ اللّٰهُ وَکَفٰی بِاللّٰهِ حَسِیْبًا۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ پڑھے پھر درود شریف پڑھ کر سلام پھیرے اور دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے اور جو دعا یا صلوۃ یاد ہو پڑھے۔

# استخارہ کی نماز کا بیان

پیغمبر صاحب صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں فرمایا کہ جب کسی کو کسی کام کی ضرورت ہو تو مشورت کرے اور استخارہ کے معنی بھی مشورت کے ہیں۔ ( پہلے رب العالمین سے مشورت کرے ) چاہیے کہ پہلے دو رکعت بہ نیت استخارہ پڑھے۔ سلام کے بعد درود شریف اور یہ دعائے استخارہ پڑھے ( خدا چاہے اس کام میں برکت ہوگی اور انجام اچھا ہوگا ) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ

اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ وَعَاجِلِہٖ
فَاقْدُرْہُ لِیْ وَیَسِّرْہُ لِیْ ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْہِ اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ
فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ وَعَاجِلِہٖ وَاٰجِلِہٖ فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْہُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ
حَیْثُ کَانَ ثُمَّ رَضِّنِیْ بِہٖ ۔ (مترجم) کہتا ہے کہ حضرت شاہ اہل اللہ رحمہ اللہ
فرماتے ہیں کہ یہ عمل موافق حدیث صحیح کے ہے اور بہت نافع ہے چاہیئے کہ ہر
کام سے پہلے تین روز یا سات روز دو رکعت نماز پڑھے اور سلام کے بعد دعائے
مذکورہ پڑھے اگر اُس کے حق میں بہتر ہوگا تو اُس کام کی صورت بنتی چلی جائے گی
اگر کوئی صورت نہ دیکھے تو ترک کر دے کہ اُس کے حق میں بہتر نہیں ہے۔

**طریق استخارہ** واضح ہو کہ استخارہ کے بارے میں بہت سی حدیثیں اور روایتیں
وارد ہیں منجملہ اُن کے ایک یہ حدیث ہے مَاخَابَ مَنِ اسْتَخَارَ وَلَانَدِمَ مَنِ
اسْتَشَارَ ترجمہ نقصان نہیں اٹھاتا جو شخص استخارہ کرتا ہے اور پشیمان نہیں
ہوتا جو کوئی مشورہ کر لیتا ہے اور بعض احادیث سے یہ بھی ثابت ہے مِنْ سَعَادَۃِ
ابْنِ اٰدَمَ الرِّضَاءُ بِالْقَضَاءِ یعنی سعادت ابن آدم کی مرضی الٰہی پر راضی ہونا ہے
یعنی استخارہ کے بعد جو کچھ حکم یا منع ہو اس پر عمل کرنا سعادت اور اس سے اعراض
کرنا باعث شقاوت۔ صاحب سراج السالکین اور احمد اوریری الشافعی رحمہا اللہ
تحریر فرماتے ہیں کہ حضرت شیخ علی نوری حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کرتے ہیں
کہ جس کسی کو کوئی کام مشکل پیش آئے اور اس کی تدبیر نہ جانتا ہو۔ کوئی غائب
ہے کہ مدت سے اس کی خبر نہ پاتا ہو یا کوئی قیدی ہو یا کوئی بیمار ہو تو چاہیئے کہ
سونے سے پہلے چھ رکعت نماز نفل بہ نیت استخارہ ایک سلام سے پڑھے۔ پھر کسی
سے بات چیت نہ کرے اور علیحدہ مقام ہو جہاں کسی مرد و عورت کا گذر نہ ہو۔ یعنی
کوئی نہ آنے پائے اور یہ بھی ضرور ہے کہ چہارشنبہ کو روزہ رکھے اور پنجشنبہ سے عمل
شروع کرے۔ پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد والشمس دوسری میں واللیل تیسری
میں والضحیٰ چوتھی میں الم نشرح پانچویں میں والتین چھٹی میں انا انزلنا ہر رکعت

میں ہر سورہ سات سات بار پڑھے جب نماز سے فارغ ہو تو حق تعالیٰ کی تمجید میں مشغول ہو اور درود شریف پڑھے اور یہ دعا مانگے۔ اَللّٰھُمَّ رَبَّ مُحَمَّدٍ وَّرَبَّ اِبْرَاھِیْمَ وَمُوْسٰی وَاِسْحَاقَ وَیَعْقُوْبَ وَرَبَّ جِبْرَئِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَعِزْرَائِیْلَ وَمُنْزِلَ التَّوْرٰاۃِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْعَظِیْمِ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ اللَّیْلَۃَ مَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ۔ اگر پہلی رات اُس نے اپنے مطلب کو مشاہدہ کیا تو فہوالمراد ورنہ دوسری تیسری یہاں تک کہ ساتویں رات تک ضرور مطلع کیا جاوے گا یا کوئی شخص خواب میں اس کی کیفیت سے آگاہ کرے گا باذن اللہ تعالیٰ۔

برائے رویت موتیٰ | حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ جو شخص اپنے مُردوں میں سے کسی کو خواب میں دیکھنا چاہے تو وتر کے بعد چار رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے سورۂ الھٰکم التکاثر تلاوت کرے اور اپنے بستر پر یہ کلمات پڑھتا ہوا سو جائے۔ اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فُلَانًا عَلَی الْحَالَۃِ الَّتِیْ ھُوَ عَلَیْھَا فلاں کی جگہ اس کا نام لے چنانچہ اُس مردے کو خواب میں دیکھے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ

## سفر کی نماز کا بیان

جو شخص سفر کرنے کا ارادہ کرے اُس کو چاہیئے کہ پہلے دو رکعت ادا کرے اوّل میں فاتحہ کے بعد سورۂ یٰسین ایکبار دوسری میں انا انزلنا دس بار اور سلام کے تین ہزار سات بار نعمتہ[1] کہے اور موافق ہر حرف کے ایک ایک سنگریزہ اٹھائے یعنی سات عدد ان میں سے چھ سنگریزے تو چھ طرف پھینکدے اور ایک سنگریزہ اپنے پاس رکھے اور جب منزل پر پہنچے اس کو بھی ڈالدے۔ انشاءاللہ تعالیٰ کامیاب ہوگا اور سفر سے سلامت اپنے گھر آئے گا۔

ف اگر عامل اس عمل کو دوسرے کے واسطے کرے تو دوگانہ شرط نہیں ہے۔

مترجم کہتا ہے کہ بعض آثار (یعنی اقوال صحابہؓ) میں اس طرح آیا ہے کہ جو

[1] بعض نسخوں میں اس طرح پر ہے نَعْجِیَۃٌ نَعْرَۃٌ۔

شخص سفر کرنے کے وقت اپنے گھر سے نکلنے سے پہلے آیۃ الکرسی پڑھ لیگا تو خدا چاہے اس کو کوئی امر مکروہ اور ناگوار چیز نہ پہنچے گی۔ یہاں تک کہ بخیر اپنے گھر واپس آوے گا۔ دیگر جو شخص اسم حفیظ کو اپنی سواری یا خورجی اسباب یا اپنے صندوق یا اپنے گھر میں رکھیگا اس کے لئے سرقہ (یعنی چوری) سے امان ہوگی اور وہ چیز یہ ہے اَللّٰہُ حَفِیْظٌ اَللّٰہُ لَطِیْفٌ قَدِیْمٌ اَزَلِیٌّ حَقٌّ قَیُّوْمٌ لَا یَنَامُ۔

برائے دفع تشنگی اگر سفر میں پیاس کا غلبہ ہو اور پانی نہ ملے تو ایک سنگریزہ پر تین بار انا انزلنا پڑھ کر منہ میں رکھے اور جب بلندی پر پہنچے تکبیر پڑھے انشاءاللہ تشنگی دفع ہوگی۔

## نئے کپڑے پہننے کی دُعا

جب کوئی نیا کپڑا بنایا جائے تو چاہیئے کہ پہننے سے پہلے پانی پر دس بار انا انزلنا آخر تک پڑھ کر دم کرے اور اس کپڑے پر چھڑکے مترجم کہتا ہے دیربی نے لکھا ہے جو شخص چھتیس مرتبے اس سورہ کو پڑھ کر نئے لباس پر چھڑک دیوے تو جب تک وہ کپڑا اس کے تن پر قائم رہیگا حق تعالیٰ اس کے رزق میں وسعت دے گا اور بعضے علماء کے ہاتھ کا لکھا ہوا پایا گیا ہے کہ جو کوئی سورۃ قدر اور سورۃ اخلاص دس دس بار آب پاکیزہ پر پڑھ کر جدید لباس پر چھڑک دیوے گا تو جب تک اس کا ایک تار بھی اس کے بدن پر باقی رہے گا۔ عیش و عشرت میں رہے گا۔ انتہی کلامہ۔

## دلہن کے گھر میں لانے کی دعا

جب دُلہن کو گھر میں لاوے تو چاہیئے کہ اس کے گوشہ چادر پر ایک دوگانہ ادا کرے اور سلام کے بعد اپنا داہنا ہاتھ اس کی پیشانی پر رکھ کر یہ دعا پڑھے یَا قُدُّوْسُ الطَّاھِرُ مِنْ کُلِّ سُوْءٍ فَلَا شَیْءَ یُعَادِلُہٗ مِنْ جَمِیْعِ خَلْقِہٖ بِلُطْفِہٖ

مترجم کہتا ہے کہ یہ دعا بھی پڑھنی آئی ہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِھَا وَ خَیْرِمَا جَبَلْتَھَا عَلَیْہِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّمَا جَبَلْتَھَا اور صحبت سے پہلے دونوں میاں بیوی یہ دعا پڑھ لیا کریں۔

دعائے مباشرت بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنَا الشَّیْطٰنَ وَجَنِّبِ الشَّیْطٰنَ مَارَزَقْتَنَا اُن کی اولاد شیطان کے فتنے سے محفوظ رہے گی۔

## ذکر نماز حاجت[1]

حدیث میں آیا ہے کہ اگر کوئی کام مشکل آپڑے یا کسی ظالم کے پھندے میں گرفتار ہو جائے تو چاہیئے کہ یہ نماز پڑھے مجھ کو قسم ہے اس خدائے پاک کی جس نے مجھ کو تبلیغ احکام کے لئے بھیجا ہے اگر صدقِ نیت سے مردہ پر پڑھی جائے تو وہ زندہ ہو جائے وہ نماز یہ ہے۔ چار رکعت دو سلام سے اول میں فاتحہ کے بعد قل اللھم تا بغیر حساب دوسری میں انا اعطینا تیسری میں قل یا ایہا الکافرون چوتھی میں قل ہو اللہ احد ہر ایک پندرہ دفعہ پڑھے۔ سلام کے بعد دعائے مرقومہ ذیل پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مصلے سے اٹھنے نہ پائے گا کہ حق تعالیٰ شانہٗ اس کی حاجت کو پورا کرے گا وہ دعائے مکرم و معظم یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ یَامَنْ ذِکْرُہٗ شَرَفٌ لِلذَّاکِرِیْنَ وَ یَامَنْ طَاعَتُہٗ نَجَاۃٌ لِلْمُطِیْعِیْنَ وَیَامَنْ رَاْفَتُہٗ مَلْجَاٌ لِلْعٰلَمِیْنَ یَامَنْ لَّا یَخْفٰی عَلَیْہِ اَنْبَاءُ الْمُحْتَاجِیْنَ۔

---

[1] بزرگان دین حضرت شاہ ولی اللہ و حضرت شاہ اہل اللہ وغیرہما رحمہم اللہ نے اس نماز کیلئے لکھا ہے کہ یہ بہت سریع الاجابت ہے اور اس میں تمام آیات قرآن مجید ہیں۔ چار رکعت کی نیت باندھے اول رکعت میں فاتحہ کے بعد لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ سو بار پڑھے۔ دوسری میں رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ سو بار پڑھے۔ تیسری میں اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ سو بار چوتھی میں حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ سو بار سلام کے بعد سجدہ میں رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ سو بار پڑھ کر جو حاجت مانگے وہ ملے۔ مترجم۔ عفا عنہ۔

# ذکر برائے شفائے مریض

دوگانہ پڑھے اور ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد تین تین بار سورۂ اخلاص پڑھے سلام کے بعد وہیں مصلے پر بیٹھا رہے اور کسی سے بات چیت نہ کرے اور ہزار بار یہ تسبیح پڑھے۔ یَا بَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ اِرْحَمْنِیْ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ۔ حق سبحانہٗ تعالیٰ اس کو از سر نو زندگی عطا فرمائے گا۔

# ذکر عوض نماز جمعہ و حصول سعادت

منقول ہے کہ ایک اعرابی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت بابرکت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میں گاؤں میں رہتا ہوں اور مدینہ ہم سے دور ہے یہاں تک نہیں آسکتے کوئی ایسی چیز بتایئے کہ میں اپنی قوم کو اطلاع دوں تاکہ وہ لوگ اس میں مشغول ہوں۔ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب سورج نکل آئے تو دوگانہ پڑھو پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد قل اعوذ برب الفلق دوسری میں قل اعوذ برب الناس اور سلام کے بعد سات بار آیۃ الکرسی اس کے بعد چار رکعت اور ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد اذا جاء نصر اللہ ایک بار قل ہو اللہ پچیس بار سلام کے بعد ستر بار لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھے قسم ہے اس خدائے پاک کی کہ محمدؐ کی جان اس کے حکم میں ہے جو مومن مرد یا عورت بروز جمعہ اس کو پڑھے گا (بروز قیامت) اس کو بہشت کے ملنے کا میں ضامن ہوں اور وہ بندہ اپنی جگہ سے بھی نہ اٹھنے پائے گا کہ بخشا جاوے گا۔ اور زیر عرش منادی ندا کرے گا کہ اے شخص تجھ کو خوشخبری ہو کہ حق تعالیٰ نے تیرے سارے پچھلے گناہ معاف کئے اور اس نماز کے ادا کرنے والے کو ثواب توریت، زبور، انجیل، فرقان اور ثواب صائم الدہر اور ثواب طواف کنندگان خانہ کعبہ کا ملتا ہے گویا بیت المقدس اس نے اپنے ہاتھ سے بنائی اور اس کے نامۂ اعمال میں حق تعالیٰ اس قدر ثواب لکھتا ہے جس

تو دیکھے پتھر ریت اور درختوں کے پتے ہیں۔ اور گویا کہ موسیٰ علیہ السلام کو پایا۔ جب یہ فرمایا گیا اور زید بن ثابت کی ماں نے سنا اٹھی اور اس اعرابی کے گرد پھری اور کہا یہ نعمت عظمٰی تیری بدولت ہم کو حاصل ہوئی اور عبدالرحمٰن بن عوف نے اس اعرابی کو دو جامے اور ہزار درم دیئے اور ایک شخص نے ستر دینار اور جامہ دیا وہ اعرابی اپنی قوم میں خوش خرم گیا۔ (اور اپنی قوم کو جا کر سکھلایا) اس نماز کی فضیلتیں بے شمار ہیں سوائے خدائے تعالیٰ کے کوئی واقف نہیں۔

# ذکر نماز قلب

اس کی نیت یہ ہے نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی رَکْعَتَیْنِ صَلٰوۃَ الْقَلْبِ مُتَوَجِّهًا اِلٰی جِهَةِ الْكَعْبَةِ الشَّرِیْفَةِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص ایک بار مگر اس میں شرط یہ ہے کہ نیت سے لیکر سلام تک زبان نہ ہلائے سب دل میں پڑھے سلام کے بعد سجدے میں جائے اور جو حاجت ہو حق تعالیٰ سے چاہے پھر بحضور دل ستر بار استغفار پڑھے اور اپنے مرشد کا تصور کرے۔

# ذکر صلواۃ العاشقین

پچھلی رات کو چار رکعت ایک سلام سے پڑھے اور یہ نیت کرے نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی اَرْبَعَ رَکَعَاتٍ صَلٰوۃَ الْعَاشِقِیْنَ تا آخر اول میں فاتحہ کے بعد یَا اَللّٰہُ دوسری میں یَا رَحْمٰنُ تیسری میں یَا رَحِیْمُ چوتھی میں یَا وَدُوْدُ سو سو بار پڑھے اس کے بعد جس میں انشراح خاطر ہو صبح کاذب کے طلوع ہونے تک اس میں مشغول رہے۔

# ذکر نماز تنویر القلب

دو رکعت پڑھے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد شَهِدَ اللّٰہُ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ آٹھ آٹھ بار

پڑھے اور سلام کے بعد ستر بار یَا اَللّٰہُ الْمُوَفِّقُ کہے۔

## قضا شدہ نمازوں کے کفارہ کا بیان

از نسخہ شیخ الاسلام والمسلمین رئیس الاوتاد مقتدار الاولیاء شیخ رکن الدین قدس سرہ العزیز کہ جو واسطے حضرت سلطان قطب الدین انار اللہ برہانہ کے بطریق تبرک اور ہدیہ کے لائے تھے اور اس نماز کی اسناد حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی منقول ہے کہ جس شخص کی نمازیں قضا ہوئی ہوں اور تعداد نہ معلوم ہو تو اُس کو چاہیئے کہ جمعہ کے روز چار رکعت نفل ایک سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی سات بار اور انا اعطیناک الکوثر پندرہ بار۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ اگر سات سو برس کی نمازیں بھی قضا ہوئی ہوں گی تو ان کی کفارت کے لئے یہ نماز کافی ہے۔ صحابیوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ آدمی کی عمر ستر یا اسی برس کی ہوتی ہے۔ سات سو برس بیان کرنے کی کیا وجہ ہے۔ آپ نے فرمایا کہ جتنی نمازیں اس کی قضا ہوئی ہیں اور اُس کے ماں باپ اور اس کے فرزندوں سے ہوں وہ سب کے لئے کافی ہے۔ نیت یہ ہے:۔
نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی اَرْبَعَ رَکَعَاتٍ تَکْفِیْرَ الْقَضَاءِ مَافَاتَ مِنِّیْ فِیْ جَمِیْعِ عُمْرِیْ صَلٰوۃَ النَّفْلِ مُتَوَجِّھًا اِلٰی جِھَۃِ الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ نماز کے بعد سو بار درود شریف سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر پڑھے اور ایک بار یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ یَا سَابِقَ الْفَوْتِ وَیَا سَامِعَ الصَّوْتِ وَیَا مُحْیِیَ الْعِظَامِ بَعْدَ الْمَوْتِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا مِّمَّا اَنَا فِیْہِ فَاِنَّکَ تَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ یَا وَاھِبَ الْعَطَایَا وَیَا غَافِرَ الْخَطَایَا یَا سُبُّوْحُ یَا قُدُّوْسُ رَبَّ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَالرُّوْحِ رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْ وَتَجَاوَزْ عَمَّا تَعْلَمُ فَاِنَّکَ اَنْتَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ یَا سَتَّارَ الْعُیُوْبِ یَا غَفَّارَ الذُّنُوْبِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ

## ذکر برآمدن مہمات

بندگی حضرت شیخ جمال الدین یوسف سجاوندی روایت کرتے ہیں کہ جس کسی کو کوئی کام مشکل یا کوئی مہم سخت درپیش آئے تو اس کو چاہیئے کہ یہ دعا لکھ کر بہتے پانی میں ڈالے اگر ایک ہفتہ تک اُس کی غرض حاصل نہ ہو تو بروز قیامت میرا دامن اور اس کا ہاتھ (یعنی ایک ہفتہ تک متواتر لکھ کر بہتے پانی میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور اس کی حاجت روا ہوگی۔ سبحان اللہ کیا باعتقاد لوگ ہیں کہ حق تعالےٰ کریم پر ایسا پورا پورا بھروسہ کئے ہوئے ہیں کہ اگر کامیاب نہ ہو تو قیامت کو اُس کا ہاتھ اور میرا دامن ہو واقعی یہ امر ہے کہ یہ حصہ خاصان خدا ہی کے لئے ہے چونکہ ہم لوگ حالت تذبذب میں پڑے اور ذلیل نل یقین ہیں اسی وجہ سے ناکامیابی ہوتی ہے ۱۲ مترجم عفا عنہ) دعاء مکرم ومعظم یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ مِنَ الْعَبْدِ الذَّلِيْلِ اِلَى الْمَوْلَى الْجَلِيْلِ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ۝ **ایضاً** حاجت براری کے لئے تین سلام سے چھ رکعت پڑھے اور جو قرآن شریف میں سے یاد ہو قرات کرے جب نماز سے فارغ ہو تین سجدے کرے سات بار قل یا ایہا الکفرون اور تین بار یہ دعا متصل پڑھے جو حاجت چاہے روا ہو اور وہ یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِمَّنْ دَعَاكَ فَاَجَبْتَهٗ وَاٰمَنَ بِكَ فَهَدَيْتَهٗ وَرَغِبَ اِلَيْكَ فَاَعْطَيْتَهٗ وَتَوَكَّلَ عَلَيْكَ فَكَفَيْتَهٗ وَاقْتَرَبَ مِنْكَ فَاَدْنَيْتَهٗ اَللّٰهُمَّ امْدُدْ بَعِيْشِيْ مَدًّا وَاجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ وُدًّا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْاِيْمَانَ وَاَسْئَلُكَ مِنَ الرِّزْقِ وَاَسْئَلُكَ الْعَافِيَةَ مِنَ الْبَلَاءِ وَاَسْئَلُكَ حُسْنَ الْعَافِيَةِ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۝

## ذکر نماز جنازہ

جب جنازہ دیکھے تو کہے اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ
اَللّٰهُمَّ زِدْنَا اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ
پڑھے اور وہیں سو جائے بیئت اس کام کی اس پر آشکارا ہوگی ۱۲ ع - جو شخص یہ چاہے کہ میری حاجت جلد بر آئی تو اس کو چاہیئے کہ وضو کر کے جنگل میں جا کر دو رکعت نماز ادا کرے اور قبلہ رخ بیٹھ کر ہزار بار یہ اسم پڑھے حاجت اس کی جلد بر آئے مجرب ہے -

اَلْقَابِضُ: عدد اس کے (۹۰۳) ہیں جو کوئی چالیس روز تک برابر روٹی کے چار ٹکڑوں پر لکھ کر کھالیا کرے عذاب قبر اور بھوک سے امن میں رہے گا ۱۲ ح

اَلْبَاسِطُ: جمالی ہے عدد اس کے (۷۲) ہیں - جو کوئی صبح کے وقت ہاتھ اٹھا کر اس کو دس بار پڑھے اور منہ پر ہاتھ پھیرے ہرگز اس کو حاجت اس کی نہ ہو کہ کسی سے کچھ چاہے ۱۲ ح -

اَلْخَافِضُ: جمالی ہے عدد اس کے ۱۴۸۱ ہیں - جو کوئی تین روزے رکھے اور چوتھے روز ایک مجلس میں اس کو ستر بار پڑھے دشمن پر فتح پائے ۱۲ ح

اَلرَّافِعُ: جلالی ہے عدد اس کے (۳۵۱) ہیں جو کوئی اس اسم کو آدھی رات میں یا دوپہر کو سو بار پڑھے حق تعالیٰ اس کو خلائق سے برگزیدہ کرے اور تو انگر و بے نیاز کر دے ۱۲ ح -

اَلْمُعِزُّ: جلالی ہے عدد (۱۱۷) - جو کوئی اس اسم کو شب دوشنبہ یا شب جمعہ میں شام کی نماز کے بعد ایک سو چالیس بار پڑھے اس کے لئے خلق کی نظر میں ایک ہیبت و عزت ظاہر ہو اور سوائے خدا تعالیٰ کے کسی سے نہ ڈرے ۱۲ ح

اَلْمُذِلُّ: جلالی ہے عدد اس کے (۷۷۰) ہیں جو کوئی کسی ظالم یا حاسد سے ڈرتا ہو چھتر بار اس کو پڑھے بعد اس کے سجدہ کرے اور کہے کہ الٰہی فلانے ظالم کے شر سے امان دے حق تعالیٰ امان دے گا ۱۲ ح -

اَلسَّمِیْعُ: جلالی ہے عدد (۱۸۰) ہیں - جو کوئی پنجشنبہ کو چاشت کی نماز کے بعد پانچ سو بار پڑھے اور بموجب ایک قول کے ہر روز سو بار پڑھے اور پڑھتے وقت کسی سے بات نہ کرے بعد اس کے دعا مانگے دعا اس کی قبول ہوگی ۱۲ ح -

اَلْبَصِيْرُ: جمالی ہے عدد اس کے (۳۰۲) ہیں جو کوئی اس کو درمیان سنت و فرض صبح کے ساتھ اعتقاد درست کے ایک سو بار پڑھے مخصوص بہ نظر عنایت حق تعالیٰ ہوگا ۱۲ ح۔

اَلْحَكِيْمُ: جلالی ہے عدد اس کے (۷۸) ہیں۔ جو کوئی اس کو شب جمعہ میں اور بموجب ایک قول کے آدھی رات کو اتنا پڑھے کہ بے ہوش ہو جائے حق تعالیٰ اس کے باطن کو معدن اسرار کرے گا ۱۲ ح

اَلْعَدْلُ: جلالی ہے عدد اس کے ۱۰۴ ہیں جو کوئی اس کو شب جمعہ میں روٹی کے بیس لقموں پر لکھ کر کھائے حق تعالیٰ تمام خلق کو مسخر کرے گا ۱۲ ح۔

اَللَّطِيْفُ: جمالی ہے۔ عدد اس کے ۱۲۹ ہیں۔ جس کو اسباب معاش مہیا نہ ہو اور فقر و فاقہ میں رہتا ہو یا غربت میں کوئی غمخوار نہ ہو یا بیمار ہے اور کوئی تیمارداری اس کی نہ کرے یا بیٹی رکھتا ہو اور کوئی درخواست اس سے نکاح کی نہیں کرتا ہے وضو اچھی طرح کرے اور دو رکعت نماز کی پڑھ کر اس اسم کو اس نیت سے سو بار پڑھے حق تعالیٰ اس کی مہم کو کفالت کرے ۱۲ ح۔

واسطے نصیب کھلنے بیٹیوں کے اور صحت امراض کے اور کفایت مہمات کے تحیۃ الوضو کے بعد سو بار مداومت کرے اور عمل پیران اخوانیہ کا یہ ہے کہ واسطے ہر مہم دینی اور دنیاوی کے خالی جگہ میں سات شرائط دعا کے سولہ ہزار تین سو اکتالیس بار پڑھے مراد کو پہنچے گا اور مقصد اس کا بر آوے گا ۱۲ ح۔

اَلْخَبِيْرُ: مشترک ہے عدد اس کے ۸۱۲ ہیں جو کوئی نفس امارہ کے ہاتھ میں ہو اس اسم کو بہت پڑھے خلاصی پائے گا ۱۲ ح۔

اَلْحَلِيْمُ: جمالی ہے عدد اس کے ۸۸ ہیں جو کوئی اس کو کاغذ پر لکھ کر دھوے اور پانی اس کا کھیتی یا درخت پر ڈالے آفتوں سے امن میں رہے گا اور کمال کو پہنچے گا اور برکت اس میں ہوگی ۱۲ ع ح۔

اَلْعَظِيْمُ: جمالی ہے عدد اس کے ۱۰۲۰ ہیں۔ جو کوئی اس پر مداومت کرے خلق

کی نظر میں عزیز و مکرم ہوگا ۱۲ ح۔

اَلْغَفُوْرُ: جمالی ہے عدد اس کے (۱۲۸۶) ہیں جس کو کوئی بیماری ہو مانند تپ اور درد سر وغیرہ کے یا غم واندوہ اس پر غلبہ کرے اسکو کاغذ پر لکھے اور روٹی پر اس کے نقش کو جذب کرے اور کھاوے حق تعالیٰ شفا اور خلاصی اس کو بخشے اور اگر اس کو بہت پڑھے سیاہی اس کے دل سے جاتی رہے۔ اور حدیث صحیح میں آیا ہے کہ جو کوئی سجدہ کرے اور سجدے میں یَارَبِّ اغْفِرْلِی تین بار کہے حق تعالیٰ اس کے گناہ اگلے پچھلے بخشدے گا۔ ۱۲ ح جس کو درد سر یا کوئی بیماری یا غم پیش آئے تین بار مقطعات یا غفور کے لکھ کر پانی میں گھول کر پیئے شفا پائے گا۔ ۱۲ ع

اَلشَّکُوْرُ: جمالی ہے عدد اس کے ۵۲۶ ہیں۔ جس کو تنگی معیشت کی ہو یا تاریکی دل کی یا آنکھ کی پیدا ہو اکتالیس بار اس اسم کو پانی پر پڑھے اور پیئے اور آنکھوں پہ ملے شفا پائے گا اور تونگر ہوگا ۱۲ ح۔

اَلْعَلِیُّ: جلالی ہے عدد اس کے ۱۱۰ ہیں۔ جو کوئی اس اسم پر مداومت کرے یا اپنے پاس رکھے اگر خوار اور بے قدر ہو تو بزرگ ہو اور جو فقیر ہو تو توانگر ہو اور اگر مسافت میں مبتلا ہو تو پھر اپنے وطن مالوف کو پہنچے ۱۲ ح۔

اَلْکَبِیْرُ: جمالی ہے عدد اس کے ۲۳۲ ہیں جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے بزرگ اور عالی قدر ہو اور اگر حکام و والی اس پر مداومت کریں سب ان سے ڈریں اور مہمات خوب سرانجام پائیں ۱۲ ح۔

اَلْحَفِیْظُ: جمالی ہے عدد اس کے ۹۹۸ ہیں۔ جو کوئی اس کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے خوف غرق اور جلنے اور دیو و پری اور نظر بد سے نڈر ہو ۱۲ ع۔

اَلْمُقِیْتُ: جلالی ہے عدد اس کے ۵۵۰ ہیں اگر کسی کو غریب دیکھے یا خود اس کو غریبی پیش آئے یا کوئی لڑکا بد خوئی کرے یا بہت روئے سات بار خالی کوزہ میں آبخورہ وغیرہ پر پڑھ کر دم کرے بعد اس کے پانی ڈال کر پیئے اور دوسرے کو پینے کے لئے دیوے اگر روزہ دار کو خوف ہلاکی کا ہو پھول پر پڑھ کر سونگھے قوت پائے

گا اور وہ روزہ رکھ سکے گا ۱۲ ح ۔
اَلْحَسِیْبُ: جمالی ہے عدد اس کے ۸۰ ہیں ۔ جو کوئی کسی چور یا حاسد یا ہمسایہ یا دشمن سے چشم زخم سے ڈرتا ہو ہر صبح و شام ایک ہفتہ تک ستر بار کہے حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْب مگر پنجشنبہ کے روز سے شروع کرے انشاء اللہ تعالیٰ ان کے شر سے نگاہ رکھے گا ۱۲ ح ۔ ہنوز ہفتہ نہ گزرے گا کہ درستی کام کی ہو جائے گی ۱۲ ع ۔
اَلْجَلِیْلُ: جمالی ہے عدد اس کے (۷۳) ہیں جو کوئی اس کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے یا کھا دے تمام خلائق اس کی تعظیم و تکریم کریں ۱۲ ۔
اَلْکَرِیْمُ: جمالی ہے عدد اس کے ۲۷۰ ہیں ۔ جو کوئی اس اسم کو اپنے بستر پر پڑھے اور پڑھتے پڑھتے سو جائے فرشتے اس کے لئے دعا کریں اور کہیں کہ اکرمک اللہ بزرگ کرے تجھ کو اللہ اور مکرم و معزز ہو ۔ کہتے ہیں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ اس اسم کو بہت پڑھتے تھے اسی سبب سے ان کو کرم اللہ کہتے ہیں ۱۲ ح ۔
اَلرَّقِیْبُ: جمالی ہے عدد اس کے ۳۱۲ ہیں ۔ جو کوئی اس اسم کو سات بار اپنی بیوی اور فرزند اور مال پر پڑھے اور ان کے گرد دم کرے تمام دشمنوں اور سب آفتوں سے نڈر ہو گا ۱۲ ح ۔
اَلْمُجِیْبُ: جلالی ہے عدد اس کے ۵۵ ہیں جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے اور دعا کرے جلدی قبول ہو اور اگر لکھ کر اپنے پاس رکھے حق کی امان میں رہے گا ۱۲ ح ۔
اَلْوَاسِعُ: جلالی ہے عدد اس کے ۱۳۷ ہیں جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے حق تعالیٰ اس کو قناعت و برکت دے ۱۲ ح ۔
اَلْحَکِیْمُ: جمالی ہے عدد اس کے ۷۸ ہیں ۔ جس کو کوئی کام پیش آئے کہ اس سے سرانجام اس کا نہ ہو سکتا ہو اس اسم کی مداومت کرے مہم اس کی سرانجام پائے ۱۲
اَلْوَدُوْدُ: جمالی ہے عدد اس کے ۲۰ ہیں ۔ اگر میاں بیوی میں ناموافقت ہو اور خصومت پڑے اس اسم کو ایک ہزار اور ایک بار طعام پر پڑھے اور جس جانب

سے کہ ناموافق ہو اس کو دیں تاکہ وہ طعام کھایا جائے خدا چاہے ان دونوں میں اتفاق اور الفت ہو جائے گی ۱۲ ح

**اَلْمَجِیْدُ:** جمالی ہے عدد اس کے (۵۷) ہیں۔ جس کو آبلہ یا باد فرنگ یا جزام یا برص ہو ایام بیض میں روزے رکھے اور افطار کے وقت بہت سا پڑھے اور پانی پر دم کر کے پئے شفا پائے اور جس کو اپنے ہم جنسوں میں عزت و حرمت نہ ہو ہر صبح کو ننانوے بار پڑھے اور اپنے اوپر پھونکے عزت و حرمت پائے ۱۲ ح۔

**اَلْبَاعِثُ:** جمالی ہے عدد اس کے (۵۷۳) ہیں جو کوئی چاہے کہ دل اس کا زندہ ہو سونے کے وقت اپنے سینے پر ہاتھ رکھے اور اس اسم کو ایک سو ایک بار پڑھے حق تعالیٰ اس سے مردہ دل کو زندہ فرمائے اور انوار و برکات نازل کرے گا۔ ۱۲۔

**اَلشَّہِیْدُ:** جمالی ہے عدد اس کے ۳۱۹ ہیں۔ جس کا بیٹا نافرمان ہو یا بیٹی غیر صالح ہو صبح کے وقت ہاتھ اس کی پیشانی پر رکھے اور منہ آسمان کی طرف کر کے اکیس بار کہے یا شہید حق تعالیٰ اس کو صالح کرے ۱۲ ح۔

**اَلْحَقُّ:** جلالی ہے عدد اس کے (۱۰۸) ہیں۔ جس کا اسباب کچھ جاتا رہا ہو ایک کاغذ کے چاروں کونوں پر اس اسم کو لکھے اور کاغذ کے بیچ میں نام اس اسباب کا بھی لکھے اور آدھی رات کو ہتھیلی پر رکھے اور نظر آسمان کی طرف کر کے شفیع لاوے اسباب اس کا پایا جاوے یا اس میں سے کچھ پاوے اور اگر قیدی آدھی رات کو سر ننگا کر کے ایک سو ساٹھ بار پڑھے خلاصی پائے۔ ۱۲ ح۔

**اَلْوَکِیْلُ:** جمالی ہے عدد اس کے (۶۶) ہیں اگر بجلی گرنے یا ہوا پانی یا آگ سے خوف ہو اس اسم کو ورد اپنا کرے امان پائے گا۔ اگر خوف کی جگہ میں بہت سا پڑھے نڈر ہو۔ ۱۲ ح۔

**اَلْقَوِیُّ:** جلالی ہے عدد اس کے ۱۱۶ ہیں جس کا دشمن قوی ہو کر اس کے دفع سے عاجز ہو وے تھوڑا سا آٹا گوندھے اور اس کی ایک ہزار گولیاں بنائے اور ایک ایک گولی اٹھائے اور یا قوی پڑھ کر بہ نیت دفع دشمن مرغ کے آگے

ڈالے حق تعالیٰ اُس کے دشمن کو مقہور اور مغلوب کرے ۱۲ ح۔
اور اگر جمعہ کی دوسری ساعت میں بہت پڑھے نسیان جاتا رہے ۱۲ ع۔
**اَلْمَتِيْنُ** : جمالی ہے عدد اس کے (۵۰۰) ہیں جس نے بچّہ کا دودھ چھڑایا ہو اور وہ صبر نہیں کر سکتا ہے یا دودھ پلانے والی کے دودھ میں نقصان ہو۔ چاہیئے کہ لکھ کر اس بچّہ کو پلاوے اور وہ دودھ والی کو بھی پلاوے تا صبر کرے بچہ اور دودھ والی کا دودھ زیادہ ہو اور اگر کوئی اشغال و اعمال علی میں سے کچھ چاہے تو اتوار کے روز اوّل ساعت میں اس نیت سے تین سو ساٹھ بار پڑھے وہ منصب پاوے ۱۲ ع اور حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے فقط دودھ ہی بڑھنے کے واسطے لکھا ہے ۱۲۔
**اَلْوَلِيُّ** : جمالی ہے عدد اس کے (۴۶) ہیں جو کوئی اس اسم کو پڑھے خلق کی دلوں کی باتوں پر آگاہ ہونے کے واسطے اور جس کی لونڈی اور بیوی بدسیرت ہو تو اس اسم کو بہت پڑھے حق تعالیٰ اس کو صلاحیت پر لاوے۔ ۱۲ ح۔
**اَلْحَمِيْدُ** : جمالی ہے عدد اس کے ۶۱ ہیں۔ جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے پسندیدہ افعال ہوں اور جس پر فحش و بدزبانی غالب آئے اور اپنے کو اس برائی سے باز نہیں رہ سکتا ہو تو اس اسم کو پیالہ پر لکھے اور بعضوں نے کہا ہے نوّے بار پیالہ پر پڑھے اور ہمیشہ اُس پیالہ میں پانی پیا کرے فحش گوئی سے امان پائے گا ۱۲ ح۔
**اَلْمُحْصِيْ** : جلالی ہے عدد اس کے ۱۴۸ ہیں۔ جو کوئی شب جمعہ کو یہ اسم ایکہزار اور ایک بار پڑھے عذاب گور اور قبر سے نڈر ہوگا۔ ۱۲ ح
جس کی بیوی کو حمل ہو اور اسقاطِ حمل سے ڈرتا ہو یا حمل دیر تک رہے چاہیئے کہ خاوند اُس کا سحر کیوقت نوّے بار اس کو پڑھے اور شہادت کی انگلی پیٹ کے گرد پھرا دے حمل ساقط نہ ہو اور خلاصی پاوے اور اس کو کچھ ضرر نہ پہنچے۔ اور جو کوئی اس پر مداومت کرے جو کچھ اس کی زبان پر جاری ہو مقرون

بصدق وثواب ہو۔ ۱۲ ع

اَلْمُعِیْدُ: جمالی ہے عدد اس کے ۱۲۴ ہیں۔ جس کا کوئی غائب ہو اور چاہے کہ وہ آجائے یا اس کی خبر پائے جس وقت کہ اس کے گھر کے لوگ سوتے ہوں اس اسم کو گھر کے چاروں کونوں میں ستر ستر بار پڑھے اور اس کے بعد کہے یا معید پھیر مجھ پر فلانے کو سات روز نہ گزریں گے کہ غائب آجاوے گا۔ یا اس کی خبر آوے گی۔ ۱۲

اور اگر کچھ جاتا رہے اور اس اسم کو بہت پڑھے خدا چاہے وہ شخص پا جائے

اَلْمُحْیِی: جلالی ہے عدد اس کے ۶۸ ہیں جو کوئی درد اور رنج اور ضائع ہونے کسی عضو سے خائف ہو اسم المحیی کو سات بار پڑھے حق تعالیٰ اُس سے نڈر کرے ۱۲

واسطے دفع ورد دبعقت اندام کرکے سات روز تک ہر روز پڑھ کر دم کرے اور اگر اس پر ملازمت کرے دل اُس کا زندہ ہو اور اس کے بدن میں قوت پیدا ہو۔ ۱۲ ع۔

اَلْمُمِیْتُ: جلالی ہے عدد اس کے ۴۹۰ ہیں جو کوئی نفس پر قادر نہ ہو کہ مستی میں غلبہ کرے سوتے وقت ہاتھ سینہ پر رکھے اور یہ اسم پڑھنا شروع کرے یہاں تک کہ پڑھتے پڑھتے سو جائے حق تعالیٰ اُس کے نفس کو فرمانبردار کرے ۱۲ ح۔

اَلْحَیُّ: جلالی ہے عدد اس کے ۱۸ ہیں۔ اگر کوئی شخص بیمار ہو اس اسم کو پڑھے صحت پائے یا کوئی اور پڑھے بیمار پر تو بھی صحت پاوے ۱۲ ح

اگر بیمار پر آنکھ سامنے کرکے بہت پڑھے صحت پاوے اور اگر ہر روز ۳ بار پڑھے عمر اس کی دراز ہو اور قوت روحانیہ اس میں زیادہ ہو۔ ۱۲ ع

اَلْقَیُّوْمُ: جلالی ہے عدد اس کے (۱۵۶) ہیں جو کوئی اس کو بہت پڑھے خاص کر سحر کے وقت دلوں میں تصرف اُس کا ظاہر ہو یعنی لوگ اس کو دوست رکھیں گے۔ ۱۲ ح

اور اگر بہت پڑھے مہمات اس کی حسب خواہ بر آویں۔ ۱۲ ع

**اَلْوَاجِدُ:** جلالی ہے عدد اس کے ۱۴ ہیں۔ جو کوئی کھاتے وقت ہر نوالہ کے ساتھ یہ اسم پڑھے وہ کھانا پیٹ میں نور ہو۔ اور جو کوئی خلوت میں اسکو بہت پڑھے تو نجز ہو۔ ۱۲ ح

**اَلْمَاجِدُ:** جلالی ہے عدد اس کے ۴۸ ہیں جو کوئی خلوت میں اس کو اتنا پڑھے کہ بیہوش ہو جائے انوار الٰہی اس کے دل پہ زیادہ ہوں۔ ۱۲ ح اور اگر بہت پڑھے خلق کی آنکھ میں بزرگ ہو۔ ۱۲ ع

**اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ:** جلالی ہے عدد (۹ ½) (۱۳ ½) اگر کسی کا دل خلوت سے ہراساں ہو ایکہزار ایک بار اس اسم کو پڑھے خوف اس کے دل سے جاتا ہے اور مقرب حضرت حق ہو۔ اور اگر فرزند کی آرزو رکھتا ہو تو اس اسم کو لکھ کر اپنے ساتھ رکھے فرزند پیدا ہو ۱۲ ح۔

**اَلصَّمَدُ:** جمالی ہے عدد اس کے ۱۳۴ ہیں۔ جو کوئی سحر کو یا آدھی رات کو سجدہ کرے اور ایکسو پندرہ بار اس اسم کو پڑھے صادق الحال والقول ہو اور ہرگز کسی ظالم کے ہاتھ میں گرفتار نہ ہو اور اگر بہت پڑھے بھوکا نہ ہو اور اگر حالت وضو میں کہے بے پروا ہو ۱۲ ح

**اَلْقَادِرُ:** جلالی ہے عدد اس کے ۳۰۵ ہیں اگر وضو میں ہر عضو کے دھوتے وقت اسم القادر پڑھے کبھی کسی ظالم کے ہاتھ گرفتار نہ ہو اور کوئی دشمن اس پہ فتح نہ پائے اور اگر کوئی مشکل آپڑے اکتالیس بار پڑھے خدا چاہے۔ وہ کام درستی پائے ۱۲ ح

**اَلْمُقْتَدِرُ:** جلالی ہے عدد اس کے (۷۴۴) ہیں جو کوئی اس اسم پر ملازمت کرے غفلت اس کی جاتی رہے اور جو سوتے اٹھ کر اسم المقتدر کو بیس بار پڑھے تمام کام اس کے حق تعالیٰ کی طرف رجوع کریں ۱۲ ع۔

**اَلْمُقَدِّمُ:** جلالی ہے عدد اس کے (۱۸۴) ہیں۔ جو شخص معرکہ جنگ میں

اس کو پڑھے یا اپنے پاس رکھے کچھ رنج اس کو نہ پہنچے اور اگر بہت پڑھے طاعت الٰہی میں فرمان بردار ہو ۱۲ ح۔

اَلْمُؤَخِّرُ جلالی ہے عدد اس کے (۸۴۶) ہیں اگر سو بار پڑھے دل اس کا ماسوی اللہ سے آرام نہ پکڑے ۱۲ ح اور جو شخص ہر روز سو بار پڑھے تمام کام اس کے پورے ہوں اور اگر اکتالیس بار پڑھے نفس اس کا مطیع ہو ۱۲ ع

اَلْاَوَّلُ : جلالی ہے عدد اس کے (۳۷) ہیں۔ اگر کسی کے فرزند نہ ہو چالیس دن تک پڑھے مراد اُس کی بر آوے۔ ۱۲ ح

اور جس کو آرزو فرزند کی ہو یا تو انگری چاہتا ہو یا کوئی حاجت ہو چالیس شب جمعہ ہر شب ہزار بار پڑھے تمام حاجتیں بر آویں ۱۲ ع

اَلْاٰخِرُ : جلالی ہے عدد اس کے ۸۰۱ ہیں۔ جس کی عمر آخر کو پہنچے اور اعمال صالحہ سے معرا رہا اُس کو چاہیئے کہ اس اسم کا ورد کرے حق تعالیٰ اسکی عاقبت بخیر کرے گا ۱۲ ح

اَلظَّاهِرُ : جلالی ہے عدد اُس کے ۱۱۰۶ ہیں۔ جو کوئی اشراق کی نماز کے بعد پانسو بار پڑھے حق تعالیٰ آنکھیں اُس کی روشن کرے۔ ۱۲ ح

اور اگر خوف ہوا اور مینہ وغیرہ کا ہو بہت پڑھے امان پاوے۔ اور اگر گھر کی دیوار پر لکھے دیوار سلامت رہے ۱۲ ع۔

اَلْبَاطِنُ : مشترک ہے عدد اُس کے ۶۲ ہیں۔ جو کوئی ہر روز تینتیس بار یا باطن کہے صاحبان اسرار الٰہی سے ہو۔ ۱۲ ح

جو کوئی اس کی مداومت کرے جو دیکھے گا اس کا دوست ہو گا ۱۲ ع

اَلْوَالِیُ : جمالی ہے عدد اس کے (۴۷) ہیں۔ جو کوئی چاہے کہ گھر اُس کا یا غیر اُس کا معمور و آباد ہو، اور ہوا اور مینہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے اس اسم کو کوزۂ آب نارسیدہ پر لکھے اور پانی اس کوزہ میں ڈالے اور اس کوزہ کو گھر کی دیواروں پر مارے گھر کے در و دیوار سلامت رہیں اور تسخیر کے لئے

گیارہ بار پڑھے بہ نیت اس کے جس کو مسخر کرنا چاہتا ہے خدا چاہے وہ شخص مطیع ومنقاد اس کا ہو ۱۲ ح۔
جو کوئی چاہے کہ گھر اس کا خراب نہ ہو تین سو بار یہ اسم پڑھے۔ سلامت رہے ۱۲ ع۔
اَلْمُتَعَالِیُ : جلالی ہے عدد اس کے ۵۵ ہیں۔ جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے تمام دشواریاں آسان ہوں اور بعضوں نے کہا ہے کہ جو عورت حیض میں ہو۔ اس اسم کو پڑھے اور اس کے پڑھنے کی کثرت کرے۔ اس کی آفتوں سے خلاصی پاوے۔ ۱۲ ح
اَلْبَرُّ : جلالی ہے عدد اس کے ۲۰۲ ہیں۔ جو کوئی آفتوں مانند ہوا وغیرہ سے ڈر رکھتا ہو اس اسم کو پڑھے امان پاوے اور جس کے کوئی لڑکا ہو اس اسم کو سات بار پڑھے اور اس لڑکے کو خداوند تعالیٰ کے سپرد کرے۔ وقت بلوغ تک امن میں رہے گا۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ اگر کوئی شراب خواری اور زنا میں مبتلا ہو ہر روز سات بار پڑھے۔ اس کا دل اس کام سے ہٹ جائیگا۔ ۱۲ ح
اَلتَّوَّابُ : جمالی ہے عدد اس کے ۴۰۹ ہیں۔ جو کوئی اس کو چاشت کی نماز کے بعد تین سو ساٹھ بار پڑھے حق تعالیٰ اس کو کرامت فرمائے اور جو کوئی اس کو بہت پڑھے گا کار اس کے اصلاح پذیر ہوں گے اور نفس اس کا طاعت میں آرام پکڑے ۱۲ ح۔
اَلْمُنْتَقِمُ : جمالی ہے عدد اس کے ۶۳۰ ہیں۔ جو کوئی دشمن کی جفا پر صبر نہ کر سکے تین جمعوں تک اس کی ملازمت کرے دوست ہو اور جس نیت سے کہ آدھی رات کو پڑھے وہ کام سرانجام پاوے۔ اور ابو ہریرہؓ کی روایت میں المنعم بھی آیا ہے جو کوئی اسم المنعم پہ مداومت کرے ہرگز کسی کا محتاج نہ ہو۔ ۱۲ ح۔
اَلْعَفُوُّ : مشترک ہے عدد اس کے ۱۵۶ ہیں۔ جس کے گناہ بہت ہوں۔

اس اسم کو ورد اپنا کرے حق تعالیٰ تمام گناہ اُس کے عفو فرمائے ۱۲ ح
اَلرَّؤُفُ : جمالی ہے عدد اس کے ۲۸۶ ہیں۔ جو چاہے کہ کسی مظلوم کو ظالم کے ہاتھ سے چھڑائے اس کو دس بار پڑھے وہ ظالم شفاعت اس شخص کی قبول کرے گا۔ اور جو کوئی اس پر مداومت کرے دل اُس کا مہربان ہو اور سب کو دوست رکھے اور سب لوگ اس پر مہربان ہوں ۱۲ ح۔
مَالِكُ الْمُلْكِ : جلالی ہے عدد اُس کے ۲۱۲ ہیں۔ جو کوئی اس اسم پر مداومت کرے توانگر ہو۔ اور حاجات و مہمات دارین کی درستی پائے ۱۲۔
ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ : جلالی ہے عدد اس کے ۱۰۹۴ ہیں جو خاصیت مالک الملک کی ہے وہی اس کی ہے ۱۲ ح۔

اور وہ یزلی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ جو کوئی اس ذکر پر مداومت کرے اور بکثرت پڑھا کرے یہاں تک کہ اُس سے اس پر ایک ایسی حالت و کیفیت طاری ہوگی کہ آدمیوں کی نگاہ میں وہ شخص معظم معلوم ہوگا اور لوگ اُس کی ملاقات میں باعزاز و اکرام پیش آئیں گے اور اُس کے لئے عالم ارواح میں تصرف و دخل عظیم حاصل ہوگا اور یہ اسم سائر اسمار میں نادر ہے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ التجا کرو بہ ندائے یا ذوا لجلال والاکرام یعنی گڑگڑا کر اس اسم کو پکارو اور اس کے ذکر میں اکثار کرو۔ اور یہ بات تحقیق ہے کہ امام محمد بن ادریس الرازی نے اپنی کتاب کبیر میں جس کو خزانۂ ہارون رشید سے انتخاب کیا ہے لکھا ہے کہ وہ اسم جس کے ساتھ آصف برخیا نے جس کو کتاب معانی سے کچھ بہرہ تھا۔ بلقیس کے تخت حاضر کرنے کے لئے پڑھا تھا۔ یہی ہے اور یہ اسم اعظم ہے اور یہ اسم ذوا لجلال والاکرام جلیل اور سریع الاجابت ہے۔
اَلْمُقْسِطُ : جلالی ہے عدد اس کے ۲۰۹ ہیں۔ جو کوئی اسم کو سو بار پڑھے شیطان کے شر اور وسوسوں سے نڈر ہو اور اگر سات سو بار پڑھے جو مقصود کہ رکھتا ہو حاصل ہو۔ ۱۲ ح۔

اَلْجَامِعُ: عدد اُس کے ۱۱۴ ہیں۔ جس کے اہل اور اقارب اور اتباع متفرق ہوئے ہوں۔ چاشت کے وقت غسل کرے اور آسمان کی طرف منہ کرکے اور اس اسم کو دس بار پڑھے اور ایک ایک انگلی ہر بار بند کرتا جائے پھر ہاتھ منہ پر پھیرے تھوڑے عرصے میں سب جمع ہو جائے گی۔ ۱۲ ح

اَلْغَنِیُّ: جلالی ہے عدد اس کے ۱۰۶۰ ہیں۔ جو کوئی بلائے طمع میں گرفتار ہو اس اسم کو ہر ہر عضو پر پڑھے اور ہاتھ نیچے کو لادے حق تعالیٰ بلا اُس کی دفع کرے گا۔ اور جو کوئی ہر روز ستر بار پڑھے اس کے مال میں برکت ہوگی اور کبھی محتاج نہ ہوگا ۱۲ ح۔

یَا مُغْنِیُّ: جمالی ہے عدد اس کے ۱۱۰۰ ہیں جو شخص دس جمعوں تک ملازمت کرے کہ ہر جمعہ کو ہزار بار پڑھے خلق سے بے پرواہ ہوگا۔ ۱۲ ح

اَلْمَانِعُ: جلالی ہے عدد اس کے ۱۶۱ ہیں۔ جب میاں بیوی میں خفگی اور نزاع واقع ہو جس وقت بچھونے پر جائے اس اسم کو بیس بار پڑھے۔ حقتعالیٰ اس کا غصہ دفع کردے گا۔ ۱۲ ح

اور حضرت شیخ نے شرح اسماء الحسنیٰ میں پہلے اس اسم کے المعطی لکھا ہے اور بعد شرح و معانی کے خاصیت معطی کی یہ لکھی ہے کہ جو کوئی اس کا ورد کرے اور یا معطی السائلین بہت پڑھے کبھی کسی سوال کا محتاج نہ ہو ۱۲ ح

اَلضَّارُّ: جلالی ہے عدد اس کے ۱۰۰۱ ہیں۔ جس کو ایک حال اور مقام میسر ہو اُس کو چاہیئے کہ اس کو جمعہ کی راتوں میں سو بار پڑھے حق تعالیٰ اُس کو اس مرتبے پر قائم رکھے گا اور مرتبہ اہل قرب کا عطا ہوگا ۱۲ ح

اَلنَّافِعُ: جمالی ہے عدد اس کے ۲۰۱ ہیں۔ جو کوئی کشتی میں بیٹھے ہر روز اس کو پڑھا کرے کوئی آفت اس کو نہ پہنچے اور اگر ہر کام کی ابتدا میں کتالیس بار پڑھے تمام کام اس کے حسب لخواہ ہوں ۱۲ ح۔

اَلنُّوْرُ: جمالی ہے عدد اس کے ۲۵۶ ہیں۔ جو شخص جمعہ کی رات کو سات

بار سورۂ نور اور ایک ہزار ایکبار یہ اسم پڑھے اس کے دل میں نور پیدا ہو۔
اور جو صبح کو ملازمت کیا کرے دل اس کا روشن ہو۔
اَلْھَادِیُ: جمالی ہے عدد اس کے (۲۰) ہیں۔ جو کوئی ہاتھ اٹھائے اور آسمان کی طرف منہ کرکے اور یہ اسم بہت پڑھے اور پھر دونوں ہاتھ اپنے منہ اور آنکھوں پر پھیرے مرتبہ اہل معرفت کا پائے۔ ۱۲ ح۔
اَلْبَدِیْعُ: جلالی ہے عدد اس کے ۸۶ ہیں۔ جس کو کوئی غم یا مہم پیش آئے ستر ہزار بار اور ایک روایت میں ہزار بار یا بدیع السمٰوٰت والارض پڑھے وہ مہم سرانجام پائے اور اگر باوضو مونہہ قبلہ کی طرف کرکے اتنا پڑھے کہ سو جائے جو کچھ چاہے خواب میں دیکھے ۱۲۔ح۔
اَلْبَاقِیُ: جلالی ہے عدد اس کے ۱۱۳ ہیں۔ جو کوئی جمعہ کی شب کو پڑھے تمام عمل اس کے قبول ہوں اور کسی سے رنج اس کو نہ پہنچے۔
اَلْوَارِثُ: جمالی ہے عدد اس کے ۷۰۷ ہیں جو کوئی اس کو آفتاب نکلنے کے وقت سو بار پڑھے کچھ رنج اس کو نہ پہنچے۔ ۱۲ح
جو کوئی اس کو بہت پڑھے تمام کام اس کے سرانجام پائیں۔ ۱۲ع
اَلرَّشِیْدُ: جمالی ہے عدد اس کے ۵۱۴ ہیں۔ جو کوئی تدبیر اپنے کام کی نہ جانے درمیان نماز شام اور سونے کے ہزار بار پڑھے جو کچھ کہ صواب ہو اس پر ظاہر ہو اور اگر مداومت کرے مہمات اس کی بے سعی انجام پائیں ۱۲ ح
اَلصَّبُوْرُ۔ جلالی ہے عدد اس کے ۲۹۸ ہیں۔ جس کو رنج یا مشقت یا درد یا مصیبت پیش آئے ۳۳ بار اس کو پڑھے اطمینان پاوے اور اگر آدھی رات یا دوپہر کو مداومت کرے واسطے زبان بندی اور خوشنودی دشمنوں اور رضائے سلطان اور قبولیت دلوں کے خاصیت تمام رکھتا ہے ۱۲ ح ع۔

## تمام ہوئے خواص اسماء الحسنیٰ کے

برائے دفع خطرۂ سعد و نحس و نحوست و سیارہ | اگر زاہد کو کوئی خطرہ نیک و بد یعنی سعد و نحس کا پیش آوے تو اس کو چاہیئے کہ اس خطرے کو دل میں جگہ نہ دے اور کسی وقت کو منحوس نہ سمجھے اور ستارہ کی نحوست کے دفعیہ کے لئے اور خطرات کے دور ہونے کے واسطے طلوع و غروب کے وقت نو بار یہ دعا پڑھا کرے خدا چاہے نحوست بند ہوجائے گی۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ یَا هَادِیُ یَا قَدِیْمُ یَا جَلِیْلُ یَا مُتَکَبِّرُ یَا خَالِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِیْ مِنْ نُحُوْسَۃِ الشَّمْسِ الْقَمَرِ وَالْمِرِّیْخِ وَالْعُطَارِدِ وَالْمُشْتَرِیْ وَالزُّھْرَۃِ وَالرَّاسِ الذَّنَبِ بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا مَنْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔

برائے استحکام زہد در باطن و تسخیر ارواح | جس وقت کہ یہ ورد مرتب ہو تو چاہیئے یہ دعا بھی پڑھے تاکہ زہد اس کے باطن میں مستحکم ہو اور تسخیر ارواح کے لئے سات بار پڑھے تاکہ وہ اس پر مدد کریں دعا یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ خُذْ مِنِّیْ وَتَقَبَّلْ وَافْتَحْ عَلَیَّ اَبْوَابَ کُلِّ خَیْرٍ کَمَا فَتَحْتَ عَلٰی اَنْبِیَاۗئِکَ وَاَوْلِیَاۗئِکَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ؕ

## دوسرا جوہر تمام ہوا

## خاتمہ

الٰہی تیرا ہزار ہزار شکر ہے کہ تیرے فضل و کرم سے ان دو جوہروں کا ترجمہ بخیر و خوبی تمام ہوا اور حسب مراد چھپا الٰہی تو اپنے حبیب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وصحبہ وسلم کے طفیل سے مقبول خلایق کر اور آگے کو ان تین جوہروں کے ترجمہ کی توفیق عطا فرما اور خاتمہ بالخیر کر آمین یارب العالمین۔

۳۰ ماہ صفر المظفر ۱۳۱۰ھ روز یکشنبہ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمد و صلوٰۃ کے بعد احقر الانام محمد بیگ ابن حاجی مرزا رحیم بیگ نقشبندی مجددی عفر اللہ ذنوبہما وستر عیوبہما صاحبان باصفا کی خدمت میں عرض کرتا ہے کہ ترجمہ جوہر اوّل و دوم کے بعد مجھ کو چند موانع ایسے پیش آئے کہ جس کے سبب سے تیسرے جوہر کا ترجمہ نہ کر سکا۔ اور ایک مدت تک ان سے نجات نہ ملی اور یہاں شائقین کے متواتر تقاضوں نے مجبور کر ڈالا۔ اب میں حق تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ اس کے فضل و کرم سے اکثر موانع دور ہوئے۔ اور نیز اس کی ذات پاک سے امید ہے کہ وہ اپنے حبیب پاک کے طفیل سے کلیۃً نجات بخشے۔ اور جملہ مقاصد اور حاجات روا فرمائے اگرچہ فرصت بالکل نہ تھی اور طبیعت کو اعتدال نہ تھا۔ مگر توکلاً علی اللہ اس کا ترجمہ شروع کر دیا اور جو لکھ کر تیار ہوتا گیا چھپتا گیا۔

اگرچہ اس جوہر کے بعض بعض مقامات از حد دقیق تھے جن کا سمجھنا بجائے خود دشواریوں سے خالی نہ تھا۔ مگر بحمد اللہ بہمت پیران کامگار بہت خوبی سے وہ عقدے حل کئے گئے۔ اور ہر مقام کی تشریح عمدہ طور سے میسر ہوئی۔ اور ہر ایک لاحل مقام کو اس کے قواعد کلیہ سے منضبط کر دیا گیا شائقین مطالعہ سے معلوم کریں گے۔ اور نیز اس کے آخر میں بطور تتمہ چند دعوات اور اعمال عجیب و غریب جو اکثر بزرگان دین سے منقول اور نافع خلائق ہیں شامل کئے گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مجھ کو اور سب مسلمانوں کو نیک عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

۲۵ شوال المکرم ۱۳۱۱ھ ہجری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تیسرا جوہر دعوت اعمال میں اور یہ ایک مقدمہ اور چند فصلوں پر منقسم ہے

## مقدمہ

جاننا چاہیئے کہ جب طالب مراتب ابرار و اخیار کو طے کر چکے تو اس کو چاہیئے کہ دعوت اسمائے الٰہی میں مشغول ہو تاکہ اسرار الٰہی اور حقائق اشیاء اس پر منکشف ہوں اور تصرفات ظاہری و باطنی حاصل ہوں۔ اور یہ بھی لازم ہے کہ جب اسماء عظام کی دعوت شروع کرے تو پہلے اس فن کو کسی مرشد کامل سے سیکھے اور مرشد کامل وہ ہے جو اسمائے الٰہی کے ہر مراتب سے واقف ہو اور ان کے موکلات اور ماہیات اصلی کو خوب پہچانتا ہو۔ اور حقائق اشیاء اس کے دل پر روشن ہوں۔ اور وہ ان حالات پر مغرور نہ ہو۔ اور سوائے محرم راز کے غیر کو نہ بتاتا ہو اور کشف و کرامات کا مبتلا نہ ہو ورنہ ایسے شخص کو خاص دعوت کہتے ہیں جس میں یہ صفات مسطورہ بالا پائی جائیں اس کو مرشد کامل تصور کرنا چاہیے۔ بعض مشائخ جو بلا عمل اپنے مریدوں اور طالبوں کو ارشاد کر دیتے ہیں اور اجازت دیدیتے ہیں اسی وجہ سے اس میں تاثیر کم ہوتی ہے اور ناکامیابی بھی ظہور میں آجاتی ہے (یہ درویش) جوینش بھی ایک مدت تک ہر ولایت میں پھرتا رہا اور اس اثناء میں بہت سے مشائخوں سے ملتا رہا۔ لیکن کسی جگہ ایسی بات نہ پائی کہ دل کو اطمینان ہوتا آخر کئی سال کے بعد حضرت سلطان الموحدین شیخ ظہور علی حاجی حضور کی خدمت بابرکت میں پہنچا اور چند مدت ملازمت

---

لہ یعنی چہل اسماء ۱۲ مترجم عفی عنہ ۲ آپ کا نام حاجی حمید ہے۔ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ نے اپنی کتاب اخبار الاخیار میں ان کا حال مختصر طور پر لکھا ہے اور آپ حضرت محمد غوث گوالیاری مصنف کتاب ہذا کا احوال اور حاجی صاحب کی خدمت میں پہنچنا اور خطاب غوث سے مشرف ہونے کا بھی ذکر لکھا ہے ۱۲ مترجم۔

میں رہا البتہ ان کو اس فن میں کامل پایا جب اس فقیر کے احوال سے حضور نے اطلاعؑ
پائی تو بہت سی شفقت فرمائی اور محرم راز کیا اور تمام دعوات کلیؔ و جزئیؔ سے آگاہ
کیا اس کے بعد یہ فقیر کئی سال تک ایک خلوت میں مشغول بدعوت رہا اور اسی اثناء
میں یکایک عالم مغیبات کا ظہور پایا۔ اور ایسا کچھ دیکھا کہ ہیئت اس کی احاطہ،
تقریر و تحریر سے باہر ہے آخر الامر بعنایت ازل الازل و بہدایت حبیب لایزال و
بامداد پیران کامگار و مرشدان نامدار وہ مغیبات سب عمل میں آئے اور یہ عہد ہوا کہ
قیامت تک اس فقیر کے سلسلہ میں رجعت نہ ہوگی اور طریق دعوت اور شرائط
اسماء بھی معلوم کرے اور جب دعوت دے تو شرائط اسماء اور شرائط عملؔ کا ضرور
لحاظ رکھے بلکہ واجب و لازم جانے اس کے بعد اس راہ میں قدم رکھے اور چونکہ
آگے اعداد سے کام پڑے گا اس لئے پہلے ابجد کا حساب معلوم کرنا چاہیئے لہذا
ذیل میں لکھا جاتا ہے۔

حروف ابجد اور ان کے اعداد

| ا | ب | ج | د | ہ | و | ز | ح | ط | ی | ک | ل | م |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۲۰ | ۳۰ | ۴۰ |

| ن | س | ع | ف | ص | ق | ر | ش | ت | ث | خ | ذ | ض | ظ | غ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۰ | ۶۰ | ۷۰ | ۸۰ | ۹۰ | ۱۰۰ | ۲۰۰ | ۳۰۰ | ۴۰۰ | ۵۰۰ | ۶۰۰ | ۷۰۰ | ۸۰۰ | ۹۰۰ | ۱۰۰۰ |

واضح ہو کہ یہ
چار حرف خ ط س ش یہاں پر خارج ہیں۔ کیونکہ ان میں سے بارہ بارہ
خارج کرنے کے بعد کوئی عدد نہیں بچتا۔ پس عاملؔ کو چاہیئے کہ اپنے اسم کی خاصیت

لہ چنانچہ نصاب زکوٰۃ عشر قفل دور بذل ختم تکرار وغیرہ ۱۲۔ ؎ جس وقت شرائط اسماء شروع کرے تو نصاب کے بعد یَا وَکِیْلُ ۲۰ بار پڑھے اور زکوٰۃ کے بعد یَا مُجِیْبُ ۵۵ بار۔ اور عشر کے بعد یَا وَلِیُّ ۴۶ بار اور قفل کے بعد یَا فَتَّاحُ ۴۸۹ بار اور دور کے بعد یَا مُعْطِیُ ۱۲۹ بار اور بذل کے بعد یَا وَهَّابُ ۱۴ بار۔ اور ختم کے بعد یَا هَادِیُ ۲۰ بار پڑھے
ثمرات بے نہایت ظہور میں آئیں گی ۱۲۔ مندرج فائدہ اور ورد تمام ہونے کے بعد ایک بار چہل اسماء کو بھی پڑھے بلکہ
اگر بہ نیت خالصاً اللہ ہو تو قبلہ کی طرف منہ کرے اور جو کسی دنیوی امر کے واسطے ہے تو جنوب کو منہ کر کے پڑھے۔ اور
مزید عشق کے لئے جانب شمال اور بہ نیت تجرید و تفرید بجانب فوق ۱۲ منہ رح ؎ اکل حلال و صدق مقال وغیرہ ۱۲۔
؎ عامل کو چاہیئے کہ دعوت کے شروع میں موکلات دوازدہ بروج کو بھی اسم کے ساتھ ملا کر سات بار ضرور پڑھے
اور مدد طلب کرے۔ اور طرف کا خیال ضرور رکھے جیسا کر پیچھے فائدہ میں بیان ہو چکا ہے منہ رح بعض نسخ میں موکلوں
بقیہ اگلے صفحہ

بقیہ کا اسی میں ایک بہت بڑا اسرار ہے جس کے علاوہ ہر کسی کو خوف نہیں ہے الصمد کر کے موکلات پڑھے بلکہ

اور اسم اعظم سے غافل نہ ہو اور شمار ابجد کو دوازدہ بروج کے موافق کرکے اس طرح پر عامل ہو کہ تمام مقطعات اسم اعظم موافق حکم جمل جمع کرے اور اس کو بارہ پر تقسیم کرے جو عدد[1] باقی رہے دپہلے برج سے شمار کرکے اس برج کو معلوم کرے، وہی برج ان اسماء کا ہوگا اور جو اس برج کی تاثیر و خاصیت ہوگی وہی اس اسم کی ہوگی۔
اسی طریق سے اپنے نام کی بھی خاصیت نکالے اگر اسطور پر نہ کریگا تو جن دعوات میں کہ استخراج ہر دو اسم یا فقط اسمائے الٰہی مشروط ہے وہ دعوات پوری نہ ہوں گی اور تاثیر کم ہوگی۔

## خواص اسمائے بروج مع مؤکلات نقشۂ ذیل سے معلوم کرو

| آتشی | خاکی | بادی | آبی |
| --- | --- | --- | --- |
| حمل<br>اسرائیل | ثور<br>عورائیل | جوزا<br>سرائیل | سرطان<br>تہتائیل |
| اسد<br>سرائیل | سنبلہ<br>سکھیل | میزان<br>سرکیل | عقرب<br>صرصائیل |
| قوس<br>سطائیل | جدی<br>سمائیل | دلو<br>صحکیائیل | حوت<br>نفتائیل |

جب خاصیت اسم نقشۂ بروج سے دریافت کرے تو پھر کواکب پر نظر ڈالے اور معلوم کرے کہ کونسا کوکب کس برج میں ہے۔ اور اُس میں کیا تاثیر رکھتا ہے۔ سعد و نحس دیکھ کر عمل کرے۔

(بقیہ حاشیہ) کے نام یہ لکھے ہیں، سراخیل سراطیل سطائیل عمرائیل سمھاکیل صحکیائیل تہتائیل صرصائیل نفتائیل عزرائیل سکھیل سمکائیل ۱۲ منہ رحم۔ [1] مثلاً بعد طرح دوازدہ گانہ اگر ایک عدد باقی رہے تو حمل اور دو عدد ہیں تو ثور اور تین رہیں تو جوزا۔ وقس علیٰ ہذا ۱۲ مترجم عفی عنہ۔ [2] یہ بات تو آگے چل کر نقشہ سے معلوم ہوگی جسکو مترجم نے اگلے ورق پر لکھا ہے۔ کہ ہر ایک ستارہ یعنی کوکب ایک ایک دن سے متعلق ہے۔ اور ان کے کیا نام ہیں۔ اور کیا خواص رکھتے ہیں جس سے سعد و نحس کا حال بھی معلوم ہوتا ہے۔ یہاں صرف ہر ایک شب و روز کی خاصیت

بقیہ اگلے صفحہ پر

اور بارہ برجوں کی تقسیم ساتوں سیاروں پر اس طور پر ہے کہ ہر ایک سیارہ کے لئے دو دو خانے ہیں مگر شمس و قمر کے لئے ایک ایک خانہ ہے۔ جیسا کہ نقشہ ذیل سے ظاہر ہے۔

| زحل | | مشتری | | مریخ | | شمس | زہرہ | | عطارد | | قمر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جدی | دلو | قوس | حوت | حمل | عقرب | اسد | ثور | میزان | جوزا | سنبلہ | سرطان |

فائدہ نقشہ ذیل کو ملاحظہ کرے کہ کوکب کس برج میں کتنی مدت رہتا ہے جو اسم حسب برج و کوکب کے موافق ہو اس مدت تک اس اسم کی دعوت دے (نقشہ سیر الکواکب)

| خواص | اسمائے کوکب | دور تمام | سیر کواکب در ہر برج | رجعت |
|---|---|---|---|---|
| سعد بذات و نحس بنظر | شمس | یک سال | یک ماہ | - |
| با نظر روز اوّل سعد باقی نحس | قمر | بست و ہفت روز | یک پاؤ کم روز | - |
| نحس اکبر | زحل | سی شش سال | دو نیم سال | چہار نیم ماہ |
| سعد اکبر | مشتری | سیزدہ سال | یک سال و یکماہ | چہار ماہ |
| نحس اصغر | مریخ | یک سال و شش ماہ | چہل و نہ روز | ہفتاد روز |
| سعد اصغر | زہرہ | دو سال و دو ماہ و دو روز | بست و سہ روز | چہل و دو روز |
| بین بین | عطارد | شش ماہ و ست ایام کم یک سال | ہفتہ روز | بست و دو روز |

پس اگر سالک یہ چاہے کہ دعوت بہت حاصل ہو تو اس کو لازم ہے کہ

اپنے حاشیہ۔ جو باہم گر موافقت رکھتی ہے لکھی جاتی ہے۔ مثلاً روز یکشنبہ اور شب پنجشنبہ کی ایک خاصیت ہے اول ساعت نیم چاشت نزدیک استوا نماز ظہر میان دو نماز نماز عصر آخر روز۔ روز دوشنبہ اور شب جمعہ کی ایک خاصیت ہے۔ اول ساعت نیم چاشت نزدیک استوا نماز ظہر میان دو نماز نماز عصر آخر روز۔ روز سہ شنبہ اور شب اول ہفتہ کی ایک خاصیت ہے۔ اول ساعت نیم چاشت نزدیک استوا نماز پیشین درمیان دو نماز نماز عصر آخر روز روز چہار شنبہ اور شب یکشنبہ کی ایک خاصیت ہے بطریق مذکور روز پنجشنبہ اور شب دوشنبہ کی بھی بطریق مذکور ایک ہی خاصیت ہے ۱۲۔

ملہ اس وجہ سے کہ نیرین یعنی شمس قمر دونوں بادشاہ ہیں اور باقی سیارے ان کے تابع ہیں۔ ۱۲ منہ رحمہ عامل جب اسم کو موافق کوکب کے کرے تو چاہئے کہ دعوت کے بعد ساتوں سیاروں کے موکلوں کو بھی اسم کے ساتھ ذکر سات بار پڑھے اور ان سے مدد طلب کرے اور اپنے حجرہ کو سات پر تقسیم کرے سات حصے تصور کرے اور ہر قسمت شدہ حصہ کو ایک اقلیم تصور کرے بقیہ اگلے صفحہ پر

پہلے کوکب اپنے نام اور اسمائے کے موافق استخراج کرے اور بخورات بھی اسی کوکب کے موافق مہیا کرے تاکہ اجابت دعوت کا ثمرہ پائے۔ اور یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ اٹھائیس حروف سات سیاروں پر منقسم ہیں اور ہر سیارہ چار حرف سے علاقہ رکھتا ہے۔ جس کی صورت نقشہ ذیل سے ظاہر ہے۔

| ابجد | موافق | زحل | ا ب ج د |
|---|---|---|---|
| ھوزح | موافق | مشتری | ھ و ز ح |
| طیکل | موافق | مریخ | ط ی ک ل |
| منسع | موافق | شمس | م ن س ع |
| فصقر | موافق | زہرہ | ف ص ق ر |
| شتثخ | موافق | عطارد | ش ت ث خ |
| ذضظغ | موافق | قمر | ذ ض ظ غ |

اور ہر کوکب کے بخور علیحدہ علیحدہ بتفصیل ذیل اس طور پر ہیں۔

| زحل | مشتری | مریخ | شمس | زہرہ | عطارد | قمر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عود و لوبان | عود و مشک | عود و گگل | عود و چینی | عود و صندل سفید | عود و صندل سرخ | عود و کافور |

مترجم کہتا ہے کہ یہ سب بیان شیخ علیہ الرحمۃ نے علیحدہ علیحدہ تحریر فرما دیئے تاکہ سالک ان سب باتوں کو اپنے ذہن میں جما لے اور فوائد سے واقفیت حاصل کرے مگر مجھ کو یہاں پر ایک ایسے مفصل اور جامع نقشہ کی ضرورت پائی گئی کہ جس

بقیہ حاشیہ۔ اور ہر قسمت شدہ حصہ کو ایک اقلیم تصور کرے۔ مثلاً پہلی اقلیم متعلق ہے زحل سے اور دوسری مشتری سے اور تیسری مریخ سے اور چوتھی شمس سے اور پانچویں زہرہ سے چھٹی عطارد سے ساتویں قمر سے پس ستارہ موافق اسم کے نکال کر سپاہ وہ جنگ کوکب تیار کرکے اسی اقلیم میں بیٹھے اور دعوت شروع کرے اگر اسم جمالی ہے تو اقلیم زحل اور مریخ میں پڑھے اور اگر جلالی ہے تو اقلیم مشتری اور زہرہ میں علاوہ اگر مشترک ہے تو اقلیم عطارد میں کرے جو حسب دین ہو پڑھے اور اگر تسخیر کے لیے پڑھنا چاہے تو اقلیم شمس یا قمر میں بیٹھ کر پڑھے اور یہ کو مشرق مغرب کی جانب طول ہے اور جانب جنوب کے اسکی قسمت شروع کرے اور حاجت کے موافق عمل کرے بزرگوں کے نام یہ ہیں۔

اتماقائیل مجدلدیعیائیل کلیمتا اشمون اسکی تعویل ۱۲ منہ رحمہ۔ (بعض دو نسخوں میں بجائے مشک کے شکر ہے)۔

کے دیکھنے سے ہر شخص حروف کواکب اور الوان ایام اور خواص اور بخور وغیرہ کو بہت آسان طور سے یکجائی معلوم کر سکے اور شیخ علیہ الرحمۃ کے مطالب کا خلاصہ بھی ذکر جو حاشیہ پر بطور منہیہ کے لکھے ہوئے ہیں اس نقشہ میں آجائے۔ لہذا درج ذیل کیا جاتا ہے:۔

## نقشہ جامع آسامی ایام کواکب و خواص و الوان و بخور وغیرہ

| ایام کواکب | آسامی کواکب | خواص | ذات: آتشی | ذات: بادی | ذات: آبی | ذات: خاکی | بخورات | الوان کواکب |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شنبہ | زحل | نحس ظلم اکبر | ا | ب | ج | د | عود و لوبان | سیاہ |
| پنجشنبہ | مشتری | سعد اکبر | ہ | و | ز | ح | عود و شکر | صندلی |
| سہ شنبہ | مریخ | نحس فی الظلم | ط | ی | ک | ل | عود و ملاگیر | سرخ |
| یکشنبہ | شمس | سعد اکبر | م | ن | س | ع | عود و دارچینی | زرد |
| جمعہ | زہرہ | سعد اصغر | ف | ص | ق | ر | عود و صندل سفید | سفید |
| چہارشنبہ | عطارد | سعد اصغر | ش | ت | ث | خ | عود و صندل سرخ | فیروزہ گون |
| دوشنبہ | قمر | سعد اصغر | ذ | ض | ظ | غ | عود و کافور | سبز |

جب کہ سالک اس اسم کو اس کوکب کے موافق کر چکا اور اس کے سب مراتب مسطورہ بالا سے واقف ہو چکا تو اس کو چاہیئے کہ اسی کوکب کے روز یا اس کی ساعت میں دعوت شروع کرے۔ اور تسخیر کے لئے تو جب تک وہ کوکب اس برج میں ہو جب تک دعوت دے اور جب نکل جائے تو ترک کر دے، بعض دعوت چند روز بعض چند ماہ بعض چند سال تک دیجاتی ہے جب اس طور پر دعوت مرتب ہو گی تو جو کچھ تحت تصرف اس اسم و کوکب کے ہو گا وہ تمام عامل کے تحت و تصرف میں

سے اور یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ اگر صاحب دعوت اسمائے رب العالمین سے کسی کی دعوت دے کا اجر (بقیہ اگلے صفحہ پر)

آجائے گا۔

شرائط متعلق خواندنی اسم | اس جگہ پر یہ بیان بطریق اجمال لکھا گیا ہے انشاءاللہ تعالیٰ ہر فصل میں حسب موقع تفصیل کے ساتھ بیان ہوگا۔ پس جب یہ شرائط مذکورہ بالا شرائط اسم کے ساتھ موافق کرے تو بعض شرائط جو متعلق خواندنی اسم ہیں اس سے بھی اس کو مکمل کرے۔ جیسا کہ نصابؔ زکوٰۃ۔ عشر قفل۔ دور مدور۔ بذل۔ ختم۔ بتکرار توہم۔ ہر اسم کو انہیں شرائط کے ساتھ پڑھے احیاناً اگر کوئی امر نامشروع واقع ہو جائے تو اس سے جلد تائب ہو تا کہ اس اسم کا تصرف بحال رہے اور اگر ایک دو شرائط ان میں سے ترک ہوں گے تو ضرور ہے کہ عمل از سر نو شروع کیا جائے ہر عمل کی تعریف ہر فصل کے تحت میں لکھی جائے گی۔ اور سب سے زیادہ ضروری یہ بات بھی ہے کہ ایام دعوت میں تعین روز اس وقت کا از حد پابند ہو اور وقت

---

بقیہ حاشیہ، دعوت کبیر یا صغیر یا کلیات جزئیات سے مرتب کرے گا تو اور اسماء اور آیات قرآنی اور عزیمتیں اور ہندی افسون وغیرہ کہ جن کا ہر حرف اس اسم کے ہر حرف کے موافق و مطابق ہوگا۔ وہ بھی صاحب دعوت کے تحت و تصرف میں آجائیں گے ان کی شرائط ادا نہ کرنی پڑیں گی۔ صرف ان کی دعوت سے کاربراری ہو جاوے گی ۱۲ شرح بونی رحمۃ اللہ علیہ۔

[1] جاننا چاہیئے کہ جب مرشد حکم الٰہی کے موافق مرید کو خزانۂ اسرار الٰہی میں سے نقد اجازت عطا فرماتا ہے تو اس کی مداومت کی وجہ سے وجود طالب میں اسرار آتی متمکن ہو جاتے ہیں اور صاحب نصاب ہو جاتا ہے۔ کیونکہ جب طالب مرشد کے حکم سے قواعد موجودہ کے موافق اسم معہود کو پڑھتا ہے۔ تو بالفعل اس کا حاکم ہو جاتا ہے۔ مگر ہمیشہ کے لیے اس پر مطمئن نہیں رہ سکتا۔ پس بقائے تصرف کے لئے اس پر زکوٰۃ دینا ضروری ہوتا ہے۔ جب زکوٰۃ سے فارغ ہو تو اس کے شکرانہ میں بہ نیت عشر پڑھے تاکہ ہمیشہ کے لیے تصرف قائم ہو اس کے بعد قفل کی نیت سے پڑھے تاکہ اجازت کے دروازے طالب پر کھل جائیں کیونکہ یہ باری تعالیٰ کے خزانہائے ثواب و تاثیرات کی کنجی ہے پھر بہ نیت دور مدور نے بلاحظہ صفات جلالی پڑھے تاکہ صفات کے ساتھ متصف اور صاحب تصرف کامل ہو اس وقت میں چاہیئے کہ تخلقوا باخلاق اللہ پر عمل اور ترحم و سخاوت اختیار کرے اور اپنے عمل کا ثواب مرشد کو بخشے جس کو اصطلاح عاملین میں بذل کہتے ہیں اس کے بعد بہ نیت ختم پڑھے، جس کے معنی مہر لگانے کے ہیں تاکہ بعد بجا آوری شرائط تمام تاثیرات اور قواعد عامل کے لیے محفوظ و مصئون ہوں۔

اور عامل اظہار اسرار سے باز رہے اور حیاناً فیوضاً اس کے مراتب ترقی پذیر ہوتے ہیں۔

کو ہاتھ سے نہ جانے دے اور اسمیں ایک اسرار ہے جس کو مشائخین کاملین یوں ظاہر فرماتے ہیں کہ جسوقت سالک دعوت شروع کرتا ہے تمامی مسخرات ہرروز بلاناغہ وقت معین پر حاضر ہوتے ہیں اور صاحب دعوت کے ہزار بار پڑھنے تک دائم الحال بمعتاد خود حاضر رہتے ہیں اور چلے جاتے ہیں۔ جب وقت معینہ میں فرق آیا تو آنے جانے میں ان کو تکلیف ہوئی اور وہ اس کے عادی نہیں اس وجہ سے دعوت ناتمام رہتی ہے۔ اور وہ قبول نہیں کرتے۔ اس میں ذرا سا بھی شبہ نہ سمجھے کہ عامل کو ایسی حرکات سے ضرور تشویش پہنچتی ہے۔

جب دعوت مرتب ہو تو عدد موافق دوازدہ بروج یا موافق سبع سیارہ * یا سات سات یا آٹھ آٹھ یا چار چار طرح دے کر عدد باقی ماندہ کو حسب قاعدہ احاد یا عشرات یا مآت یا الوف ہمیشہ بوقت معین پڑھا کرے۔

شرائط عمل | اور عمل کی یہ شرطیں ہیں اکل[1] حلال۔ صدق مقال۔ کم کھانا۔ کم بولنا کم سونا۔ نیت[2] درست رکھنا۔ صدق دل سے پڑھنا۔ مرشد کو ماننا۔ حق کی طرف[3] دل لگانا یعنی حضوری دل سے پڑھنا، روزہ[4] بلا انفصال[5] رکھنا۔ خلقت[6] سے تنہائی اختیار کرنا۔ گوشہ گزین[7] ہونا۔ کپڑا[8] جگہ۔ بدن[9] پاک رکھنا۔ مرشد سے اجازت[10] لینا۔ انشراح[11] خاطر رکھنا۔ نفس پر شدت[12] اور تنبیہ کرنا۔ بے طلب[13] جانوروں کا رہا کرانا حجرہ تنگ[14] و تاریک مصفا رکھنا۔ بات کرنا کھانا پینا۔ اسکے لئے ایک[15] خادم مقرر کرنا۔ گوشت کی بو سے آنکھ ناک کو بچانا۔ دل کو حسد[16] و کبر سے صاف رکھنا۔ ترک کرنا حیوانات جلالی جمالی مکروہات محرمات احرامی کا حسب تفصیل ذیل ہے۔

---

[1] عامل کو چاہیئے کہ تمام کھانے کی چیزیں اور ضروری اشیاء سب وجہ حلال سے پیدا کرے۔ [2] اور کسب کرکے انکو حاصل کرے اور نجاست فروشی کو کسی سے قرض حسنہ اور جو روغن کنجد وغیرہ استعمال کرے تو اسمیں بھی احتیاط کرے اور کرم خوردہ کو نکال کر ڈالے اور روغن کش لو خوب صاف کرے اور چمڑے کے برتن میں نہ رکھے اور کھانا اپنے وغیرہ اقسام گوبر سے نہ پکوائے بلکہ لکڑیوں کا استعمال کرے اور گھی کھائی ہوئی کسی سے پکائے۔ [3] حضرت شیخ علاؤ الدین پیر دستگیر فرماتے ہیں مگر درمیان صوم بلا انفصال یوم عید واقع ہو تو چاہیئے کہ اسمیں روزہ نہ رکھے کیونکہ اس دن روزہ رکھنا منع ہے لیکن اور سب شرائط کو مری رکھنا اسکا عمل باقی رہنے سے ... قرنا کی کوئی اصل نہیں

محمد حسین عفی عنہ

* یا موافق عناصر اربعہ و طبائع یا بجمل اسم نکال کر بارہ بارہ *

**جلالی** - مثل گوشت - ماہی - بیضہ - شہد - مشک - چونہ صدف - استعمال آب شک اور اسی قبیل سے جو اور شئے ہو مثل ڈول یا جلد کتاب یا کفش یا موزہ یا کمبل یا پشمینہ یا دستہ چاقو وغیرہ جو استخوان سے بنا ہو یا جماع وغیرہ -

**جمالی** - دودھ دھی - سرکہ - نمک علی[1] (یعنی سانبھر وغیرہ) خرما وغیرہ اور قبلہ اور وغیرہ (یعنی بوس وکنار مساس جو مبادی جماع ہیں) -

**مکروہات** - لہسن پیاز - گندنا - حلتیت (ہینگ) وغیرہ -

**محرمات احرامی** - بناؤ سنگھار کرنا - لباس فاخرہ پہننا - فصد یا حجامت سے خون نکلوانا - سلا ہوا کپڑا پہننا اگر ایک بھی شرط ان میں سے فوت ہو گی اور شرائط مذکورہ بالا کے موافق عمل نہ کرے گا تو بے شک خطر عظیم واقع ہو گا - بلکہ جان کے لالے پڑ جائیں گے اس امر میں سب درویشوں کا اتفاق ہے - مترجم کہتا ہے کہ شیخ علیہ الرحمۃ نے حاشیہ پر بلفظ تنبیہ یہ لکھا ہے کہ "اگر ایک بھی شرط شرائط جلالی سے اثنائے دعوت میں فوت ہو گی تو جان لے کہ خیر نہیں کوئی عمل بغیر اجازت مرشد ذکر سے بلکہ اس کے بے حضور بھی نہ کرے - اور تسخیرات کے لیے تو سبھی شرائط کے ترک میں جان کا خطرہ تو نہیں ہے لیکن اجابت دعوت میں تاخیر ضرور ہو گی مگر شرائط باطل نہ ہوں گی" انتہی - ایسی حالت میں داعی کو لازم ہے کہ اس کے دفعیہ کے لئے عمل رد رجعت میں مشغول ہو اور اپنے مرشد کی طرف توجہ کرے اگر اپنے میں حالت نہ ہو تو دوسرے کو اس کے دفعیہ کے لیے مقرر کرے اور اگر نعوذ باللہ درمیان دعوت کے کوئی مرض لاحق ہو اور اس سے سخت عاجز ہو تو محض تصور ہی کر لیا کرے اگر اس سے بھی عاجز ہو کسی آدمی کو مقرر کرے کہ وہ ورد پڑھ کر سنایا کرے صحت کے بعد اس کو پورا کرے اور یہ بھی واضح رہے کہ وقت دعوت اسم جلالی اسم جمالی اور وقت دعوت اسم جمالی اسم جلالی نہ پڑھے اگر مشترک اسم ہو تو مضائقہ نہیں مگر اس کے لیے بھی شرائط جمالی و جلالی دونوں کا لحاظ رکھے اگر دعوت اسم جلالی کے وقت ضرورت اسم جمالی کی ہو تو اس کا

---

[1] نمک لاہوری کا استعمال رکھے ۱۲ - منہ پسو چیچڑ کھٹمل جوں وغیرہ مارنا بال کتروانا یہ سب محرمات احرامی میں داخل ہیں ۱۲ -

یہ طریق ہے کہ وہی اسم جلالی پڑھے مگر بجائے ہر کلمہ اسم جلالی۔ اسم جمالی قراءت کرے اور جو جمالی کے وقت جلالی کی ضرورت آپڑے تو اس کے برعکس کرے لیکن ان دونوں حالتوں میں اپنے قدیم ورد کو خواہ جلالی یا جمالی ہو ترک نہ کرے۔ اسم جلالی کو روز سہ شنبہ اور مشترک کو روز چہارشنبہ اور جمالی کو روز پنجشنبہ سے شروع کرے اور جس ساعت میں اوّل روز شروع کیا ہے اسی ساعت میں ہر روز شروع کرے مثلاً پہلے روز عامل نے شمس میں عمل شروع کیا ہے تو اور روز بھی اسی ساعت میں شروع کرے ف حضرت مسیح الاولیاء پیر دستگیر فرماتے ہیں کہ اگر کسی کو مطلب جمالی میں ایام نزول ماہ (کہ یہ اسکے لیے سخت مخالف ہیں) واقع ہوں تو چاہیئے کہ اپنے مطلب کے موافقات کے دفعیہ کے لیے نیت کر کے پڑھے کہ اس سے بھی وہی مطلب حاصل ہوتا ہے اور مدعا جلد بر آتا ہے لیکن تعیین قراءۃ میں فرق نہ ڈالے اور یہ قید دعوت میں ہے نہ شرائط میں اگر اثنائے شرائط میں ایک روز پانچ ہزار بار اور دوسرے روز چھ ہزار بار پڑھے تو کچھ خوف نہیں ہاں دعوت سریع الاجابت اور دعوت حاجت میں قراءۃ عدد معینہ سے ہرگز تجاوز نہ کرے کہ اس میں خوف ہے۔ ف حضرت مسیح الاولیاء قدس سرہ واوصل علینا فتوحہ فرماتے ہیں کہ اگر قراءۃ دعوت روزمرہ کی تعداد اس قدر ہو کہ دو زکے روز تمام نہ کر سکے تو اس کی سہل ترکیب یہ ہے کہ دو پاس آخر شب اور دو پاس اوّل شب ہر روز قراءۃ روزمرہ میں داخل کرے اور ورد معینہ کو اس آٹھ پہر میں پورا کرے دعوت سے پہلے تین روزے رکھے اگر اسم جلالی ہو تو دوشنبہ اور جمالی ہو تو شنبہ اور مشترک ہو تو یکشنبہ سے روزہ رکھے جب چوتھی رات آئے تو کھانا نہ کھائے اور وضو کر کے گوشہ میں بیٹھے اور استغفار پڑھنا شروع کرے پھر وہیں آرام کرے پچھلی رات کو اٹھے وضو کر کے دوگانہ تحیۃ الوضوء ادا کرے اس کے بعد دوگانہ بہ نیت کشف الارواح پڑھے جس کی نیت یہ ہے نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی رَکْعَتَیْ صَلٰوۃِ کَشْفِ الْاَرْوَاحِ مُتَوَجِّھًا اِلٰی جِھَۃِ الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ فاتحہ کے بعد ہر رکعت میں وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰٓی اَمْرِہٖ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ پڑھے اور سلام کے بعد ہزار بار یہ دعائے ملکیہ پڑھے

اِذَا دَعَانِ اور عین اس دعا کی مشغولی میں اپنے باطن پر توجہ کرے اللہ کی عنایت سے ارواح منوار ہونگی پھر چوتھے روز طلوع آفتاب کے وقت غسل پاک کرے اور دوگانہ تحیۃ الوضو ادا کرے پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد سات بار یہ آیت پڑھے شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًاۢ بِالْقِسْطِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ یا کلمہ شہادت اور دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْۤ اَسْتَجِبْ لَكُمْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ یا کلمہ تمجید پڑھے اور سلام کے بعد ستر بار یہ آیت پڑھے وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ۝ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ پھر خدا تعالیٰ سے اپنی مراد مانگے اس کے بعد ارواح مطہرات حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام انبیائے عظام و عشرہ مبشرہ اور جمیع اصحاب کرام و شہدائے نامدار و مشائخ کبار کو ایک ایک دوگانہ علیحدہ علیحدہ اور پیران ظاہر و باطن کی ارواح طیبات کو اکتالیس بار سورہ فاتحہ پڑھ کر ثواب پہنچائے۔ پھر اذا زلزلت الارض دو بار اور سورہ اخلاص تین بار اور سورہ فاتحہ پانچ بار مخصوص بہ ثواب ارواح پیران سہروردیہ اور دوگانہ بارواح قطب ربانی محبوب سبحانی حضرت غوث الثقلین سید شاہ عبدالقادر جیلانی قدس اللہ سرہ العزیز ادا کرے اور فاتحہ پڑھ کر بتوجہ تمام متوجہ ہو کر مدد طلب کرے۔ پھر ایک دوگانہ مخصوص بارواح حضرت سلطان الموحدین شیخ ظہور حاجی حضور ادا کرے بعدہٗ فاتحہ پڑھے

[1] غسل پاک سے یہ مراد ہے کہ بے جنابت ہو یعنی ناپاک نہ ہو۔ اگر جنبی ہو یا شبہ ہو تو پہلے غسل جنابت کرے پھر غسل پاک کر جو بہ نیت دعوت ہے کرے غسل پاک کے بعد سات بار ہتھیلی پر پانی لے اور ہر دفعہ سات بار سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کرے اور اپنے سر پر ڈالے تاکہ حسد دعوت اور مانع رجعت ہو اور شرائط یا دعوت کیلئے بھی جب غسل کرے تو اسی طریق کو عمل میں لائے جب غسل کے بعد کسی سے بات چیت نہ کرے کم سے کم ہزار بار جب تک نہ پڑھے اور ہر شرط کے شروع میں نصاب سے لیکر ختم تک ان سات شرائطوں میں غسل اور دوگانہ لازم کرے۔ اگر غسل کے بعد کا وضو ٹوٹ گیا ہو تو اگر ٹوٹا ہو تو اسی وضو سے کئی شرطیں ادا ہو سکتی ہیں۔ پھر غسل اور دوگانہ کی ضرورت نہیں۔ مگر ایک شرط کی قرأۃ کو جب تک پورا نہ کرے دوسری شرط کی قرأۃ شروع نہ کرے ۱۲۔

اور ننانوے ۹۹ باریا ظہور الحق کہے اور مدد طلب کرے (مترجم کہتا ہے کہ ایک نسخے کے حاشیہ پر اتنا اور زیادہ لکھا ہوا ہے کہ ایک دوگانہ بروح غوث الاسلام والمسلمین، حضرت شیخ محمد غوث اور ایک دوگانہ بروح سلطان المتقین حضرت شیخ عیسےٰ عند اللہ اور ایک دوگانہ بروح قطب الموحدین حضرت شیخ برہان الدین محمد راز الٰہی ادا کرے، لیکن اتنا نہ ہو سکے تو حضرت شیخ مؤلف کتاب کی روح کو تو ضرور ہی دوگانہ و فاتحہ پڑھ کر ثواب پہنچائے اس سے یہ مراد نہیں کہ دوگانہ ہائے مسطورہ بالا کو ترک کر دے" پھر ایک دوگانہ بہ نیت سلامتی مرشد ادا کرے اگر مرشد بہ حق زندہ ہو ورنہ اُن کی روح پاک کو ثواب پہنچائے۔ پھر ایک دوگانہ بہ نیت محبۃ اللہ ادا کرے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص اکیس بار پڑھے پھر حضور دل کیساتھ جناب الٰہی میں متوجہ ہو اور ستر بار درود پڑھے۔ اور پھر سجدہ میں جائے اور عرض حاجات کرے۔ پھر ننانوے ۹۹ بار اسم اور ستر بار درود پڑھے۔ پھر دعوت اسم شروع کرے جس مقدار سے پڑھنا شروع کیا ہے اتمام دعوت تک شب و روز پڑھے اور مصلے سے اٹھتے بیٹھتے ہر روز ہر وقت دعائے اجابت پڑھتا رہے اور وہ یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلٰی اَقْفَالَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا وَاسْتَجِبْ دُعَائِیْ بِغَیْرِہٖ بِحَقِّ یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَیَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَیَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ وَیَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ وَیَا مُفَرِّجَ الْمُذْنِبِیْنَ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ یَا رَبِّیْ فَوَّضْتُ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْکَ یَا رَزَّاقُ یَا فَتَّاحُ یَا بَاسِطُ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ بعد اتمام شرائط و اختتام دعوت کچھ نان اور شیرینی فقرا کو تقسیم کرے اور ان سے دعا کی استمداد کرے اور اسم کے ہر حرف کے بدلے دو دو جانور جو بے طلب خریدے گئے ہوں رہا کرے یہ شرائط دعوت میں جو لکھی گئیں آگے بھی انشاء اللہ تعالیٰ حسب موقع ہر فصل میں مجمل یا مفصل لکھی جائیں گی (چونکہ شیخ علیہ الرحمۃ کو ہر دعوت کا طریق علیحدہ علیحدہ لکھنا منظور ہے اس واسطے ان کو پندرہ فصلوں پر منقسم کیا ہے جن کی فہرست ذیل میں درج کی جاتی ہے وہو ہذا۔)

پہلی فصل۔ حروف تہجی کی دعوت اور طریق استخراج موکل ہر حرف اور ان ناموں کے بیان میں۔
دوسری فصل۔ مقطعات کی دعوت کے بیان میں۔
تیسری فصل۔ دعوت حرفی کے بیان میں۔
چوتھی فصل۔ دعوت لفظی کے بیان میں۔
پانچویں فصل۔ دعوت کلیات وجزئیات کے بیان میں۔
چھٹی فصل۔ دعوت سیف الآدم کے بیان میں۔
ساتویں فصل۔ دعوت صراط مستقیم کے بیان میں۔
آٹھویں فصل۔ دعوت حق کے بیان میں۔
نویں فصل۔ دعوت ادلسیہ کے بیان میں۔
دسویں فصل۔ دعوت مجموعہ اور خمسیہ کے بیان میں۔
گیارھویں فصل۔ دعوت کبیرہ کے بیان میں۔
بارھویں فصل۔ دعوت صغیرہ کے بیان میں۔
تیرھویں فصل۔ دعوت دعائے سیفی وعزرائیلی ودعائے کبیرہ وبشمخ وقرشیہ وعظائم واسماء الحسنے واسمائے جبروتی کے بیان میں۔
چودھویں فصل۔ ردّ دعوت اور سحر کے بیان میں۔
پندرھویں فصل۔ اربعین اور اس کے طریقوں کے بیان میں۔

## پہلی فصل حروف تہجی کی دعوت اور طریق استخراج موکل ہر حرف اور ان کے ناموں کے بیان میں

جاننا چاہیئے کہ حروف تہجی کی دعوت عاملان کامگار اور مقربان نامدار نے بر سبیل حاجت اس سند کے ساتھ مقرر فرمائی ہے کہ اول نیت کو ملاحظہ کرے اور اس ملک کی زبان میں عامل کی نیت کا سرحرف[1] معلوم کرے اور اس کی ترکیب یہ ہے

[1] اس کا حاشیہ اگلے صفحہ پر۔

کہ پہلے چار ضلع قائم کرے اور ہر ضلع میں سات سات خانے بنائے اور ہر خانے میں ایک ایک حرف لکھے تو سات چوک اٹھائیس خانوں میں اٹھائیس حرف لکھے گئے یہ چار ضلعے چار خصلتوں سے ممتاز ہیں اور دوازدہ بروج انھیں چار خصائل سے نسبت رکھتے ہیں اور وہ خصائل یہ ہیں:۔ آتشی۔ بادی۔ آبی۔ خاکی (پوری کیفیت نقشۂ ذیل سے معلوم کرو جیساکہ مترجم نے شیخ علیہ الرحمۃ کے مختلف حاشیوں سے منتخب کر کے لکھا ہے۔ اور وہ یہ ہے۔

| ستارے | خصائل | | | | ہفت صفات | تعلقات حروف |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | مرفوع آتشی | منصوب بادی | مجرور آبی | مجزوم خاکی | الٰہیہ | باعضاء |
| زحل | ا | ب | ج | د | حیات | سر |
| مشتری | ہ | و | ز | ح | علم | دست راست |
| مریخ | ط | ی | ک | ل | قدرت | دست چپ |
| شمس | م | ن | س | ع | بصر | پشت |
| زہرہ | ف | ص | ق | ر | سمع | شکم |
| عطارد | ش | ت | ث | خ | کلام | ران راست |
| قمر | ذ | ض | ظ | غ | ارادت | ران چپ |
| اسمائے بروج | حمل اسد قوس | جوزا میزان دلو | سرطان عقرب حوت | سنبلہ ثور جدی | | |

پس حرف نیت کو دیکھے کہ کس ضلع میں ہے وہی حرف لے اور اس کے برج کے موافق دعوت دے۔ اور یہ بھی معلوم رہے کہ ایک ایک حرف کی دعوت کے تین تین درجے عاملان کامگار نے مقرر فرمائے ہیں اوّل مرکز دوم بنیان

ہ ٹیڑ سفر نسب) سلہ یعنی نیت میں بزبان عربی لفظ محبت کا لیا تو سر حرف اس کا میم ہے۔ اور عجمی زبان میں لفظ دوستی آیا تو سر حرف ا کا دال ہوا۔ وقس علی ہذا۔ ۱۲ مترجم عفی عنہ۔

سوئم مدار جب ان میں سے پہلے درجہ کی دعوت دے اور اس میں تاخیر واقع ہو تو اسی طرح تینوں درجے طے کرے انشاء اللہ تعالیٰ تیسری بار ضرور کامیاب ہوگا۔

اور یہ بھی واضح رہے کہ ہر حرف بذاتہ مرکز ہے اور مدار اس کا ظہور اور کل حروف کا مرکز الف اور الف تمام حرفوں کا قطب ہے۔ اور قطب ہے اسمائے الٰہی اور ممکنات کا کیونکہ ارقام الف اور قطب کے برابر ہیں جب سالک الف کی حقیقت سے متصف ہوتا ہے تو قطب عالم ہو جاتا ہے اور کل حروف تہجی بنیان ہیں اسمائے ذاتی اور صفات ذاتی اور افعالی کے۔

**طریق دعوت حروف تہجی باعتبار مرکز** | اب طریق دعوت باعتبار مرکز حروف معلوم کرے اور وہ یہ ہے کہ اسمائے حروف بسیط کو موکل مرکب اور بسیط کے ساتھ ملا کر دعوت دے۔

**طریق دعوت حروف تہجی باعتبار بنیان** | اور جب یہ چاہے کہ دعوت حروف تہجی باعتبار بنیان ہو تو ان حرفوں سے اسماء حسنیٰ نکالے لیکن ایک یا تین یا پانچ سے زیادہ نہ ہوں۔ پس اگر موافق حرف کے اسم پیدا نہ ہوں تو موافق ارقام حرف ملاحظہ کرے جو برابر ہوں اس کو لے جیسا کہ الف اور کافی کے عدد برابر ہیں۔ [یعنی اعداد ۱۲]

**طریق دعوت حروف تہجی باعتبار مدار** | اب طریق دعوت حروف باعتبار مدار معلوم کرنا چاہیئے اور وہ یہ ہے کہ اعداد حرف [1] ملفوظی الف اور بے کا ملاحظہ کرے۔ جب

---

[1] مثلاً اگر سر حرف نیت کا الف آیا تو اعداد ملفوظی الف کے ایکسو گیارہ ہوئے۔ جب اٹھائیس طرح کئے تو ستائیس باقی رہے اب نقشہ مسطورۃ الصدر میں حرف گننے شروع کیے کہ ستائیسواں حرف کونسا ہے۔ معلوم ہوا کہ ظا ہے پس یہی حرف الف کا مدار ٹھیرا۔ پس اسمائے الٰہی میں ایسا نام دیکھنا چاہیئے کہ جس کا سر حرف ظا ہو معلوم ہوا کہ یا ظَاهِرُ ہے اب موکل استخراج کیا تو ذ ق ص ی معزج ہوا۔ جس کو وقت عمل پڑھنا چاہیئے۔ کیونکہ ان چار حرفوں کے عدد اور ظا کے عدد برابر ہیں۔ پھر ان کے آگے آئیل منضم کر دیا گیا۔ (یہ قاعدہ آگے چل کر نقشہ استخراج موکلات سے ظاہر ہوگا۔) اب یہ ترتیب نکل آئی کہ یا ظَاهِرُ یَا ذُقْصَائِیْلُ اسی طریق سے ہر اسم کے موکل نکل آتے ہیں۔ ۱۲ مترجم عفی عنہ۔

اٹھائیس سے زیادہ پائے تو اٹھائیس طرح کرتا جائے جو عدد باقی رہے اس کو سر سے یعنی ابجد سے شمار کرنا شروع کرے۔ جب اس عدد کے موافق اس حرف پر پہنچے پس اس حرف کو اس حرف کا مدار سمجھے۔

اگر اٹھائیس[1] سے کم ہو تو بطریق مذکور ابجد سے شمار کرے جو حرف نکلے اسی کو اس کا مدار قرار دے۔ اور ارقام حروف غیر تلفظ سے (جیسا کہ ادب) مؤکل استخراج کرے اور کلمۂ ائیل اس کے آخر میں بموجب حروف اس کے اعراب کے (جیسا کہ آگے قاعدہ بیان ہوگا) آخر میں منضم کرے اور سر اسم کے موافق ہی اسم الٰہی حاصل کرے پھر وہ اسم موکل کے ساتھ ملائے اور موافق عدد موکل اور اسم کے شمار کرکے دعوت شروع کر دے۔ اور ہر درجہ میں اسی طرح عدد موکل اور اسم کا لحاظ رکھے۔ اگر کامیابی میں تاخیر ہو تو تینوں[2] درجوں کو ایک جگہ جمع کرکے تین چلوں تک پیوستہ پڑھے اور ہر چلہ کے درمیان میں فاصلہ نہ کرے۔ اور وقت کو نگاہ رکھے۔ البتہ بفرمان الٰہی قبولیت ہوگی۔

اب یہاں پر طریق دریافت کرنے مؤکلات حروف تہجی اور ان کے اعراب کا بیان کیا جاتا ہے۔

جاننا چاہیئے کہ مفرد ایک حرف کو کہتے اور مرکب دو حرف کو اوّل حرف متحرک ہوتا ہے۔ اور دوسرا ساکن اور آخر میں کلمہ ائیل کہ جو ایک اسمائے الٰہی سے ہے شامل کیا جاتا ہے اور ہمزہ ائیل اسم کے آخر میں بکسر ہمزہ آتا ہے اگر الف کے بعد یا تین حرفوں کے بعد واقع ہوتا ہے تو ثابت رہتا ہے ورنہ محذوف ہو جاتا ہے۔ طریق مؤکلات ترکیبی یہ ہے۔

---

[1] جن حرفوں کے اعداد اٹھائیس سے کم ہیں وہ سات ہیں بے جے زے طے واو ہے یے کہ ان میں ہر طرح ممکن نہیں ہے پس ایسے حرفوں میں سے جو حرف آئے اس کے اعداد شمار کرے موافق دو جل جس جگہ عدد تمام ہو وہی حرف لے

[2] شیخ علیہ الرحمۃ حاشیہ پر فرماتے ہیں کہ اگر ان چلوں میں مقصود حاصل نہ ہو تو پھر چوتھے چلے میں ان تینوں درجوں کو جمع کرکے پڑھے ۱۲۔

(الف[1]) یہ پہلا حرف ہے بارھویں حرف سے زیر کے ساتھ مرکب ہے اور دسواں حرف پہلے حرف کے ساتھ بالفتح مرکب ہے اور بیسواں حرف مفرد ہے۔ زیر کے ساتھ آخر میں کلمۂ ائیل شامل کیا تو اِسْرَافِیلْ مؤکل حرف مذکور کا ہوا۔

(ب[2]) پانچواں حرف دوسرے حرف سے مرکب ہے زیر کے ساتھ اور دسواں حرف مفرد ہے زبر کے ساتھ آخر میں کلمۂ ائیل شامل کیا تو جِبْرَائیل موکل حرف مذکور کا ہوا

(ت[3]) اٹھارہواں حرف گیارہویں حرف سے زیر کے ساتھ مرکب ہے اور دسواں زبر کے ساتھ پہلے حرف سے مرکب ہے آخر میں کلمۂ ائیل شامل کیا تو عَزْرَائیلْ مؤکل حرف مذکور کا ہوا۔

(ث[4]) چوبیسواں حرف اٹھائیسویں حرف سے زبر کے ساتھ مرکب ہے اور بائیسواں حرف پہلے حرف سے بالفتح مرکب ہے شمول کلمۂ ائیل سے مِیکَائیلْ موکل حرف مذکور کا ہوا

(ج[5]) بائیسواں حرف تئیسویں حرف سے بالفتح مرکب ہے اور بائیسواں حرف پہلے

**طریق عمل خواندنی اسمائے موکلات حروف تہجی**

ا ۱ ب ۲ ت ۳ ث ۴ ج ۵ ح ۶ خ ۷ د ۸
ذ ۹ ر ۱۰ ز ۱۱ س ۱۲ ش ۱۳ ص ۱۴ ض ۱۵ ط ۱۶ ظ ۱۷ ع ۱۸ غ ۱۹ ف ۲۰ ق ۲۱ ک ۲۲ ل ۲۳ م ۲۴
ن ۲۵ و ۲۶ ہ ۲۷ ی ۲۸ ۔

[1] (الف) طریق مرکز، یا اسرافیل یا آئیل بحق الف یا الف (طریق بنیان) یا اسرافیل یا آئیل بحق یا اللہ یا احد یا کافی (طریق مدار) یا ذقصائیل بحق یا طاہر جب تینوں شامل کر کے پڑھے تو اس طرح پڑھے یا اسرافیل یا آئیل یا ذقصائیل بحق الف یا الف بحق یا اللہ یا احد یا کافی بحق یا طاہر ۱۲۔

[2] (ب) یا جبرائیل یا بائیل بحق بے یا بے یا جبرائیل یا بائیل بحق یا باعث یا بدیع یا باقی۔ یا کہائیل بحق یا لطیف۔

[3] (ت) یا عزرائیل یا تائیل بحق تے یا تے۔ یا عزرائیل یا تائیل بحق یا تواب۔ یا سکہائیل بحق یا صمد ۱۲۔

[4] (ث) یا میکائیل یا ثائیل بحق ثے یا ثے۔ یا میکائیل یا ثائیل بحق یا ثابت۔ یا حیائیل بحق یا وارث ۱۲۔

[5] (ج) یا کلکائیل یا جائیل بحق جیم یا جیم۔ یا کلکائیل یا جائیل بحق یا جلیل یا جبار یا جمیل۔ یا قرنائیل بحق ذی الفضل العظیم ۱۲۔

(ح) یا تنکفیل یا حائیل بحق حے یا حے۔ تنکفیل یا حائیل بحق یا حی یا حکم یا حکیم یا حمید۔ منائیل بحق یا صبور ۱۲۔

حرف سے بالفتح مرکب ہے بشمول کلمۂ ائیل کَنَکَائِیلُ موکل حرف مذکور ہوا۔

(خ) تیسرا حرف چھبیسویں حرف سے بالفتح مرکب ہے اور بائیسواں حرف بالفتح اور بیسواں حرف بالکسر مفرد ہے بشمول کلمۂ ائیل تَنْکَفِیْلُ موکل حرف مذکور کا ہوا۔

(خ) چوبیسواں حرف ستائیسویں حرف سے اور بائیسواں حرف پہلے حرف سے بالفتح مرکب ہے بشمول کلمۂ ائیل مَہْکَائِیلُ موکل حرف مذکور ہوا۔

(د) آٹھواں حرف دسویں حرف سے بالفتح مرکب اور اسی حرکت کے ساتھ آٹھواں حرف پہلے حرف سے مرکب بشمول کلمۂ ائیل دَنہدَائِیلُ موکل حرف مذکور کا ہوا۔

(ذ) پہلا حرف ستائیسویں حرف سے بالفتح مرکب اور دسواں حرف اسی حرکت سے پہلے کے ساتھ مرکب اور سولھواں حرف بالکسر مفرد بشمول کلمۂ ائیل اَهْرَاطِیْلُ موکل حرف مذکور کا ہوا۔

(ر) پہلا حرف مفرد بالفتح اور چوبیسواں بھی اسی حرکت کے ساتھ مفرد اور چھبیسواں حرف پہلے حرف کے ساتھ بالفتح مرکب اور بائیسواں حرف مفرد بالکسر بشمول کلمۂ ائیل اَمْوَاکِیْلُ موکل حرف مذکور کا ہوا۔

(ز) چوتھا حرف دسویں حرف سے اور بائیسواں حرف پہلے حرف سے بالفتح مرکب ہے۔ بشمول کلمۂ ائیل شَشْرَفَائِیْلُ موکل حرف مذکور کا ہوا۔

(س) ستائیسواں حرف چوبیسویں حرف سے اور چھبیسواں حرف پہلے حرف سے بالفتح مرکب ہے ۔اور بائیسواں حرف مفرد ہے۔ بشمول کلمۂ ائیل هَمْوَاکِیْلُ موکل حرف مذکور کا ہوا

(خ) یا مہکائیل یا خائیل بحق خے یا خے۔ یا مہکائیل یا خائیل بحق یا خالق یا خلاق یا خبیر۔ یا خرتیائیل بحق یا آم ۱۲۔

(د) یا دردائیل یا دائیل بحق دال یا دال۔ یا دردائیل یا دائیل بحق یا دیان یا دوام یا دائم۔ یا ہمائیل بحق یا زاکی ۱۲۔

(ذ) یا اہراطیل یا ذائیل بحق ذال یا ذال۔ یا اہراطیل یا ذائیل بحق یا ذوالجلال والاکرام۔ نا بائیل بحق یا جامع ۱۲۔

(ر) یا امواکیل یا رائیل بحق رے یا رے۔ یا امواکیل یا رائیل بحق یا رحمٰن یا رحیم یا رفیع۔ یا اسبائیل بحق یا نافع ۱۲

(ز) یا شرفائیل یا زائیل بحق زے یا زے۔ یا شرفائیل یا زائیل بحق یا زاکی۔ یا میائیل بحق یا فاصل ۱۲۔

(س) یا ہمواکیل یا سائیل بحق سین یا سین۔ یا ہمواکیل یا سائیل بحق یا سلام یا سبوح یا سبحان۔ یا دائیل بحق یا مجید ۱۲۔

تا کا حاشیہ پچھلے صفحہ پر دیکھئے۔

(ش ۳۰۰) ستائیسواں حرف چوبیسویں حرف سے اور دوسرا حرف پہلے حرف سے بالفتح مرکب ہے بشمول کلمہ ائیل ھَنُوَائیلُ موکل حرف مذکور کا ہوا۔

(ص ۹۰) پہلا حرف ستائیسویں حرف سے بالفتح مرکب ہے۔ اور پانچواں حرف بالفتح مفرد ہے اور چھبیسواں حرف پہلے حرف سے بالفتح مرکب ہے۔ بشمول کلمہ ائیل اَجَحَائیل موکل حرف مذکور کا ہوا۔

(ض ۸۰۰) اٹھارھواں حرف سولھویں حرف سے اور بائیسواں حرف پہلے حرف سے بالفتح مرکب ہے بشمول کلمہ ائیل غُطکائیل موکل حرف مذکور کا ہوا۔

(ط ۹) پہلا حرف بارھویں حرف سے بالکسر مرکب ہے اور چوبیسواں حرف پہلے حرف سے بالفتح مرکب اور اٹھارھواں حرف مفرد بالکسر با کلمہ ائیل اِسْمَاعِیلُ موکل حرف مذکور کا ہوا۔

(ظ ۹۰۰) تیسواں حرف چھبیسویں حرف سے اور گیارھواں حرف پہلے حرف سے بالفتح مرکب ہے با کلمہ ائیل اُدْنَمائیلُ موکل حرف مذکور کا ہوا۔

(ع ۷۰) تیسواں حرف چھبیسویں حرف سے اور چوبیسواں حرف پہلے حرف سے بالفتح مرکب با کلمہ ائیل لَوْمَائیلُ موکل حرف مذکور کا ہوا۔

(غ ۱۰۰۰) تیسواں حرف چھبیسویں حرف سے اور ساتواں حرف پہلے حرف سے بالفتح مرکب با کلمہ ائیل لَوْخَائیلُ موکل حرف مذکور کا ہوا۔

---

(ش ۳۰۰) یا ہمرائیل یا شائیل بحق شین یا شین۔ یا ہمائیل یا شائیل بحق یا شکور یا شافی یا شہید۔ یا ھشبائیل بحق یا خلیل ۱۲

(ص ۹۰) یا اجحائیل یا صائیل بحق صاد یا صاد۔ اجحائیل یا صائیل بحق یا صانع۔ یا یحیائیل بحق یا کریم ۱۲۔

(ض ۸۰۰) یا غطکائیل یا ضائیل یا ضاد یا ضاد۔ یا غطکائیل یا ضائیل بحق یا ضاد۔ یا سبائیل بحق یا شاہد ۱۲۔

(ط ۹) یا اسماعیل یا طائیل بحق طے یا طے۔ یا اسمائیل یا طائیل بحق یا طاہر۔ یا حبائیل بحق یا قیوم ۱۲۔

(ظ ۹۰۰) یا اودنائیل یا ظائیل بحق ظے یا ظے۔ یا اودنائیل یا ظائیل بحق یا ظاہر۔ یا طایائیل بحق یا نور ۱۲۔

(ع ۷۰) یا لومائیل یا عائیل بحق عین یا عین۔ یا لومائیل یا عائیل بحق یا علیم یا علام یا عظیم۔ یا ابائیل بحق یا صادق ۱۲۔

(غ ۱۰۰۰) یا لوخائیل یا غائیل بحق غین یا غین۔ یا لوخائیل یا غائیل بحق یا غفور یا غفار یا غنی یا مرشیائیل بحق یا خیر الغافرین ۱۲۔

(ف) بارھواں حرف دسویں حرف سے بالفتح مرکب اور چھٹا حرف مفرد اور چوبیسواں حرف پہلے حرف سے مرکب اور بائیسواں حرف بالکسر مفرد با کلمۂ ائیل سَرْخَمَائِیْلُ موکل حرف مذکور کا ہوا۔

(ق) اٹھارھواں حرف سولھویں حرف سے اور دسواں حرف پہلے حرف سے بالفتح مرکب با کلمۂ ائیل عَطْرَائِیْلُ موکل حرف مذکور کا ہوا۔

(ک) چھٹا حرف مفرد بالفتح اور دسواں حرف چھبیسویں حرف سے بالضم مرکب اور گیارھواں حرف پہلے حرف سے بالفتح مرکب با کلمۂ ائیل حَرُذَنَائِیْلُ موکل حرف مذکور کا ہوا

(ل) سولھواں حرف پہلے حرف سے اور پھر سولھواں حرف پہلے حرف سے بالفتح مرکب با کلمۂ ائیل طَاطَائِیْلُ موکل حرف مذکور کا ہوا۔

(م) دسواں حرف چھبیسویں حرف سے بالضم اور اٹھائیسواں حرف پہلے حرف سے بالفتح مرکب ہے بشمول کلمۂ ائیل رُدْیَائِیْلُ موکل حرف مذکور کا ہوا۔

(ن) چھٹا حرف چھبیسویں حرف سے اور تئیسواں حرف پہلے حرف سے بالفتح مرکب ہے با کلمۂ ائیل حَوْلَائِیْلُ موکل حرف مذکور کا ہوا۔

(و) دسواں حرف بیسویں حرف سے بالفتح مرکب اور تیسرا حرف بالفتح مفرد اور چوبیسواں حرف پہلے حرف سے بالفتح مرکب با کلمۂ ائیل رَفْتَمَائِیْلُ موکل حرف مذکور کا ہوا۔

---

(ف) یا سرخمائیل یا فائیل بحق فے یا فے۔ یا سرخمائیل یا فائیل بحق یا فتاح یا فرد یا فاطر۔ یا صیائیل بحق یا فاصد ۱۲۔

(ق) یا عطرائیل یا قائیل بحق قاف یا قاف۔ یا عطرائیل یا قائیل بحق یا قہار یا قدوس یا قابض۔ یا لجائیل بحق یا ستین ۱۲۔

(ک) یا حرذنائیل یا کائیل بحق کاف یا کاف۔ یا حرذنائیل یا کائیل بحق یا کافی یا کفیل یا کبیر۔ یا سجائیل بحق یا فتاح ۱۲

(ل) یا طاطائیل یا لائیل بحق لام یا لام۔ یا طاطائیل یا لائیل بحق یا لطیف یا نہائیل بحق یا ستار ۱۲۔

(م) یا ردیائیل یا مائیل بحق میم یا میم۔ یا ردیائیل یا مائیل بحق یا مومن یا مہیمن یا معز یا مذل یا معطی۔ یا دردیائیل بحق یا واسع ۱۲

(ن) یا حولائیل یا نائیل بحق نون یا نون۔ یا حولائیل یا نائیل بحق یا ناصر یا نافع یا نقی۔ یا سکیائیل بحق یا نام ۱۲۔ یا ملکیائیل علیم

(و) یا رفتمائیل یا وائیل بحق واؤ یا واؤ۔ یا رفتمائیل یا وائیل بحق یا واحد یا وارث یا وکیل۔ یا کتائیل بحق یا مانع ۱۲ یا ملکیائیل

(ھ؎) آٹھواں حرف چھبیسویں حرف سے بالضم مرکب اور دسواں حرف بالفتح مفرد اور دوسرا حرف پہلے حرف سے بالفتح مرکب با کلمۂ ائیل ہُذَہیَائیلُ مؤکل حرف مذکور کا ہوا۔

(یٰ؎) دسواں حرف بالفتح مفرد اور دوسرا حرف پہلے حرف سے مرکب بالفتح اور بائیسواں حرف اٹھائیسویں حرف سے مرکب بالکسر اور سولہواں حرف پہلے حرف سے مرکب بالفتح باکلمۂ ائیل سَرَاکیطَائِیْلُ موکل حرف مذکور کا ہوا۔

**ایضاً** جبکہ حرف مذکورہ کے موکلات کی ترکیب اور اس کے اعراب وغیرہ سے واقفیت ہو چکی تو اب دوسری حقیقت حروف کو معلوم کرنا چاہیئے کہ اصل ان حرفوں کی عالم احدیت میں کیا ہے اور عالم اعیان اور عالم ملکوت میں کیا صورت رکھتے ہیں اور عالم ملک میں کیا قرار پائی ہوئی ہے۔ سو یہ بات معلوم رہے کہ احدیت میں شیون اور اعیان ثابتہ میں صور اسمائے الٰہی اور ملکوت میں وجود ملک اور ملک میں صورت حروف کہ جو ان اٹھائیس حرفوں کی صورت دیکھنے میں آتی ہے۔ یہ ماہیات ان ملکوت کی ہیں جب ہر حرف کے آخر میں کلمۂ ایل (جو اسمائے باری تعالیٰ سے ہے) شامل کیا جاتا ہے موکل ہو جاتا ہے۔ اور جب اسم کے ساتھ ملا کر پڑھا جاتا ہے باعث جلدی قبول ہونے دعا کا ہوتا ہے۔ طریق یہ ہے یَا آئیل یَا بَائیل یَا تَائیل یَا ثَائیل یَا جَائیل یَا حَائیل یَا خَائیل یَا دَائیل یَا ذَائیل یَا رَائیل یَا زَائیل یَا سَائیل یَا شَائیل یَا صَائیل یَا ضَائیل یَا طَائیل یَا ظَائیل یَا عَائیل یَا غَائیل یَا فَائیل یَا قَائیل یَا کَائیل یَا لَائیل یَا مَائیل یَا نَائیل یَا وَائیل یَا ہَائیل یَا یَائیل۔

**طریق استخراج موکلات اسمائے الٰہی** جو کچھ ترتیب و ترکیب وضع مفردات موکلات تھی سو لکھی گئی۔ اب طریق استخراج موکلات اسمائے الٰہی معلوم کرنا چاہیئے اسمائے الٰہی سے جس اسم کی روحانیت پیدا کرنے کا ارادہ ہو؎ چاہیئے کہ پہلے آخر کے حرف کو

---

(ھ؎) یا ہدہ یائیل یا ہائیل بھی ہے یا ہے ہیاہدرائیل یا ہائیل بھی یا ہادی یا ہجیائیل بھی یا سامع ۱۲۔

(یٰ؎) یا سراکیطائیل یا یائیل بھی یہ ہے۔ یا سراکیطائیل یا یائیل یا بدوح۔ یا فیائیل بھی یا بذاق ۱۲ منہ رحم۔

حاشیہ ۱۲ اگلے صفحہ سے پڑھیے

اوّل کلمہ سے جدا کرے باقی حرفوں کے عدد نکالے اور ان اعداد کے موافق اور حرفوں کا ایک مجموعہ بنادے اور اسم کے آخری حرف کو جو جدا کیا ہے اسی مجموعہ کے اوّل میں لگادے اور آخر کلمہ میں ایل شامل کرے اس اسم کی روحانیت جس کو مؤکل کہتے ہیں نکل آئیگی چنانچہ سُبْحَانَكَ کا مؤکل کَلْمَائِیْلُ اور اِلٰہٌ کا مؤکل ھَکْطَبَائِیْلُ ہے پس اسی طرح اور اسمائے الٰہی کے مؤکل نکالے اور پڑھنے کا طریق بھی معلوم کرے اور وہ اس طور پر ہے کہ پہلے مؤکل ترکیب حروف اور دوسرے مؤکل حرف جود اور تیسرے مؤکل اسم الٰہی کہ پہلے کلمہ سے استخراج کیا ہے اسم کے ساتھ ملا کر اس طور پر دعوت دے یَا ھَمْوَائِیْلُ یَا سَائِیْلُ یَا کَلْمَائِیْلُ بِحَقِّ سُبْحَانَكَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَّ وَارِثَہٗ وَ رَازِقَہٗ وَ رَاحِمَہٗ دعوت کے شروع میں ان مؤکلوں کو اسم مذکور کے ساتھ ملا کر ننانوے ۹۹ بار پڑھے اور ہر روز وقت ابتدا بارہ دفعہ اور ختم کے بعد سات دفعہ اور جس روز دعوت تمام ہو ستر دفعہ پڑھے خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے جلد موثر ہوگا اور باقی اسمائے عظام کی ترکیب اسی پر قیاس کرے۔

## دوسری فصل دعوت مقطعات کے بیان میں

جاننا چاہیئے کہ عاملانِ کامگار اور متصرفانِ نامدار نے اس دعوت کے اسم کی رد و رجعت کے لئے تعیّن فرمایا ہے اور اس کی صورت یوں ہے کہ جتنے حروف قرأۃ میں آتے ہیں ان سب کے عدد نکالے اور بارہ بارہ طرح کرتا جائے اس کے بعد جو باقی رہے اس کو اوّل برج سے شمار کرے جس جگہ عدد تمام ہو وہی برج اس اسم کے موافق ہوگا۔ اور جو تاثیر اس برج کی ہوگی وہی اس اسم کی ہوگی۔ مثلاً اگر ایک رہے تو حمل اور دو رہیں تو ثور باقی کو اس طور پہ قیاس کرلے اور اسم اعظم کی موافقت

---

لہ سُبْحَانَكَ۔ س ب ح ا ن ك حرف آخر کاف جدا کیا پانچ باقی رہے ان کے ۱۲۱ عدد ہوئے پس اب ایسا لفظ تلاش کرنا چاہیئے جس کے عدد ۱۲۱ ہوں ہم نے مثلاً لمعا تلاش کیا اس کے ۱۲۱ عدد ہوتے حرف آخر مستخرجہ اس کے اوّل میں لگایا تو کلمعا ہوا۔ آخر میں کلمہ ائیل شامل کیا تو کلمعائیل ہوا ۱۲

کوکب کے ساتھ اور اس کے بخور وغیرہ کا طریقہ مقدمہ سے (جیسا کہ اوپر شرح وبسط کے ساتھ لکھا جا چکا ہے معلوم کرے اور دائرہ کھینچے اور اس کا یہ طریق ہے کہ ایک کاغذ کی پٹی لے اور سبحانک سے غیاث تک اسم لکھے اور اپنے حجرہ میں اس کا دائرہ بنا دے اور اس کے دونوں سروں کو سوئی سے ملا دے یا اکتالیس بار مجموعہ اسمائے عظام ایک چھری پر پڑھے اور ایک سانس میں اس سے اپنے حجرہ میں دائرہ کھینچے اور اس دائرہ کا رنگ مثل اس کوکب کے کرے جس سے وہ متعلق ہے۔ (اگر زحل ہے تو سیاہ اور مشتری کا صندلی مریخ کا سرخ شمس کا زرد زہرہ کا سپید عطارد کا فیروزہ گون قمر کا سبز) پھر اس دائرہ کے اندر اس برج کی صورت بنائے۔ اور اس پر مصلّیٰ بچھا کر اس کوکب کے روز یا اس کی ساعت میں دعوت شروع کر دے

**ایضاً** ترتیب خواندنی اسم معلوم کرے اور وہ یہ ہے کہ ارقام اسم اعظم اور برج اور کوکب اور اپنے اسم کی جمع کر کے مؤکل مرکب کے ساتھ ملا کر سر دائرہ پر تمام کرے۔ اگر طالب اسرار دعوت کا خواستگار ہے تو اس کو لازم ہے کہ اوّل عمل دعوۃ مقطعات شروع کرے تا کہ رجعت اسم نہ ہو اس کے بعد جس دعوت یا شرائط میں چاہے مشغول ہو کیونکہ دعوت اسمائے عظام میں یہی زیادہ مشکل ہے پھر جس کو چاہے اجازت دے خدا چاہے اس کو بھی رجعت نہ ہو گی۔ بہت سے طالب ناواقفیت اور نادانی کی وجہ سے حسرت کے ساتھ جان دیتے ہیں اور منزل مقصود کو نہیں پہنچتے۔

اور طریق دو گا اوپر مذکور ہو چکا ہے اس کے موافق عمل کرے۔ دعوت اسم اوّل یا مؤکل یَا هَمُوْ اکِیْلُ بِحَقِّ سُبْحَانَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَا رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَّ وَارِثَهٗ وَرَازِقَهٗ وَرَاحِمَهٗ عدد اس کے بحساب ابجد دو ہزار پانسو پینسٹھ ہوتے ہیں پس بحکم قاعدہ طرح یہ اسم آتشی ہے۔ اور طالع اس اسم کا برج قوس میں ہے جس وقت دعوت شروع کرے اوّل ایک دائرہ برنگ کوکب کھینچے اور اس پر ہیئت اس برج کی بنا کر مصلّیٰ بچھا دے اور روز شمس یا اس کی ساعت میں مصلّیٰ پہ بیٹھ کر دعوت شروع کر دے

اور عود اور دار چینی کا بخور کرے اور بشمار اسم اعظم و برج و کوکب و اسم خود بحساب جمل سب کو جمع کر کے ہمراہ مؤکل اس مصلے پر بیٹھ کر اطمینان کے ساتھ پڑھے اور باقی اسمائے عظام کا طریق اسی پر قیاس کر کے عمل کرے۔

## تیسری فصل دعوت حرفی کے بیان میں

آگاہ ہو کہ ماہیت حروف ابتدا سے انتہا تک حرفاً بعد حرف مفصل بیان کی جاتی ہے۔ اور وہ اس طور پر ہے کہ یہ اٹھائیس حروف اصل میں اٹھائیس نام اللہ سبحانہ کے ہیں ہر حرف کا ایک مؤکل روحانی ہے۔ جو اس اسم الٰہی کے ذکر میں مشغول ہے۔ اصل حروف بسیط ہیں جس وقت اسمائے حروف بساط مذکور کی دعوت ادا کی موکلات حروف دریافت ہوئے اور روحانیت ان کی بنظر مکاشفہ ومشاہدہ عیاں ہوئی ان سے اسمائے بست و ہشتگانہ الٰہی دریافت ہوئے اور ان اٹھائیس اسمائے الٰہی سے اٹھائیس منازل قمر (جن کو ہندی میں نچھتر کہتے ہیں) ظاہر ہوئیں پس جس طرح اٹھائیس حروف اسمائے الٰہی کلی ہیں اسی طرح منازل قمر اسمائے کونی کلی ہیں اس عالم میں جو کچھ تاثیر ہے وہ ان اسمائے کونی کلی سے ہے۔ عالم ظاہر ملک اور باطن ملکوت ہے ملک و ملکوت بایکدیگر رنگ آمیزی کر رہے ہیں۔ بلا دعوت حروف ماہیت معلوم نہیں ہو سکتی اور جو کوئی یہ دعوت پوری کرے عند اللہ و عند الناس اور جمیع موجودات کے نزدیک درجہ قبولیت کا پاوے۔ اگر کوئی سوال کرے کہ تخصیص اس دعوت کی کیا ہے اور دعوات کا بھی یہی حکم ہے جواب فی الواقع ایسا ہی ہے لیکن اور دعوتوں میں نیت ہر ایک کام کی معتبر ہے اور اس میں فقط توجہ حرف کی ہے اور حرف میں تفصیل مراتب ہے اور ہر ایک شئے میں تجلیات اسم (جو عالم میں نمودار ہیں) ظاہر ہیں جس وقت سالک اس دعوت سے مشرف ہوتا ہے اللہ جل شانہ کی عنایت سے شرف مراتب حروف کا پاتا ہے۔

سند شرائط حروف ملتوبی و مدغم غیر جامد جو کہ اسم میں ہوں جمع کرے فرض کرد

کہ مثلاً بیس حرف ہوں پس ہر حرف کو سو مرتبہ پڑھے۔ نصاب مرتب ہوئی کہ مجموعہ
اس کا دو ہزار ہوا اور اس کا نصف اضافہ کرکے پڑھے زکوٰۃ مرتب ہوئی کہ مجموعہ اس کا
تین ہزار ہوا اور اس نصف کا نصف زیادہ کرکے پڑھے عشر مرتب ہوا کہ مجموعہ اس کا
تین ہزار پانچ سو ہوا اور نصف نصف النصف زیادہ کرکے پڑھے تو قفل مرتب ہوا
کہ جس کی تعداد دو سو پچاس ہوئی۔ اور عشر و قفل کی تعداد کو دو چندان کیا نو سات
ہزار پانچ سو ہوئے یہ دو چند دور مرتب ہوا۔ بذل کی نیت سے سات ہزار اور ختم کی
کی نیت سے بارہ سو مرتبہ پڑھے کہ اس دعوت میں قرائت بذل و ختم تمام اسمائے
اعظام میں اسی قدر ہے۔ یہ شرائط نصیں جو بیان کی گئی۔

**طریق دعوت**۔ معلوم کرنا چاہیئے کہ جس اسم کی شرائط کا ادا کرنا منظور ہو اس کے
تمام حروف شمار کرے اور بقاعدہ حضرت موصل الطالب الی المطالب امیر المومنین
علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ ہر حرف کے تین حرف وضع کرے اور ہر حرف کے ہزار
ملے اور ہر حرف کے اعداد بھی بحساب جمل شروع سے پھر عدد و رقم دونوں کو جمع کرکے
پڑھے اس سند پر کہ جس روز دعوت شروع کرے ہزار مرتبہ سورہ فاتحہ سے اسم کو ضم
کرکے پڑھے اور آخر دعوت میں بھی اسی طرح اسم کے ساتھ سورہ مذکور ضم کرے بعنایت
الٰہی سریع الاجابت ہوگا۔ **دعوت اسم اوّل** سُبْحَانَكَ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ يَا رَبَّ
كُلِّ شَيْءٍ وَوَارِثَهُ وَرَازِقَهُ وَرَاحِمَهُ ترجمہ۔ پاکی ہے تجھ کو نہیں معبود سوا تیرے اے پروردگار ہر چیز
کے اور وارث اس کے اور رازق ا[illegible] کے اور رحم کرنے والے ا[illegible] پ ۱۲۔ **نصاب** چار ہزار پانسو
زکوٰۃ چھ ہزار سات سو بار عشر سات ہزار سات سو پچھتر بار **قفل** پانسو ترسٹھ

اگر کوئی شخص سبحانک سے کل شئی تک دو شنبہ سے تو بجز لائے سند بزرگ اللہ حق تعالیٰ اس کو کشف قلب عطا فرمائے اور دواج کا
مال فتوح غیب سے پہونچا رہے ہر سند ظہور میں آئے اور امداد اور ارواح حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور کل پیغمبروں کی روحوں اور بشارت
اس کو نصیب ہو اور بعض وقت مغیبات کی کیفیت اس کے خیال ہی سے ظاہر ہو اور فیض وحدانیت اور حقیقت فردانیت اس
پر عالم سعدوں میں کشوف ہو اور اس کا نور اس کے چہرے سے عیاں ہو اور ہمیشہ بادشاہ اور امیر سب اس کے مطیع فرمان ہوں اور
خلق اس کی مرید و معتقد ہو۔ سالک کو چاہیئے کہ واقف ہو کر دعوت کرے ورنہ فائدہ مرتب نہ ہوگا۔ بلکہ ضرر پہنچے گا ۱۲ منہ

بار دور مدور سولہ ہزار سات سو چھہتر بار بدل سات ہزار بار ختم ایک ہزار بار حسب قاعدہ مذکور اس اسم میں ایک سو پینتیس حرف ہوتے ہیں پس قراءت حروف اور جمل دونوں کو جمع کر کے اوّل و آخر فاتحہ کے ساتھ جیسا اور مذکور ہو چکا ہے پڑھنا شروع کرے۔ اور باقی اسمائے عظام کا طریق اسی پر قیاس کر کے عمل کرے۔

واضح ہو کہ اس فصل میں بعض اعراب قاعدہ کے موافق ہیں۔ اور بعض مخالف اور وہ سماع سے تعلق رکھتی ہیں ان کے لئے کوئی قاعدہ نہیں ہے جو بیان کیا جائے وہ مکاشفہ سے پائے گئے ہیں اس کے متعلق نکات اور فوائد القلم خفی علیحدہ لکھے گئے ہیں اس کو دیکھ کر عمل کرے۔

(۲) سُبْحَانَكَ يَا لَا إِلٰهَ الْأٰلِهَةَ الرَّفِيْعُ جَلَالُهٗ يَا اِلٰهُ

(ترجمہ) پاک ہے تجھ کو اے معبود سب معبودوں کے کہ بلند ہے بزرگی اس کی اے معبود ۱۲۔

(۳) يَا اَللّٰهُ الْمَحْمُوْدُ فِيْ كُلِّ فِعَالِهٖ يَا اَللّٰهُ

(ترجمہ) اے اللہ اپنے سب کاموں میں تعریف کئے گئے اے اللہ ۱۲۔

(۴) يَا رَحْمٰنَ كُلِّ شَيْءٍ وَّوَارِثَهٗ وَرَاحِمَهٗ يَا رَحْمٰنُ

(ترجمہ) اے بخشش کرنیوالے ہر چیز کے اور وارث اس کے اور رحم کرنے والے اس پر ۱۲۔

---

ف اگر رفیع بفتح عین اور جلالہ بضم لام پڑھے جیسا کہ شرح صغیر میں مذکور ہے اس کا ثمرہ عامل کو خود معلوم ہو جائے گا اور اگر رفیع بضم عین اور جلالہ بفتح لام پڑھے معرفت کا دروازہ اس پر کھل جائے گا اور ثابت قدمی میسر ہوگی۔ اور اگر براءت قہر بفتح عین و کسرہ لام والے جلالہ پڑھے جس کیلئے پڑھے وہ ہلاک اور خراب ہوگا۔ اور جس طرف کہ دشمن ہو اس کو پشت دے کہ حرمت دے بہت جلد ہوگی اور اصلی اعراب کے ساتھ بہ نیت مدد زیادی منہ جنوب کی طرف کرے اور بہ نیت مزید عشق منہ شمال کی طرف کرے اور بہ نیت *[1] خالصاً لله قبلہ کیطرف منہ کرے تا باعث حاجت ہو ۱۲ منہ رح۔ ف۲ اگر فعالہ بکسر لام پڑھے گا تمام دشمن ظاہری باطنی مرکے مقہور ہوں گے۔ اگر کسی کو ہلاک کرنا چاہے گا ذلیل ہوگا اگر فعالہ بفتح لام پڑھے گا تمام افعال حسنہ اسکو حاصل ہونگے۔ چنانچہ جس کیلئے دعا کرے گا بلند رتبہ ہوگا اور اپنے اور مسلمانوں کی ترقی درجات کیلئے دعا کریگا ترقی مدارج ہوگی اور دشمن کی ہزیمت چاہے گا ہزیمت ہوگی ۱۲ منہ رح۔ ف۳ اگر رحمٰن بفتح نون و کلّ بکسر لام پڑھے تمام درخت اس سے کلام کریں۔ اگر رحمٰن بضم و کلّ بفتح لام پڑھے خدا تعالیٰ کی محبت زیادہ ہو اور تمام کام اس کے سر انجام پائیں ۱۲ منہ رح۔

---

[1] تجرید و تفرید مشرق کی طرف اور بہ نیت *

(۵) یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَبَقَآئِهٖ یَا حَیُّ

ترجمہ: اے بخشش کرنے والے اے زندہ جبکہ نہیں کوئی زندہ بیچ ہمیشگی بادشاہت اسکی کے اور باقی رہنے اسکے کے اے زندہ ۱۲

(۶) یَا قَیُّوْمُ فَلَا یَفُوْتُ شَیْءٌ مِّنْ عِلْمِهٖ وَلَا یَؤُدُهٗ یَا قَیُّوْمُ

ترجمہ: اے ہمیشہ رہنے والے پس نہیں چھپ سکتی کوئی چیز اس کے علم سے اور نہ وہ تھکاتی ہے اسکو اے تدبیر کرنیوالے عالم کے ۱۲ مترجم

(۷) یَا وَاحِدُ الْبَاقِیْ اَوَّلَ کُلِّ شَیْءٍ وَّاٰخِرَهٗ لَیْسَ کَمِثْلِهٖ یَا وَاحِدُ

ترجمہ: اے یگانہ زندہ رہنے والے اول ہر چیز کے اور آخر اس کے نہیں مثل اسکی کوئی اے یگانہ ۱۲ مترجم۔

(۸) یَا دَآئِمُ بِلَا فَنَآءٍ وَّلَا زَوَالَ لِمُلْکِهٖ وَبَقَآئِهٖ یَا دَآئِمُ

ترجمہ: اے ہمیشہ رہنے والے پس نہیں فنا اور نہیں زوال اسکی بادشاہت کو اور اس کے باقی رہنے کو اے ہمیشہ رہنے والے ۱۲۔

(۹) یَا صَمَدُ مِنْ غَیْرِ شِبْهٍ فَلَا شَیْءَ کَمِثْلِهٖ یَا صَمَدُ

ترجمہ: اے بے نیاز بے مثل پس نہیں کوئی چیز مثل اس کی اے بے احتیاج۔

---

ف۱ اگر حی بکسر یا پڑھے عمر خضر نصیب ہو اور تمام ارواح کا معائنہ کرے اور کشف باطنی حاصل ہو جائے اور اگر حین بفتح نون پڑھے جس مریض کے مرض کو دیکھے گا خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس سے وہ مرض جاتا رہے گا اور جس کسی کو تعویذ دے گا مؤثر ہوگا اور تمام قول و فعل اس کے درست ہوں گے ۱۲ منہ رحمہ۔

ف۲ اگر فلا یفوت بفتح تا پڑھے تمامی علم ادیان ظاہری جو کتابوں میں لکھا ہے حاصل ہوگا۔ اور جو پیش کے ساتھ پڑھیگا علم فوق کل ذی علم علیم نصیب ہوگا۔ اور وجود کی ماہیت اس پر مکشوف ہوگی ۱۲ منہ رحمہ۔

ف۳ اگر اوّل بفتح لام و آخر بکسر خا پڑھے علم مبدا و معاد صاحب عمل کو نصیب ہوگا اور کچھ اس پر مخفی نہ رہے گا اور اگر اوّل بضم لام و آخر بفتح خاء پڑھے تمام خلق اسکی معتقد ہو اور سب اس کی اطاعت کریں اور جب فاسق فاجر پر اس عامل کی نظر پڑے تمام فسق و فجور اس کا دور ہو اور وہ شخص تائب ہو ۱۲ منہ رحمہ

ف۴ اگر فناءٍ بکسر ہمزہ و تنوین پڑھے تمام عالم ظاہری و باطنی اسکو فنا دکھلائی دے اگر فناءَ بفتح ہمزہ پڑھے تمام عالم ظاہر و باطن کو فنا دیکھے اور دونوں مرتبوں میں سالک اپنے کو پارسے ۱۲ منہ رحمہ

ف۵ اگر کمثلہ بکسر لام و سکون ہا پڑھے تمام جانوروں کی بولیوں سے آگاہ ہو۔ اور کمثلہ بضم لام و ہا پڑھے متجلی بذات ہو اور تمام عالم کو اپنی صورت کا دیکھے۔ اور اگر کمثلہ بکسر لام و بکسر ہا پڑھے معرفت تمام اسماء صفات کا اسکو حاصل ہو۔ ۱۲ منہ

(۱۰) يَا بَائِنُ فَلَا شَيْءَ كُفُوُهُ يُدَانِيهِ وَلَا إِمْكَانَ بِوَصْفِهِ يَا بَائِنُ

ترجمہ اے ا[illegible] بیان کرنیوالے پس نہیں کوئی شی ہمسر اس کے کہ قریب ہو اس کے اور نہیں ہو سکتی تعریف اس کی اے بیان کرنے والے ۱۲

(۱۱) يَا كَبِيرُ أَنْتَ اللّٰهُ الَّذِي لَا تَهْتَدِي الْعُقُولُ لِوَصْفِ عَظَمَتِهِ يَا كَبِيرُ

(ترجمہ) اے بزرگ تو وہ ذات ہے کہ نہیں پہنچتیں عقلیں واسطے وصف بزرگی اس کی کے اے بزرگ ۔ ۱۲

(۱۲) يَا بَارِئَ النُّفُوسِ بِلَا مِثَالٍ خَلَا مِنْ غَيْرِهِ يَا بَارِئُ

(ترجمہ) اے درست کرنے والے جانوں کے بے مثل خالی غیر اپنے سے اے نئے ظاہر کرنے والے ۱۲ ۔

(۱۳) يَا زَاكِي الطَّاهِرُ مِنْ كُلِّ آفَةٍ بِقُدْسِهِ يَا زَاكِي

ترجمہ اے پاک کرنے والے پاک ہر آفت سے ساتھ پاکی اپنی کے اے پاک کرنے والے ۱۲ منہ رح ۔

ف۱ اگر یا بائن بضم راء اور بوصفہ بکسر ہا پڑھے دل اس کا حق کے ساتھ صاف ہو اور فسق و فجور سے باز رہے اور صفات ملکی سے موصوف ہو اور جو کوئی صاحب عمل کا منہ دیکھے اس کے دل میں عبرت پیدا ہو اور کبھی برائی اور معصیت کے پاس نہ پھٹکے ۔ اور اگر یا بائن بفتح راء اور بوصفہ بسکون ہا پڑھے جس شہر یا قریہ یا جس جگہ صاحب عمل اس طور پر دعوت دے وہ جگہ تمام خراب اور ویران ہو جائے اور تمام پھل اور نباتات خشک ہو جاویں ۱۲ منہ رح ۔

ف۲ اگر یا کبیر بضم را اور تہتدی تے کے ساتھ پڑھے تمام اکابر اس جگہ کے عامل کی طرف رجوع ہوں اور معتقد ہو کر فرمانبردار ہوں اور کبھی سرکشی نہ کریں اور جو سرکشی کرے تو ذلیل اور گمراہ ہو ۔ اور اگر کبیر بفتح راء و تہتدی بیاء یعنی یہتدی پڑھے اور چھ مہینے تک بحساب مذکور مع قفل الفاظ پڑھ کر پھونکے اس مقام پر ایک غار پیدا ہوگا عامل اس کے اندر جا بیٹھے جس جگہ جانے کی نیت کرے گا اس راہ سے چلا جاوے گا ۔ یہ اسم کلی ہے ۱۲ منہ رح ۔

ف۳ اگر یا باری ہمزہ کے ساتھ پڑھے تمام عالم اس کی حمایت میں آئے اور جو سرکشی کرے وہ بے ہدایت ہو ۔ اور اگر یا باری یے کے ساتھ پڑھے جس مریض پر نظر ڈالے یا دم کرے خدا چاہے تندرست ہو جائے ۔ یہ اسم کلی ہے ۱۲ منہ رح ۔

ف۴ اگر یا زاکی الطاہر بغیر ہے کے پڑھے سات قلندر کہ جو اس عالم میں ہیں حاضر ہوں اور اس عامل کے فرمانبردار ہوں اور اگر یا زاکی الطاہر بفتح یا پڑھے عالم ارواح اس صاحب عمل کے روبرو حاضر ہوں اور اپنا حال صاحب عمل سے عرض کریں اور صاحب دعوت جس مہم کے لیے ان سے مدد چاہے ۔ مدد کریں ۱۲ منہ رح ۔

(۱۴) یَا کَافِیَ الْمُوَسِّعِ لِمَا خَلَقَ لَهُ مِنْ عَطَایَا فَضْلِهِ یَا کَافِیُ ۔

ترجمہ اے کفایت کرنے والے کشادہ کرنے والے واسطے اسکے کہ پیدا کیے گئے وہ واسطے عطاؤں فضل اپنے کے اے کفایت کرنے والے ۱۲۔

(۱۵) یَا نَقِیًّا مِنْ کُلِّ جَوْرٍ لَمْ یَرْضَهُ وَلَمْ یُخَالِطْهُ فِعَالُهُ یَا نَقِیُّ ۔

ترجمہ: اے پاک ہر ظلم سے نہ وہ راضی ہے اس سے اور نہ شامل اسکے کام اے پاک ۱۲ منہ رحم۔

(۱۶) یَا حَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ وَسِعْتَ کُلَّ شَیْءٍ رَحْمَةً وَعِلْمًا یَا حَنَّانُ ۔

ترجمہ: اے رحم کرنے والے تو وہ ہے کہ سمایا ہے تو نے ہر شئے کو رحمت اور علم سے اے رحم کرنے والے ۱۲ منہ رحم۔

ف۱ اگر موسع بفتح سین پڑھے خدا تعالیٰ اس کو رزق عطا فرمائے اور دل غنی کرے اور کسی مخلوق کا اسکو محتاج نہ بناوے اور اگر موسع بکسر سین پڑھے کوئی سانپ اور بچھو اور کوئی درندہ اس کو مضرت نہ پہنچائے۔ اور سب اس کے حکم کے تابع ہوں اور اس کے نام لینے اور سوگند دینے سے دور سے پرے اثر اس گزندہ یا درندہ کا جاتا رہے ۱۲ منہ رح۔

ف۲ اگر یا نقیا مشدد اور فعالہ بفتح فا اور ضم لام پڑھے تمام چیزوں میں متصرف ہو۔ اور جس کسی کو صاحب عمل اجازت دیوے وہی تاثیر حاصل ہو جو عامل کو تھی اور ہر ایک نام کی حقیقت صورت بنکر اس کو دکھلائی دیتے۔ اور اگر یا نقیا بغیر تشدید اور فعالہ بکسر فا و فتح لام پڑھے اور ستر خلوتیں کرے ہر ہفتہ میں ایک نیا اسرار ظاہر ہو۔ اور بعد گزرنے اکیس ہفتوں کے عالم ہیبا کا ظہور ہو کر اس کے تحت و تصرف میں آئے سرائے باطن بھی ایسی ہی معمور و آباد ہے۔ جیسے سرائے ظاہری۔ مگر اس سرائے باطن میں ارواح پیغمبران اور صدیقان اور شہداء اور صالحین ہیں جن کی زیارت سے عامل مشرف ہوگا۔ اور اس کے فضل و کرم سے جس کو چاہے گا سو دکھلا سکے گا ۱۲ منہ رحم۔

ف۳ اگر حنّانُ بضم نون اور وسعتْ بسکون تا اور رحمۃ اور علماً بقاعدہ پڑھ رہے اور وہ ذکر شدہ پڑھے تمام موکلات آتش و ہوائی اس کے مسخر ہوں گے اور ہر کام میں اس کے معین و مددگار ہو جائیں گے۔ اگر حنّانَ بفتح نون اور وسعتَ بفتح تا اور رحمۃٌ بہ تنوین تا پڑھے تو قوم قبیل و قاتیل جن کا مسکن زمین ششم پر ہے حاضر ہوں اور جو کچھ زمین کے نیچے ہے اس سے آگاہ کریں اور صاحب عمل کو وہ جگہ دکھلاویں۔ یہ اسم کل ہے ۱۲ منہ رحم۔

(۱۷) یَا مَنَّانُ ذُوالْاِحْسَانِ قَدْ عَمَّ کُلَّ الْخَلَائِقِ مَنُّهٗ یَا مَنَّانُ

ترجمہ) اے عطا کرنے والے صاحب احسان کے کہ پہنچا ہوا ہے تمام مخلوق کو احسان اسی کا اے نعمت دینے والے ۱۲۔

(۱۸) یَا دَیَّانَ الْعِبَادِ کُلٌّ یَقُوْمُ خَاضِعًا لِرَهْبَتِهٖ وَرَغْبَتِهٖ یَا دَیَّانُ

اے حاکم بندوں کے ہر ایک کھڑا ہوتا ہے تواضع کرتا بسبب خوف اس کے کے اور رغبت اسکی کے اے حکم کرنے والے۔

(۱۹) یَا خَالِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کُلٌّ اِلَیْهِ مَعَادُهٗ یَا خَالِقُ

ترجمہ اے پیدا کرنے والے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے سب کو اسی طرف پھر جانا اس کا ہے اے پیدا کرنیوالے ۱۲

(۲۰) یَا رَحِیْمَ کُلِّ صَرِیْخٍ وَّمَکْرُوْبٍ غِیَاثُهٗ وَمَعَاذُهٗ یَا رَحِیْمُ

ترجمہ اے رحم کرنے والے ہر فریاد کرنے والے اور مغموم کے فریادرس مددگار اس کا اور پناہ اسکی اے رحم کرنے والے ۱۲۔

(۲۱) یَا تَآمُّ فَلَا تَصِفُ الْاَلْسُنُ کُلَّ کُنْهِ جَلَالِ مُلْکِهٖ وَعِزِّهٖ یَا تَآمُّ

ترجمہ اے کامل پس نہیں بیان کر سکتیں زبانیں تمام حقیقت بزرگی اس کی کو اے کامل ۱۲۔

---

ف۱ اگر منّان بضم نون پڑھے اور خالصاً للہ دعوت دے تو ایک شخص عالم کیمیا غیب سے ظاہر ہو اور اس کی نظر فیض اثر سے یہ عامل صاحب عرفان و ایقان ہو۔ اور اگر بفتح نون پڑھے ایک مرد عالم غیب سے ظاہر ہو اس کو علم سکھلائے وہ عامل اگر پتھر پر نظر ڈالے گا خالص سونا ہو جائے گا ۱۲ منہ رح۔

ف۲ اگر کلّ یقوم بتقاعدہ یرملون اور لرھبتہ اور رغبتہ بکسرہ پڑھے تمام عالم کی چیزوں کا متصرف ہو اور کل ماہیت سمت و فوق کی اس پر منکشف ہو اگر کلُّ بضم لام اور لرھبۃ۔ رغبۃٌ بفتح تا بہ تنوین پڑھے حضرت موسیٰ اور عیسیٰ علیہما السلام کا معجزہ اسے نصیب ہو اور اپنے زمانہ کا ہادی اور امام ہو ۱۲ منہ رح۔

ف۳ اگر خالقُ بضم قاف اور کلٌّ بہ تشدید لام با تنوین اور معادہٗ بضم دال پڑھے مبدء انسان اس پر مکشوف ہو اور اگر یا خالقَ بفتح قاف اور کلُّ بضم بلا تنوین اور معادَہ بفتح دال پڑھے تمام درختوں کی ماہیت سے آگاہ ہو اور یہ مرتبہ نصیب ہو کہ اگر چاہے، تو بلا تخم بھی درخت قائم ہو جائے۔ ۱۲ منہ رح

ف۴ اگر یا رحیمَ بفتح میم اور غیاثہٗ بفتح ثا اور معاذہٗ بفتح ذال پڑھے اس کے دل میں ایسا عشق پیدا ہو کہ ہر شے میں حق کا مشاہدہ کرے اور اگر رحیمُ بضم میم اور غیاثہٗ بضم ثا اور معاذہٗ بضم ذال پڑھے صاحب دعوت مرد ہو جائے دعوت وجد کے اندر کچھ نکر دکر دے حاضر

ف۵ اگر یا تامُّ بضم میم اور السنُ بضم نون پڑھے مالک ملک ہو اور سلاطین اور ہر کل اس کے فرمانبردار ہوں اگر تامَّ بفتح میم اور السنَ بفتح سین و نون پڑھے تصرف ظاہری و باطنی اس کو نصیب ہو اور صاحب عطا ہو ۱۲ منہ رح۔

(۲۲) يَا مُبْدِعَ الْبَدَائِعِ لَمْ يَبْغِ فِي إِنْشَائِهَا عَوْنًا مِنْ خَلْقِهِ يَا مُبْدِعُ

ترجمہ) اے نو پیدا کرنے والے تو پیدا کرنے والا ہے۔ جیسی چاہی تو نے پیدا کریں مخلوقات کے اپنی مخلوقات سے اے پیدا کرنے والے

(۲۳) يَا عَلَّامَ الْغُيُوبِ فَلَا يَفُوتُ شَيْءٌ مِنْ حِفْظِهِ يَا عَلَّامُ

ترجمہ) اے خوب جاننے والے چھپی ہوئی چیزوں کے پس نہیں چھپی رہی کوئی نگہبانی اس کی سے اے خوب جاننے والے۔ ۱۲۔

(۲۴) يَا حَلِيمًا ذَا الْأَنَاةِ فَلَا يُعَادِلُهُ شَيْءٌ مِنْ خَلْقِهِ يَا حَلِيمُ۔

(ترجمہ) اے بردبار صاحب علم پس نہیں برابر ہو سکے کوئی مخلوق اس کی اے بردبار ۱۲۔

(۲۵) يَا مُعِيدُ مَا أَفْنَاهُ إِذَا بَرَزَ الْخَلَائِقُ لِدَعْوَتِهِ مِنْ مَخَافَتِهِ يَا مُعِيدُ

ترجمہ) اے دوبارہ پیدا کرنے والے جسکو ناپید کیا ہے اس نے جب نکلیں گے گروہ گروہ خلقت کے واسطے پکار اس کی کے

خوف اس کے سے اے دوبارہ پیدا کرنے والے ۱۲۔

(۲۶) يَا حَمِيدُ الْفِعَالِ ذَا الْمَنِّ عَلَى جَمِيعِ خَلْقِهِ بِلُطْفِهِ يَا حَمِيدُ

ترجمہ) اے تعریف کئے گئے کاموں کے صاحب احسان کے تمام مخلوق اپنی پر ساتھ مہربانی اپنی کے اے تعریف کئے گئے ۱۲

---

ف۱ اگر بدائع بکسر عین ولم تبغ بکسر غین اور من خلقہ بکسر ہا، جیسا دوسرے نسخہ کے موافق بارہ ہزار بحکم خفر حرفا

قل الفاشد دات اور مکررات کے ساتھ دعوت دے تو قطب عالم ہو اور جو مراتب قطب کے معاینہ کرے اگر بدائع

بفتح عین اور من خلقہ بسکون ہا پڑھے تو تمام ابدال اوتاد اور عامل اس کے مسخر ہوں ۱۲ منہ

ف۲ اگر علام بضم میم اور غیوب بضم غین پڑھے تمام علم ظاہری کا حافظ ہو اور علم لوح محفوظ اسمائے اعظم کی برکت

سے اس پر مکشوف ہو اور عامل اپنی نظر سے معاینہ کرے ۱۲ منہ رح

ف۳) اگر ذی الاناۃ بغیر خال کے پڑھے اس قدر اس کا دل منور ہو اور روشنی پیدا ہو کہ ہر روز ہزار عالم کا عکس اسکے

دل پر پڑے اور اس کو دکھلائی دے اور جانوروں کی بولیاں سمجھنے لگے اگر والاناۃ وال مہملہ کے ساتھ پڑھے کوئی افسوں

اور جادو اس پر نہ چلے اگر کوئی کسی پر جادو کرے تو مسحور عامل کی نظر اور اس کے دم کرنے سے فوراً اچھا ہو جائے اور جادو اتر جائیگا

ف۴ اگر معید بضم دال پڑھے خطرہ حق اس کے دل میں غالب ہو اگر معید کی دال زبر کے ساتھ عبادت کی توفیق اسکو حاصل

ہو اور حرام لقمہ سے بچتا رہے اور سوائے لقمہ حلال کے اس کے حلق میں نہ جائے ۱۲۔

ف۵ اگر فعال بفتح فا اور ذا المن بکسر نون پڑھے دنیا اور مال و منال اور جاہ و حشمت صاحب عمل کو حاصل

ہو۔ اور اس کثرت سے ہو کہ شمار نہ ہو سکے۔ اگر ایک مرتبہ ورد ترک ہو گا تصرف اس کا جاتا رہے گا۔ تمام تصرف

باقی اگلے صفحہ پر

(۲۷) يَا عَزِيْزُ الْمَنِيْعُ الْغَالِبُ عَلَىٰ أَمْرِهٖ فَلَا شَيْءَ يُعَادِلُهٗ يَا عَزِيْزُ -

ترجمہ: اے صاحب عزت قوت والے غالب اوپر امر اپنے کے پس نہیں کوئی کہ برابر ہو اس کے اے عزت والے ۔ ۱۲ ۔

(۲۸) يَا قَاهِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ أَنْتَ الَّذِيْ لَا يُطَاقُ انْتِقَامُهٗ يَا قَاهِرُ

ترجمہ: اے غالب سخت پکڑنے والے تو وہ ہے کہ نہیں طاقت بدلہ لینے تیرے کی اے غالب ۱۲ ۔

(۲۹) يَا قَرِيْبُ الْمُتَعَالِيْ فَوْقَ كُلِّ شَيْءٍ عُلُوُّ ارْتِفَاعِهٖ يَا قَرِيْبُ

ترجمہ: اے قریب بلند شان بلند ہے ہر شے سے بلندی مرتبہ اس کے کی اے قریب ۔ ۱۲

---

(بقیہ حاشیہ) کیلئے بہتر یہ بات ہے کہ چاندی کی انگشتری پر اسکو کندہ کرائے اور ہر وقت پہنے رہے انگشتر مکرر (؟) حکم رکھےگی۔ اگر نوال بکسر نا پڑھے استقدر فقر میں مبتلا ہو کہ کوئی اس کو نہ پوچھے اور محتاج ہو جاوے اور جو کوئی اس شخص کی دعوت کرے تو اسم کی رجعت اس پر خود کرے وہ مفلس اور محتاج ہو جاوے ۱۲ منہ رح ۔ (حاشیہ صفحہ ہذا)

ف اگر علی جمیع امر بکسر ہا و پڑھے ہر چیز پر قادر ہو اور سب اس کے شاگرد اور فرمانبردار ہوں اور اسکی ہیبت و عظمت خلق کے دلوں پر اثر کرے جسکی وہ عزت کرے سب عزت کریں اور جسکو دھتکار دے سب اس سے نفرت کریں اور اگر دو سو بار پڑھے علائق دنیوی سے مجرد ہو اور کوئی علاقہ دنیا سے اس کو نہ ہو ۱۲ منہ رح ۔ ف اگر قاہرہ کا الف ہے کے متصل پڑھیگا جسکو جاہیگا زیر و زبر کرے گا اگر ایک جمعہ دو پرانی قبروں کے بیچ میں بیٹھ کر سر ننگا کرکے اور کپڑا بے سیا پہنکر سات ہزار بار روز پڑھیگا اور دعوت دیگا اور اپنے دشمن کی صورت زرد تصور کرے گا دشمن بیمار ہو گا۔ اور سرخ تصور کرے گا جوش رکھیگا اگر الف کو ذاف کے ساتھ متصل کر کے پڑھے گا کار ہائے دینی و دنیوی انجام پائیں گے جسکو نیت دیکھے گا وہ مجنون ہو جاویگا اور نظر نظر ہو گی ۱۲ منہ رح ف اگر قریب بضم بار متعالی بسکون یا و کل بکسر لام پڑھے فرشتے انسان کی صورت میں ظاہر ہوں اور عامل کو درجہ آسمان پر لے جائیں اور جبرائیل علیہ السلام تسلیم کریں اور اس کو مقام معراج پر پہنچائیں تا کہ قاب قوسین او ادنے کے درجے پر پہنچے۔ وہاں پہنچتے ہی عامل بے ہوش ہو اور چند ساعت کے بعد ہوشیار ہو اور کل کیفیت اس عالم کی بیان کرے۔ صاحب خلوت کو لازم ہے کہ ہر کسی کو اپنی خلوت میں نہ آنے دے اگر قریب بفتح با اور متعالی بضم یا مشدد اور کل بفتح لام پڑھے اور چالیس روز خلوت کرے اور بحکم حذف حرف قل بالقا بحرف مکرر دعوت دے تو عامل کو تاثیر ذکر قریبہ حاصل ہو اور یہ ہے کہ ذکر کے وقت عامل کے ہاتھ اور پاؤں اور اعضاء تن سے جدا ہوں اور پھر یکجا ہوں۔ اس ذکر کے لیے ایک حجرہ علیحدہ تنگ و تاریک ہونا چاہیئے۔ کہ کوئی اس کی آواز نہ سنے اور نہ وہ کسی کی آواز سنے ۱۲ منہ رح۔

(۳۵) یَا جَلِیْلُ الْمُتَکَبِّرُ عَنْ کُلِّ شَیْءٍ فَالْعَدْلُ اَمْرُہٗ وَالصِّدْقُ وَعْدُہٗ یَا جَلِیْلُ

ترجمہ: اے بزرگ متکبر ہر شے سے پس عدل حکم اس کا ہے اور سچا ہے وعدہ اس کا اے بزرگ۔

(۳۶) یَا مَحْمُوْدُ فَلَا تَبْلُغُ الْاَوْھَامُ کُلَّ کُنْہِ ثَنَائِہٖ وَمَجْدِہٖ یَا مَحْمُوْدُ

ترجمہ: اے تعریف کئے گئے پس نہیں پہنچے وہم اس کی تمام حقیقت تعریف اور بزرگی کو اے تعریف کئے گئے

(۳۷) یَا کَرِیْمُ الْعَفْوِ ذَا الْعَدْلِ اَنْتَ الَّذِیْ مَلَاَ کُلَّ شَیْءٍ عَدْلُہٗ یَا کَرِیْمُ

ترجمہ: اے بزرگ بخشش کے اے صاحب انصاف کے تو وہ ہے کہ بھر دیا ہر شئے کو اپنے عدل سے اے بزرگ۔

(۳۸) یَا عَظِیْمُ ذَا الثَّنَاءِ الْفَاخِرِ وَالْعِزِّ وَالْمَجْدِ وَالْکِبْرِیَاءِ فَلَا یَذِلُّ عِزُّہٗ یَا عَظِیْمُ

ترجمہ: اے عظمت والے صاحب تعریف بزرگ اور عزت اور بزرگی اور بڑائی پس نہیں ذلیل ہوتے عزیز اس کے اے بزرگ۔

---

ف۱ اگر یا جلیل بضم لام اور صدق بغیر الف لام اور وعدہ با ذال معجم پڑھے جو کچھ ساتوں زمینوں کے طبقے کے نیچے ہے سب صاحب دعوت پر مکشوف ہو۔ اگر یا جلیل بفتح لام اور الصدق با الف و لام اور وعدہ با دال مہملہ اکتالیس بار پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے خلائق کی نظر سے غائب ہو اور اگر چاہے کہ اپنے کو ظاہر کرے تو پہلی ترکیب سے پڑھے خلق میں آشکارا ہوگا ۱۲ منہ رح۔

ف۲ اگر یا محمود بضم دال اور فلا تبلغ بضم غین پڑھے تمام عالم مشرق سے مغرب تک اس کی ستائش کریں اور اگر یا محمود بفتح دال اور تبلغ بفتح غین اور کل بضم لام پڑھے بجائے احوال مصطفوی موصوف ہو اور تصرف نبوی صلعم اس کو حاصل ہو اور العلماء ورثۃ الانبیاء کے درجہ پر فائز ہو ۱۲ منہ رح۔

ف۳ اگر یا کریم بضم میم اور یا عدل بضم لام اور ملأ با ہمزہ پڑھے مقام ارباب اعیانیہ ظاہراً و باطناً اس کو نصیب ہو۔ اگر کریم بفتح میم پڑھے اپنی اور دوسروں کی کیفیت موت و حیات سے آگاہی پائے ۱۲ منہ رح۔

ف۴ اگر یا عظیم بضم میم اور فاخر بفتح اور لا یذل بے تنوین لام پڑھے تو ذو فنون تمام علوم میں پائے کہ سرداری ملے اور امام العالمین اور عماد الدین کے لقب سے ملقب ہو جو بات زبان سے کہے وہ خلائق کے لئے حجت متین ہو اگر یا عظیم بفتح میم اور ہمزہ ثنا کو الفاخر کے ساتھ وصل کرے اور فلا یذل بغیر تنوین کے پڑھے حق تعالیٰ یہ رتبہ نصیب کرے کہ اس مقام پر کوئی ایسا کافر ہو جو اس کی صورت دیکھنے سے مسلمان نہ ہو اگر مسلمانوں کے لشکر کے مقابلہ میں کافر زیادہ ہوں تو ان کی ہزیمت کے لئے دعوت دے وہ سب کافر بہت ذلیل اور خوار ہوں گے اور ایسے ہی اس باغی کے لئے جو اپنے بادشاہ سے بغاوت کی ہو اسی طور پر اس اسم کی دعوت دے خدا چاہے اثر ہو ۱۲ منہ رح۔

(۳۹) يَا قَرِيبُ الْمُجِيبُ الْمُدَانِي دُونَ كُلِّ شَيْءٍ قُرْبُهُ يَا قَرِيبُ

ترجمہ: اے نزدیک ہونے والے قبول کرنے والے نزدیک ہونے والے ہر شے سے نزدیکی اسکی اے نزدیک ہونے والے ۱۲۔

(۴۰) يَا عَجِيبَ الصَّنَائِعِ فَلَا تَنْطِقُ الْأَلْسُنُ بِكُلِّ آلَائِهِ وَنَعْمَائِهِ يَا عَجِيبُ

ترجمہ: اے عجیب پیدا کرنے والے پس نہیں بیان کر سکتیں زبانیں اسکی تمام نعمتوں اور انعاموں اور تعریف کو اے عجیب ۱۲۔

(۴۱) يَا غِيَاثِي عِنْدَ كُلِّ كُرْبَةٍ وَمُجِيبِي عِنْدَ كُلِّ دَعْوَةٍ وَمُونِسِي عِنْدَ كُلِّ وَحْشَةٍ وَمَعَاذِي عِنْدَ كُلِّ شِدَّةٍ وَيَا رَجَائِي حِينَ تَنْقَطِعُ حِيلَتِي يَا غِيَاثِي۔

ترجمہ: اے میرے فریاد کو پہنچنے والے ہر تکلیف کے وقت اور قبول کرنے والے میری ہر دعا کے وقت اور میرے مونس ہر وحشت کے وقت اور میری پناہ ہر سختی کے وقت اور میری امید جب نہ رہے وسیلہ میرا اے میری فریاد کو پہنچنے والے ۱۲

## چوتھی فصل دعوت لفظی کے بیان میں

اگر عامل چاہے کہ تمام جن وانس اور ارواح اس کے تحت وتصرف میں آئیں اور فرمانبردار ہوں اور اس کے حکم سے سرکشی نہ کریں تو اس کو چاہیئے کہ طریق آداب در سند دوگانہ جیسا اوپر بیان ہو چکا ہے، بشرائط تمام ادا کرے اس کے بعد تسخیرات کا عمل شروع کرے شرائط یہ ہیں بہ نیت نصاب مجموعۂ اسمائے عظام سبحانک

ف ۱ اگر یا قریب بضم با پڑھے پیغمبروں کی جماعت میں پہنچے اور تمام مشکلیں حل ہوں اگر یا قریب بفتح با پڑھے سات تن اوتاد قلندر صاحب عمل کے مصاحب ہوں اور حکمت وعمل سے اسکو آگاہ کریں ۱۲ منہ رح۔

ف ۲ اگر صانع با یا اور شاد بغیر نعمائہ پڑھے تمام نعمت بغیر [illegible] کے ویرانہ کے [illegible] ہو جس وقت [illegible] اسکو دیکھ نہیں قرار [illegible] اگر صانع با یا اور شاد نعمائہ دونوں پڑھے [illegible] ماہتاب اور عطارد یہ تینوں صاحب وزرشے کے فرمانبردار و مطیع ہو جاویں ۱۲ منہ رح

ف ۳ اگر یا غیاثی بفتح یا اور حیلتی بفتح لام پڑھے حق تعالیٰ تمام رنج و غم سے اسکو فارغ کرے اور اس کا دل نعمتہائے بے شمار سے شاداں رہے اگر یا غیاث بغیر یا پڑھے حق تعالیٰ اس کی تمام حاجتوں کو پورا کرے۔ اگر حین بفتح نون اور تنقطع بفتح عین اور حیلتی بفتح یا پڑھے حق تعالیٰ اسکو رزق حسن عطا فرماتے اور خزانہ غیب اور [illegible] اسباب [illegible] ظاہری کا باطنی اسے رزق کے دروازے اسپر کشادہ ہوں ۱۲ منہ رح۔

سے غیاثی تک اکتالیس ہزار بار اور اسکا نصف بہ نیت زکوٰۃ اور اس کا نصف بہ نیت عشر اور اس کا نصف بہ نیت قفل اور بہ نیت دور مد دو برابر نصاب یا نصاب سے دو چند یا تمام شرائط سے دوچند پڑھے مبدل ورختم سات ہزار موافق دعوت حرفی۔ شرائط کے بعد تین خلوتیں ایک گوشہ میں اختیار کرے مگر وہ جگہ ایسی ہو کہ اس کے کان میں کوئی آواز کسی قسم کی نہ پہنچے۔ اگر ایسی جگہ شہر میں میسر نہ ہو تو پہاڑ یا جنگل میں تلاش کرے۔ مگر جس جگہ ایک خلوت کی ہو وہاں دوسری خلوت نہ کرے اگر میسر نہ ہو تو ہر بار اسی کا رنگ تبدیل کرتا رہے۔

پہلی خلوت کا طریق اس خلوت میں حجرہ کی تہ گیرو یا شنجرف سے سرخ کرے یا جو چیز سرخ موجود ہو اسی کی تہ دے پھر اس پر سرخ مصلا بچھا کر بیٹھے۔ اور ہر روز تیس ہزار ساٹھ بار بہ نیت دعوت سات ہفتے تک پڑھے ہر ہفتے میں ایک ہی علامت ظاہر ہوگی آخر ہفتے میں جنوں اور ان کے توابع کا سایہ صاحب دعوت کو معلوم ہوگا اور اسکے روبرو حاضر ہونگے اور عذر کریں گے اور عہد واثق کریں گے۔ مگر صاحب دعوت کو چاہیئے کہ پڑھنے میں مشغول رہے اشارہ سے بات چیت کرے۔ آخرالامر جب وہ بہت عاجز ہوں ان سے مہرہ طلب کرے اور قرأۃ کو معین کرا لے کہ کتنی دفعہ پڑھا جائے جو تم حاضر ہو اس بارے میں عہد واثق کر لے جو ٹھہر جائے اس پر عمل کرے عامل کو چاہیے کہ یہ راز کسی پر منکشف نہ ہونے دے اور نہ کسی سے خود بیان کرے ورنہ یہ تصرف نہ رہے گا۔

دوسری خلوت کا طریق اس خلوت میں حجرہ کی تہ پر زرد مٹی پھیرے۔ اگر زردی نہ ہو سیاہی کی تہ دے اور اس تہ پر اسی رنگ کا مصلا خواہ زرد ہو خواہ سیاہ بچھا کر بیٹھے اور سات ہفتے تک سات خلوتیں اختیار کرے اور قرأت موافق خلوت اوّل پڑھنا شروع کرے ہر ہفتے میں ایک نئی بات کا ظہور ہوگا آخری ہفتے میں کوئی انسان فرزند آدم سے ایسا نہ ہوگا جو اس کا مطیع نہ ہوگا۔ جب اس مرتبے پر پہنچے تو عجب وپندار سے اپنے تئیں بچائے اور مغرور نہ ہو جائے تاکہ اس پھل کا مزہ پائے اور دنیاداروں کی صحبت سے بچتا رہے ورنہ ضرر کا خوف ہے۔

تیسری خلوت کا طریق اس خلوت میں اپنے حجرہ کی زرد رنگ پر سبز رنگ کی تہ دے اور سبز ہی مصلا بچھا کر بیٹھے اور قرأت مذکور بموجب خلوت اوّل پڑھنا شروع کرے پڑھتے وقت عامل پر عجیب و غریب معاملے ظاہر ہونگے سالک کو چاہیئے کہ استقلال کے ساتھ اپنا ورد پڑھتا رہے اور اپنی خاطر میں اصلا وہم کو دخل نہ دے جیسا اس خلوت میں عجائب و غرائب کا ظہور بکثرت ہے ویسا ہی استقلال سالک بھی زبردست ہونا چاہیئے اس خلوت میں سالک جس کام کی طرف خیال کرے گا وہی ہوگا کوئی مشکل نہ رہے گی سب عقدے بامداد ارواح حل ہوں گے سات ہفتے تک خلوت میں رہے ، ہر ہفتے میں نیا ظہور ہوگا . چنانچہ ایک ہفتے میں زمین سے آسمان تک ایک فرش پیدا ہوگا پھر ایک جماعت روحانی حاضر ہوگی اور اس کا ہاتھ پکڑ کر اس فرش کی راہ سے آسمان پر لے جاوے گی اور پہلے آسمان کی سیر کرائیں گے . جتنی روحیں وہاں ہونگی وہ سب اس سے ملاقات کریں گی اسی طرح سب آسمانوں کی سیر کرے گا جب ساتویں آسمان پر پہنچے گا تمام انبیا اور اولیا کی روحوں کا معاینہ کرے گا وہ اس سے دریافت کریں گے کہ تیرا مقصد کیا ہے اگر سالک یہ کہے گا لَا مَقْصُوْدَ اِلَّا اللّٰہُ تو اس کلمے کے سننے سے تمام ارواح خوش ہوں گی اور اس کی تحسین کریں گی اور حق تعالیٰ کی طرف توجہ کریں گی اور اس کو مقبول کرائیں گی بعد حصول قبولیت اس کو لوح محفوظ کے قریب لے جائینگی اور اس کی زیارت سے مشرف کرائینگی . عامل کو چاہیئے کہ کسی کو اس راز سے مطلع نہ کرے ورنہ اس مرتبے سے ہاتھ دھو بیٹھے گا اور یہ مرتبہ نہ رہے گا . بزرگوں نے کہا ہے لَا تُفْشِ اَسْرَارَ الرُّبُوْبِيَّةِ

## پانچویں فصل کلیات و جزئیات کی دعوت کے بیان میں

واضح ہو کہ یہ دعوت بہترین دعوت سے ہے اور بہت سے فائدوں پر مشتمل ہے اور استخراج شرائط اس دعوت کا کتابت و قرأۃ حروف اسم پر ہے اگر بشرائط تمام اس دعوت کو پورا کرے ثمرات بے شمار اور تجلیات بے تکرار معاینہ کرے اور

تھوڑی مدت میں علم لدنی حاصل ہو اور جس کسی کو کسی عمل میں مشکل آپڑے فوراً اس کی زبان سے حل ہو سند استخراج شرائط دعوت اس طور پر ہے کہ جو حرف لکھنے اور پڑھنے میں آتے ہیں مکرر اور غیر مکرر اور مدغم سب کو شمار کرے لیکن لفظ شے میں اختلاف ہے۔ صحیح یہ ہے کہ ہمزہ بھی لے اور حرف ندا اگر کہیں آئے تو اس کو ترک کر دے اگر درمیان میں آئے تو اختیار ہے خواہ لے یا نہ لے غرضکہ تمام حروف اور حرکات اور تشدید اور جزم اور نقاط حروف اصلی اور وصلی جیسا کہ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے علم جفر میں لکھا ہے جمع کرے اور طریق دوگانہ اور شرائط عمل جیسا اوپر بیان ہو چکا ہے عمل میں لائے اور شرائط دعوت اس طور پر ہیں کہ بتعداد حرف مکرر و غیر مکرر بہ نیت نصاب مقدار غیر مکرر بہ نیت زکوٰۃ تمام اسم کے حروف کی مقدار بہ نیت عشر اسم کے پہلے کلمے کے حروف کی مقدار بہ نیت قفل اکتالیس بار مجموعہ اسمائے عظام بہ نیت بذل مقدار نقاط بہ نیت ختم پس بشمار ہر حرف و حرکت اور تشدید و سکون اور نقطہ کے ہزار بار پڑھے۔ مگر قفل میں سو سو بار۔ اس کے بعد بہ نیت دعوت حرف اصلی و وصلی بحکم خذ حرفاً قل الفاً ہر حرف کے پیچھے ہزار بار پڑھے عنایت الٰہی سے سریع الاجابت ہو۔ پہلے اسم کی دعوت کا طریق مثال کے طور پر بیان کیا جاتا ہے تاکہ عامل بخوبی سمجھ لے لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَا رَبَّ کُلِّ شَیْئٍ وَّ وَارِثَهٗ وَرَازِقَهٗ وَرَاحِمَهٗ نصاب چالیس ہزار زکوٰۃ ستر ہزار عشر دو ہزار پانسو چھپن قفل چھ سو بار دور ملائیں مجموعہ اسمائے عظام اکتالیس بار بذل اکتالیس ہزار بار ختم انیس ہزار۔ اس اسم میں ایک سو بیس حروف اصلی و وصلی ہیں پس ہر حرف ہزار بار پڑھے اور بہ نیت دعوت اعداد بھی نکال کر اسی میں شامل کرے اور دعوت دے اور باقی اور اسماء کی دعوت کا طریق اسی پر قیاس کرے۔

## چھٹی فصل سفیر الآدم کی دعوت کے بیان میں

یہ دعوت سب دعوتوں سے عجیب و غریب اور بے مثل اور بے نظیر ہے طالبان واثق کے دریافت کرنے کے لئے لکھا جاتا ہے کہ عامل اس کار میں بیکار نہ ہو اور معلوم

کرے کہ ہر کار کی تدبیر نقطہ پرکار پر کس طرح نمودار ہے۔ واضح ہو کہ چہل اسم نہ افلاک پر منقسم ہیں ہر فلک پانچ ناموں سے نامزد ہے۔ مگر کرسی دو ناموں سے اور عرش تین ناموں سے اور ہر ہفت فلک کے لیے سات سات اقلیم مقرر ہیں اقلیم سے مراد مرتبہ یعنے ہر فلک کو سات سات مرتبے حاصل ہیں۔ مگر کرسی کو دو اور عرش کو تین اور ہر ایک اقلیم کے لیے ایک رئیس مقرر ہے۔ پس عامل پانچ اسم کی دعوت دینے سے پانچ اقلیم کی ماہیت سے مطلع ہوتا ہے۔ مگر دو اقلیم کی ماہیت سے واقف نہ ہوگا اگر واقف ہوگا تو شریعت سے باہر ہو جائیگا۔ کیونکہ اور دعوتیں تسخیر اشیاء کیلئے ہیں اور یہ دعوت خاص مکاشفات عالم علوی اور ما فیہا کیلئے لہذا ہر فلک کی ماہیت[1] ہر اسم کے تحت حاشیہ میں درج ہوگی۔

واضح ہو کہ جیسے اور دعوتوں کی شرائط اسم کی تقسیم پر ہیں ویسے ہی اس کی شرائط تقسیم میں عالم عرش سے مرکز خاک تک ہی داعی جب دعوت سیفی الآدم کی شروع کرے تو اس کو لازم ہے کہ پہلے شرائط ادا کرے اس کے بعد دعوت دے سند شرائط یہ ہے نصاب بارہ ہزار موافق دوازدہ بروج تمام کواکب اٹھائیس ہزار موافق اٹھائیس منازل قمر عشر سات ہزار موافق ہفت کواکب قفل چار ہزار موافق عناصر اربعہ دو معادر تیرہ ہزار موافق افلاک تسعہ و طبائع اربعہ بذل تین ہزار موافق موالید ثلاثہ ختم ایک ہزار موافق مرکز یہ تو شرائط کا بیان تھا۔ اب طریق وضع دعوت معلوم کرنا چاہیئے اور وہ اس طور پر ہے کہ سوائے حروف معنوی اور حرف اشباع اور مدغم اور اسم جامد کے تمام حروف ملتوبی و ملفوظی مرتب اور غیر مرتب اسم کے جمع کرے۔ (مرتب دو سہ حرفی حروف ہیں جنکا ذکر ہر حرف سہ حرفی ہو اور غیر مرتب وہ حرف ہیں جو دو حروف سے مرکب ہوں) پہلے اصلی حروف قائم کرے ان میں سے حروف مرتب وصلی باستخراج کرے (حروف وصلی سے مراد حروف مرتب کے اجزائے تحلیلی ہیں جو نو ہو جاتے ہیں اور ان کو علیحدہ لکھا جائے اس کے بعد ان سہ حرفی حروف ہیں جنکا بعض جزو دو حرفی ہے اس طریق سے عمل کرے کہ اس کی جزو دو حرفی سے پہلے حرف کو جو ثلاثی ہوگا استخراج کرکے علیحدہ

[1] مترجم نے ہر اسم کی ماہیت کو نشان دے کر نیچے لکھا ہے جیسا کہ ناظرین ملاحظہ کریں گے ۱۲۔

لکھتا جائے۔ غرضکہ اسیطرح جس حد تک حروف مرتب نکل سکیں نکالے جب دو حروف رہجائیں کہ جن کے اجزاء کسی طرح سہ حرفی نہ ہوسکیں ان کو دو حرفی میں داخل کرے دو حرفی حروف کو جو دو دو حرفوں سے مرکب ہیں دو چند کرے اور سہ حرفی حروف کو جو تین تین حرفوں سے مرکب ہیں تین میں ضرب دے کر نو کرے پھر تمام حروف کو ضبط کرکے بحساب ابجد تعداد نکالے اور تا اتمام دعوت ہر روز دعوت دے پھر موافق کواکب فلک ثوابت جو اہل ریاضت کے نزدیک ایکہزار ایکسو بیس ہیں ہر کوکب کے مقابل ہزار عدد لے پس تمام عدد گیارہ لاکھ بیس ہزار ہوئے ان کو اعداد حروف اصلی و وصلی پر منقسم کرکے جو حاصل تقسیم ہو بمدت تعداد حرف اصلی و وصلی ہر روز دعوت دے اور جو عدد کہ تقسیم سے رہ گیا ہو یعنی قابل قسمت نہ ہو اس کو اتمام دعوت کے دن پڑھ جائے یہ طریق وضع دعوت تھا جو بیان کیا گیا اب مثال کے طور پہ پہلے اسم کی دعوت کا بیان لکھا جاتا ہے۔

**طریق دعوت اسم اوّل۔** سُبْحَانَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّوَارِثَهٗ وَرَازِقَهٗ وَرَاحِمَهٗ اس اسم میں بحکم قاعدہ نہ بطن چار سو چودہ حروف ہیں اور بحساب ابجد انکی رقم دس ہزار چھ سو ستاون ہے اور حروف اصلی و وصلی کی تعداد ایکسو بیس ہے پس

---

ف۔ اقلیم اوّل فلک اوّل | اگر عامل فلک اوّل کی پہلی اقلیم کی ماہیت دریافت کرنا چاہے تو اس کو لازم ہے کہ پہلے چالیس دن کے زمیں اور چار سرکلوں کی اس سند کے ساتھ دعوت دے اور سالی رنعل بصرۃ کلیا اصعوقن بحق سُبْحَانَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اشناشئہ دعوت جب بیہ انتہا شکر فرما ہوگا اور پھیر گم ہو جائے گا۔ جب اس طرح چند دن گزریں گے تو ایک شخص تخت زر پر سوار چار خادموں کے ساتھ علماء کے لباس میں ظاہر ہوگا۔ اور السلام علیک کرے گا۔ عامل کو چاہیے کہ سوائے جواب سلام کے اور کچھ نہ بولے اور اپنے کام میں مشغول رہے۔ ایک ساعت کے بعد وہ خود ہی کہے گا کہ تیرا کیا مقصد ہے۔ عامل جواب دے کہ میں خالصاً للہ تیری اقلیم کا عجیب و غریب تماشا دیکھنا چاہتا ہوں۔ وہ شخص یہ سنتے ہی عامل کا ہاتھ پکڑ کر اپنے برابر تخت پر بٹھائے گا۔ اس کے چاروں خادم تخت کے چاروں کونے پکڑ کر اڑیں گے۔ اور اپنی اقلیم میں لے جائیں گے۔ اس اقلیم کی جو کچھ تاثیر اور ماہیت ہوگی عامل پر خوب طرح ظاہر ہو جائیگی۔ اور واضح ہو کہ ہر اقلیم کا تخت جداگانہ ہوگا۔ پس جس تخت کو دیکھے گا پہچان لے گا۔ کہ یہ تخت فلاں اقلیم کا ہے ۱۲ منہ رح

ایک دفعہ تو بعدت تعداد حروف اصلی و وصلی ہر روز بموجب ارقام دس ہزار چھ سوستاون بار پڑھے اور دوسری بار عدد کو الکب گیارہ لاکھ بیس ہزار کو ایک سو بیس پر منقسم کرکے جس کی تعداد نو ہزار تین سو تینتیس ہوئی۔ ایک سو بیس روز تک پڑھے۔ اور چالیس عدد جو تقسیم سے باقی رہے اس کو آخر دن میں بڑھالے۔ خدا تعالیٰ کی عنایت سے دعوت موثر ہو باقی اسماء کی دعوت کا طریق اسی پر قیاس کرے

مترجم کہتا ہے کہ جیسا اس دعوت میں اشکال واقع ہوا ایسا کسی میں نہیں ہوا شیخ علیہ الرحمتہ نے اس کے طریق وضع دعوت کو ایسے مجمل الفاظ میں لکھا ہے کہ ترجمہ کرنا تو درکنار اس کا سمجھنا ہی بجائے خود دشوار ہوں سے خالی نہیں اگرچہ ذہنی امور کا اظہار کرنا اور قلم بند کرنا سوائے امداد غیبی کے سخت دشوار ہے مگر الحمد للہ کہ خدا تعالےٰ نے میری مدد کی اور یہ عقدہ حل ہوا۔ واضح ہو کہ طریق وضع دعوت سے لے کر آخر مثال تک ترجمہ کرنے میں شیخ کی عبارت کی پابندی نہیں کی گئی بلکہ ان کے مفہوم کو جو مثل نقطہ موہوم کے معہود ذہنی تھا معرض ظہور میں لایا گیا اور کوئی نکتہ اور دقیقہ فر گزاشت نہیں کیا۔ ہر ایک بیان کو مفصل طور پر لکھ دیا اور آسانی کے لیے نقشہ استخراج حروف بھی لکھ دیا گیا تاکہ سالک بخوبی سمجھ لے۔ اور مترجم کو دعائے خیر سے یاد کرے۔

**حروف ثلاثی** (۲۷) س ان لث لل ال ال ان الث ل ش و ا و اق د ا م

**حروف ثنائی** (۲۰) اب ح ہ ت ي ر ب ی ر ث ہ ر ن ہ ر ح ہ

**دفعہ اوّل** حروف مرتب مستخرجہ بحالت اصل (۱۰) ن ل ل ن ل د د د د یہ حروف سہ حرفی مرتب ہیں جو نو ہو جاتے ہیں۔ اور بحالت وصل (۹۰) مثلاً نون ہے کہ تین حرفوں سے مرکب اس کا ہر حرف سہ حرفی ہے تو تین کو تین میں ضرب دیا تو نو ہوئے۔

**دفعہ دوم**۔ حروف مرتب مستخرجہ بحالت اصل (۱۷) س ل ال ل ل ل ل ل ا ش ل ل ال م اور بحالت وصل (۱۵۳)۔

**دفعہ سوم**۔ حروف مرتب مستخرجہ بحالت اصل (۷) س ل ل ش ل م۔

اور بحالت وصل (۵۴)

دفعہ چہارم۔ حروف غیر مرتب مستخرجہ (۲، ۳، س غ ۴ ابان کا کوئی جز سہ حرفی نہیں ہوتا لہذا ان کو حروف ثنائی میں شامل کیا گیا۔ جیسے ثنائی کے دُو دُو حرف لیئے جائیں گے ویسے ہی ان کے دُو دُو حرف لیے جائینگے۔

میزان حروف غیر مرتب بحالت وصل ——— (۴۰)

میزان حروف مرتب بحالت وصل - - - - - - - - - - (۲۹۷)

میزان حروف بحالت اصل - - - - - - - - - - - (۷۷)

میزان کل ←——→ (۴۱۴۰)

(۲) یَا اِلٰہَ الْاٰلِہَۃِ الرَّفِیْعُ جَلَالُہٗ

(۳) یَا اَللّٰہُ الْمَحْمُوْدُ فِیْ کُلِّ فِعَالِہٖ

(۴) یَا رَحْمٰنَ کُلِّ شَیْءٍ وَرَحِیْمَہٗ

---

ف۱۔ اقلیم دوم (۱) اسماء اوّل | اگر داعی دوسری اقلیم کی ماہیت دریافت کرنا چاہے تو اس کو ضرور ہے کہ پہلے اس کے رئیس اور چار موکلوں کی اس سند کے ساتھ دعوت دے یافکرِ ھوْنِ۔ مُرْسِیْ۔ مُرْقَا۔ اَنْوَجِ بحق یَا اِلٰہَ الْاٰلِہَۃِ (اثنائے دعوت میں رئیس تخت پر سوار مع اپنے چار خادموں کے حاضر ہو اور مطلب دریافت کرے داعی اس کی اقلیم کے سیر کی آرزو کرے رئیس معًا عامل کو تخت پر بٹھا کر اپنی اقلیم میں لے جائے اور ہر ایک چیز کا معاینہ کرا کے متصرف کرا دے ۱۲ منہ رح

ف۲ اقلیم سوم فلک اوّل | اگر تیسری اقلیم کی ماہیت دریافت کرنا چاہے تو پہلے اسکے رئیس اور چار موکلوں کی اس طور پر دعوت دے۔ مَارُدُتْ۔ اَفْتَاشِرْ۔ قَبْطُرْ۔ نَھْرِیْ۔ اَذْنُوْثْ بحق یا اللہ المحمود (اثنائے دعوت میں رئیس مع اپنے چار موکلوں کے تخت پر سوار حاضر ہوگا۔ اور عامل کو بطریق مذکور اپنی اقلیم میں لے جا کر تمام عجائبات دکھا کر متصرف کرا دے گا۔ ۱۲ منہ رح

ف۳۔ اقلیم چہارم فلک اوّل | اگر چوتھی اقلیم کی ماہیت دریافت کرنا چاہے تو پہلے مع اسکے رئیس اور چار موکلوں کے اس سند کے ساتھ دعوت دے۔ نُوَاب۔ تَبْغُنُوْرْ

(فیغوریہ) بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر

(۵) یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَبَقَائِهٖ

(۶) یَا قَیُّوْمُ فَلَا یَفُوْتُ شَیْءٌ مِّنْ عِلْمِهٖ وَلَا یَئُوْدُهٗ

(۷) یَا وَاحِدُ الْبَاقِیْ اَوَّلَ کُلِّ شَیْءٍ وَّاٰخِرَهٗ

(بقیہ حاشیہ) کُوْکِیْ۔ خَیُوْ۔ شوم بحق یَا خَالِقَ کُلِّ شَیْءٍ ۱۲۔ اثنائے دعوت میں رئیس مذکور مع چار خادم بطریق مذکور حاضر ہو کر اپنی اقلیم میں لے جائے اور عجائبات دکھا کر متصرف کرا دے ۱۲ منہ رح۔

ف۱۔ اقلیم پنجم فلک اوّل | اگر پانچویں اقلیم کی ماہیت دریافت کرنا چاہے تو مع اس کے رئیس اور چار مؤکلوں کی اس طرح دعوت دے شمشمیطا۔ شوم۔ اینیاہ۔ ارسیال۔ ارتبیاٹ بحق یا حَیُّ حِیْنَ ۱۲۔ اثنائے دعوت میں رئیس مع خدام حاضر ہو کر اپنی اقلیم کے عجائبات دکھا کر داعی کو متصرف کرا دے۔ ۱۲ منہ رح۔ (۱) شمیم (۲) اسیوم (۳) تبیاٹ)

ف۲۔ اقلیم اوّل فلک دوم | اگر دوسرے فلک کی پہلی اقلیم کی ماہیت دریافت کرنا چاہے تو پہلے مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کے اس سند کے ساتھ دعوت دے۔ اینفرز نوار۔ عتدیاکپ۔ ارنبال۔ بوشیال بحق یا قَیُّوْمُ ۱۲۔ اثنائے دعوت میں رئیس مع اپنے خدام کے سانپ پر سوار حاضر ہو اور بہت تیزی سے مطلب دریافت کرے عامل کو بلا خوف و خطر تیزی سے جواب دے کہ میں تیری اقلیم کے عجائبات دیکھنا چاہتا ہوں پس رئیس نرم ہوگا اور اپنے ساتھ سانپ پر سوار کر کے لے جائیگا داعی اس سانپ کو دیکھ کر کس طرح کا خوف و خطر دل میں نہ لائے اور نہ ڈرے ورنہ جان کا خوف ہے اس سانپ کی مقدار ربع دنیا کے برابر ہوگی۔ اور ہر اقلیم کے سانپ کی صورت جداگانہ ہوگی اور سیر کرا کے متصرف کرا دے گا۔ مگر عامل کو لازم ہے کہ اپنا اسم پڑھتا رہے ۱۲ منہ رح

ف۳۔ اقلیم دوم فلک دوم | اگر دوسری اقلیم کی کیفیت دریافت کرنا اور اپنے تحت و تصرف میں لانا چاہے تو مع اس کے رئیس اور چار مؤکلوں کے اس طریق پر دعوت دے بزمناٹپ۔ بلکونیاپ۔ رھیاپ۔ اذمیاپ۔ کرسیاپ بحق یا وَاحِدُ ۱۲۔ اثنائے دعوت میں رئیس مع خدام بطریق مذکور حاضر ہو کر عامل کو اپنی اقلیم میں لیجائے اور عجائبات دکھا کر متصرف کرا دے ۱۲ منہ

(۸) یَا دَائِمُ بِلَا فَنَاءٍ وَلَا زَوَالٍ لِمُلْکِهٖ وَبَقَائِهٖ

(۹) یَا صَمَدُ مِنْ غَیْرِ شِبْهٍ فَلَا شَیْئَ کَمِثْلِهٖ

(۱۰) یَا بَارُّ فَلَا شَیْئَ کُفُوٌ یُدَانِیْهِ وَلَا اِمْکَانَ لِوَصْفِهٖ

(۱۱) یَا کَبِیْرُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا تَهْتَدِیْ الْعُقُوْلُ لِوَصْفِ عَظْمَتِهٖ

ف۱ اقلیم سوم فلک دوم | اگر تیسری اقلیم کی ماہیت دریافت کرنا اور اس کو اپنے تصرف میں لانا چاہے تو مع اس کے رئیس اور خدام کے اس طرح دعوت دے۔ بَیْتَقُوْلَ۔ اَشْقَبِیْ نَمْرُیَالَ۔ اَمِیکَالَ۔ اَتَنْرَخُوْا بحق یَا دَائِمُ الخ اثنائے دعوت میں بطریق مذکور رئیس حاضر ہو کر مسبح کو اپنی اقلیم میں لے جائے اور عجائبات دکھا کر متصرف کرا دے ۱۲ منہ رح۔

ف۲۔ اقلیم چہارم فلک دوم | اگر داعی چوتھی اقلیم کی سیر کرنا چاہے تو مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کے اس سند کے ساتھ دعوت دے اَذْرِیَایَل۔ دَهْرُوْنِ۔ اَیْنُوْخِیْ۔ اطَالِبِ لِلْعِیْنِ بحق یَا صَمَدُ الخ اثنائے دعوت میں رئیس مذکور بارونق مسطور حاضر ہو کر مسبح کو اپنی اقلیم میں لے جائے اور عجائبات دکھا کر متصرف کرا دے ۱۲ منہ رح۔

ف۳۔ اقلیم پنجم فلک دوم | اگر پانچویں اقلیم کی سیر کرنی چاہے تو لازم ہے کہ پہلے مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کے اس سند کے ساتھ دعوت دے۔ اَکْیَایَل۔ صَنْبَایَل۔ نَمُوْخِیْ۔ اَذْرِیْثِ۔ اَلْغِیْ بحق یَا بَارُّ الخ رئیس اثنائے دعوت میں بطریق مذکور حاضر ہو کر مسبح کو اپنی اقلیم میں لے جا کر سیر کرائے اور متصرف کرا دے۔ ۱۲ منہ رح

ف۴۔ اگر داعی تیسرے فلک کی اوّل اقلیم کی سیر کرنی چاہے تو بطریق مذکور پہلے مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کی دعوت دے سَیْحَتَایَل۔ اَیْثَایَل۔ مَوْشِیَایَب۔ اَزْدِیَایَل۔ اَبْرِیَایَل بحق یَا کَبِیْرُ الخ اثنائے دعوت میں رئیس شیر پر سوار مع اپنے چار موکلوں کے داعی کے روبرو حاضر ہو کر سلام علیک کرے اور شیر سے اتر کر مسبح کے روبرو بیٹھے اور بہت سہمناک الفاظ سے گفتگو کرے۔ عامل بالکل نہ ڈرے اور بلا خوف اسم پڑھتا رہے۔ جب رئیس اس کو قوی اور نڈر دیکھے گا عرض کرے گا کہ تیرا کیا مقصد ہے۔ عامل جواب دے کہ میں فلک سوم کی سیر کرنا چاہتا ہوں رئیس فوراً داعی کا ہاتھ پکڑ کر اپنے ہمراہ

(۱۲) یَا بَارِئَ النُّفُوْسِ بِلَا مِثَالٍ خَلَا مِنْ غَیْرِہٖ ف

(۱۳) یَا زَاکِی الطَّاھِرُ مِنْ کُلِّ اٰفَۃٍ بِقُدْسِہٖ ف

(۱۴) یَا کَافِی الْمُوْسِعِ لِمَا خَلَقَ مِنْ عَطَایَا فَضْلِہٖ ف

(۱۵) یَا نَقِیًّا مِنْ کُلِّ جَوْرٍ لَّمْ یَرْضَہٗ وَلَمْ یُخَالِطْہُ فِعَالُہٗ ف۴

بقیہ حاشیہ) شیر پر سوار کرا کے اپنی اقلیم میں لے جائے اور تماشا دکھا کر متصرف کرا دے۔ اور یہ یاد رہے کہ ہر اقلیم کا شیر جداگانہ صورت پر ہوگا ۱۲ منہ رح۔

ف۱ اقلیم دوم فلک سوم | اگر داعی دوسری اقلیم کی سیر کرنی چاہے تو پہلے بطریق مذکورہ مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کے اس سند کے ساتھ دعوت دے فزکوشِ بوکریش تموھنوشِ ازموارشِ طیطفوشِ بحق یَا بَارِئَ النُّفُوْسِ الخ اثنائے دعوت میں رئیس مذکور بطریق مسطور حاضر ہو کر داعی کو اسی طریق پر لے جا کر بعد سیر عجائبات متصرف کرا دے ۱۲۔

ف۲ اقلیم سوم فلک سوم | اگر عامل چاہے کہ تیسری اقلیم کی سیر کرے تو اس کو لازم ہے کہ اوّل اسکے رئیس کی مع چار موکلوں کے اس سند سے دعوت دے عوریال۔ فنوال نکموذیال۔ ھمصیال۔ صدنیال۔ بحق یَا زَاکِی الخ اثنائے دعوت میں رئیس مذکور بطریق معہود حاضر ہو کر داعی کو اسی طریق سے اپنی اقلیم میں لے جا کر وہاں کے عجائبات دکھائے اور متصرف کرا دے ۱۲ منہ رح

ف۳ اقلیم چہارم فلک سوم | اگر چوتھی اقلیم کی سیر کرنی چاہے تو پہلے مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کی اس طریق پر دعوت دے یا طنیال۔ کطرخیال قومیال۔ انمیال عفیال بحق یَا کَافِی الخ اثنائے دعوت میں رئیس مع اپنے خدام کے حاضر ہو کر داعی کو اپنی اقلیم میں لے جائے اور سیر کرا کے متصرف کرا دے ۱۲ منہ رح۔

ف۴ اقلیم اوّل فلک چہارم | اگر پانچویں اقلیم کی سیر کرنی چاہے تو اوّل مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کے اس سند سے دعوت دے سفریال۔ نحیال۔ سیال۔ فسصال۔ نحلیال بحق یَا نَقِیًّا الخ اثنائے دعوت میں رئیس حاضر ہو اور اپنی اقلیم کی سیر کرا کے متصرف کرا دے ۱۲ منہ رح

نسخہ متعلقہ موکل نمبر۱ نکموال۔ ھمنیال نمبر۲ یاتمیال۔

(۶) یَا حَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ وَسِعْتَ کُلَّ شَیْءٍ رَحْمَۃً وَّ عِلْمًا ہ
(۷) یَا مَنَّانُ ذُوالْاِحْسَانِ تَدْعُمُ کُلَّ الْخَلَائِقِ مَنُّہٗ
(۸) یَا دَیَّانَ الْعِبَادِ کُلٌّ یَقُوْمُ خَاضِعًا لِرَھْبَتِہٖ وَرَغْبَتِہٖ

ف۱ اقلیم اول فلک چہارم | اگر عامل چاہے کہ چوتھے فلک کی پہلی اقلیم کی سیر کرے تو ضرور ہے کہ پہلے مع اس کے رئیس اور چار مؤکلوں کی اس سند کے ساتھ دعوت دے ظہمزیاپ نوھوزیال۔ ارتیایل۔ شموزیاپ۔ اجوذ۔ بحق یا حنان الخ اثنائے دعوت میں رئیس طاؤس پر سوار مع اپنے چار مؤکلوں کے حاضر ہوکر مسبح کو دیکھ کر ہنسے اور کہے کہ تجھکو کیا ہوا ہے اے شخص جو تونے اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالا۔ مسبح کو چاہیئے کہ اپنے کام میں مشغول رہے اور اس کی طرف ذرا التفات نہ کرے تھوڑی دیر کے بعد وہ رئیس عاجزی سے پیش آئیگا اور کہے گا کہ اے فرزند آدم تیرا کیا مقصد ہے ضرور ہم سے بیان کرو داعی فلک چہارم کے عجائبات دیکھنے کی درخواست کرے رئیس یہ سنتے ہی داعی سے کہے کہ اپنا ہاتھ میرے ہاتھ میں دے اور مجھ سے عہد کر اور حق تعالیٰ سے میرے لیے آمرزش کی دعا کر داعی قبول کرے پھر رئیس داعی کو اپنے ہمراہ طاؤس پر سوار کرکے اپنی اقلیم میں لیجاکر بعد سیر عجائبات متصرف کرادے۔ واضح ہو کہ اس فلک کی ہر اقلیم کا طاؤس جداگانہ رنگ پر ہوگا۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ اقلیم دوم فلک چہارم | اگر دوسری اقلیم کی ماہیت دریافت کرنی چاہے تو حسب دستور مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کی اس طریق سے دعوت دے یا جثیاپ۔ انیذاپل رمیاپل۔ ھجیاپ۔ امیماپل بحق یا منان الخ اثنائے دعوت میں رئیس حاضر ہو اور مسبح کو اپنی اقلیم میں لے جاکر عجائبات دکھاکر متصرف کرادے ۱۲ منہ رح۔

ف۳ اقلیم سوم فلک چہارم | اگر تیسری اقلیم کی ماہیت دریافت کرنی چاہے تو پہلے مع اسکے رئیس اور چار موکلوں کی اس طریق سے دعوت دے یادیئیاپل۔ یارکبیابل البکاپل۔ ینبذاپل۔ دمیاپل بحق یا دیان الخ اثنائے دعوت میں رئیس مذکور اسی طریق کے ساتھ حاضر ہوکر مسبح کو اپنی اقلیم میں لے جائے اور عجائبات دکھاکر متصرف کرادے ۱۲ منہ رح۔

(۱۹) یَا خَالِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کُلٌّ اِلَیْہِ مَعَادُہٗ ف

(۲۰) یَا رَحِیْمَ کُلِّ صَرِیْخٍ وَّمَکْرُوْبٍ غِیَاثُہٗ وَمَعَاذُہٗ ف

(۲۱) یَا تَامًّا فَلَا تَصِفُ الْاَلْسُنُ کُلَّ جَلَالِہٖ وَمُلْکِہٖ وَعِزِّہٖ ف

(۲۲) یَا مُبْدِعَ الْبَدَائِعِ لَمْ یَبْغِ فِیْ اِنْشَائِہَا عَوْنًا مِّنْ خَلْقِہٖ ف۴

**ف۱ اقلیم چہارم فلک چہارم** اگر چوتھی اقلیم کی ماہیت دریافت کرنی چاہے تو مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کے اس طرح دعوت دے۔ یاغزکرال۔ ھنیال۔ تصفیال۔ یشعیال۔ ارذیال بحق یاخالق ۱۸ اثنائے دعوت میں رئیس بطریق مذکور حاضر ہو کر مسیح کو اسی طریق سے اپنی اقلیم میں لیجاکر عجائبات دکھاکر متصرف کرادے ۱۲ منہ رح۔

**ف۲ اقلیم پنجم فلک چہارم** اگر پانچویں اقلیم کی ماہیت دریافت کرنی چاہے تو پہلے مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کی اس طرح دعوت دے۔ ارخوال۔ مرادہ۔ فیقیر دونا۔ کوکوش بحق یارحیم ۱۸ اثنائے دعوت میں رئیس بسند مذکور حاضر ہو کر مسیح کو اسی طرح اپنی اقلیم میں لیجاکر عجائبات دکھاکر متصرف کرادے ۱۲ منہ رح۔

**ف۳ اقلیم اوّل فلک پنجم** اگر عامل فلک پنجم کی اقلیم اوّل کی ماہیت دریافت کرنی چاہے تو پہلے مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کی اس سند کے ساتھ دعوت دے۔ امیال۔ بھفیال۔ فزدکوس۔ بھذال۔ دخول بحق یاتام ۱۸ اثنائے دعوت میں رئیس طوطے پر سوار مع اپنے چار خدام کے حاضر ہو اور مسیح کو دیکھ کر سرنگوں ہو کر سواری سے اتر کر مسیح کے روبرو آ بیٹھے تھوڑی دیر کے بعد کھڑا ہو کر مودبانہ گزارش کرے کہ اے عارف خدا تو کیا چاہتا ہے مسیح کہے کہ میں فلک پنجم کی سیر کرنی چاہتا ہوں وہ رئیس یہ بات سنتے ہی اس کا ہاتھ پکڑ کر اپنے طوطے پر سوار کر کے اپنی اقلیم میں لے جاوے اور وہاں کے عجائبات دکھاکر متصرف کرادے ۱۲ منہ رح۔

**ف۴ اقلیم دوم فلک پنجم** اگر دوسری اقلیم کی سیر کرنی چاہے تو پہلے بطریق مذکور مع اس کے رئیس اور چھ موکلوں کے اس سند کے ساتھ دعوت دے یاعفوص۔ قیموں۔ کلبال۔ بلشال۔ شیال۔ طوطال۔ یغفیال بحق یامبدع ۱۸ اثنائے دعوت میں رئیس (بقیہ اگلے صفحہ پر)

(۲۳) یَا عَلَّامُ الْغُیُوْبِ فَلَا یَفُوْتُ شَیْءٌ مِنْ حِفْظِہٖ ف
(۲۴) یَا حَلِیْمُ ذَا الْاَنَاتِ فَلَا یُعَادِلُہٗ شَیْءٌ مِنْ خَلْقِہٖ ف
(۲۵) یَا مُعِیْدُ مَا اَفْنَاہُ اِذَا بَرَزَ الْخَلَائِقُ لِدَعْوَتِہٖ مِنْ مَخَافَتِہٖ ف
(۲۶) یَا حَمِیْدُ الْفِعَالِ ذَا الْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِہٖ بِلُطْفِہٖ

(بقیہ حاشیہ) بطریق مذکور حاضر ہوکر مسبح کو اپنی اقلیم میں لے جائے اور عجائبات دکھا کر متصرف کرادے ۱۲ منہ رح۔

ف۱ اقلیم سوم فلک پنجم | اگر تیسری اقلیم کی ماہیت دریافت کرنی چاہے تو پہلے مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کے اس طریق سے دعوت دے۔ یَاذُفْیَالُ۔ فَنْقِیَالُ۔ مَعْجُوْیَالُ کَلْکَیَالُ۔ فَخْزِیَالُ۔ بِحَقِّ یَا عَلَّامُ الخ اثنائے دعوت میں رئیس بطریق مذکور حاضر ہوکر اپنی اقلیم میں لے جاکر عجائبات دکھا کر متصرف کرادے ۱۲ منہ رح۔

ف۲ اقلیم چہارم فلک پنجم | اگر چوتھی اقلیم کی ماہیت دریافت کرنی چاہے تو پہلے مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کے اس طریق کے ساتھ دعوت دے خَنْقِیَالُ۔ کَلْیَالُ مقبولُ۔ آنقیالُ۔ فَرْدُوْحِیَالُ بِحَقِّ یَا حَلِیْمُ الخ اثنائے دعوت میں رئیس بطریق مذکور حاضر ہوکر مسبح کو اپنی اقلیم میں لیجائے اور وہاں کے عجائبات دکھا کر متصرف کرادے ۱۲ منہ رح

ف۳ اقلیم پنجم فلک پنجم | اگر پانچویں اقلیم کی ماہیت دریافت کرنی چاہے تو پہلے مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کے اس طریق سے دعوت دے فَرْدُوْشِیَالُ۔ آزْدُشِیَالُ بَرْنِیَالُ تَوْشَاقُوْسِیَالُ بِحَقِّ یَا مُعِیْدُ الخ اثنائے دعوت میں رئیس مع اپنے خدام کے بطریق مذکور حاضر ہوکر مسبح کو اپنی اقلیم میں لیجائے اور وہاں کے عجائبات دکھا کر متصرف کرادے ۱۲ منہ

ف۴ اقلیم اول فلک ششم | اگر داعی فلک ششم کی پہلی اقلیم کی ماہیت دریافت کرنی چاہے تو پہلے مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کے اس طریق سے دعوت دے نَغْرُیَالُ کَلْخُوبْثُ۔ سَکْسَافُ۔ آخزُیَالُ بِحَقِّ یَا حَمِیْدُ الخ اثنائے دعوت میں رئیس تخت عاج پر سوار بہمراہی خدام حاضر ہوکر مسبح کو سلام کرے اور دریافت کرے کہ اے فرزند آدم کیا مقصود رکھتا ہے۔ مسبح بیان کرے کہ میں تیری اقلیم کے عجائبات کی سیر دیکھنا

بقیہ اگلے صفحہ پر

(۲۷) یَا عَزِیْزُ الْمَنِیْعُ الْغَالِبُ عَلٰی جَمِیْعِ اَمْرِہٖ فَلَا شَیْئَ یُعَادِلُہٗ

(۲۸) یَا قَاھِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ

(۲۹) یَا قَرِیْبُ الْمُتَعَالِیْ فَوْقَ کُلِّ شَیْئٍ عُلُوُّ اِرْتِفَاعِہٖ

(۳۰) یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَھْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِہٖ

---

(بقیہ حاشیہ) چاہتا ہوں۔ رئیس مقصود مسبح دریافت کرکے اس کا ہاتھ پکڑ کر اپنے برابر تخت پر بٹھائے اور اپنی اقلیم میں لے جاوے اور وہاں کے عجائبات دکھا کر متصرف کرا دے اور واضح ہو کہ ہر اقلیم کے تخت کا رنگ جداگانہ ہوگا۔ ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ۔

ف۱ اقلیم دوم فلک ششم | اگر دوسری اقلیم کی ماہیت دریافت کرنی چاہے تو پہلے مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کے اس طریق سے دعوت دے یَنْھُوْنَ۔ قَنُوْن۔ رَاقِیَال سَمْلِیَال۔ سَکِیَال بِحَقِّ یَا عَزِیْزُ ۱۰۰ اٹھائے دعوت میں رئیس بسند مذکور حاضر ہو کر مسبح کو اسی طریق سے اپنی اقلیم میں لے جائے اور عجائبات دکھا کر متصرف کرا دے ۱۲۔

ف۲ اقلیم سوم فلک ششم | اگر تیسری اقلیم کی ماہیت دریافت کرنی چاہے تو مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کے اس طریق سے دعوت دے اَنْقَیَال۔ نَخْزَیَال۔ رَمْھِیَال۔ نُوْرَقِیَال۔ تَیْطُوْر بِحَقِّ یَا قَاھِرُ ۳۰۶ اٹھائے دعوت میں رئیس بطریق مذکورہ حاضر ہو کر مسبح کو اپنی اقلیم میں لے جائے اور عجائبات دکھا کر متصرف کرا دے ۱۲ رح

ف۳ اقلیم چہارم فلک ششم | اگر چوتھی اقلیم کی ماہیت دریافت کرنی چاہے تو مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کے اس طریق سے دعوت دے یَادِیَال۔ اَعْنِیَال۔ یَحْزِیَال۔ نَیْتُوْن۔ اَبْرَیَال بِحَقِّ یَا قَرِیْبُ ۱۶ اٹھائے دعوت میں رئیس مع اپنے خدام کے بطریق مذکورہ حاضر ہو کر مسبح کو اپنی اقلیم میں لے جائے۔ اور عجائبات دکھا کر متصرف کرا دے ۱۲ منہ رح۔

ف۴ اقلیم پنجم فلک ششم | اگر پانچویں اقلیم کی کیفیت دریافت کرنی چاہے تو مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کے اس طریق سے دعوت دے اَفْرَیَال۔ سَنْبِیَال۔ اِعْشِیَال۔ حَزْدِیْہ صَوْدِیْہ بِحَقِّ یَا مُذِلُّ ۱۰۹۰ اٹھائے دعوت میں رئیس مع اپنے خدام کے بطریق مذکورہ حاضر ہو کر مسبح کو اپنی اقلیم میں لے جائے۔ اور عجائبات دکھا کر متصرف کرا دے ۱۲ منہ رح۔

(۳۱) یَا نُوْرَ کُلِّ شَیْءٍ وَّھُدَاہُ اَنْتَ الَّذِیْ فَلَقَ الظُّلُمَاتِ بِنُوْرِہٖ
(۳۲) یَا عَالِیَ الشَّامِخُ فَوْقَ کُلِّ شَیْءٍ عُلُوُّ ارْتِفَاعِہٖ
(۳۳) یَا قُدُّوْسُ الطَّاھِرُ مِنْ کُلِّ سُوْءٍ فَلَا شَیْءَ یُعَادِلُہٗ مِنْ جَمِیْعِ خَلْقِہٖ

ف۱ اقلیم اوّل فلک ہفتم | اگر فلک ہفتم کی پہلی اقلیم کی ماہیت دریافت کرنی چاہے تو چاہیئے کہ پہلے مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کے اس طریق سے دعوت دے اَبْرَدِقِ بُرْقِیَاْلِ ۔ بَیْزِیَاْلِ ۔ ارنیالِ ۔ عَوْدِیَاْلِ بحق یَا نُوْرُ ۱۲ اثنائے دعوت میں رئیس تخت یاقوت پر سوار مع اپنے تین سو خدام اور بے شمار لشکر کے حاضر ہو (اس تخت کا رنگ ساری دنیا سے نرالا ہوگا) اور مسیح کے خلوتخانہ میں آکر اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ کی ضربیں لگائے اور اس سے ایسا شور ہو کہ نمونۂ قیامت بنجائے ۔ مسیح کو چاہیئے کہ کسی طرح کا خوف و خطر اپنے دلمیں نہ لائے اور اپنے کام میں مشغول رہے وہ دن تو اس طرح گزریگا ۔ دوسرے دن وہ رئیس پھر حاضر ہوگا اور ادب سے کہے گا کہ اے عارف خدا تیرا کیا مقصد ہے مسیح بیان کرے کہ میں فلک ہفتم کے عجائب اور غرائب اشیاء دیکھنا چاہتا ہوں رئیس یہ سنتے ہی داعی کا ہاتھ پکڑ کر تخت پر بٹھا کر اپنی اقلیم میں لے جائے اور عجائبات دکھا کر متصرف کرادے ۱۲

ف۲ ۔ اقلیم دوم فلک ہفتم | اگر دوسری اقلیم کی ماہیت دریافت کرنی چاہے تو پہلے مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کے اس طریق سے دعوت دے بُرْخِیَاْلِ ۔ دَغْیَاْلِ ۔ دُقْدَسِیَاْلِ دَمُوْخِیَاْلِ فُرْدَاْلِ بحق یا عالِیَ الشَّامِخُ ۱۲ اثنائے دعوت میں رئیس مع اپنے خدام کے بطریق مذکور حاضر ہو کر مسیح کو اپنی اقلیم میں لیجائے اور عجائبات دکھا کر متصرف کرادے ۱۲ منہ

ف۳ اقلیم سوم فلک ہفتم | اگر تیسری اقلیم کی ماہیت دریافت کرنی چاہے تو پہلے مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کے اس سند سے دعوت دے مُرْشِیَاْلِ مَنْکِیَاْلِ شَرْفِیَاْلِ ۔ ھُوْنِ ۔ ھُوْرِ بحق یا قُدُّوْسُ ۱۲ اثنائے دعوت میں رئیس مع اپنے چار خدام کے بطریق مذکور حاضر ہو کر مسیح کو اپنی اقلیم میں لے جائے اور عجائبات دکھا کر متصرف کرادے ۱۲ منہ رحمہ ۔

* عودیال نسخہ قندسیال نسخہ منوطیال ۔

(۳۴) یَا مُبْدِئَ الْبَرَایَا وَمُعِیْدَهَا بَعْدَ فَنَائِهَا

(۳۵) یَا جَلِیْلُ الْمُتَکَبِّرُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ فَالْعَدْلُ اَمْرُهٗ وَالصِّدْقُ وَعْدُهٗ

(۳۶) یَا مَحْمُوْدُ فَلَا تَبْلُغُ الْاَوْهَامُ کُلَّ کُنْهِ ثَنَائِهٖ وَمَجْدِهٖ

ف۱ اقلیم چہارم فلک ہفتم | اگر چوتھی اقلیم کی ماہیت دریافت کرنی چاہے تو مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کے اس سند کے ساتھ دعوت دے خزدیائیل۔ طکشیائیل۔ بزدیائیل قطیحیائیل۔ جلبائیل۔ بحق یا مبدئ الخ اثنائے دعوت میں رئیس مع اپنے خدام کے بطریق مذکور حاضر ہوکر مسبح کو اپنی اقلیم میں لیجائے اور عجائبات دکھاکر متصرف کرادے ۱۲ منہ رح

ف۲ اقلیم پنجم فلک ہشتم | اگر پانچویں اقلیم کی ماہیت دریافت کرنی چاہے تو مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کے اس سند کے ساتھ دعوت دے صلیائیل۔ دقیائیل۔ شکیائیل قدحیائیل۔ نفرائیل۔ بحق یا جلیل الخ اثنائے دعوت میں رئیس مع اپنے خادموں کے بطریق مذکور حاضر ہوکر مسبح کو اپنی اقلیم میں لے جائے اور عجائبات دکھاکر متصرف کرادے ۱۲۔

ف۳ اقلیم اول عرش معلےٰ | اگر عرش معلیٰ کی حقیقت دریافت کرنی چاہے تو لازم ہے کہ پہلے مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کے اس سند سے دعوت دے دنیوائیل بزغونائیل۔ اردشیائیل۔ محیائیل۔ عفریائیل بحق یا محمود الخ اثنائے دعوت میں رئیس طرح طرح کے لشکروں کے ساتھ حاضر ہو اور سلام کرے مسبح سوائے جواب سلام کے اور کچھ نہ کہے ایک ساعت کے بعد رئیس مذکور مسبح سے کہے کہ اے موحد خدا تیرا کیا مقصد ہے تو نے اس قدر جفاکشی اختیار کی۔ مسبح عرش کے عجائبات دیکھنے کی آرزو کرے رئیس کہے کہ حاملان عرش تین ہیں جب تک وہ تینوں حاضر نہ ہونگے عرش کی پوری کیفیت و ماہیت معلوم نہ ہوگی منجملہ ان تین کے ایک میں ہوں جو میرے متعلق ہے میں دکھا سکتا ہوں۔ مسبح کہے کہ بہتر ہے جو آپ کے متعلق ہے آپ دکھائیے رئیس مذکور مسبح کا ہاتھ پکڑ کر غائب ہو اور ایک دوسرے کا وجود دونوں میں سے کسی کو نہ دکھائی دے مگر جب عرش کے پاس پہنچیں تو مسبح کے آگے سلام کرکے کھڑا ہو اور بیان کرے کہ جو کچھ میرے متعلق تھا میں نے دکھادیا اب یہاں سے دوسرے کے متعلق ہے۔ ۱۲ منہ رح

(۳۷) یَا کَرِیْمُ الْعَفُوْذُ الْعَدْلِ اَنْتَ الَّذِیْ مَلَاْ کُلَّ شَیْءٍ عَدْلُہٗ

(۳۸) یَا عَظِیْمُ ذَا الثَّنَاءِ الْفَاخِرِ وَالْعِزِّ وَالْمَجْدِ وَالْکِبْرِیَاءِ فَلَا یَذِلُّ عِزُّہٗ

(۳۹) یَا قَرِیْبُ الْمُجِیْبُ الْمُدَانِیْ دُوْنَ کُلِّ شَیْءٍ قُرْبُہٗ

ف۱۔ اقلیم دوم عرش معلیٰ | اگر داعی عرش کی دوسری اقلیم کی ماہیت دریافت کرنی چاہے تو بطریق مذکور مع اس کے رئیس اور چار مؤکلوں کے اس سند کے ساتھ دعوت دے۔ اَزْکِیَالْ دَزْکِیَالْ ۔ سَلْمِیَالْ اَہْخِیَالْ اَلْبُعْثْ بِحَقِّ یَا کَرِیْمُ الخ اثنائے دعوت میں رئیس یا اس قسم کے محافظ زرد کپڑے پہنے ہوئے حاضر ہوں اور اس کا ہاتھ پکڑ کر اپنی اقلیم میں لے جائیں اور وہاں کے عجائبات دکھا کر متعرف کرا دیں ۱۲ منہ رح۔

ف۲ اقلیم سوم عرش معلیٰ | اگر عرش کی تیسری اقلیم کی ماہیت دریافت کرنی چاہے تو پہلے مع اس کے رئیس اور چار مؤکلوں کی اس سند کے ساتھ دعوت دے[1]۔ کَمَادِبْ ۔ اَبْخَمْ ۔ بَرْحَالْ ۔ قَیَالْ بِحَقِّ یَا عَظِیْمُ الخ اثنائے دعوت میں رئیس یا اس قسم کے محافظ سیاہ کپڑے پہنے ہوئے حاضر ہوں اور مسبح کا ہاتھ پکڑ کر اپنی اقلیم میں لے جائیں اور عجائبات دکھا کر متعرف کرا دیں ۱۲ منہ رح۔

ف۳۔ اقلیم اوّل کرسی | اگر داعی کرسی کی ماہیت دریافت کرنی چاہے تو پہلے مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کے اس سند کے ساتھ دعوت دے۔ اَھْنْ ذُبِیْ ۔ سَفْذُجْ نَلُوْبْ ۔ یَا خَسُوْنْ ۔ بِقَیَالْ بِحَقِّ یَا قَرِیْبُ الْمُجِیْبُ الخ اثنائے دعوت میں رئیس سفید لباس کے ساتھ ظاہر ہو اور مسبح سے کہے کہ اے سالک خدا تو کیا چاہتا ہے۔ سالک بیان کرے کہ میں کرسی کی ماہیت دریافت کرنی چاہتا ہوں اس کے جواب میں وہ رئیس کہے کہ اس کے دو محافظ ہیں ایک بلباس سفید جو میں ہوں اور دوسرا بلباس سرخ مجھ کو اپنی اقلیم کی سیر کرانے کا حکم ہوا ہے۔ مسبح کہے بہتر ہے آپ اپنی اقلیم کی سیر کرائیں وہ رئیس معًا مسبح کا ہاتھ پکڑ کر غائب ہو اور اپنی اقلیم میں لے جائے اور وہاں کے عجائبات دکھا کر متعرف کرا دے۔ ۱۲ منہ رح۔

[1] اَلْکَنْ وَاب ۔ [2] کَمَادِبْ ۔ [3] بَشِیْقِفْیَالْ ۔

(۴۰) یَا عَجِیْبَ الصَّنَائِعِ فَلَا تَنْطِقُ الْاَلْسُنُ بِكُلِّ الْاٰلَاءِ وَثَنَائِهٖ فـــ

(۴۱) یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ كُلِّ كُرْبَةٍ فـــ وَمُجِیْبِیْ عِنْدَ كُلِّ دَعْوَةٍ وَمَعَاذِیْ عِنْدَ كُلِّ شِدَّةٍ وَرَجَائِیْ حِیْنَ تَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ

---

فــ اقلیم دوم کرسی | اگر داعی کرسی کی دوسری اقلیم کی ماہیت دریافت کرنی چاہے تو مع اس کے رئیس اور چار موکلوں کے اس سند سے دعوت دے یَا تِیْثَائِیْلُ۔ اَهُوْطَیَائِیْلُ دُوْدُیَائِیْلُ۔ اُمَاشِیَائِیْلُ۔ عُشْیَائِیْلُ بِحَقِّ یَا عَجِیْبَ الصَّنَائِعِ ۱۲ اثنائے دعوت میں رئیس بلباس سرخ حاضر ہو کر مسیح کا ہاتھ پکڑ کر اپنی اقلیم میں لے جائے اور عجائبات دکھلائے مسیح وہاں کے فرشتوں کو یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ كُلِّ كُرْبَةٍ کی دعوت میں مشغول دیکھے ۱۲ منہ رح

فـ۲ جب مسیح اپنی جگہ پر آئے تو اس کو ضرور ہے کہ سند شرائط کے ساتھ چھ مہینے تک اس اسم کی دعوت دے تاکہ ان دعوتوں کا اثر قائم رہے ورنہ جاتا رہے گا۔ اور یہ بھی واضح رہے کہ ان اقلیموں کے بہت سے اسرار نہیں لکھے گئے ہیں۔ سالک حصول مرتبہ سے معلوم کرلے گا۔ ۱۲ منہ رح۔

## ساتویں فصل صراط المستقیم کی دعوت کے بیان میں

واضح ہو کہ تمام دعوتیں تو عجائبات گوناگون دکھلاتی ہیں اور یہ دعوت سالک پر وحدت وجود اور وجود موجود کو تمام منکشف کرتی ہے اور ہر اسم کی اثنائے دعوت میں ہژدہ ہزار عالم کی کیفیت ظاہر ہوتی ہے اور اسمائے جلالی کی تاثیر سے عالم جلال اور اسمائے جمالی کی تاثیر سے عالم جمال اور اسمائے مشترک کی تاثیر سے عالم مشترک کا ظہور ہوتا ہے اور وہ واحدانیت کا علم بیان کرتے ہیں اور محو ہو جاتے ہیں۔ پھر ایک لمحے کے بعد مربی گونی جن کو اسمائے الٰہی سے تعبیر کرتے ہیں سالک کی صورت میں ظاہر ہوتے ہیں سالک ان صورتوں کے دیکھنے سے اپنے آپ کو ایسا بھول جاتا ہے کہ تعجب کرتا ہے کہ میں کون ہوں اور کیا ہوں اور کیا ہوگا۔ جب ہوش میں آتا ہے تو اپنے آپ کو تخلقوا باخلاق اللہ کا مصداق پاتا ہے۔

پھر اپنے[1] آپ کو اسمائے الٰہی کونی سے آراستہ و پیراستہ دیکھتا ہے اور یہ وہ حال ہے کہ بیان نہیں کیا جا سکتا جو کچھ قابل اظہار تھا بیان کیا گیا۔

اب یہ جاننا چاہیئے کہ ہر حرف کئی نقطہ کا ہوتا ہے اس واسطے اسی کے جاننے پر دعوت موقوف ہے۔

| ط ظ | ص ض | س ش | ر ز | د ذ | ج ح خ | ب ت ث | الف[2] |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۸ | ۲ | ۴ نقطہ | ۲ نقطہ | ۵ نقطہ | ۹ نقطہ | ۷ نقطہ |

| ی | ہ | و | ن | م | ل | ک گ | ف ق | ع غ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۹ | ۵ | ۱۲ | ۹ | ۴ | ۱۰ | ۱۵ | ۳ | ۵ |

جب یہ بات معلوم ہو چکی کہ ہر حرف اس قدر نقاط رکھتا ہے تو اب دوسری بات معلوم کرنی چاہیئے اور وہ یہ ہے کہ ہر اسم کے حروف شمار کرے اور ان میں سے حرف مکرر کو طرح کر کے باقی کے نقاط معلوم کر کے شمار کرے اور ہر حرف پر ایک ایک نقطہ[*] موہوم جو ہر فرد کا حکم رکھتا ہے۔ اور حرف مرکب مثل بدن کے ہے اور رقم حرف (یعنی ہیئت حرف) مثل روح کے ہے جیسا کہ بغیر جوہر فرد کے حرف مرکب نہیں ہوتا ویسا ہی جسم بے روح اور روح بے جسم بیکار ہے۔ ہاں روح اور جسم دونوں کے ملنے سے بند کونی و الٰہی محکم ہو جاتے ہیں۔ اب طریق شرائط معلوم کرنا چاہیئے واضح ہو کہ ہر دعوت میں نو نو شرائط ہیں۔ مگر اس دعوت میں نصاب تکرار۔ تو ہم تین ہی ہیں۔ چاہیئے کہ اس ترتیب سے شروع کرے کہ اول آیہ کلام ربانی اور اس کے بعد پانچوں اسم۔ اور آخر میں یا غیاثی ملا کر اس طور پر پڑھے۔ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔ سُبْحَانَكَ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ يَا رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّدَارِثَهٗ وَرَازِقَهٗ وَرَاحِمَهٗ سُبْحَانَكَ يَا اِلٰهَ الْاٰلِهَةِ الرَّفِيْعِ جَلَالُهٗ يَا اَللّٰهُ الْمَحْمُوْدُ فِيْ كُلِّ فِعَالِهٖ يَا رَحْمٰنَ كُلِّ شَيْءٍ وَّرَاحِمَهٗ يَا رَحْمٰنُ يَا حَيُّ حِيْنَ لَا

---

[1] یعنی تمام مراتب الٰہی میں اپنے کو پاتا ہے۔ اور غیر کو اصلاً درمیان میں نہیں دیکھتا ہے۔ ۱۲ کشف الاسرار۔

[2] واضح ہو کہ یہ قسم خط کوفہ پر مبنی ہے۔ کیونکہ یہ خط تمام خطوں کی اصل ہے ۱۲۔ کشف الاسرار۔

---

[*] موہوم شمار میں زیادہ کرے کیونکہ نقطہ [*]

حَيٌّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ يَا حَيُّ يَا غِيَاثِيْ عِنْدَ كُلِّ كُرْبَةٍ وَمُجِيْبِيْ عِنْدَ كُلِّ دَعْوَةٍ وَمَعَاذِيْ عِنْدَ كُلِّ شِدَّةٍ وَرَجَائِيْ حِيْنَ تَنْقَطِعُ حِيْلَتِيْ يَا غِيَاثِيْ تین سو اکسٹھ بار پڑھے۔ پانچ اسم کی نصاب مرتب ہوئی بعض کہتے ہیں کہ یہ ایک اسم کی نصاب ہوئی۔ لیکن صحیح یہی ہے کہ چہل اسماء کو بترتیب مذکور پڑھے گا نصاب مرتب ہو جائے گی۔

سند استخراج دعوت[1] سند دعوۃ ہر نقطے پر ہزار اور حرف اصل پر دس ہزار اور وصل پر ہزار ادو موافق رقم حروف اصل وصل ان چاروں کو جمع کرے اور چالیس روز پر تقسیم کر کے خلوت میں پڑھے تمام اسرار و مدانیت اللہ تعالیٰ کی عنایت سے صاحب دعوت پر مکشوف ہوں گے۔

**دعوۃ اسم اول** سُبْحَانَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّوَارِثَهٗ وَرَازِقَهٗ وَرَاحِمَهٗ اس اسم میں سترہ حروف غیر مکرر ہیں۔ بحساب نقاط خطوط ایک سو بیالیس ایک لاکھ بیالیس ہزار اور بحساب سترہ حروف اصل ایک لاکھ سترہ ہزار اور بحساب چھبیس حروف وصل چھبیس ہزار اور بحساب ارقام حروف اصل و وصل دو ہزار تین سو پینسٹھ جملہ اعداد مذکور تین لاکھ بیالیس ہزار تین سو پینسٹھ ہوئے ان سب کو چالیس دن پر تقسیم کیا تو ہر روز کا ورد آٹھ ہزار پانسو انچاس ہوا۔ پانچ عدد جو تقسیم سے باقی رہے اُن کو آخر روز میں بڑھانا چاہیئے تاکہ تعداد پوری ہو جائے باقی اسماء کا طریق اسی پر قیاس کر لیوے۔

## آٹھویں فصل دعوۃ حقی کے بیان میں

جو غواص کہ دریائے توحید کی پیراکی چاہے اور معدن معانی اور کنوز سبحانی اور بحر قدم سے گوہر نفیس بے قیمت اور لآلی بے نقص سے اپنا دامن پر کر کے باہر آنا چاہے تو اس کو لازم ہے کہ خزانۂ دعوت حقی جو عین واصل الی الحق ہے حاصل کرے خالصاً

---

[1] واضح ہو کہ جو حروف غیر مکرر استخراج کئے ہیں ان کے حروف وصلی چھبیس سے بہت زیادہ ہوتے ہیں۔ معلوم نہیں کہ شیخ علیہ الرحمۃ نے چھبیس کس قاعدہ سے نکالے ۱۲ مترجم عفی عنہ

مخلصاً اللہ تعالیٰ سبحانہ پڑھے تاکہ موصوف بجمیع صفات حق ہو اور عالم علم الیقین اور عین الیقین اور حق الیقین اور حقیقت الیقین کا اس پر مکشوف ہو۔ سالک کو چاہیئے کہ سوائے توجہ حق کے دوسری طرف خیال نہ دوڑائے ورنہ اسم کی جبت اس پر رجعت کریگی۔

واضح ہو کہ جیسے قرآن شریف کے بطن ہیں ویسے ہی اس دعوت کے بھی بطن ہیں جس کو سعادت اصلی نصیب ہے اسی کو یہ دعوت نصیب ہوتی ہے اور کمال حق جیسا کہ حق ہے ظاہر ہوتا ہے للدعوۃ[1] ظہر و بطن و لکل حرف یکون ثمانیہ و عشرون و لکل بطن مشاہدۃ الحق یرفع حجابہ من مرتبۃ الی مرتبہ من الخلق الی الحق فلیس الخلق الا ہو الحق۔

اور دعوات تو طرح طرح کے مشاہدات اور تصرف تکوین اور کشف ملکوت کے لیے ہیں اور یہ دعوت خاص حق کے پہچاننے کے لیے ہے جیسا کہ حق[2] ہے ظاہر ہو اور اس دعوت میں دو دعوتیں اور ہیں ایک وفق اعداد دوسری حرکت الفاظ ہر ایک کا بیان بالتفصیل کیا جاویگا۔

**طریق شرائط ہر سہ دعوت** ۔ عروج ماہ روز پنجشنبہ۔ بترتیب مذکورۂ سابق غسل و دوگانہ ادا کرے اس کے بعد ایک[3] جگہ پر بنیت نصاب چار ہزار چار سو چوالیس بار اور بہ نیت زکوٰۃ روز جمعہ بترتیب مذکورہ شروع کرے۔ اور سات دن ہزار بار ایک[4] مکان میں پڑھے اور دوسرے جمعہ کو بہ نیت عشر ایک مکان میں اور بہ نیت قفل بروز شنبہ ایک مکان میں اوّل درود شریف اور فاتحہ اور آخر میں اخلاص اور درمیان میں اسم اعظم ننانوے بار پڑھے اور بہ نیت دور[5] تمام شرائط مذکور کے اعداد کو دو چند کر کے پڑھے اور بہ نیت بذل سات ہزار بار اور بہ نیت ختم ایک ہزار دو سو بار پڑھے۔

---

[1] یہ دعوت کہ دعوت حقیقت ظاہری و باطنی سے ہے ہر حرف حروف تہجی کے لیے اٹھائیس بطن میں مشاہدہ حق ہے کہ اٹھاتا ہے پردے کو مرتبے سے دوسرے مرتبے کی طرف اور نیز خلقت سے طرف حق کی پس نہیں ہے خلق مگر وہی حق ہے ۱۲ [2] یعنی کمال ذاتی اور کمال اسماء علی وجہ التحقیق معلوم کرے ۱۲ [3] یعنی ایک جگہ میں پڑھے ۱۲ [4] یعنی ہر روز وظیفہ کو ایک ہی جگہ پڑھے ۱۲۔

سند دعوۃ حقی۔ اسم میں جتنے حروف ہوں ان سب کے اٹھائیس بطون معین کرے پھر ان کے عدد نکال کر دُنادے عدد زکوٰۃ کو کل سماعی کے ساتھ ملا کر پڑھے

فائدہ ملترجم عفی عنہ واضح ہو کہ علم کے معنے لغت میں جاننے کے ہیں اور اصطلاحی معنے حضور عند المدرک یعنی ایک شئے کا ذہن میں آجانا اور یہ تین قسم پر منقسم ہے۔ اوّل علم الیقین کہ وجود شئے بطریق تواتر معلوم ہو۔ دوم عین الیقین کہ باوجود متواتر معلوم ہونیکے بچشم خود دیکھے اور معلوم کرے سوم حق الیقین کہ باوجود معلوم ہونے طریق سابق کے وہ تمام آثار اپنے اوپر نمایاں ہوں مثال جیسے آگ کا سوزان ہونا مثلاً کوئی شخص کہے کہ آگ کا کام جلا دینا ہے تو یقین کیا جائے گا۔ کہ بے شک آگ جلانیوالی ہے اس کا نام علم الیقین ہے۔ اگر کوئی چیز آگ میں جلتی ہوئی دیکھی جائیگی تو اس کو عین الیقین کہیں گے کیونکہ فقط اس شخص کے قول ہی پر عمل نہیں ہوا بلکہ اپنی آنکھ سے بھی دیکھا یہ درجہ اوّل سے بڑھ کر ہے۔ اور اگر خود آگ میں گرے اور اس کے آثار بھی اپنے اوپر دیکھے تو اس کو حق الیقین کہیں گے۔ یہ درجہ سب درجوں سے افضل ہے اور اس میں کسی طرح کے شک و شبہہ کو اصلاً دخل نہیں اور دوسری مثال یہ بھی ہے کہ جب کسی شئے کو آگ میں ڈالا جائے اور آگ کے آثار اس پر مترتب ہوں اور وہ شئے مثل آگ کے سرخ اور شعلہ خیز ہو تو حق الیقین ہو جاتا ہے۔ کیونکہ یہ معاینہ مع ظہور آثار ہے اور اصلاح متصوفین میں حق الیقین حقیقت حق کا مقام عین میں بصفت احدیت مشاہدہ کرنے کو کہتے ہیں۔ اور اس جگہ یہ مراد ہے کہ اپنے محب کو بصورت محبوب یا محبوب کو بصورت حق دیکھے اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ اٰدَمَ عَلٰی صُوْرَتِہٖ اسی کا سر ہے ایک درجہ علم کا اور بھی ہے جس کو حقیقۃ الیقین کہتے ہیں وہ اس وقت متحقق ہوتا ہے جب سالک حقیقت حق کا مقام عین میں بصفات احدیت مشاہدہ کرتے کرتے خودی سے نکل جائے۔ اور حقیقت حق بلا حجاب ظاہر ہونے لگے۔ ۱۲

# طریق کشیدن بست و ہشت بطن حروف تہجی مع الارقام

| حرف | بطون | کل مجموعہ |
|---|---|---|
| الف | لام فی الف میم بی لام فی بی میم بی | |
| بی ۱۲ | بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی | ۲۷۲ |
| تی ۴۱۰ | بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی | ۶۷۰ |
| ثی ۵۱۰ | بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی | ۷۷۰ |
| جیم ۵۳ | بی میم بی بی میم بی بی بی میم بی بی | ۲۴۳ |
| حی ۱۸ | بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی | ۲۷۸ |
| خی ۶۱۰ | بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی | ۸۷۰ |
| دال ۳۵ | الف لام لام فی الف میم الف میم بی | ۸۰۰ |
| ذال ۷۳۱ | الف لام لام فی الف میم الف میم بی | ۱۳۹۶ |
| ری ۲۱۰ | بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی | ۴۷۰ |
| زی ۱۷ | بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی | ۲۷۷ |
| سین ۱۲۰ | بی نون بی واو نون بی الف واو واو نون نون | ۵۹۲ |
| شین ۳۶۰ | بی نون بی واو نون بی الف واو واو نون | ۸۳۲ |
| صاد ۹۵ | الف دال لام فی الف لام الف میم بی | ۸۰۵ |
| ضاد ۸۰۵ | الف دال لام فی الف لام الف میم بی | ۱۵۱۵ |
| طی ۱۹ | بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی | ۲۷۹ |
| ظی ۹۱۰ | بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی | ۱۱۷۰ |
| عین ۱۳۰ | بی نون بی واو نون بی الف واو نون و | ۶۵۱ |
| غین ۱۰۶۰ | بی نون بی واو نون بی الف واو نون و | ۱۵۸۱ |
| فی ۹۰ | بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی | ۳۵۰ |
| قاف ۱۸۱ | الف فی لام فی بی الف میم بی بی لام | ۸۷۵ |

| | | |
|---|---|---|
| کاف | الف فے لام فے یے الف میم یے یے لام | ۷۹۵ |
| لام | الف میم لام فے یے میم الف میم یے یے | ۷۸۴ |
| میم | یے میم یے یے میم یے یے یے میم یے یے | ۵۲۰ |
| نون | واو نون الف واو واو نون لام فے الف | ۴۶۰ |
| واو | الف واو لام فے الف واو الف میم یے | ۴۴۳ |
| ہے | یے یے یے یے یے یے یے یے یے یے یے یے یے | ۲۷۵ |
| یے | یے یے یے یے یے یے یے یے یے یے یے یے یے یے یے | ۲۸۰ |

اٹھائیس حروف تہجی کے یہ بطون ہیں جن کے اعداد بھی لکھے گئے ہیں تمام اسمائے عظام کے اس سند پر عدد نکال کر عمل کرے چنانچہ ارقام اسم اول باعتبار بست وہشت بطون ستائیس ہزار چار سو چونتیس ہیں پس ننانوے روز تک متواتر مع موکل سماعی اس سند کے ساتھ پڑھے یَا هُوَ الْكَبِيْرُ بِحَقِّ سُبْحَانَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّ وَارِثَهٗ وَ رَازِقَهٗ وَ رَاحِمَهٗ مترجم کہتا ہے کہ شیخ علیہ الرحمۃ نے اگرچہ حروف تہجی کے اٹھائیس بطون نکالنے کا نقشہ بھی جما دیا اور اس کے اعداد لکھ کر اس کا مجموعہ بھی بتایا۔ مگر کوئی قاعدہ بطون نکالنے کا شیخ علیہ الرحمۃ نے نہیں لکھا کیونکہ یہ مقام نہایت مشکل ہے اور فی زمانا ایسے اسرار سے لوگ بہت کم واقف ہیں۔ لہٰذا ضرور ہوا کہ اسکے ساتھ قاعدہ استخراج بطون بھی لکھا جائے تاکہ ہر شخص مستفید ہو اور بآسانی سمجھ کر جس اسم کے بطون نکالنے چاہے نکال لے۔

## قاعدہ بطون حرف معلوم کرنے کا

واضح ہو کہ عالموں نے اٹھائیس حرفوں کے لئے جدا جدا ہندسے سوائے اعداد جمل کے ایک معین قاعدہ سے تجویز کئے ہیں وہ یہ ہے کہ ہر حرف کا اسم جیسے ہم بولتے ہیں اس طرح اول جلی قلم یا سرخی سے لکھتے ہیں۔ اور اس کے نیچے اس کا عدد جمل کے حساب سے لکھتے ہیں پھر اس اسم میں سے اول حرف کو چھوڑ کر باقی

کا اسم لکھتے ہیں اور اس کے نیچے بھی جمل کے رو سے عدد لکھتے ہیں اسی طرح اس
دوسرے اسم میں سے بھی حرف اوّل کو چھوڑتے جاتے ہیں اور باقی کے اسم اور اعداد
جمل کو لکھتے جاتے ہیں یہاں تک کہ وہ عدد جو اسم جلی کے مقابل حاشیہ پر لکھا ہوا ہے
پورا ہو جائے اور حرف اٹھائیس ہو جائیں اس تعداد کی انتہا نو سے کم اور تیرہ سے
زیادہ نہیں جو حرف کہ ان کا نام دو حرفی ہے تعداد مذکور ان میں تیرہ ہے اور وہ بارہ
حرف ہیں بؔ تؔ ثؔ حؔ خؔ رؔ زؔ طؔ ظؔ فؔ ہؔ یؔ اور جن حروف کے اسماء سہ حرفی ہیں
ان میں سے چار حرفوں دال ذال صاد ضاد میں نو درجے تک عمل مذکور کرتے ہیں
اور دو حرفوں یعنی جؔ اور مؔ میں گیارہ درجے تک اور دس حرفوں میں یعنی الف سؔ
شؔ عؔ غؔ قؔ کاف لؔ نؔ وؔ میں دس درجہ تک باب زیادہ سمجھ میں آنے کے واسطے
ہم ہر ایک کی مثال لکھتے ہیں مثال اوّل اس کا نام الف ہے اور عدد اس کے
۷۸۴- اس طرح پر۔

الف لام فا الف میم فا لام فا یا میم یا (۷۸۴) کل مجموعہ

اسم اوّل تین حرفوں کا ہے اؔ لؔ فؔ اس میں سے الف کو چھوڑ کر دو باقی
کے اسماء نشان اوّل اور نشان دوم کے نیچے لکھے ہیں مع اعداد جمل ان کے نیچے۔
نشان اوّل کے نیچے کا اسم بھی سہ حرفی ہے لؔ اؔ مؔ اس میں سے لؔ کو چھوڑ
کر دو حرف باقی اؔ مؔ اسماء نشان سوم اور چہارم کے نیچے لکھے ہیں۔
نشان دوم کے نیچے کا اسم دو حرفی ہے فؔ یؔ اس میں سے ف کو چھوڑ کر
باقی کا اسم نشان پنجم کے نیچے لکھا ہے۔
نشان سوم کے نیچے کا اسم سہ حرفی ہے یعنی اؔ لؔ فؔ اس میں سے ا کو چھوڑ کر
دو باقی کے اسماء نشان چھ اور سات کے نیچے لکھے ہیں۔
نشان چہارم کے نیچے کا اسم سہ حرفی مؔ یؔ مؔ ہے اسمیں سے مؔ کو چھوڑ کر
باقی دو حرف کے نام نشان آٹھ اور نو کے نیچے لکھے ہیں۔
نشان پنجم کے نیچے کا اسم دو حرفی یؔ یؔ ہے اس میں سے اوّل کو چھوڑ کر

دوم کا اسم نشان دس کے نیچے لکھا ہے۔ اور تعداد جمل ان نشانات کے نیچے کے اسماء کی مع لفظ الف کے ۴۸۷ ہے۔

دوسری مثال ب جس کا بطون ۲۷۲ ہے۔ اسی طرح پر۔

بی    بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی بی    (۲۷۲) کل

اسم بے نشان دو حرفی ب ی ہے اس میں سے ب کو چھوڑ کر ی کا اسم نشان اوّل کے نیچے لکھا نشان ایک کے نیچے کا اسم بھی دو حرفی ی ی ہے اس میں سے اوّل کو چھوڑ کر دوسرے کا اسم نشان دوم کے نیچے لکھا نشان دوم کے نیچے کا اسم دو حرفی ہے اوّل کو چھوڑ کر دوسری کا اسم نشانِ سوم کے نیچے لکھا۔ اسی طرح کئے گئے یہاں تک کہ تیرہ مرتبہ ہو گئے جن کے اعداد جمل کا مجموعہ ۲۷۲ ہو گیا جو ب کا بطون ہے۔

تیسری مثال ج اس کا بطون ۴۸۳ ہے۔

جیم    یی میم یی یی میم یی یی یی میم یی یی    (۴۸۳) کل

اسم ج نشان سہ حرفی ہے ج ی م۔ ج کو چھوڑ کر باقی کے اسماء نشانِ اوّل اور دوم کے نیچے لکھے ہیں نشان اوّل کے نیچے کا اسم دو حرفی، ی ی اس میں سے اوّل کو چھوڑ کر دوسرے کا اسم نشان تین کے نیچے ہے نشان دوم کے نیچے کا اسم سہ حرفی م ی م ہے اس میں سے م کو چھوڑ کر دو باقی کے اسماء نشانِ چہارم اور پنجم کے نیچے لکھے ہیں نشانِ سوم کے نیچے کا اسم دو حرفی ی ی ہے اس میں سے اوّل کو چھوڑ کر دوسرے کا اسم نشان چھ کے نیچے لکھا ہے اسی طرح نشان چہارم کے نیچے کا اسم دو حرفی ہے۔ اس میں سے اوّل کو چھوڑ کر دوسرے کا اسم نشان سات کے نیچے لکھا ہے نشان پنجم کے نیچے کا اسم سہ حرفی م ی م ہے اس میں سے م کو چھوڑ کر دو باقی کا اسم نشان ہشتم اور نہم کے نیچے لکھا نشان ششم کے نیچے کا اسم دو حرفی ی ی ہے اوّل کو چھوڑ کر دوسرے کا اسم نشان دہم کے نیچے ہے۔

نشان ہفتم کے نیچے کا اسم مثل مذکورۂ بالا ہے اس کے حرف دوم کا نشان

گیارہ کے نیچے ہے یہاں تک گیارہ مراتب ہوئے جنکی تعداد جمل ۸۰۲ ہے۔
چوتھی مثال د دال الف لام لام فی الف میم الف میم یی (۸۰۱) کل
جو بطون دال کا ہے۔ اسم دال نشان سہ حرفی ہے دال اس میں سے د کو چھوڑ کر باقی کا اسم نشان ایک اور دو کے نیچے لکھا۔
نشان ایک کے نیچے کا اسم سہ حرفی ہے ال ف اس میں سے آ کو چھوڑ کر دو باقی کا اسم نشان سوم اور چہارم کے نیچے لکھا نشان دوم کے نیچے کا اسم سہ حرفی ہے ل آ م اس میں سے ل چھوڑ کر باقی کے اسماء کو نشان پنجم اور ششم کے نیچے لکھا ہے نشان سوم کے نیچے کا اسم بعینہ مثل سابق ہے اس کے دو حرفوں کے اسم نشان سات اور آٹھ کے نیچے ہیں۔
نشان چہارم کے نیچے کا اسم دو حرفی ف ی ہے اس میں سے ف کو چھوڑ کر باقی کا اسم نشان نہم کے نیچے ہے۔ یہاں تک کہ مجموعہ جمل ان مراتب کا مع اعداد اسم دال بے نشان کے ۸۰۰ ہو گیا۔ ان مثالوں میں سے اول میں دس مراتب اور دوسری میں تیرہ اور تیسری میں گیارہ اور چوتھی میں نو ہیں بارہ مراتب کا کوئی حرف نہیں اور حرف نون اور عین اور غین میں کچھ تصرف اور بھی کرنا پڑتا ہے مثلاً ع کو اس طرح لکھیں گے۔
عین ۔ یی نون یی واو نون یی الف واو نون یی (۶۵۱) کل
اس میں چار نشانوں تک تو بموجب قاعدہ گزشتہ ٹھیک ہے جس کی انتہا نشان ہشتم پہنچتی ہے۔ اگر نشان پنجم کے نیچے کے اسم کو جو سہ حرفی ن و ن ہے بطور سابق لکھیں تو واؤ نون ہونا چاہیئے لیکن تعداد اصل بطون ۲۸ حرف سے دو حرف اور اعداد میں ۶۵۱ سے سات اعداد بڑھ جاتے ہیں۔ اس لئے نون کو لکھ دیا کہ تعداد حروف پوری ہو جاوے اور یہی حال غین میں ہے۔
اور حرف ن میں تصرف اس طرح ہے کہ اس کی صورت یوں مندرج ہے۔
نون واو نون الف واو فاو نون لام فی الف (۶۶۰) کل

قاعدہ کے بموجب عمل کرنے سے تیسرے نشان کے نیچے کا اسم نشان ہشتم کے نیچے کا اسم نشان ہشتم کے نیچے تک ختم ہوتا ہے اور چوتھے نشان کے نیچے کے اسم کو اگر قاعدہ کے بموجب کریں تو الف واؤ ہونا چاہیئے۔ مگر چونکہ عدد بطون اس حرف کے ۶۶۰ ہیں اور مجموعہ اعداد نشان ہشتم تک ۶۲۹ ہے تو صرف ۳۱ عدد کی کسر ہے۔ اس لئے اسم الف کے شروع کے دو حرف بڑھاکر مراتب دس کئے گئے اور تھوڑا سا تصرف حرف لام کے مراتب میں ہے کہ آخر کو بجائے اسم دو حرفی اسم یی بہ کے صرف اسم ی، لکھتے ہیں۔

**واضح** ہو کہ بعد بیان نکالنے اٹھائیس بطون حروف کے شیخ علیہ الرحمتہ نے طریق استخراج موکلات روحانی اسما لکھا ہے مگر وہ اس قدر دقیق اور مبہم ہے کہ فہم اس کے تمام ادراک سے قاصر ہے اور جو اصطلاحات اس میں درج ہیں شاید شیخ کے زمانہ میں ان کے جاننے والے بکثرت ہوں گے۔ اس لئے ان اصطلاحوں کی تصریح اور تشریح کی ضرورت شیخ کو نہ ہوئی۔ مگر اس زمانہ میں وہ اصطلاحات محتاج توضیح و تلویح ہیں۔ کیونکہ فی زمانہ نا ماہرین اس فن کے مفقود ہیں نہ ایسی کوئی شافی کتاب فن دعوات میں پائی جاتی ہے جو تکسیر وغیرہ کے جزو کل اعمال اور قواعد اور اصطلاحات کی تعریف پر حاوی ہو جس سے مدد لے کر اس مرحلے کو طے کیا جاوے مجبوری کے باعث معذوری ہے۔ ہاں عاجز (مترجم) نے اس فن کی بعض کتابیں جہاں جہاں سنی ہیں وہاں سے طلب کی ہیں۔ اگر وصول ہو گئیں اور مقصد ان سے حاصل ہوا تو چونکہ اس کی تکمیل تک ایک وقت درکار ہے۔ لہٰذا موجب حرج کار، کتاب کے ضمیمہ میں اس قاعدہ کو بھی شامل کر دیگا۔ ورنہ مَالَا یُدْرَکُ کُلُّہٗ لَا یُتْرَکُ کُلُّہٗ پر عمل کرے جن جن مطالب کا ترجمہ ممکن ہوگا کر دیا جاوے گا۔ چنانچہ اس بحث (یعنی استخراج موکلات روحانی) کو بالفعل ملتوی رکھ کر آگے سے ترجمہ کیا جاتا ہے۔

---

# نویں فصل دعوۃ اویسیہ کے بیان میں

اگر عامل اسمائے عظام یا اسمائے حسنٰے وغیرہ کی دعوۃ دینی چاہے تو اس کو چاہیے کہ اسم کے اعداد نکال کر بارہ پر طرح کرکے جو باقی رہے اس کو اسی برج سے شمار کرے وہی برج اس اسم کے موافق ہوگا اور اُس برج کی جو خاصیت ہوگی خواہ آتشی خواہ بادی یا خاکی یا آبی وہی اس اسم کی ہوگی ایسے ہی صاحب دعوت بھی اپنے نام کے اعداد مع اعداد اسم صاحب حاجت نکال کر بارہ پر طرح دے اگر دونوں کے برج موافق ہوں یا خاصیت میں موافق ہوں اس عدد کو لے اور اسی کے موافق پڑھے اور اگر اسم خاصیت بادی میں ہو اور خود آبی یا خاکی ہیں تو باعث ہلاکت ہے اس وقت اس کو لازم ہے کہ اپنے اسم کی تعداد باقی ماندہ کو دو چند کرکے پڑھے ۔ اور اگر کوئی بحاجت خیر یا بہ نیت کشف قلوب یا اس قبیل سے دعوت دینی چاہے تو اس کو لازم ہے کہ اسی بُرج کی ساعت میں جس میں خاصیت اسم اعظم واقع ہوئی ہے شروع کرے اور بعد طرح دوازدہ گانہ جو کچھ اسم اعظم اور نام صاحب دعوت سے باقی رہا ہو اس کے ہر عدد کے برابر ہزار بار پڑھے اور اتنے ہی دن تک پڑھے اگر بارہ ہیں تو بارہ روز بارہ ہزار اگر گیارہ روز بروز گیارہ ہزار بار پڑھے وقس علی ہٰذا اور جس برج سے اسم شروع کیا ہے اسی بُرج میں تمام کرے اور اس اوّل و آخر کی سند کا بہت خیال رکھے مگر کسی کو مسخر کرنا چاہے اور اپنی جاہ و عظمت کی ترقی کا خواہاں ہو اور مرید و معتقد بہت سے ہوں اور تمام خلق ثنا گو ہو تو اس کو چاہیے کہ اسم اعظم کو اپنے اسم کے برج سے شروع کرے جیسا کہ ستا اسم اعظم میں مذکور ہے اگر کوئی شرط شرائط مذکورہ بالا سے فوت ہوگی یا تفاوت واقع ہوگا تو رجعت ہوگی ۔ اس دعوۃ میں یہی شرائط ہیں اور شرائط کی محتاج نہیں ۔

---

سلہ جیسا کہ شیخ علیہ الرحمۃ آگے بیان فرماتے ہیں ۔ مترجم

## دسویں فصل دعوۃ مجموعہ خمسیہ کے بیان میں

اس دعوت میں سوائے مرشد کی اجازت کے اور کوئی شرط نہیں ہے جیسا کہ پچھلی دعوتوں میں نصاب زکوٰۃ عشر قفل وغیرہ تھی، کیونکہ حق تعالیٰ نے اپنے دوستوں کے لئے اس دعوۃ کو سریع الاجابت مقرر فرمایا ہے۔ جو طالب صادق دعوت مجموعہ ادا کرے تو اس کو چاہیئے کہ کوئی گوشہ اختیار کرے۔ یا حجرہ یا کنارہ آب یا باغ یا کوہ یا نماز معکوس میں دعوت دے اگر ان میں سے کوئی جگہ میسر نہ ہو تو کسی خالی گھر میں آدھی رات کو حضوری دل کے ساتھ پڑھے۔ اس کے بعد مقہوری کے لئے دو بار مہمات کے لئے تین بار اور خلاصی محبوس کے لیے چھ بار اور غائب کے آنے کے لیے سات بار اور رہزنوں کے دفعیہ کے لیے آٹھ بار اور خلائق کے دلوں میں محبت ہونے کے لیے نو بار پڑھے۔ خدا چاہے تمام حاجتیں روا ہونگی۔

ایضاً۔ ہر روز بعد نماز فجر موافق دوازدہ برج بارہ بار اور بعد نماز عصر موافق خمسہ متحیرہ پانچ بار پڑھا کرے تصرف اسماء عظیم زیادہ ہو۔ اور اسم کی رجعت اس پر عائد نہ ہو ایضاً اگر کوئی شخص کچھ ذکر و فکر نہیں رکھتا تو اس کو لازم ہے کہ اکتالیس روز تک مجموعہ اسمائے عظیم کو بوقت شب بلا ناغہ پڑھا کرے خدا چاہے تصرف ظاہری و باطنی اس کو نصیب ہو۔ لیکن سند دعوت خمسیہ ضرور معلوم کرے۔ اگر صاحب حاجت کو بروز شنبہ کوئی حاجت پیش آئے تو اس کے حصول کے لیے سُبُحَانَكَ سے یَا حَیُّ تک پانسو بار پڑھے۔

اگر یکشنبہ کو کوئی حاجت پیش آوے تو یَا قَیُّومُ سے یَا بَارُّ تک پانسو بار پڑھے اگر دوشنبہ کو کوئی مہم درپیش آوے تو یَا کَبِیرُ سے یَا نَقِیًّا تک پانسو بار پڑھے۔ اسی طرح سہ شنبہ کو یَا حَنَّانُ سے یَا رَحِیمُ تک پانسو بار پڑھے خدا چاہے اس کا مقصود حاصل ہو۔

اگر چہارشنبہ کو کوئی حاجت پیش آوے تو یَا تَامُّ سے یَا مُعِینُ تک پانسو بار پڑھے

اگر پنجشنبہ کو کوئی ضرورت پیش ہو تو یَا حَمِیْدُ سے یَا مُذِلُّ تک پانسو بار پڑھے۔
اگر جمعہ کو کوئی حاجت پیش آوے تو یَا نُوْرُ سے یَا جَلِیْلُ تک پانسو بار پڑھے۔
اور جس شب کو کوئی مہم پیش آوے تو یَا مَحْمُوْدُ سے یَا غِیَاثِیْ تک پانسو بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ وہ مہم سرانجام پائیگی۔ اور حاجتیں روا ہونگی۔

مترجم کہتا ہے کہ شیخ علیہ الرحمۃ نے حاشیہ پر اس کی سند اس طور پر لکھی ہے کہ بہ نیت ادائے شرائط مجموعہ ایک ہزار اکتالیس بار جس مدت تک چاہے پورا کرے اور بعض مشائخ یوں فرماتے ہیں کہ بہ نیت ادائے شرائط مجموعہ عشرہ اخیرہ ماہ شعبان سے لیکر آخر روز ماہ رمضان تک مع الشرائط والخلوۃ ہر روز ایک اسم ایک ہزار ایک بار پڑھے اگر اس مدت میں دو ایک اسم باقی رہ جائیں تو ان کو آخر روز میں پورا کرلے۔ شرائط کے ادا کرنے کے بعد تین یا سات یا نو یا بارہ یا چالیس روز تک بعد دکبیر اپنی حاجات کے لئے صبح صادق اور کاذب کے درمیان مع اعتصام واختتام پڑھے بے شک حاجتیں روا ہوں گی۔ **اعتصام یہ ہے۔**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّةٍ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّةٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِحَقِّ سُبْحَانَكَ الخ

**اختتام** اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الشَّرِیْفَةِ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَسْئَلُكَ اِیْمَانًا وَّاَمَانًا مِّنْ عُقُوْبَاتِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَنْ تَحْبِسَ عَنِّیْ اَبْصَارَ الظَّلَمَةِ وَالْمُرِیْدِیْنَ بِالسُّوْءِ وَاَنْ تَصْرِفَ قُلُوْبَهُمْ مِّنْ شَرِّ مَا یُضْمِرُوْنَهٗ اِلٰی خَیْرِ مَا یَمْلِكُهٗ غَیْرُكَ اَللّٰهُمَّ هٰذَا الدُّعَاءُ مِنِّیْ وَمِنْكَ الْاِجَابَةُ وَهٰذَا الْجُهْدُ مِنِّیْ وَعَلَیْكَ التُّکْلَانُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ **دعاء استجابۃ** یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَیَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَیَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ وَیَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ وَیَا مُخْرِجَ الْمُذْنِبِیْنَ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ تَوَکَّلْتُ عَلَیْكَ یَا رَبِّ فِیْ قَضِیَّتِیْ وَفَوَّضْتُ

اُمُورِیْ اِلَیْکَ یَا رَزَّاقُ یَا فَتَّاحُ یَا بَاسِطُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۔

# گیارھویں فصل دعوۃ کبیرہ کے بیان میں

جو غواص کہ دریائے دعوت سے گوہر بے بہا نکالنا چاہے تو اس کو لازم ہے کہ شرائط کی کشتی پر سوار ہو کر اس دریا میں آئے اور مقصود کے جواہر سے اپنا دامن پر کر کے باہر لائے۔ اکثر مشائخ دعوۃ کبیرہ کا عمل کرتے ہیں اور اپنی مراد کو بھی پہنچتے ہیں لیکن بسبب عدم استکمال شرائط اور لوگوں کو فائدہ نہیں پہنچا سکتے کیونکہ اذا فات الشرط فات المشروط قول اکابر ہے اس کتاب میں جو کچھ اعمال نقل کئے گئے ہیں بعض تو بزرگان زمانہ سے منقول ہیں اور سنے گئے ہیں اور بعض اپنے مجاہدات و ریاضات کے مشاہدہ سے اور بعض الہام ربانی اور فیوض یزدانی سے غرضکہ یہ اعمال سب بالہام ربانی لکھے گئے ہیں اس دعوۃ کی تاثیر حضرت سلطان الموحدین سے منقول ہے۔ اور انہوں نے شیخ علی شیرازیؒ سے اور انہوں نے اپنے پیر سے تا حضرت علی کرم اللہ وجہہ نقل کیا ہے جو شخص اس دعوت کو بشرائط تمام اتمام کو پہنچا دے اور وقت سفر آخرت یعنی مرتے وقت دوسرے شخص کو اس کے تصرف دینا چاہے تو اس کو اجازت دے دے بے شک وہ شخص بلا ادائے شرائط متصرف ہو جائے گا۔ اسی طرح پندرہ پشت تک اس عمل کا تصرف باقی رہے گا۔

واضح ہو کہ بعض مشائخ نے اس کی شرائط مختصر بیان کی ہیں۔ لیکن مختصر میں فائدہ بھی مختصر ہے۔ اور کثرت میں فائدہ بھی بکثرت ہے۔ جب کہ قاری بعد تمام شرائط جنکا بیان آگے آئے گا حامل اور متصرف ہو تو چاہیئے کہ اسمائے عظام کے اسرار سے واقف ہو امام فخر رازی اپنی کتاب سر مکتوم میں تحریر فرماتے ہیں کہ چالیس انبیاء علیہم السلام کے لئے مجموعہ چہل اسماء سے ہر ایک کے واسطے ایک ایک اسم ذات تھا۔ جو وہ پڑھا کرتے تھے۔ اسی وجہ سے ان کو چہل اسماء کہتے ہیں جبکہ

ہمارے سردار محمد صلی علیہ وسلم خاتم النبیین کا ظہور ہوا تو انکے لئے اللہ اسم ذات ہوا جو پچھلوں کے لئے اسماء ذاتی تھے۔ وہ آپ کے لئے اسمائے صفاتی ہوئے فقط اب یہ بیان کہ کس کس اسم کا ورد کون کون سے نبی کیا کرتے تھے مع اسمائے عربی جوان ناموں کا ترجمہ عربی زبان میں ہے۔ اور اب انھیں کو چہل اسماء کہتے ہیں اور وہی پڑھے جاتے ہیں۔ آئندہ تفصیل کے ساتھ ہر ایک اسم کے تحت میں بیان کیا جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

طریق شرائط مثلاً اگر اسم میں بیس حرف ہوں تو ہر حرف پر ہزار لے۔ اور اس مجموعہ الوف کو بیس میں ضرب دے تو نصاب مرتب ہو اور اس کے نصف سے زکوٰۃ اور اس کے نصف سے عشر اور قفل دس ہزار دو سو دس برابر نصاب بذل سات ہزار ختم ایک ہزار دو سو بار اس کے بعد بہ نیت دعوت بیس روز تک ہر روز بیس ہزار بار پڑھے۔ اور جس قدر اس اسم کی دعوت کے شرائط ہیں قفل۔ بذل ختم کی تعداد لکھی ہے اسی قدر اور اسمائے عظام میں ہے۔ کیونکہ بزرگوں سے اسی طرح سنا گیا ہے دعوت اسم اوّل یا ھمرائیل یا ھوائیل بحق شقثیا تغشیرہ سُبْحَانَکَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَارَبَّ کُلِّ شَیْئٍ وَوَارِثَہٗ وَرَازِقَہٗ وَرَاحِمَہٗ اس اسم میں چھیالیس حرف ہیں بقاعدۂ مذکور تعداد اس کی اکیس لاکھ سولہ ہزار بہ نیت نصاب دس لاکھ اٹھاون ہزار بہ نیت زکوٰۃ پانچ لاکھ انتیس ہزار بہ نیت عشر دس ہزار بہ نیت قفل دو سو دس برابر نصاب بذل سات ہزار ختم بارہ ہزار اس کے بعد بہ نیت دعوت چھیالیس روز تک چھیالیس ہزار بار پڑھے باقی اسماء کو اسی پر قیاس کرے۔

فائدہ واضح ہو کہ اس اسم کی دعوت آدم علیہ السلام سے منسوب ہے جبکہ حضرت آدم جنت سے نکالے گئے۔ تو ان کے ساتھ ہی طاؤس اور سانپ بھی نکالے گئے جب آپ دنیا میں آئے تو بہت حیران و پریشان پھرتے رہے اور ایک مدت گریہ و زاری کرتے رہے جس وقت حق تعالیٰ نے اپنا فضل و کرم کیا۔ اور نظر رحمت سے دیکھا تو آپ نے بالقائے ربانی پر طاؤس کو دیکھ کر اس اسم کو قوت باطنیہ سے

دریافت فرمایا۔ اور پڑھنا شروع کیا اس کی برکت سے آپ کی نظر عالم بالا پر پہنچی اور اپنے مقام کو معاینہ فرمایا تو بہشت سے نکلنے کا تاسف دل سے یکایک برطرف ہوا۔ اور بہت خوش ہوئے پھر تو آپ نے اس کو زیادہ پڑھنا شروع کیا۔ جب اجابت کامل ہوئی تو موکل حاضر ہوئے ہیں اور انہوں نے آپ کو سب آداب سکھائے۔ پس جس وقت آپ کا اپنے اصلی مقام کے دیکھنے کو جی چاہتا اس اسم کو مع موکل پڑھنا شروع کرتے اور اس کی بدولت آپ اپنی مراد کو پہنچتے۔ ایسے ہی جس کام میں کوئی مشکل واقع ہوتی آپ ان موکلوں سے دریافت کر لیتے۔ اسی طرح خدا تعالیٰ نے ہر پیغمبر کی پرورش فرمائی ہے موکلات اسماء اربعین جو ہر پیغمبر پر ظاہر ہوئے ہیں۔ ہر اسم کے تحت میں لکھے جائیں گے اس اسم کے چار موکل یہ ہیں یا رھطیال وا ذنا رعن و ذرحن اگر عامل اجابت میں توقف دیکھے تو یہ اسم مع اس اسم کے اور موکلات کے پڑھے خدا چاہے جلد اجابت کا اثر ہو اس کی سند اس طور پر ہے یَا رَھْطَیَائِیْلُ اَذْنَا رُعْنِ وَ ذَرَحَنِ بحق شتحبثا ۱۲ شرح سر مکتوم امام فخر الدین رازی۔

(۲) یَا اِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ شَمُوطِیْنَا تفسیرہ یَا اِلٰہَ الْاٰلِہَۃِ الرَّفِیْعُ جَلَالُہٗ یَا اِلٰہُ واضح ہو کہ اس اسم کی دعوت حضرت نوح پیغمبر علیہ السلام سے منسوب ہے جب آپ کا ظہور دنیا میں ہوا اور ہوشیار ہوئے ایک دن ہولناک ایک درخت کے نیچے بیٹھے ہوئے تھے یکایک کیا دیکھتے ہیں کہ وہ درخت حق سبحانہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول ہے۔ جب آپ نے بامداد الٰہی فیض باطنی سے اس ذکر کو دریافت کیا۔ اور اچھی طرح معلوم کر لیا۔ تو خود بھی اس ذکر میں مشغول ہوئے اور پڑھنا شروع کیا۔ وہ ذکر یہی اسم تھا جس کا ورد آپ نے کیا ایک روز چار فرشتے بصورت انسان آپ کے پاس آئے اور بیٹھے رہے آپ کو ذکر کی مشغولی کے سبب سے کچھ نہ معلوم ہوا کہ کون آکر بیٹھا۔ ایک ساعت کے بعد خود ہی ان موکلوں نے ظاہر کیا کہ ہم اس اسم کے مسخر ہیں۔ حسب ارشاد الٰہی اس اسم کی برکت سے آپ کے مسخر ہوئے۔ جس معجزہ کی تکمیل کے لیے آپ اس اسم اعظم کو پڑھیں گے ہم فوراً اس کی تکمیل کریں گے۔ یا جس

یا جس کام کے لئے آپ ارشاد فرمائیں گے بجا لائیں گے۔ نام ان مؤکلوں کے یہ ہیں
حنطش تغیر یال خردیال۔

(۳) یَا اِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ مَعْزُوْسَنَ تَفْسِیْرہٖ یَا اَللّٰہُ اَلْمَحْمُوْدُ فِیْ کُلِّ فِعَالِہٖ یَا اَللّٰہُ اس کی دعوت
حضرت شیث پیغمبر علیہ السلام سے منسوب ہے جب آپ نے باذن الٰہی اس اسم کو
پڑھا موکل حاضر ہوئے اور آپ کے معجزات نبوت کمال کو پہنچائے فقط ان کے نام اس
اس تفصیل سے ہیں تمسیال عمنیال حجرقال عقہیال۔

(۴) یَا اَمْوَاکِیْلُ بِحَقِّ طَھْفَتُوْنَ تَفْسِیْرہٖ یَا رَحْمٰنَ کُلِّ شَیْءٍ وَرَاحِمَہٗ اس اسم کی
دعوۃ حضرت ایوب علیہ السلام سے منسوب موکل اس کے بصورت انسان آپ کے
پاس حاضر ہوئے اور طرح طرح کے آداب ظاہری و باطنی اور معرفت نبوت سے
آگاہ کرتے اور آپکی محافظت کرتے لیکن آپ نے کبھی یہ نہ جانا کہ یہ فرشتے ہیں جب
اس اسم کی قرأت کمال درجہ کو پہنچی انہوں نے ایک روز خود ظاہر کیا کہ ہم اس اسم
کے تابع ہیں انسان نہیں ہیں فرشتے ہیں آپ جس کام یا جس معجزہ کے انصرام کے لئے
اس کو پڑھیئے گا فوراً اس کام کو انجام دیں گے۔ ان کے نام اس تفصیل سے ہیں۔
اُرْقِ مُیْفَتُوْیَال حُوْمیال دَدْق صفیقال موسیال

۵ یَا مُنْکَفِیْلُ بِحَقِّ خَشِیْنُوْزِ تَفْسِیْرہٖ یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمِیَّۃِ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَا حَیُّ
اس اسم کی دعوت حضرت خضر علیہ السلام سے منسوب ہے جب آپ کو باذن الٰہی
اس اسم کی معرفت نصیب ہوئی تو آپ اس کی دعوت میں مشغول ہوئے۔ بعد تکمیل
تین موکل حاضر ہوئے آپ کو آب حیات پلایا اور تمام معجزات وغیرہ کا انصرام کیا
فقط اور یہ موکل محافظ آب حیات کے ہیں جن کے نام یہ ہیں تبشیال ذکریال کحفف
جو کوئی اس اسم کی دعوت دے گا زمرۂ اولیاء اللہ لا یموتون میں داخل ہوگا۔ اور
برگزیدۂ درگاہ الٰہی ہوگا۔

(۶) یَا عَظْرَائِیْلُ بِحَقِّ مُتَوَقَّبَ تَفْسِیْرہٗ یَا قَیُّوْمُ فَلَا یَفُوْتُ شَیْءٌ مِّنْ عِلْمِہٖ وَلَا یَئُوْدُہٗ
اس اسم کی دعوت حضرت عیسےٰ علیہ السلام سے منسوب ہے جب آپ نے اس کو

باذن الٰہی پڑھنا شروع کیا چار مؤکل حاضر ہوئے اور آپ کے مسخر ہو کر معجزات نبوت کے استعمال میں مصروف ہوئے فقط ان مؤکلوں کے نام اس تفصیل سے ہیں۔ اَمْبِق تَخْمَرِیْوُ فَتْشِیَاب ۔ ...

(۷) یَادَمَّائِیْلُ بِحَقِّ جَجْعَذْ کُوْ تفسیرہ یَا اَحَدُ الْبَاقِیْ اَوَّلُ کُلِّ شَیْءٍ وَّ اٰخِرُہٗ اس اسم کی دعوت حضرت ادریس پیغمبر علیہ السلام سے منسوب ہے جب آپ نے اس کو پڑھا باذن الٰہی مؤکل حاضر ہوئے اور آپ کے معجزہ نبوت کو بجا لائے۔ فقط مؤکلوں کے نام یہ ہیں قَلْیَاب مُنْوَذْمِیَاب ۔

(۸) یَادَرْدَائِیْلُ بِحَقِّ هَضِیْعَجْ تفسیرُہٗ یَا دَائِمُ بِلَا فَنَاءٍ وَّلَا زَوَالَ الْمُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ اس اسم کی دعوت حضرت یحییٰ پیغمبر علیہ السلام سے منسوب ہے جب آپ نے حسب ارشاد الٰہی پڑھا ئیں موکل حاضر ہوئے انہوں نے احوال باطنی سے آپ مطلع کیا اور معجزہ نبوت کی تکمیل کی فقط نام ان مؤکلوں کے اس تفصیل سے ہیں یَبْذِیَاب سُنْشَال مَعْذِیَاب

(۹) یَا اَجْمَائِیْلُ بِحَقِّ کَنْکَف اَرْغَشْ تفسیرُہٗ یَا مُمْلِ مِنْ عِنْدِہٖ شُبْہٗ وَلَا شَیْءٌ کُنْشَلُہٗ اس اسم کی دعوت آدم پیغمبر علیہ السلام سے منسوب ہے جب باذن الٰہی آپ نے اس اسرار کو دریافت فرمایا مدہوش ہو گئے کئی مہینے کے بعد ہوش میں آئے تو آپ نے دیکھا کہ چار موکل بصورت آدم میرے پاس موجود ہیں اور میری محافظت و پرورش کرتے ہیں انہوں نے پوچھا کہ اے آدم تم نے کیا دیکھا تھا جو مدہوش ہو گئے تھے کہ میں نے ایسا کچھ دیکھا کہ بیان نہیں کر سکتا پھر انہوں نے کہا کہ یہ سب اسم مبارک کا طفیل ہے جو تم پڑھا کرتے ہو۔ ہم اس کے مؤکل ہیں پوری ہیبت تم نے نہیں دیکھی ورنہ خود رفتہ ہو جاتے۔ اب ہم تمہارے مسخر ہیں اور ہر کام کے لئے موجود ہیں۔ وہ موکل آپ کے پاس رہتے اور حالت باطنی سے مطلع کرتے رہتے اور جو معجزہ ان سے طلب کرتا اس کا انصرام کرتے۔ فقط نام ان موکلوں کے یہ ہیں۔ مَعْفُوْیَاب شُعْیَاب جَبْنِیَاب خَیْشَاب

(۱۰) یَا جَبْرَئِیْلُ بِحَقِّ کُھْکُ وَمُسْبِطُمْ تفسیرہ یَا بَارِ فَلَا شَیْئَ کُفُوْہُ یُدَانِیْہِ وَلَا اِمْکَانَ بِوَصْفِہٖ اس اسم کی دعوت ارمیا پیغمبر علیہ السلام سے منسوب ہے مگر تمام بنی اسرائیل کے پیغمبر بھی اس کو پڑھتے تھے اور ہر پیغمبر کے پاس دو مؤکل حاضر ہوتے تھے اور بامر الٰہی مسخر ہو کر معجزہ نبوت کا استعمال کرتے تھے فقط نام ان کے یہ ہیں فَنْسَیَالِےْ تَلْعِیْنِیْ [illegible]

(۱۱) یَا خَرْدَائِیْلُ بِحَقِّ یَا مُسْتَطِیْمُ تفسیرہٗ یَا کَبِیْرُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا تَہْتَدِی الْعُقُوْلُ بِوَصْفِ عَظَمَتِہٖ اس اسم کی دعوت حضرت صالح پیغمبر علیہ السلام نے منسوب ہے۔ جب آپ نے باذن الٰہی اس اسم کی دعوت دی مؤکل حاضر ہو کر مسخر ہوئے انہوں نے احوال باطنی سے آگاہ کیا اور معجزہ نبوت کمال کو پہنچایا ان کے نام اس تفصیل سے ہیں تُدْیَالُ مُشْکُوْیَالُ قَدْیَالُ مُشْتَدْیَالُ

(۱۲) یَا جَبْرَئِیْلُ بِحَقِّ اَلْخَتَقَفُ تفسیرہٗ یَا بَارِئَ النُّفُوْسِ بِلَا مِثَالٍ خَلَا مِنْ غَیْرِہٖ اس اسم کی دعوت یافث پیغمبر علیہ السلام سے منسوب ہے۔ جب آپ نے اس کی دعوت دی مؤکل حاضر ہو کر مسخر ہوئے اور معجزۂ نبوت کو بجا لائے ان کے نام یہ ہیں اَلْجُبَیَالُ اَفْعِیَالُ۔

(۱۳) یَا مُوْفَائِیْلُ بِحَقِّ مَیْطُرُنَجُ تفسیرہٗ یَا زَاکِیَ الطَّاہِرُ مِنْ کُلِّ اٰفَۃٍ بِقُدْسِہٖ اس اسم کی دعوت سام پیغمبر علیہ السلام سے منسوب ہے کیونکہ جب انہوں نے اس کو پڑھا اور دعوت دی مؤکل حاضر ہو کر مسخر ہوئے اور احوال باطنی سے آگاہ کیا۔ اظہار معجزات میں مدد دی فقط نام ان کے یہ ہیں ھَزْمَیَالُ سَدْیَالُ۔

(۱۴) یَا خَرْدَنَائِیْلُ بِحَقِّ سَنْگَرِیْنَا تفسیرہٗ یَا کَافِی الْمُوَسِّعُ لِمَا خَلَقَ مِنْ عَطَایَا فَضْلِہٖ اس اسم کی دعوت حضرت موسٰے علیہ السلام سے منسوب ہے جب آپ نے اسکو باذن الٰہی پڑھا۔ اور دعوۃ دی مؤکل حاضر ہوئے اور آداب باطنی سب آپ کو سکھائے اور معجزات کی تکمیل کی نام ان کے یہ ہیں قَدْشَیَالُ مَوْصِیَالُ مُجَیَالُ عَیْنِیَالُ

(۱۵) یَا حَوْدَئِیْلُ بِحَقِّ دَبْنُوْنِیْ تفسیرہٗ یَا نَقِیًّا مِنْ کُلِّ جَوْرٍ لَمْ یَرْضَہٗ وَلَمْ یُخَالِطْہُ

بَعَالَہٗ اس اسم کی دعوت حضرت لوط علیہ السلام سے منسوب ہے۔ جب آپ نے اس کو پڑھا اور دعوت دی ایک مؤکل حاضر ہو کر آپ کا مسخر ہوا۔ اور معجزہ نبوت کی تکمیل میں مصروف ہوا۔ نام مؤکل کا یہ ہے مَنْغُوَائِیل۔

(۱۶) یَا مَکْلَغِیْلُ بِحَقِّ دَنْنِیْ تَقْسِیْرَہٗ یَا حَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ وَسِعْتَ کُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَۃً وَّعِلْمًا

اس اسم کی دعوت حضرت سلیمان پیغمبر علیہ السلام سے منسوب ہے آپ نے باذن الٰہی اس کو پڑھا اور دعوت دی پانچ مؤکل حاضر ہوئے اور معجزہ نبوت کا انصرام کیا۔ اور تمام جنیان آتشی و بادی جوان مؤکلوں کے زیر فرمان تھے سب سلیمان علیہ السلام کے مطیع ہوئے نام ان مؤکلوں کے یہ ہیں۔ شَایَائِیل شَقْیَائِیل نَفْعِیَائِیل تَرْیَائِیل۔

(۱۷) یَا دُوْیَائِیْلُ بِحَقِّ صَیْنُوْنَ تَفْسِیْرَہٗ یَا مَنَّانُ ذَا الْاِحْسَانِ قَدْ عَمَّ کُلَّ الْخَلَائِقِ مَنُّہٗ

اس اسم کی دعوت حضرت ابراہیم علیہ السلام سے منسوب ہے جب کہ آپ کوہستان میں رہتے تھے حق تعالیٰ نے فرمایا کہ میں مردہ کو زندہ کرتا ہوں اور زندہ کو مردہ تو یقین رکھتا ہے کہا اے پروردگار اگرچہ مجھ کو یقین ہے مگر اطمینان قلب چاہتا ہوں مجھ کو دکھلا کہ کیونکر مردہ زندہ ہوتا ہے۔ جیسا کہ قرآن میں آپ کے عرض کرنے کا ذکر ہے رَبِّ اَرِنِیْ کَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰی یعنے اے رب دکھا مجھ کو کیونکر جلا دے گا تو مردے قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ فرمایا کیا تو نے یقین نہیں کیا قَالَ بَلٰی وَلٰکِنْ لِّیَطْمَئِنَّ قَلْبِیْ کہا کیوں نہیں۔ لیکن اس واسطے کہ تسکین ہو میرے دل کو قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَۃً مِّنَ الطَّیْرِ فَصُرْھُنَّ اِلَیْکَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰی کُلِّ جَبَلٍ مِّنْھُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُھُنَّ یَاْتِیْنَکَ سَعْیًا وَّاعْلَمْ اَنَّ اللّٰہَ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ فرمایا تو پکڑ چار جانور اڑتے پھر ان کو ہلا اپنے ساتھ پھر ڈال ہر پہاڑ پر ان کا ایک ایک ٹکڑا۔ پھر ان کو پکار کہ آویں تیرے پاس دوڑتے اور جان لے کہ اللہ زبردست ہے حکمت والا۔ پس اے طالب معلوم کر کہ یہ اسی اسم کی برکت تھی جو حضرت ابراہیم خلیل اللہ نے معاینہ کی آپ نے اس کو بہت پڑھا ہے۔ اس لئے دو مؤکل آپ کے پاس حاضر رہتے اور معجزہ نبوت کا استکمال کرتے تھے جنکے نام یہ ہیں۔ سَنْعِیَائِیل شَقْفِیَائِیل

(۱۸) یَا دَرْدَا آئِیْلُ بِحَقِّ خَمُوْنَا مِعْ تَفْسِیْرِہٖ یَادَیَّانُ الْعِبَادِ کُلٌّ یَقُوْمُ خَاضِعًا لِرَھْبَتِہٖ وَ رَغْبَتِہٖ اس اسم کی دعوت حضرت ہود پیغمبر علیہ السلام سے منسوب ہے جب آپ نے دعوت دی دو مؤکل حاضر ہوئے اور معجزہ نبوت کا انصرام کیا۔ نام ان مؤکلوں کے یہ ہیں اِذْھِیَالُ ھَمْغِیَالُ

(۱۹) یَا مُھْکَائِیْلُ بِحَقِّ فَطْلَیْلُوْ دَبُرْھَانُ اَغْشِیْ دِتَفْسِیْرِہٖ یَاخَالِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ کُلٌّ اِلَیْہِ مَعَادُہٗ اس اسم کی دعوت حضرت یعقوب پیغمبر علیہ السلام سے منسوب ہے جب آپ نے اس کو پڑھا اثنائے دعوت میں دو مؤکل حاضر ہوئے اور مسخر ہو کر احوال باطنی سے آپ کو آگاہ کیا۔ اور معجزات نبوت کی استکمال کی یہی اسم عربی زبان میں حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ نے پڑھا اور دعوت دی اس کی برکت سے ولایت ظاہری و باطنی نصیب ہوئی اور معرفت ذات و صفات کی سیڑھی کو عیان کیا اس اسم کے موکل یہ ہیں قَصْیَالُ عَزْیَالُ ھُوْھَالُ۔

(۲۰) یَا اَمْوَاکِیْلُ بِحَقِّ عَفَاکِیْ تَفْسِیْرِہٖ یَارَحِیْمَ کُلِّ صَرِیْخٍ وَمَکْرُوْبٍ وَیَا غِیَاثَہٗ وَمَعَادَہٗ اس اسم کی دعوت حسام پیغمبر علیہ السلام سے منسوب ہے اور نیز تمام عاشقان الٰہی سے بھی ہے اس کے مؤکل اسی ہزار ہیں چالیس ہزار بجانب عشق ہیں کہ عاشق کو زلف معشوق کی طرف کھینچتے ہیں اور چالیس ہزار باطنی سرگرمی میں مشغول رہتے جب کہ آپ نے دعوت دی اثنائے دعوت میں سب مؤکل حاضر ہوئے اور مسخر ہو کر احوال ظاہری و باطنی سے آگاہ کیا۔ ان مؤکلوں کے نام بسبب طوالت کے نہیں لکھے گئے۔ من جملہ ان کے چند نام لکھے جاتے ہیں فَغْیَالُ جَزْمَالُ

(۲۱) یَا غَزْمَائِیْلُ بِحَقِّ بَزْاَغْشِیْ تَفْسِیْرِہٖ یَا تَامَّ فَلَا تَصِفُ الْاَلْسُنُ کُلَّ جَلَالِہٖ وَمُلْکِہٖ وَ عِزِّہٖ اسی اسم کی دعوۃ حضرت طالوت پیغمبر علیہ السلام سے منسوب ہے، اور سکندر علیہ السلام نے بھی دعوۃ دی ہے اسی اسم کی برکت سے دو مؤکل مسخر تھے جو تمام عالم کا احوال معلوم کیا جاتا تھا اور ہر حکمت و دانائی سے مطلع ہوتا تھا اور لشکر بیگانہ پائمال ہوتا تھا۔ اور ظہور عدل حضرت امیر المومنین خلیفہ دوم عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ

عنہ کا بھی اسی اسم کی برکت سے تھا کیونکہ انہوں نے اس کو عربی زبان میں پڑھا تھا۔ فقط موکلوں کے نام یہ ہیں جلبوتش قسراطلوش

(۲۲) یا رُدْیَائِیْلُ بِحَقِّ بَطْطَغُوْنَائِیْ تَفْسِیْرُہٗ یَا مُبْدِعَ الْبَدَائِعِ لَمْ تَبْغِ فِیْ اِنْشَائِهَا عَوْنًا مِنْ خَلْقِهٖ اس اسم کی دعوت حضرت ہارون اور خضر اور دیگر پیغمبران مرسل علیہم السلام سے منسوب ہے جب ان میں سے کوئی دعوت اس اسم کی دیتا تھا تین موکل حاضر ہو کر مسخر ہوتے اور معجزہ نبوت کی تکمیل کرتے نام ان موکلوں کے اس تفصیل سے ہیں حُشُوتِیْ غنائیل عشلوشی

(۲۳) یَا لُوْمَائِیْلُ بِحَقِّ مَلْخِیُوْخُ تَفْسِیْرُہٗ یَا عَلَّامَ الْغُیُوْبِ فَلَا یَفُوْتُ شَیْءٌ مِنْ حِفْظِهٖ

اس اسم کی دعوت حضرت دانیال پیغمبر علیہ السلام سے منسوب ہے۔ جب آپ نے بامر الٰہی اس کی دعوۃ دی اثنائے دعوت میں موکل حاضر ہوئے اور مسخر ہو کر معجزہ نبوت کو قوی کیا۔ جو کوئی بشرائط تمام دعوۃ دے گا اس کے مسخر ہو نگے اور اس کی کرامت کو ظاہر کریں گے۔ موکلوں کے نام اس تفصیل سے ہیں تمنیال موفیال عقبیال۔

(۲۴) یَا تَنْکَفِیْلُ بِحَقِّ حَیّ تَفْسِیْرُہٗ یَا حَلِیْمُ ذَا الْاَنَاتِ فَلَا یُعَادِلُهٗ شَیْءٌ مِنْ خَلْقِهٖ اس اسم کی دعوۃ حضرت الیاس پیغمبر علیہ السلام سے منسوب ہے۔ جب آپ نے اس کی دعوت دی اثنائے دعوت میں دو موکل حاضر ہوئے اور مسخر ہو کر معجزۂ نبوت کو بجا لائے۔ نام ان موکلوں کے یہ ہیں۔ ابرارؤم بجذیال۔

(۲۵) یَا رُدْیَائِیْلُ بِحَقِّ نَعُوْ تَفْسِیْرُہٗ یَا مُعِیْدُ مَا اَفْنَاهُ اِذَا بَرَزَ الْخَلَائِقُ لِدَعْوَتِهٖ مِنْ مَخَافَتِهٖ اس کی دعوت حضرت زکریا علیہ السلام سے منسوب ہے آپ کے اثنائے دعوت میں دو موکل حاضر ہوئے اور مسخر ہو کر معجزات نبوت کو بجا لائے نام ان موکلوں کے یہ ہیں ابنو ابنوسیئم یبرتیائیل سنیائیل سنمہیال۔

(۲۶) یَا تَنْکَفِیْلُ بِحَقِّ جَبَرُوْتُ تَفْسِیْرُہٗ یَا حَمِیْدَ الْفِعَالِ ذَا الْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ اس اسم کی دعوت حضرت داؤد علیہ السلام سے منسوب ہے۔ اور نیز واصلان

حق سے ہے جب کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے اس اسم کی دعوت دی موکل حاضر ہوئے اور مسخر ہو کر معجزات نبوت کو بجا لائے جو کوئی دعوت دے گا اسی طرح اسکے مطیع ہوں گے جو کچھ کہے گا کریں گے۔ نام ان کے اس تفصیل سے ہیں۔
جبرئیل دانعر نون

(۲۷) یَا اُوْمَائِیْلُ بِحَقِّ رَمْنُوْشُ تَفْسِیْرُہٗ یَا عَزِیْزُ الْمَنِیْعُ الْغَالِبُ عَلٰی اَمْرِہٖ فَلَا شَیْءَ یُعَادِلُہٗ اس اسم کی دعوت حضرت شیث پیغمبر علیہ السلام سے منسوب ہے اثنائے دعوت میں آپ کے پاس تین موکل حاضر ہوئے اور مسخر ہو کر معجزات نبوت کی تکمیل میں مصروف ہوئے نام ان کے اس تفصیل سے ہیں۔ اَذْرِیَائِلْ اَقْسَامَالْ بُزْآمَالْ نعیال نیوبال۔

(۲۸) یَا عَطْرَائِیْلُ بِحَقِّ طَمْطَمِیْنُشْ تفسیرہٗ یَا قَاهِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ اس اسم کی دعوۃ حضرت تساح و موح پیغمبر علیہما السلام سے منسوب ہے ہنگام دعوت میں دو مؤکل حاضر ہوئے اور مسخر ہو کر معجزات نبوت کو بجالائے نام ان کے اس تفصیل سے ہیں بُزْوَیَالْ یُزْخَیَالْ

(۲۹) یَا عَطْرَائِیْلُ بِحَقِّ مَطِیُوْاشْ تفسیرہٗ یَا قَرِیْبُ الْمُتَعَالِیْ فَوْقَ کُلِّ شَیْءٍ عُلُوُّ اِرْتِفَاعِہٖ اس اسم کی دعوت حضرت یوشع علیہ السلام سے منسوب ہے آپ کے پاس اثنائے دعوت میں پانچ مؤکل حاضر ہوئے اور مسخر ہو کر معجزہ نبوت کا انصرام کیا جن کے نام یہ ہیں صُوْرَیَالْ دُنْیَالْ نُبَایَالْ اَذْرَیَمْفَرُوْدُنْ اَدْمَ رَنْسَانُوْنْ

(۳۰) یَا اَدْوَیَائِیْلُ بِحَقِّ مَدْمُوْقِیْ تفسیرہٗ یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ بِقَهْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِہٖ اس اسم کی دعوت حضرت یوسف علیہ السلام سے منسوب جب کہ آپ نے دعوت دی اثنائے دعوت میں تین سو ملک اور ساٹھ ہزار مؤکل حاضر ہوئے اور رجال مبارک سے مشرف ہو کر مسخر ہوئے اور معجزہ نبوت کو بجالائے منجملہ ان مؤکلات کے یہ دو نام لکھے جاتے ہیں سَاتِیْنْ سَخْفِیُوْنْ اگر کوئی شخص دعوت دینی چاہے تو ان دونوں مؤکلوں کے نام کو بھی شامل کرے۔ کیونکہ ان کی تسخیر اس کے

سارے لشکر کی تسخیر ہے۔

(۴۱) یَاخَوْلَائِیْلُ بِحَقِّ دَاہِ تفسیر کا یَانُوْرُ کُلِّ شَیْءٍ وَھُدَاہُ اَنْتَ الَّذِیْ فَلَقَ الظُّلُمَاتُ بِنُوْرِہٖ اس اسم کی دعوۃ شمعیا پیغمبر علیہ السلام سے منسوب ہے آپ کے پاس اثنائے دعوۃ میں تین موکل حاضر ہوئے اور مع اپنے لشکر کے مسخر ہوئے۔ اور جو معجزات نبوت تھے اس کی تکمیل کی واضح ہو کہ روحانیان اس ذکر میں مشغول ہیں ان کی تسبیح یہی ہے۔ اور ہر نور کے پردے میں بصورت نورانی محافظ ہیں بعض سالک جب اس مقام پر پہنچتے ہیں اُن موکلوں کی تجلی کو نور سمجھ جاتے ہیں۔ اور پھر آگے نہیں پڑھتے یہی باعث ان کے عدم ترقی منازل کا ہو جاتا ہے کیونکہ وہ ایسے حسین اور نورانی ہیں کہ تمام نور میں مستغرق ہیں۔ جو سالک یہاں پہنچتا ہے ان کو دیکھ کر فریفتہ ہو جاتا ہے۔ اگر ان میں سے ایک بھی موکل اپنی تجلی اس عالم کے لوگوں کو دکھلائے تمام خلق نور الٰہی سمجھ کی پرستش کرنے لگے اور سب گمراہ ہو جائیں۔ جب صاحب دعوت اس مقام پر پہنچے اس کو چاہیئے کہ اپنے تئیں نگاہ رکھے کیونکہ ہر نور سے ایک نور پیدا ہوگا۔ جس سے یہ متعجب ہوگا اور ہر نور سے ایک نئی تجلی ظہور میں آوے گی کبھی معاینہ۔ کبھی مشاہدہ۔ کبھی محویت کبھی علم کبھی حضوری ایک تجلی سے حاصل ہوگی۔ مؤکلوں کے نام یہ ہیں۔

اَسْتَاتَجِیْلُ وَتَنُوْیُوْ دھو ھد وم مرھد دم۔

(۴۲) یَانُوْمَائِیْلُ بِحَقِّ مَمْنُوْنُ تفسیر کا یَاعَالِیُ الشَّامِخُ فَوْقَ کُلِّ شَیْءٍ عُلُوُّ اِرْتِفَاعِہٖ اس اسم کی دعوت یونس پیغمبر علیہ السلام سے منسوب ہے اور امام حسن رضی اللہ عنہ نے بھی اس کی دعوت دی ہے جب آپ نے پڑھا اثنائے دعوت میں دو موکل حاضر ہوئے اور مسخر ہو کر معجزات نبوت اور کرامات ولایت کی تکمیل میں مصروف ہوئے ان کے نام یہ ہیں یَجْدَخْ بَجْتَدْیَہٖ جم یَخْتَدْرَجْ تَخْتَنْدَہٖ جم

(۴۳) یَاعَظْوَائِیْلُ بِحَقِّ ھَاعُوْنُ تفسیر کا یَاقُدُّوْسُ الطَّاھِرُ مِنْ کُلِّ سُوْءٍ فَلَا شَیْءَ یُعَادِلُہٗ مِنْ خَلْقِہٖ اس اسم کی دعوت صدیقیا پیغمبر علیہ السلام سے منسوب ہے

اور قدوسیوں کی تسبیح ہے جب آپ نے باذن الٰہی اس کو پڑھا دو موکل آپ کے
مسخر ہوئے انہوں نے معجزۂ نبوت کی تکمیل کی نام ان کے یہ ہیں ۔ اَجْدُوْیَثْ ۔
اُطُوْنِیْطَلْ ۔ زَجْمَدْیَثْ ۔ اَطْوِیْنِیَلْ

(۳۴) یَا رُدْیَائِیْلُ بِحَقِّ طَلْفَغْعَاتُ تَفْسِیْرُہٗ یَا مُبْدِیُٔ الْبَدَایَا وَمُعِیْدَھَا بَعْدَ فَنَائِہَا
بِقُدْرَتِہٖ اس اسم کی دعوت حضرت اسمعیل پیغمبر علیہ السلام نے بامر الٰہی دعوت
دی دو موکل روحی کہ محافظ روح ہیں حاضر ہوئے اور مع اپنی جماعت کے مسخر ہوئے
اور معجزۂ نبوت کو بجا لائے اور عین القضاہ ہمدانی کو مقام قرب ذاتی پر پہنچایا ۔ جو
کوئی اس اسم کا متصرف ہوگا اس مقام پر پہنچے گا ۔ ان مؤکلوں کے نام یہ ہیں ۔
سَرِیْعُوْنَ اَسْمَضَا

(۳۵) یَا کَلْکَائِیْلُ بِحَقِّ مُنْتَظِرُ تَفْسِیْرُہٗ یَا جَلِیْلُ الْمُتَکَبِّرُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ فَالْعَدْلُ اَمْرُہٗ
وَالصِّدْقُ وَعْدُہٗ اس اسم کی دعوت حضرت اسحٰق پیغمبر علیہ السلام سے منسوب ہے
(نیز اور بھی پیغمبروں سے منسوب ہے) ۔ آپ نے جب دعوت دی دو موکل حاضر ہوئے
اور جو معجزہ نبوت خاص و عام نے چاہا اس کا انصرام کیا ۔ موکل یہ ہیں خَلْمَادُوْثْ
تَحِیْنُوْثْ ۔ خَلْمَدُوْثْ تَحِیْنُوْنَ

(۳۶) یَا رُدْیَائِیْلُ بِحَقِّ اَزَلْ تَفْسِیْرُہٗ یَا مَحْمُوْدُ فَلَا تَبْلُغُ الْاَوْھَامُ کُلَّ ثَنَآئِہٖ وَ
مَجْدِہٖ اس اسم کی دعوۃ ذوالکفل پیغمبر علیہ السلام سے منسوب ہے ۔ نیز اور پیغمبروں سے
بھی منسوب ہے ۔ آپ کے پاس اثنائے دعوت میں تین موکل حاضر ہوئے اور معجزہ
نبوت کا انصرام کیا ۔ سَجْعُوْبَہْ ۔ ذُذِیْب ۔ دَشْکَارِیْل ۔

(۳۷) یَا حَرُوْزَنَائِیْلُ بِحَقِّ عَفَاجُوْ تَفْسِیْرُہٗ یَا کَرِیْمُ الْعَفْوِ ذُوالْعَدْلِ اَنْتَ الَّذِیْ
مَلَاَ کُلَّ شَیْءٍ عَدْلُہٗ اس اسم کی دعوۃ حضرت مصطفٰے اور اسرائیل پیغمبر علیہما السلام
سے منسوب ہے آپ کے پاس اثنائے دعوت میں دو موکل حاضر ہوئے اور مسخر ہو کر
جو کچھ احکام دینی و دنیوی ظاہر و باطنی تھے کل مطلع کیا اور معجزۂ پیغمبری کا انصرام کیا ۔
نام ان کے یہ ہیں ۔ مَیْشُوْنَ مَیْشِیْلِیْ ۔

بقدرتہ سے منسوب ہے اور عین القضاۃ ہمدانی نے بھی اس کی دعوت دی ہے بعد پیغمبر اسمٰعیل علیہ السلام

(۳۸) یَا نُوْمَا یُئِیْلُ بِحَقِّ سُوْرَاجِیْ تفسیرہ یَا عَظِیْمُ ذُوالثَّنَاءِ الْفَاخِرِ وَالْمَجْدِ وَالْکِبْرِیَاءِ فَلَا یَذِلُّ عِزُّہٗ اس اسم کی دعوت حضرت مہتر ابراہیم علیہ السلام اور لقمان حکیم سے منسوب۔ جب انہوں نے دعوت دی دو موکل حاضر ہوئے اور مسخر ہو کر ہر احوال ظاہری باطنی سے آگاہ کیا اور علم حکمت سکھایا۔ صاحب دعوت جب اس مرتبے کو پہنچے مغرور نہ ہو اور حد سے تجاوز نہ کرے۔ موکلوں کے نام یہ ہیں۔ تَغْیَنْثَا تَغْزِیْئِیْلُ۔

(۳۹) یَا عَظْرَائِیْلُ بِحَقِّ سُوْنَاجِیْ مُشْفِیْلَمْ تفسیرہ یَا قَرِیْبُ الْمُجِیْبُ الْمُدَانِیْ دُوْنَ کُلِّ شَیْءٍ قُرْبُہٗ اس اسم کی دعوۃ ہابیل اور حضرت آدم علیہ السلام سے منسوب ہے آپ کو حضرت مہتر جبریل علیہ السلام نے سکھلا اور کہا اے آدم اس اسم کو یاد کرا اور اس کی دعوۃ اپنے لئے لازم کر کہ اس کی برکت سے حجاب ظلومًا جہولاً دور ہو آدم علیہ السلام نے ہابیل کو فرمایا کہ اس کی دعوت میں مشغول ہو بصفت تن تیرے پاس آئیں گے لیکن ان سے کلام نہ کرنا ورنہ تجھ کو اس عالم سے لیجائیں گے ہاں اس کے دورئیس تَمْهُوْنَ تَمْشَهُوْنَ ہیں جب وہ حاضر ہوں ان سے عہد و پیمان کر کہ تیرے ہر کار میں مددگار ہوں اور عالم باطنی سے آگاہ کریں۔ اور وہ بصفت تن موکل بصفت اعضا ہیں۔

(۴۰) یَا نُوْمَا یُئِیْلُ بِحَقِّ نُوْرٍ تفسیرہ یَا مُجِیْبُ فَلَا تَنْطِقُ الْاَلْسُنُ بِکُلِّ اٰلَائِہٖ وَثَنَائِہٖ وَنَعْمَائِہٖ اس اسم کی دعوت خاص حضرت رسالت پناہ احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے منسوب ہے جب آپ نے اس کو غار حرا میں پڑھا چار موکل بصورت چار یار حاضر ہوئے اور بیعت کی بعد اس کے انہوں نے اپنا نام ظاہر کیا اور کہا کہ ہم چاروں اس اسم کے موکل ہیں ہم نے اپنی صورتوں کو آپکے اصحاب کی صورتوں پر دکھلایا ہے تاکہ آپکے دوستوں میں شمار ہوں اور آپ ہم کو دوست رکھیں اس بات کے سنتے ہی آپ بہت خوش ہوئے اور فرمایا کہ اپنی اصلی صورت سے مجھ کو مطلع کرو پھر وہ اپنی اصلی صورت پر آگئے اور آپ کے مونس اور مسخر ہوئے ان موکلوں

کے نام یہ ہیں مسبیغادث اشوا اشیرنا یناوث مذحیل
(۴) یا لوخائیل بحق دخنش کہیج تفسیر یا غیاثی عند کل کرب وعجیبی عند کل شدۃ ویا رجائی حین تنقطع حیلتی اسم ونش کیج بعد تفحص کے ہاتھ آئے ہیں ورنہ کسی نسخہ میں عامل یا غیاثی کا پایا نہیں گیا۔ سب پیغمبر(ع) نے اس سے پہلے اسموں کو پایا ہے (ان سب کے پڑھنے سے جو کچھ فائدہ ظاہر ہوگا صاحب عمل پر خود روشن ہو جائے گا بیان کی حاجت نہیں)۔

## بارھویں فصل دعوت صغیرہ کے بیان میں

یہ ایک ایسی دعوت ہے کہ تمامی تاثیرات علوی اور سفلی کو شامل ہے اسمائے عظام کی اسناد ہر اسم کے تحت میں ذکر کی جائیگی پس طالب صادق کو لازم ہے کہ اپنے مطلب کے موافق دیکھ کر عمل کرے اور جو صاحب عمل کہ سند شرائط کبیرہ یا صغیرہ یا کلیات ادا کر چکا ہے وہ ان اسماً کا متصرف ہے جس کام کے لئے چاہے پڑھے اور جو سند شرائط سے بے بہرہ ہے وہ ان اسماء کا عامل نہیں ہو سکتا۔ سند شرائط دعوت صغیرہ یہ ہے کہ اگر اسم میں اٹھارہ حرف غیر مکرر واقع ہوں تو ہر حرف پر ہزار شمار کرے اور پھر اس مجموعہ الوف کو اٹھارہ ہزار میں ضرب دے پس وہ حاصل ضرب بہ نیت نصاب اور اس کا نصف بہ نیت زکواۃ اور اس کا نصف بہ نیت عشر اور تین سو ساٹھ بار بہ نیت قفل اور دو مل دس برابر نصاب اور بذل سات ہزار اور ختم ایک ہزار دو سو بار پڑھے اس کے بعد بہ نیت سریع الاجابۃ ہر روز اٹھارہ ہزار بار پڑھے واضح ہو کہ اس دعوۃ میں بھی قفل۔ دور۔ مدور۔ بذل۔ ختم تمامی اسمائے عظام اسی مقدار سے ہے جیسا کہ لکھا گیا۔

سند دعوۃ اسم اول۔ سُبْحَانَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَوَارِثَهٗ وَرَازِقَهٗ وَرَاحِمَهٗ اس اسم میں سترہ حرف غیر مکرر رہیں پس موافق قاعدہ مذکورہ تعداد اس

کی دولاکھ نواسی ہزار بہ نیت نصاب اور اسکا نصف ایک لاکھ چوالیس ہزار پانسو بہ نیت زکوٰۃ اور اس کا نصف بہتر ہزار دو سو پچاس بہ نیت عشر اور قفل تین سو ساٹھ بار اور دور مدور برابر نصاب اور بذل سات ہزار ختم ایکہزار دو سو بار بہ نیت سریع الاجابت سترہ ہزار بار ہر روز سترہ دن تک علی ہذا القیاس آخر اسماء تک اسی طرح عمل کرے دیہ سند شرائط اور طریق دعوت تھا جو بیان کیا گیا۔ اب فہرست خواص اسماء عظام لکھی جاتی ہے تاکہ طالب معًا معلوم کرے۔ کہ ہر ایک اسم اسقدر خواص رکھتا ہے۔ جس کام کے لئے ضرورت ہو دیکھ کر عمل کرنا شروع کرے۔

## فہرست خاصیات اسمائے عظام

خاصیت اسم اوّل بجہت تسخیر خلق و دفع تنگدستی و پیدا شدن حشمت و علو مرتبہ و حاجت دینی و دنیوی و کمال معرفت ذات و جہانداری و عظمتِ دوام و نصیب یافتن از حاجت۔

خاصیت اسم دوم بجہت برآمدن حاجات دینی و دنیوی و ملاقات سلاطین و روشنی دل و دفع سرکشی محبوب و گرفتن میراث از مانع و تسخیر سلاطین۔

خاصیت اسم سوم بجہت برآمدن جملہ حاجات و تسخیر خلائق و دفع مضرت و ماہتاب و کواکب و دوست داشتن خلائق۔

خاصیت اسم چہارم بجہت برآمدن حاجات و محبت با محبوب و تکلم بادشاہ و دفع بدخوئی و فریفتہ ساختن کسے را بر خود۔

خاصیت اسم پنجم بجہت برآمدنِ حاجات و زندہ شدن دلِ مردہ و صحتِ امراض ظاہری۔

خاصیت اسم ششم بجہت حصول اثبات دل بحضوری حق و کشائش فہم و یافتن کالائے گم شدہ۔

خاصیت اسم ہفتم بجہت دفع مکر باطل و درد و خوف و تشویش دشمن

وغیرہ و تسخیر خلائق و بادشاہ و حصول ذوق و شوق۔
خاصیت اسم ہشتم بجہت حصول استحکام عمل ظاہر و باطنی و حکومت بر سلاطین و تمتع از دعوۃ کسے رابکار دینی و دنیاوی۔
خاصیت اسم نہم بجہت بر آمدن حاجات و دفع خصائل بد و محبت میاں مرد و زن۔
خاصیت اسم دہم بجہت بر آمدن حاجات و عقد اللسان دوستان و دشمنان و کشف ارواح و رہنمونی کردن خلق را باسلام و معرفت حق۔
خاصیت اسم یازدہم بجہت بر آمدن امور دینی دنیوی و امداد بادشاہ و وزیر بجہت تخلل ملک و وزارت و خلاص شدن از قرض و تسخیر از بادشاہ و نفس امارہ۔
خاصیت اسم دوازدہم بجہت بر آمدن حاجات و دفع مضرت سحر و نظر و برص وجذام و ہر بیماری و ایمنی از کید شیطان و جن وانس۔
خاصیت اسم سیزدہم بجہت بر آمدن امور دینی و تسخیر جن و شیاطین و حاضرات ایشاں۔
خاصیت اسم چہاردہم بجہت فراخی رزق و کشائش امر صعب و حصول رزق حسنہ۔
خاصیت اسم پانزدہم بجہت ہلاکت دشمن و خلاص از دست ظالم و حبس و معرفت و دانستن حقائق اشیاء۔
خاصیت اسم شانزدہم برائے خلاصی چشم و زبان و ہوش بستہ۔
خاصیت اسم ہفدہم بجہت ادائے قرض و ترقی عمل و شغل خود۔
خاصیت اسم ہیژدہم بجہت دفع بلا و رنج و باطل کردن سفر غیر و عزم سفر خود و بر آمدن جمیع حاجات و دفع برص و بواسیر و فرنگ و آمرزش میت و بازیافتن امانت خود۔
خاصیت اسم نوازدہم بجہت حاضر شدن غائب۔

خاصیت اسم بستم بجہت حصول محبت حق و طالب کردن کسے را بر خود۔
خاصیت اسم بست و یکم بجہت عقد اللسان و تسخیر ارواح عالم علوی و سفلی و ہزیمت لشکر بیگانہ۔
خاصیت اسم بست و دوم بجہت حصول علم لدُنّی و حکمت از غیب و دفع از مخلوق و ہزیمت لشکر بیگانہ۔
خاصیت اسم بست و سوم بجہت حصول دولت اولین و آخرین و وصول حق۔
خاصیت اسم بست و چہارم بجہت تسخیر خلائق و عاشق شدن معشوق و دفع رجعت اسم۔
خاصیت اسم بست و پنجم بجہت دفع پریشانی احوال ظاہری و آمدن غائب
خاصیت اسم بست و ششم بجہت قبولیت دلہا و علو مرتبہ ظاہری و باطنی و دفع رجعت اسم۔
خاصیت اسم بست و ہفتم بجہت حصول غنا و بر آمدن حاجات دارین و کشف عالم جبروت و لاہوت و تسخیر قمر۔
خاصیت اسم بست و ہشتم بجہت دفع اعداء ظاہری و باطنی و زلزلہ و برق و باران زیانکار و پیدا شدن عظمت و برکت شدن در غلہ و میوہ و ہزیمت لشکر بیگانہ و رفع جنگ و عقد الرجولیت و یافتن کالائے خود از ظالم و معزول کردہ از معرفت۔
خاصیت اسم بست و نہم بجہت علو درجات دارین و قرب حق۔
خاصیت اسم سی ام بجہت مقہوری اعدائے ظاہری و باطنی و رفتن پیش بادشاہ جابر و تسخیر عطارد و موصوف شدن بصفات حق و اجابت دعاء۔
خاصیت اسم سی و یکم بجہت معرفت توحید و لطف حق در امور و تسخیر زہرہ
خاصیت اسم سی و دوم بجہت مزید مرتبہ و تسخیر مشتری
خاصیت اسم سی و سوم بجہت حصولِ ملک سلیمان و تصرف آسمان و زمین و طہارت ظاہری و باطنی و انقطاع ماسوی اللہ و دفع دردِ سر۔

خاصیت اسم سی و چہارم بجہت موصوف شدن بجمیع صفات و زندہ شدن مردہ و شفائے مریض و خلاصی یافتن از دستِ ظالم۔
خاصیت اسم سی و پنجم بجہت حصول مقاصد کونین و دفع اعداء و حصول مرتبہ اجسادنا ارواحنا و ارواحنا اجسادنا۔
خاصیت اسم سی و ششم بجہت برآمدن جمیع حاجات و ازدیاد مراتب دارین و حصول مقاصد کونین و قطع اعداء و اوصاف ذمائم و قبولیت عالم و موصوف شدن بصفات حق و تسخیر زحل۔
خاصیت اسم سی و ہفتم بجہت آمرزشِ گناہاں و خلاصی از ظالم۔
خاصیت اسم سی و ہشتم بجہت علو درجات و حصولِ مال و جاہ و فضل دارین و تسخیر مریخ۔
خاصیت اسم سی و نہم بجہت حصول مرتبۂ ربوبیت و درا طاعت آوردن حاسدان و معاندان و بدخواہاں و ظالمان۔
خاصیت اسم چہلم بجہت حصول مراد و عقد اللسان بدگویاں و ظہور عجائب و غرائب و علم و حکمۃ۔
خاصیت اسم چہل و یکم بجہت تخلیص از ظالم و حبس و عجز و انکشاف ہژدہ ہزار عالم و حصول علم خیر و شر قبل از وقوع۔

# خاصیات اسمائے عظام

اسم اوّل برائے انجاح۔ اجابت۔ سُبْحَانَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّ وَارِثَهٗ وَ رَازِقَهٗ وَ رَاحِمَهٗ یہ اسم اول جمالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ حاجات کے برآنے کے لئے ہر روز تین ہزار اکتالیس بار پڑھے اور شروع اس کا روز یک شنبہ ساعت شمس یعنی طلوع آفتاب سے کرے۔ اگر خدانخواستہ پہلے چلّہ میں مقصد پورا نہ ہو تو تین چلّے اسی تعداد کے ساتھ پورے کرے انشاء اللہ مقاصد اس کے پورے ہونگے

اور حاجات روا ہونگی۔

ایضاً برائے مہربانی سلطان اگر کوئی بادشاہ کے روبرو جائے اور سترہ بار اس اسم کو پڑھ کر اس کی طرف دم ............ کرے بادشاہ کے دل میں اس کی طرف سے محبت کا اثر ہو اور بہت عنایت اور مہربانی سے پیش آئے اگرچہ وہ اس سے رنجیدہ ہو۔ ایسے ہی جس بزرگ کے روبرو پڑھے گا۔ عنایت اور مہربانی سے پیش آئے گا۔ اگر اس کی کثرت کرے دل اس کا روشن ہو اور راز نہانی اس کے دل پر مکشوف ہوں۔

ایضاً برائے حاجات دینی و دنیوی اگر کسی کو حاجت دینی یا دنیوی پیش آئے تو اس کو چاہیئے کہ یک شنبہ کے روز طلوع آفتاب کے وقت چوبیس بار اس اسم کو پڑھے بے شک حاجت اس کی روا ہوا۔

ایضاً برائے حصول مطلوب اگر مطلوب سرکشی کرے اور اس سے اعراض کرے تو طالب کو چاہیئے کہ چہار شنبہ کو غسل پاک کرے اور جامہ پاک پہنے اور عود جلائے اور اس اسم کو ایک سو اکیس بار کھانے کی چیز پر دم کرے اور اپنے مطلوب کو (کسی ترکیب سے) کھلادے فی الفور مطلوب اس کے پاس پہنچے اور اس کا مطیع ہو۔ طالب کو چاہیئے کہ اس کے پڑھتے وقت صدق دلی اور اعتقاد درست رکھے اور کسی طرح کا شک دل میں نہ لائے تاکہ جلد مقصود کو پہنچے۔

ایضاً برائے مانعان میراث اگر کوئی مانع میراث ہو یا ایک جماعت اس کے ارث نہ دینے پر متعدی ہو اور وہ شخص حقدار ہو یا کسی سے امید مال کے حاصل ہونے کی ہو اور ان میں تاخیر واقع ہوتی ہو تو اس کو چاہیئے کہ اس اسم کی دعوت تین چلہ تک کرے اس کو۔ دعوت ربانی کہتے ہیں۔ اس دعوت کی مدت اصل میں ایک چلہ کی ہے اگر اس میں کاربرآری نہ ہو تو اکیس روز اور پڑھے تاکہ مقصود حاصل ہو۔ لیکن صاحب دعوت کو لازم ہے کہ راہ شریعت اور شرائط کو ملحوظ رکھے اور واجب سمجھے اور محرمات سے بچے اور سفہا اور غمازوں اور دروغگویوں اور حاسدوں اور فاسقوں

اور مکاروں سے اعراض کرتا رہے اور وظیفہ اسم کو نگاہ رکھے اور اسرارت دعوت[1] کو نامحرموں اور عورتوں اور بچوں اور کنیزکوں پر ظاہر نہ ہونے دے اور ہر روز پانچ ہزار بار پڑھے اگر سویرے پڑھ چکے اور کچھ دن باقی رہجائے تو یَا رَبُّ یَا رَبُّ پڑھے جب رات ہو پھر اسم مذکور کو پڑھنا شروع کرے۔ اور غذا کم کھائے۔ اور طبیعت کو صاف رکھے۔

ایضاً برائے مطیع کردن سلاطین زمانہ اگر چاہے کہ بادشاہانِ زمانہ میرے مطیع اور فرمانبردار ہوں تو چاہیئے کہ ایک انگوٹھی چاندی کی بنائے اور اس پر یہ اسم کھدوائے اور ادائے شرائط کے بعد انتیس روز دعوت دے پھر وہ انگوٹھی پہنے جب بادشاہ کے سامنے جائے انگوٹھی کو خوب دیکھے مگر ایسا نہ کرے کہ سلطان سمجھ جائے اور ادب[2] دعوت کو نگاہ رکھے بیشک بادشاہ مطیع و مسخر ہوگا اور بغیر اس سے ملے چین نہ پاسکے گا۔ صاحب دعوت کو چاہیے کہ اعتقاد درست رکھے اور معتقد رہے اور محرمات اور منکرات سے پرہیز رکھے اور اس کو بازیچۂ اطفال نہ سمجھے کیونکہ تمام انبیاء کے معجزات سے ہے اس کے علاوہ تمام اولیا کو کرامات خاصیت اسمائے عظام ہی سے حاصل ہوئی ہیں۔ خدا سے ڈرے اور خواہش نفسانی کو دخل نہ دے تاکہ اشیائے غائبہ کا معاینہ کرے اور سعادت اور دولت ہائے ازلی و ابدی حاصل ہوں اور تمام مقاصد دینی و دنیوی برآئیں اور انشاء اللہ تعالیٰ عمر دراز ہو۔

اسم دوم[3] یَا اِلٰہَ الْاٰلِہَۃِ الرَّفِیْعُ جَلَالُہٗ یَا اِلٰہُ یہ اسم جمالی ہے خاصیت اس کی

---

[1] اور اس دعوت کے آداب یہ ہیں کہ اس اسم کو کسی پر ظاہر نہ کرے اور جو فوائد کہ اس سے حاصل ہوں ان پر مغرور نہ ہو جائے۔ اور ہمیشہ تقوی (یعنے باطنی پاکیزگی جیسے دروغگوئی زیادہ گوئی و فضول گوئی اور حرام خوری و حرام کاری و کبایر و عقائد فاسدہ وغیرہ وغیرہ سے بچنا) و طہارت (یعنے ظاہری پاکیزگی جیسے جسم اور لباس کو نجاستوں اور کثافتوں سے بچانا) سے رہے تاکہ کسی سخت بلا میں کہ نوبت بعدالفوز ہے مبتلا نہ ہو ۱۲ کشف الاسرار۔

[2] نصاب۔ ایک ہزار اسی بار۔ زکوٰۃ چار ہزار پانسو بار۔ عشر بیس ہزار دو سو پچاس بار۔ بذل سات ہزار بار۔ ختم ایک ہزار دو سو بار۔ اس کے بعد بہ نیت سریع الاجابت ہر روز نو ہزار بار نو روز تک پڑھے۔ اصلاح ہو کہ یقینا گما

یہ ہے جو کوئی ہر روز پندرہ ہزار مرتبہ چالیس روز تک پڑھے۔ چلہ کے درمیان ہی میں تمام خلق اس کی مطیع اور مسخر ہو اور عامل غنی ہو۔

**ایضاً برائے حصول غنا** | اگر کوئی شخص ایسا تنگدست ہو کہ سب کی نظروں میں حقیر اور بے اعتبار ہو تو اس کو چاہیئے کہ بیس روز تک اس اسم کی دعوت دے اور ہر روز فجر کی نماز کے بعد پندرہ دفعہ پڑھے تو تونگر ہو اور اس میں ایسا جلال پیدا ہو کہ جو شخص اس کو دیکھے دوست رکھے اور اس کی پیشانی سے آثار رحمت اور حشمت کے نمایاں ہوں عامل کو یہ چاہیئے کہ یقین کامل اور دل کو قوی رکھے تاکہ اپنی مراد پہنچے۔

**ایضاً حصول عزت وجاہ** | اگر کوئی شخص اکابر زمانہ سے یہ چاہے کہ اس مرتبے سے اور درجہ عالی حاصل ہو اور شرف سعادت ابدی اور دولت سرمدی نصیب ہو اور تمام بزرگ واشراف اور اعیان زمان اس کے مطیع اور فرمان بردار ہوں اور اس کے حکم سے تجاوز نہ کریں اور سختی اور تندی اور متکبرانہ طور سے پیش نہ آئیں تو اس کو چاہیئے کہ اس اسم کی سترہ روز تک دعوت دے بعد اس کے سترہ بار روز پڑھا کرے اگر اس کو طلب جاہ ورفعت وحشمت وکثرتِ اموال واسباب ہے تو وہ نصیب ہو یا کوئی دینی اور دنیوی حاجت رکھتا ہے تو وہ برآئے یا ترقی درجات ومقاماتِ عالم حقیقی اور معارف یقینی چاہتا ہے تو وہ اس کو عطا ہو۔ اور کمال حقیقت سے واصل ہو اور سر جملہ سالکان طریقت ہو اور اگر تحصیل ملک وسلطنت اور جہانداری کی آرزو رکھتا ہے تو وہ بھی نصیب ہو جس وقت ادائے شرائط دعوت سے فارغ ہو گا سب حاصل ہو گا۔

**ایضاً برائے حصول عظمت واجلال** | اگر کوئی چاہے کہ عظمت واجلال سے رہے اور کبھی تغیر وتبدل نہ ہو تو چاہیئے کہ ہفت جوش[1] سے ایک انگشتری بنائے اور ساعت

(بقیہ حاشیہ) اس دعوۃ صغیر میں قفل۔ دور مدور موافق تعداد بذل اور ختم کے ہے ۱۲ منہ رحمۃ۔

[1] چاہیئے کہ ہفت جوش اتوار کے روز ساعت شمس میں سے اور جبکہ قمر شرف میں ہو یعنی ثور میں اور مشتری جوزا میں ہو ان سب کو ملائے اور ایک صورت میں کرے اور انگشتری بنائے اور ساعت مشتری میں حرف کندہ کرائے اور واضح ہو کہ یہ ہفت جوش ہفت اعضا ہیں جو بمقابل ہفت آسمان اور مانند ہفت سیارہ ہیں کہ جن سے جہاں روشن ہے جو

باقی اگلے صفحہ پر دیکھو

مشتری میں یہ اسم اس پر کندہ کرائے اور پنجشنبہ کو پہنے اور استنجے اور ناپاکی کے وقت نہ پہنے ہمیشہ پاک رہا کرے۔

ایضاً برائے حصول سعادت واعطائے حصہ از کسب خود بہ احدے | اگر صاحب دعوت اپنی کمائی سے کسی کو حصہ دینا چاہے اور سعید بنانا چاہے تو اس کو چاہیئے کہ اس انگشتری کو مصطگی پر مہر کرے۔ اور اس شخص کو دے تاکہ وہ منہ میں رکھ کر چبا دے اور اس کا پانی پیئے صاحب نصیب ہو اور رنج و غم اس سے دور ہوں اس شخص کو بھی لازم ہے کہ اس اسم کے پڑھنے کا استعمال رکھے تاکہ صاحب دعوت کی سعادت میں شامل ہو اور صاحب دعوت ہمیشہ اسم پڑھتے وقت بخور کرے اور خوشبو کا استعمال رکھے تاکہ نفوس قدسیہ اس سے موانست پیدا کریں اور دوست ہوں اور تمام امور میں اس کے معاون و مددگار ہوں اور درجات عالیہ پر پہنچائیں اور تمام جہان کی سیر کرائیں۔ عامل کو چاہیئے کہ اکثر مراقب رہے اور فضولات عالم مجازی سے پرہیز کرے اور ہر ایک شغل میں متوجہ نہ ہو تاکہ حضوری دعوت سے باخبر ہو اور اوقات میں فرق نہ آنے دے اور دعوت کا حال بالکل کسی سے بیان نہ کرے۔ اور مطلق اسرار کو ظاہر نہ ہونے دے تاکہ مراد حاصل ہو اور غلطی میں نہ پڑے یہ یاد رکھو کہ اگر غیر شخص صاحب دعوت کے حال سے مطلع ہوگا تو دعوت مقرون اجابت نہ ہوگی واللہ اعلم بالصواب۔

اسم سوم۔ برائے حاجات و تسخیر خلائق و دفع مضرتہائے کواکب | یَا اَللّٰہُ الْمَحْمُوْدُ فِیْ کُلِّ فِعَالِہٖ یَا اَللّٰہُ یہ اسم جمالی اور مستجمع جمیع صفات ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ تمام حاجات اور تسخیر خلائق اور دفع مضرت آفتاب و ماہتاب اور کواکب

(بقیہ حاشیہ) صاحب عمل با اعتقاد تمام اس کو پہنے گا سب اس کے مسخر ہوں گے لیکن احتیاط زیادہ کرے تاکہ تاثیر میں فرق نہ آئے اور جس کو یہ انگشتری دے گا۔ اس کو یہ تصرف حاصل ہوگا۔ ۱۲ منہ رحمہ ۱۲ حاشیہ سفر نما

[1] نصاب ایک لاکھ بیس ہزار زکوٰۃ ساٹھ ہزار عشر تیس ہزار دو سو پچاس بار قفل تین سو ساٹھ بار دور مدور برابر نصاب ۱۲ منہ رحمہ اللہ تعالیٰ۔

کے لیئے ہر روز چار ہزار چالیس بار چالیس روز تک پڑھے۔ پھر جمعہ کے دن طہارتِ کامل
لرکے پاک کپڑے پہنے اور مسجد جامع میں نماز کو جائے اور بعد فراغ نماز بحضور کرے اور
حضوری دل سے یہ اسم دوسو مرتبہ پڑھے تاکہ اس کا قلب تمام بیماریوں سے صحت
پائے اور راہ یقین میں حضرت حق کی طرف توجہ کامل ہو۔ اور اگر چاہے کہ آفتاب کو
آسمان سے نیچے لائے یا ہوا چلے یا بجلی کوندے یا زمین شق ہو جو چاہے ہوگا۔ اعتقاد درست
لرکے حق تعالیٰ کو حاضر ناظر سمجھے اور دل کو تصرفات حق سے نگاہ رکھے۔ بھائی مسلمان
کے ساتھ کینہ اور غیبت اور عداوت وغیرہ نہ کرے دل کے آئینے کو دنیا کی آلائش سے
پاک رکھے اگر ایسا نہ ہوگا اجابت دعوت نصیب نہ ہوگی بلکہ رجعت اسم ہو جائیگی اور
ہلاک ہوگا۔ نعوذ باللہ منہا۔ چاہیئے کہ اعتقاد درست کرکے مداومت کرے تاکہ اللہ
تعالیٰ کی مدد سے اپنے مقصود کو پہنچے۔
ایضاً برائے حصول مقبولیت در خلائق اگر چاہے کہ تمام لوگ تعریف کریں اور دوست
رکھیں تو اس طرح دعوت دے کہ پچاس رات دن علی التواتر دس دس ہزار بار پڑھے
اور اسرار دعوت کو کسی پر ظاہر نہ کرے اور مستحق دعوت کو مؤکلات عالم غیب تعلیم کرے
اور یہ رمز عظیم ہے اور سر کی اجابت دعوت کا محرم سعیدار ب اور مقبول کونین کے
سوا اور کوئی نہیں ہوتا۔ اور صاحب دعوت وہ نہیں ہے کہ اسم اعظم دیکھ کے پڑھ لیا
کرے بلکہ صاحب دعوت وہ ہے کہ اسرار عجائب وغرائب وخواص اسماء اس کے قلب
پر منقش ہوں۔ اور حق یہ ہے کہ جب سے دعوت شروع کرے گا اس کی دعائیں مستجاب
ہونے لگیں مگر اجابت کا ذکر نامحرم سے ہرگز نہ کرے اور نہ یہ کہے کہ میری دعا سے یہ کام
ہوگیا میں نے اس کام کے لیئے دعا کی تھی تاکہ غماز دعوت نہ ہو بہت آدمی ان دعوات
کے پیچھے مرکب پندار پر سوار ہوکر میدان دعوت میں سرگرداں ہوئے ہیں۔ چونکہ رہبر
صدق اور مرشد کامل نہ رکھتے تھے آخر الامر اس میدان میں سر ٹکرا ٹکرا کر مر گئے اور کامیاب
نہ ہوئے۔ صاحب دعوت خالصاً مخلصاً راہ حق پر چلے تاکہ مقصود کو پہنچے اور اپنے تھوڑے
سے ذخیرہ پر مغرور نہ ہو اور ہر چند کہ عجائبات وغرائبات کا معاینہ کرے مگر ان کی

طرف سے اصلاً ملتفت نہ ہو۔ اور حضرت سلطان الانبیاءؑ و برہان الاصفیاء محمد مجتبےٰ احمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا جن کی شان پاک میں قرآن مجید فرقان حمید مازاغ البصر وما طغیٰ فرما رہا ہے اقتدا کرے اور اشکال ارواح کے ظاہر ہونے سے خوف نہ کرے۔ تاکہ مقصد ہاتھ سے نہ جائے۔

اسم چہارم یَارَحْمٰنَ کُلِّ شَیْءٍ وَّرَاحِمَهٗ یَارَحْمٰنُ یہ اسم جمالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ یہ اسم حاجات بر آری اور محبت کے لیے سات دن تک ہر روز ایک ہزار اور دو سو بار پڑھے

ایضاً للمحبۃ برائے حب | گیہوں یا جو کے ہزار دانے لے کر ہر دانے پر ایک دفعہ یہ اسم پڑھے اور ایک نیا برتن پانی سے بھر کر آگ پر رکھے اور نرم آنچ دے جب پانی گرم ہوجائے وہ دانے اس میں ڈال دے جب نیم جوش ہو جائیں اُن دانوں کو نکال کر یا تو کسی بڑے حوض میں یا بہتے پانی میں ڈال آئے خدا چاہے دونوں میں محبت ہو جائیگی

ایضاً برائے دفع بدخوئی | اگر کوئی بدخو اور مردم آزار اور متکبر اور معجب ہو اور چاہے کہ اس کی تمام خصلتیں جاتی رہیں تو اس اسم کو حریر سفید پر مشک زعفران سے لکھے اور اس کا اور اس کی ماں کا نام بھی ضرور لکھے اور جہاں وہ رہتا ہو پاک جگہ میں یا دیوار میں جو قبلہ کی جانب ہو دفن کرے اگر اس طور پر نہ کرے گا اور پاک جگہ نہ ہوگی تو ہلاک ہوگا جب تمام شرائط اور آداب بجالائے گا اس کی تمام خصلتیں اچھی ہو جائیں گی۔ اور موصوف بصفات حمیدہ اور صاحب حیا ہوگا۔ اور کبھی کوئی بیہودگی کا کام نہ کریگا

ایضاً برائے تسخیر اشیاء | اگر کوئی اسم مذکور کی ۳۹ روز دعوت دے اور رات دن تیرہ ہزار دفعہ پڑھے۔ جب دعوت تمام ہو تمام اشیائے عالم زبانِ حال سے اس کے ساتھ کلام کریں۔ اور اسرار ظاہر کریں۔ اور اس میں اس کے سمجھنے کی قوت پیدا ہو اور یہ حالت ہویدا ہو کہ اگر کسی کو نظر قہر سے دیکھے تو وہ پامال ہو اور جو نظر مہر سے دیکھے تو نہال ہو اور اگر مردہ کو حیات کی نظر سے دیکھے زندہ ہو۔ کوڑھی مفلوج وغیرہ اس

---

۱؎ نصاب ایک لاکھ چالیس ہزار زکوٰۃ بہتر ہزار عشر چھتیس ہزار قفل چھتیس ہزار بارہ ورد ہر نصاب کا منہ

کی نظر سے شفا پائیں اور تمام تصرفات مسیحائی اس کو حاصل ہو جائیں۔

ایضاً برائے مطیع کردن مردم | اگر کوئی پاک و صاف ہو کر اس اسم کو اپنی ہتھیلی پر لکھے اور جس کو چاہتا ہے اپنے کنار میں لے اور اپنا ہاتھ اس کی کمر پر ملے فریفتہ ہوگا۔ اور کسی کی طرف مائل نہ ہوگا۔

ایضاً برائے رام کردن دل آرام | اگر کسی کا محبوب رغبت نہ کرے تو چاہیئے کہ تین روزے رکھے اور ہر روز پانسو دفعہ یہ اسم پڑھے چوتھے دن بہتے پانی کے کنارہ پر جا کر غسل کرے اور دو رکعت تحیۃ الوضو ادا کرے اس کے بعد دو رکعت محبۃ للمحب ادا کرے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پڑھے اور سلام کے بعد تین سو اکسٹھ بار اسم مذکور پڑھے خدا کے فضل سے محبوب محب بن جائے اور محبت کو استقامت حاصل ہو۔

اسم پنجم يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ يَا حَيُّ[1] یہ اسم جمالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ حاجات بر آنے اور مردہ دل زندہ ہونے اور حصولِ صحت امراض کے لئے سات دن ہر روز ایک ہزار اکتالیس بار پڑھے مگر جمعرات کو طلوع آفتاب کے وقت کہ ساعت مشتری ہے شروع کرے۔ اور فتح امور دینی و دنیوی کے واسطے بھی اسی طرح دعوت دے۔

ایضاً برائے شفائے امراض صعب و دیگر فوائد۔ | اگر کوئی ایسا بیمار ہو کہ بیماری ظاہر نہ ہو اور اطبا اس کے معالجہ سے عاجز آ گئے ہوں تو چاہیئے کہ اسم مذکور کاسۂ چینی پر مشک و زعفران سے لکھے اور مصری کے پانی سے دھو کر پیئے فی الحال شفا پائے اور سب رنج و الم دور ہوں اور اگر تندرست پیئے تو کبھی بیمار نہ ہو اور اگر صدق دل سے پڑھے تو ہرگز تنگدست نہ ہو اور خدا کے فضل سے اس کی عمر دراز ہو۔ اور اگر چاہے کہ رموز معنی چشمۂ آب حیات دریافت ہو اور مثل خضر علیہ السلام کے حیات جاودانی چاہے اور ظلمات طینت اور تاریکی ضلالت روشنائی سے مبتدل ہو اور مقام بحاصل

[1] نصاب ایک لاکھ چھیانوے ہزار زکوٰۃ اٹھانوے ہزار۔ عشر انچاس ہزار قفل تین سو چھپن بار۔ دور سعدد ر بار نصاب ہر

سے اصل اصول پر پہنچے اور طبقات اعجب العجائب کا معاینہ کرے تو چاہیئے کہ اس ذکر کی مداومت کرے اور دعوت دے اور اس دعوت کو دعوت احیائی کہتے ہیں اور اس دعوت کے دینے والوں نے اس اسم کو کچھ روز تک سات سات ہزار بھی پڑھا ہے۔

**اسم ششم** یَا قَیُّوْمُ فَلَا یَفُوْتُ شَیْءٌ مِّنْ عِلْمِهٖ وَلَا یَئُوْدُهٗ یَا قَیُّوْمُ یہ اسم جمالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ اگر کوئی ثبات دل اور حضوری حق کے لیے ہر روز و شب اکتالیس دفعہ پڑھے اور دل کو حاضر رکھے اس دعوت کے لئے کوئی مدت معین نہیں ہے ہمیشہ بعد نماز فجر و عشا پڑھا کرے۔

**ایضاً برائے بازیابی اشیاء گم شدہ** اگر کوئی چیز گم ہو گئی ہو اور صاحب دعوت کو اسکی خبر نہ ہو تو چاہیئے کہ جس مہینے میں آفتاب برج حمل میں ہو ہفتہ کی رات کو ایک سو بیس دفعہ یہ اسم پڑھے اور سو جائے خواب میں اس کو معلوم ہو جائے گا کہ وہ چیز فلاں جگہ اور فلاں شخص کے پاس ہے اور فلاں روز گم ہوئی تھی یا اس کا چور خود آکر کہدے گا کہ میں نے تیری چیز فلاں جگہ دیکھی ہے اور اگر کسی اور نیت سے پڑھے تو بھی یہی فائدہ ہے۔ سب اس کو معلوم ہو جائے۔ اور جس گھر میں یہ اسم ہو گا کبھی چور نہ آئے گا۔ اور اگر آئے گا۔ تو ہاتھ پاؤں اس کے بندھ جائیں گے۔ اور کسی چیز کا نقصان نہ ہو گا۔

**برائے بازیافتی مال مسروقہ** نئے تانبے کے طباق پر جس کو کچھ کھانے پینے کا اثر نہ پہنچا ہو تین دائرے فولادی پرکار سے اس پر کھینچے اور ہر دائرے میں یہ اسم لکھے۔ عامل کو چاہیئے کہ لکھتے وقت عود جلائے اور خوشبو ملے اور با طہارت ہو پھر ایک ہزار ننانوے بار اسم پڑھ کر اس طباق پر دم کرے وہ طباق اپنی جگہ سے اٹھ کر جس جگہ مال مسروقہ رکھا ہے جا پہنچے گا اور اگر وہ دفن ہو گا تو اس جگہ پر ٹھہر جائے گا۔ چاہے وہاں سے کھود کر نکال لے۔

**ایضاً** ——— اگر کوئی ثقیل الطبع یعنی کند ذہن اور بھلکڑ ہو تو

---

ؔ نصاب ایک لاکھ انہتر ہزار زکوٰۃ چھیاسی ہزار عشر چالیس ہزار دو سو پچاس قفل تین سو ساٹھ سدس بذل نفاذ

اس کو چاہیئے کہ ہر روز یہ اسم فجر کی سنت و فرض کے درمیان میں ستائیس مرتبہ پڑھا کرے کبھی نہ بھولے اور اس کا دل ایسے انوار سے منور ہو جائے گا کہ جو شی ایک دفعہ دیکھے گا یا سنے گا یاد رہے گی۔ اور جو عبارت یا بات سن لے گا کبھی نہ بھولے گا اور اور آدمیوں کو تعلیم اور اس کی برکت انفاس سے دعوت اسمائے عظام میں بہرہ کامل ہوگا۔ اور معنی معرفت اس پر ایسے منکشف ہونگے کہ کوئی نہ جانتا ہوگا (افزایش انوار سے بصیرت مومن کی زیادہ ہوتی ہے۔ جیسا کہ حدیث میں وارد ہے اتقو من فراسۃ المؤمن فانہ ینظر بنور اللہ۔ مترجم)

اسم ہفتم برائے حفظ از بلیات | یَا وَاحِدُ الْبَاقِیْ اَوَّلَ کُلِّ شَیْءٍ وَّ اٰخِرُہٗ ۞ خاصیت اسکی یہ ہے کہ جس شخص کو تفکرات باطل اور خیالات فاسدہ پیدا ہوں اور کوئی طریق ان کے دفعہ کا معلوم نہ ہو یا مجنونیت ظاہر ہو۔ اور نیند وغیرہ بالکل جاتی رہے تو اس اسم کی مواظبت کرے تاکہ جلد خلاصی پائے اگر کسی کو دشمن یا چور یا بادشاہ سے خوف ہو تو ظہر کے وقت غسل کرے اور کسی سے کلام نہ کرے اور نماز پڑھ کر پھر بارا اسم مذکور پڑھے اس طرح چند روز کرے دشمن مقہور اور بادشاہ مہربان ہو اور خود امن میں رہے اور کوئی حاسد اس پر غالب نہ ہو۔ جو کوئی اس سند کا عامل ہے اس پر جادو وغیرہ بھی اثر نہیں کرتا اور موذیات اور جمیع بلیات سے محفوظ رہتا ہے۔

ایضاً برائے حفظ و غلبہ بر مخلوقات | اگر کسی کو کوئی درد یا خوف یا تشویش دشمن کی طرف سے واقع ہو یا بادشاہ اس سے رنجیدہ ہو تو اس کو چاہیئے کہ ظہر کے وقت غسل کرے اور کسی سے بات چیت نہ کرے۔ بعد نماز ظہر اور ورد معینہ کے یہ اسم پچاس بار پڑھے اور چند روز مداومت کرے دشمن مقہور ہو بادشاہ مہربان اور سب رنج اور تشویشوں سے امین ہو۔ اور کوئی حاسد اور غماز اور بدخواہ اس پر ظفر نہ پائے صاحب عمل سب پر غالب رہے، اور جو کوئی اس سند پر عامل ہوگا کوئی منتر جادو اس پر کارگر

[1] نصاب ایک لاکھ انہتر ہزار۔ زکوٰۃ چوراسی ہزار پانسو۔ عشر بیالیس ہزار دو سو پچاس۔ قفل تین سو ساٹھ بار۔ دور عمل دس برابر نصاب کے ہے مترجم۔

نہ ہوگا اور تمام ہوام موذیات اور جانوران گزندہ ہندہ مثل سانپ بچھو کتے زنبور شیر گرگ اور سب بلیات ارضی وسماوی سے محفوظ رہے اور کوئی چیز اس کو نہ ستائے۔

**ایضاً برائے صفائی باطن** اگر کوئی اس سند سے اس کا عامل ہو اور چاہے کہ مطالعہ مشائخ و حصول معارف موجودات اور بدائع مخلوقات و مظہر کائنات میں نہایت درجہ کا ذوق وشوق پیدا ہو اور تمام لذات شہوانی ونفسانی و شیطانی سے فراغ حاصل ہو تو چاہیئے کہ ایک سو ساٹھ روز تک ہر روز ایک ہزار پانسو دفعہ اور اسی قدر شب کو اس اسم کا ورد کرے جب دعوت دے چکے کسی کو خبر نہ کرے صاحب دعوت جمیع مخلوقات میں اپنی صفات کو دیکھے اور شرف وراثت انبیا و اولیا سے مشرف ہو کہ اَلْعُلَمَاءُ وَرَثَةُ الْاَنْبِیَاءِ کہا ہے اور جس کو دیکھے نور معیت حق دیکھے کہ مَا رَاَیْتُ شَیْئًا اِلَّا وَرَاَیْتُ اللّٰہَ فِیْہِ اس کا شاہد حال ہو اور حرم وحدت کا محرم راز بنے اور حقائق اشیاء بطفیل سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم میسر ہو اور مبداء و معاد کہ لا سوی اللہ فی اللہ امر ین معلوم کرے اور شاخہائے عالم سے اشجار ملکوت تک پہنچے اور ملک حقیقی کے ثمرات حاصل کرے تاکہ عدم زادگان کو اسکی دعوت سے بہرہ مندی حاصل ہو اور نار سیدے اس کے طفیل سے پہنچ جائیں اور حقیقت عالم مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى اس پہ ظاہر ہو اور ایسا روشن ضمیر ہو کہ خلائق کے ضمائر سے وقوف پائے

**ایضاً برائے اعتقاد خلائق** جو کوئی اسم مذکور کو تین سو ساٹھ بار فجر کی نماز کے بعد اور اتنا ہی عصر کے بعد پڑھے اور مواظبت کرے تمام عالم اس کا معتقد اور تابعدار ہو چاہیئے کہ اسرار دعوت کسی سے بیان نہ کرے۔

**اسم ہشتم** یَا دَائِمُ بِلَا فَنَاءٍ وَلَا زَوَالَ لِمُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یہ اسم جمالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ جو کوئی دین پر ثابت رہنے کی نیت سے اسم مذکور تین ہزار چوالیس بار پڑھے اور سجدہ میں جا کر حق تعالیٰ سے عرض کرے اور اس آمرزگار سے مغفرت

---

لہ نصاب ایک لاکھ چار ہزار۔ زکوٰۃ دو ہزار۔ عشر چھبیس ہزار۔ قفل تین سو ساٹھ بار۔ دور مدور برابر نصاب ۱۲ منہ رح۔

چاہے قبولیت نصیب ہو یاں سجدے میں غیر کا خطرہ دل میں نہ آنے دے۔

ایضاً بجہت حصول طریق مستقیم | اگر کوئی چاہے کہ میرے تمام کام ظاہری و باطنی میں کوئی مخل نہ ہو اور صراط مستقیم حاصل ہو تو چاہیئے کہ تین روزے رکھے اور طہارت کامل حاصل کرے بعد نماز فجر تین سو دفعہ اسم مذکور پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے سب کاموں میں معین ہو اور شیطان اس کے کسی کام میں مخل نہ ہو۔

ایضاً بجہت امن سلطنت از اختلال | اگر کوئی بادشاہ یا امیر یا اور کوئی حاکم چاہے کہ میری یہی حالت رہے اور تبدیل نہ ہو تو چاہیئے کہ زر خالص کی انگوٹھی بنوا کر اس پر یہ نقش باوضو کندہ کرائے اور خود بھی باوضو رہے جب تک انگوٹھی ہاتھ میں میں رہے گی تمام زلل اور خلل سے مامون ہو اور کوئی دشمن اس پر فتحیاب نہ ہو اور دولت اس کے خاندان سے باہر نہ جائے اور ہر روز پڑھا کرے تو دولت زیادہ ہو۔

ایضاً برائے دفع سستی | اگر کوئی چاہے کہ عمل کے وقت سستی اور کاہلی نہ ہو اور جادۂ یقین پر استقامت حاصل ہو تو چاہیئے کہ چھبیس روز دعوت دے اور ہر روز و شب خالی مکان میں بارہ ہزار دفعہ پڑھے اس کو دعوت واثی کہتے ہیں۔

ایضاً برائے اصلاح حال بادشاہ | اگر کوئی بادشاہ برحق یا وزیر یا کوئی حاکم کسی سبب سے عاجز ہو گیا ہو تو صاحب دعوت کو لازم ہے کہ اس کی اصلاح حال کے لئے لِلّٰہ فی اللہ دعوت دے کیونکہ درستی و صلاح بادشاہ باعث صلاح عالم ہے۔

اسم نہم یَا صَمَدُ مِنْ غَیْرِ شِبْہٍ وَلَا شَیْئٌ کَمِثْلِہٖ یہ اسم جمالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ تمام اغراض اور حاجات برآری کے لیے ہر روز نو ہزار بار پڑھے۔

ایضاً برائے دفع فسق و فجور | اگر کوئی شخص نامشروعات مثل فسق و فجور زنا۔ لواطت۔ حرام خوری کی طرف مائل ہو تو چاہیئے کہ اسم مذکور کی اس طرح دعوت دے کہ تین روزے رکھے اور ہر روز ہزار دفعہ ساعت مشتری میں پڑھے

| نصاب | زکوٰۃ | عشر | قفل | مدد عملی |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| دو لاکھ چھپن ہزار | ایک لاکھ اٹھائیس ہزار | چونسٹھ ہزار | تین سو ساٹھ بار | برابر نصاب ۱۲ |

اور ترکِ عبادات جمالی و جلالی کرے۔ خدا چاہے اس کی طبیعت نیکی کی طرف مائل ہو
اور تمام نامشروعات سے محفوظ ہو اور توبۃ النصوح حاصل ہو۔

[1] ایضاً اگر میاں بیوی میں موافقت نہ ہو تو صاحب عمل اس اسم کو کاسۂ چینی پر لکھ کر پانی سے دھو کر دونوں کو پلائے طرفین میں اتحاد ہو اگر پوست آہو پر مشک وزعفران سے لکھ کر ان دونوں شخصوں کو پلائے جن میں ناموافقت اور مخاصمت ہو یا ان میں سے ایک اپنے پاس بطور تعویذ رکھے خدا چاہے دونوں میں صلح و اتحاد ہو

ایضاً اگر صاحب دعوۃ آداب شریعت اور حقوق صلوٰۃ مفروضہ اور سنت اور نوافل و صیام و زکوٰۃ اور حج سے مؤدب ہو اور ظاہر و باطن اس کا فضولات اور لا یعنی سے بری ہو اور اس کا نفس امارہ لذات اور شہوات کا متمنی نہ ہو اس وقت دعوت کا مستحق ہو اس کو چاہیئے کہ ستائیس روز تک ہر رات دن نو ہزار بار پڑھے۔ اور جو صاحب دعوۃ کہ منہاج تلاوۃ و اوراد قرأۃ اسمائے مذکورہ سے جیسا کہ سابق میں مشرح درج کیا گیا ہے مشغول ہوا ہو اور تلذذ عالم روحانی اور رموز آیات قرآنی سے بہرہ مند ہوا ہو اس کے تمام افعال و اعمال برائے حق ہوں اور مراتب و درجات اس کے عقول و افہام سے باہر ہوں اور جمیع مفارقات اور ملکوتات کو مثل نور معائنہ کرے اور اپنے کو مثل بدن تاباں مشاہدہ کرے اور خورشید حقیقی کے انوار اس کی پیشانی سے بموجب آیہ سِیْمَاهُمْ فِیْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ لامع اور لائح ہو اور اندھیری رات میں جس طرف کو نکلے در و دیوار اس کے نور کے پرتو سے منور ہو جا اور صاحب انفاس نفیسہ ہو کہ کوئی اس کا ہمسر نہ ہو اور وارث علم انبیا ہو اور صاحب برہان و معرفت ہو اور اکثر اوقات در اغلب ساعت مردمان غیر محرم سے خلوت و عزلت اختیار کرے اور جب بندگان خدا سے ملے جو رحمت کہ اس کو حق کی جانب سے عطا ہوئی ہے ان پر ایثار کرے یعنی بہت شفقت اور مہربانی اور اخلاقِ محمدی سے پیش آئے اور کمال رافت مبذول فرمائے، اور التعظیم لامر اللہ والشفقۃ علیٰ خلق اللہ از روئے کرم اپنے لئے لازم سمجھے تا کہ جو کوئی اس کی برکت

[1] برائے موافقت زن و شوہر

واخلاص سے اس کا منہ دیکھے اور خدا تعالیٰ سے اپنی حاجت چاہے روا ہو اور صاحب
دعوت مستجاب الدعوات ہو جس صاحب غرض و مرض کے لئے دعا کرے مستجاب
ہو اور جو شخص کہ کسی بلا یا رنج میں مبتلا ہو یا کوئی شخص قید میں گرفتار ہو اور اس کی
طرف توجہ کرے خدا چاہے اس کی نظر کی برکت سے تمام رنج و بلا دور ہو اور محبوس
رہائی پائے۔

اسم دہم یَا بَاذُ فَلَا شَیْیٔ کَفْوِیْدُ اَمِیہ وَلَا اِمْکَانَ لِوُصُفِہٖ یہ اسم جمالی ہے خاصیت
اس کی یہ ہے کہ جو کوئی کسی غرض کے لئے بارہ ہزار بار پڑھے حاجت اس کی روا ہو
ایضاً بجہت عقد اللسان و دفع دشمنان | اگر کوئی چاہے کہ تمام خلائق اور حاسدوں اور دشمنوں اور
بدخواہوں کی زبان بند ہو تو اس کو چاہیئے کہ ایک تختی سیسہ
کی بوزن تین مثقال تیار کرائے اور اس پر یہ اسم کندہ کرائے اور صاحب دعوت
ایک ہزار ایک بار یہی اسم پڑھ کر اس پر دم کرے اور تازی مچھلی لا کر پیٹ چاک کر کے
تختی اس کی اندر رکھے اور نمناک زمین میں دفن کر دے اور اپنے دشمنوں اور حاسدوں
کے نام بھی اس میں لکھ کر رکھ دے تمام بدگویوں کی زبان بند ہو جائے گی۔ کوئی اس
کی بدی نہیں کرے گا اور بہت جلد تمام حاسد اور معانداس کے مطیع اور منقاد ہونگے
ایضاً بجہت انجاح حاجت وانکشاف عالم ارواح | اگر کوئی اسم مذکور کو چالیس روز تک اکتالیس ہزار بار
ہر روز پڑھے عالم ارواح اس پر مکشوف ہو اور جو حاجت
چاہے روا ہو۔ مگر صاحب دعوت کو لازم ہے کہ ایام دعوت میں ترک حیوانات ضرور
کرے ورنہ ہلاکت کا خوف ہے۔

ایضاً بجہت تسخیر خلائق وحصول کمالات دینی و دنیوی | اگر کوئی چاہے کہ تمام خلائق عالم اور مجموع بنی آدم
متابعت اور عبادت الٰہی میں مصروف ہوں اور
صدق و تقویٰ اختیار کریں اور عالم قدس کی تربیت پائیں اور انوار صمدانیت اور

| ۱ نصاب | زکوٰۃ | عشر | قفل | دور صد دور |
|---|---|---|---|---|
| دو لاکھ چھبیس ہزار | ایک لاکھ بارہ ہزار پانسو | چھپن ہزار دو سو پچاس | تین سو ساٹھ | برابر نصاب |

فیض وحدانیت کا ان میں اثر کرے تو اس کو چاہیئے کہ یہ اسم اکثر روز تک چار ہزار پانسو بار پڑھے اور تمام شرائط مسطورہ بالا کو نگاہ رکھے تاکہ تمام کام خراب نہ ہوں اور عمل میں فتور نہ پیدا ہو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے تمام عالم اس کی طرف متوجہ ہو اور سب مسلمان ہو جائیں اور صاحب صلاحیت و تقوے اور راسخ العلوم ہوں اور علم الیقین سے عین الیقین کے مرتبے پر پہنچیں اور ظاہر و باطن ان کا یکساں ہو اور صراط المستقیم پر مستقیم ہوں سوائے صاحب عمل کے اور کوئی اس اسرار سے واقف نہ ہو اور اس اسم کے ثمرات اور فوائد تمام خلائق پر ظاہر ہوں اور اہل عالم صاحب صفا و وفا آداب و طہارت ہوں اور شرک و شکوک حق تعالیٰ ان کے دل سے دور کرے۔

**اسم یازدہم بجہت قضائے حاجت** | یَا کَبِیْرُ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا تَھْتَدِیِ الْعُقُوْلُ لِوَصْفِ عَظْمَتِہٖ یہ اسم جمالی ہے۔ خاصیت اس کی یہ ہے کہ جو کوئی اس کو قضائے حاجات دینی و دنیوی کے لئے سات روز تک سات ہزار بار پڑھے تمام مقاصد اس کے پورے ہوں۔

**ایضاً بجہت استقلال مراتب سلطنت و وزارت وغیرہ** | اگر کسی بادشاہ کی ولایت میں یا کسی کے حشمت میں یا کسی وزیر کی وزارت میں خلل واقع ہو یا کوئی دوسرا شخص اس پر تصرف کرنا چاہے تو اس کو چاہیئے کہ سات روزے رکھے اور ہر روز اس اسم کو ایک ہزار بار پڑھے اور بادشاہ حقیقی مالک الملک کی درگاہ میں صدق دل سے متوجہ ہو حقتعالیٰ بادشاہ کے معاندوں کو مقہور کرے اور وزیر کو صدر وزارت پر قائم رکھے اور اہل حشمت کو اپنی حشمت پر قائم رکھے اور حق تعالیٰ ایسا سبب کرے جس سے سب اس کے مطیع ہوں اور تمام مردمان فتنہ انگیز غارت ہوں اور تمام خلائق اس کی مطیع و منقاد ہو مگر شرط یہی ہے کہ اسم کا ورد ترک نہ کرے اور حقداروں کا حق موافق شریعت کے اپنے اوپر لازم و واجب سمجھے اور عدل کرتا رہے حق تعالیٰ فرماتا ہے فَاحْکُمْ بَیْنَ النَّاسِ بِالْعَدْلِ۔ وَاِعْدِلُوْا ھُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی احکام الٰہی پر

مستقیم رہے اور اتباعِ سنت سے زادِ آخرت جمع کرے۔

ایضاً بجہت ادائے قرض
اگر کوئی قرضدار ہو اور کسی وجہ سے نہ ادا ہوتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ اس اسم کا ورد کرے اقل درجہ تین سو ساٹھ اور اکثر درجہ دس ہزار بار ہر روز پڑھے جب اس طرح ایک عرصہ تک مواظبت کرے تو خدا کے فضل سے مدیون قرض سے سبکدوش ہو اور خزانہ غیب سے اس کی امداد ہو اور تونگر ہو اس کو چاہیئے کہ نامحرم سے اس اسرار کو ہرگز نہ کہے۔ اور واضح ہو کہ صاحب دعوت اس عمل میں مقام سلطنت پر پہنچے اور تمام جن وانس نظر بد سے محفوظ رہے اور اس قدر جلالت وشوکت زیادہ ہو کہ کسی کے ذہن میں نہ آئے۔ اس دعوت کا نام دعوت کبریائی اس وجہ سے ہے کہ صاحب دعوت بہت جلد حضرت کبریا تک پہنچتا ہے اور ارواح کا معاینہ کرتا ہے اور اکثر اوقات اور اغلب ساعاتِ شب کو ان کا صاحب بھی ہوتا ہے اور دن کو بھی ان سے ملاقی ہوتا ہے جو کوئی اس کا دشمن ہو اس کو ہلاک کرتے ہیں اس میں سر عظیم ہے کہ چشم خلائق سے مخفی ہے مختصر ان اسرار سے بیان کیا جاتا ہے۔ عامل کو چاہیئے کہ چالیس روز اس اسم کی دعوت دے اور اکیس ہزار بار روز پڑھے۔ تا مراتب کبریائی پر پہنچے اور اس ورد کو اس طور پر تقسیم کر کے پڑھے کہ نصف قرأۃ فجر کے بعد دوپہر تک اور نصف مغرب کے بعد سے دو پاس شب تک اور پڑھنے میں سعی کرے کہ نصف اول دوپہر تک تمام ہو جائے اور نصف ثانی نصف شب تک اور عروجِ ماہ سے اس اسم کو پڑھنا شروع کرے اور طریق مذکور نگاہ رکھے۔ تاکہ سریع الاجابت ہو اور یہ بھی ضرور ہے کہ نہایت صاف دلی اور کمال اعتقاد اور یقینِ صادق سے ملازم خلوت ہو تاکہ مرتبہ وصول کو پہنچے اور حکم خدائے تعالیٰ سے تمام خلائق اور بادشاہ اور وزیر اور ارکان دولت اور مشاہیر مملکت اور تمام علماء اور صلحاء اور سادات اور قضاۃ صاحب دعوۃ کے خلوتخانہ میں آئیں اور حاضر ہوں اور ان کے دلوں میں اس کی طرف سے اعزاز وحشمت ووقار متمکن ہو اور حق تعالیٰ اس پر اسرار عالم معنوی مکشوف

---

* دعوت کبریائی کا بیان

فرمائے اور اس کے نفس امارہ کو مطمئنہ کرے پس ایسی حالت میں صاحب دعوت کو لازم ہے کہ اجتماع خلائق سے معذور نہ ہوتا کہ اپنے عمل سے باز نہ رہے۔

اسم دوازدہم برائے حاجات | یَا بَارِیَ النُّفُوْسِ بِلَا مِثَالٍ خَلَا مِنْ غَیْرِہٖ یہ اسم جمالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ جو کوئی قضائے حاجات اور مہمات کے لئے سات روز تک بارہ ہزار بار پڑھے حاجات اس کی روا ہوں اور مہمات سرانجام پائیں

ایضاً برائے دفع سحر | برائے دفع سحر و نظر و برص و جذام و بیماری اس اسم کو ہفت جوش کی انگشتری پر کندہ کرائے اور ہاتھ میں پہنے رہے خدا چاہے تمام بیماریاں دور ہوں چاہیئے کہ حالت جنابت اور ناپاک جگہ میں نہ پہنے۔

ایضاً | اگر کوئی آداب شرائط اسم سے مودب ہو حق تعالیٰ اس کو تمام مکاید شیطانی اور فریب جنات وانسانی سے محفوظ رکھے۔ اور جو کوئی اٹھاون روز تک برابر اس اسم کو پڑھے اور دس ہزار تعداد قرأت روز پوری کرے صاحب دعوت کے دل میں اسرار پیدا ہو کہ تمام ارواح اور نفوس قدسیہ اور سیارات اور کواکب سے واقف ہو اور سب کو چشم سر سے معاینہ کرے اور حقیقت سَنُرِیْهِمْ اٰیٰتِنَا فِی الْاٰفَاقِ وَفِیْٓ اَنْفُسِهِمْ مشاہدہ کرے کیونکہ آیات ربانی اور اسرار یزدانی اسمائے عظام میں مندرج ہیں جب صاحب دعوت اس کو پڑھتا ہے تمام ارواح قدسیہ اور روحانیہ اور ارضیہ وجسمانیہ یعنی نورانی وظلانی جو عالم ملکوت اور جبروت میں ہیں اس کی طرف متوجہ ہوتی ہیں اور صاحب دعوت نور ولایت سے ان کا مشاہدہ اور معاینہ کرتا ہے۔ جیسا کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اتقوا فراسة المؤمن فانه ینظر بنور اللہ تعالیٰ اور عامل تمام علویات روحانی اور سفلیات

---

سلہ یعنی خلائق کے جمع ہونے سے ایسا نہ کرے کہ اپنی ریاضت ومجاہدہ سے باز رہے اور اپنے عجب و پندار میں رہے اور تمام فیوضات اور فتوحات کو ہاتھ سے بیٹھے اور کسی سخت بلا میں گرفتار ہو۔ کشف الانوار۔

جسمانی کے انوار سے منور ہو اور اقتباس انوار ربانی سے بہرہ مند ہو اور اسرار عالم امر اس پر منکشف ہوں اور ظہور کرامات پر قدرت ہو اور اس کے ایک اشارہ میں خلائق کے مقاصد پورے ہوں اور علوم اوّلین و آخرین میراث مصطفوی سے بہرہ مند ہو۔

اسم سیزدہم[۱] یَانُوْرُ الظَّاهِرُ مِنْ کُلِّ اُفُقٍ بِقُدْسِهٖ یَانُوْرُ یہ اسم جمالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ جو کوئی اپنی مراد دلی کے بر آنے اور جن و شیاطین کی کی تسخیر اور ان کے حاضر ہونے کا خواہاں ہو تو اس کو چاہیئے کہ ایک چلہ تک ہر روز پندرہ ہزار بار پڑھے اور شنبہ کو زحل کی اوّل ساعت میں یا بارھویں تاریخ ماہ قمری کے پڑھنا شروع کرے۔ خدا چاہے کامیاب ہو۔

ایضاً برائے تسخیر روحانیات اگر کوئی چہار شنبہ کو غسل پاک کرے اور جامۂ پاک پہنے اور خالی مقام میں بیٹھ کر اس اسم کو ایک ہزار اکیاون بار پڑھے اور چند روز پہلے سے تارک حیوانات جلالی و جمالی ہو تاکہ قلب میں صفائی آئے اور عالم ارواح کی انس کا باعث ہو اور عجائب کے معاینہ سے دیوانہ اور ہلاک نہ ہو جس وقت عامل کی تعداد پوری ہو ہفت تن ارواح صاحب دعوت پر آشکارا ہوں جامہ ان کا سبز اور کلاہ ترکی سر پر ہو منہ ان کا مثل ماہتاب درخشاں ہو اور ان کے انوار کا عکس در و دیوار پر نمایاں ہو آتے ہی صاحب دعوت کے برابر بیٹھیں اور کچھ کہنا چاہیں مگر صاحب کو لازم ہے کہ ہرگز بات نہ کرے بلکہ اور بلند آواز سے اسم پڑھنا شروع کرے جب کہ وہ نہایت مصر ہوں اور یہ کہیں کہ اے آفریدۂ خدائے عزوجل تو کیا چاہتا ہے اور کیا غرض رکھتا ہے بیان کر اور اپنے مقصود کا اظہار کر صاحب دعوت عرض کرتے کہ خدا تعالےٰ نے آپ کو بزرگی بخشی ہے۔ وہ آپ سے ہمیشہ راضی رہے آپ نے فرمان اسم کی اطاعت کی اور میری دعوت

---

| [۱] نصاب | زکوٰۃ | عشر | قفل | دور ملوز |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| دو لاکھ چھپن ہزار | ایک لاکھ اٹھائیس ہزار | چونسٹھ ہزار | تین سو ساٹھ | برابر نصاب ۱۲ منہ |

میں حاضر ہوئے میری آرزو یہ ہے کہ جس جگہ اور جس وقت کوئی ضرورت یا حادثہ نیک و بد سے مجھ پر واقع ہو اس وقت آپ میری معاونت فرمائیں اور خاص معاملہ دوست و دشمن میں قوت اور امداد آپ کی طرف سے ظہور میں آئے اور میرے ساتھ خاص لطف اور عنایت فرمائی جائے جب وہ قبول کریں صاحب دعوت اپنے سینہ پر ہاتھ دھر کر کھڑا ہو اور عرض کرے کہ کوئی نشانی اپنی مجھ کو ضرور مرحمت فرمایئے وہ عذر کریں گے پھر عرض کرے کہ میرا مقصود آپ کی نشانی سے بہت بڑا یہ ہے تاکہ دوبارہ مجھ کو دعوت دینے کی حاجت نہ پڑے۔ جب دعوت کا نام سنیں گے فوراً ایک مہرہ اپنی نشانی کا مثل بیضۂ مرغ مخطط بخطوطِ سبز عنایت کریں گے عامل کو لازم ہے کہ اس کی تعظیم کرے اور سر اور آنکھوں پر رکھے اور عرض کرے کہ مجھے آرزو ہے کہ آپ ان خطوط سے بھی مجھ کو مطلع فرمائیں وہ سب اس کو تعلیم کریں اور اس نوشتہ کے پڑھنے کی اجازت دیں اور یہ نصیحت فرمائیں کہ ناپاک ہاتھ نہ لگانا اور ناپاک جگہ میں نہ لیجانا اور زنِ حائضہ اور جنبی اور ہر فاسق و فاجر کی نظر سے مخفی رکھنا۔ عامل ان سب باتوں کو قبول کرے۔ اور نہایت عجز و انکساری سے پیش آئے اور معذرت کرے کہ آپ نے میری خاطر سے اس قدر تکلیف اٹھائی اور یہاں تک تشریف لائے۔ اب میں اجازت دیتا ہوں کہ آپ اپنے مقام پر تشریف لے جائیں اور جب میں آپ کو بلاؤں اس وقت آپ آئیں۔ پس صاحب دعوت جب ان کو بلانا چاہے سات بار یہ اسم مبارک پڑھ کر مہرہ پر دم کرے اور بخور کرے فوراً حاضر ہوں اور حاجت روا کریں اور اس دعوت میں بہت سے اسرار ہیں حتی المقدور نامحرم پر ہرگز ظاہر نہ ہونے دے۔

ایضاً دعوت شمس اگر کوئی چاہے کہ تسخیر آفتاب کے لئے اس اسم کی دعوت دے تو اس کو لازم ہے کہ اوّل اپنے دل کو مال و منال اور جاہ و حشمت دنیوی کے فکر سے پاک کرے پھر اس کی دعوت دینے کا قصد کرے اور ایک سو پچاس روز تک برابر بے تعداد پڑھتا رہے تاکہ اس مدت میں کوئی ثمرہ اس کا پائے اور اکثر

اوقات اور اغلب ساعات آفتاب کے روبرو تنہائی میں پڑھے اور جو اسرار کہ ظاہر
ہوں کسی سے بیان نہ کرے اس دعوت کو دعوت آفتاب اور تسخیر شمس کہتے
ہیں اس کی دعوت میں اپنے وظیفہ کا پورا خیال رکھے اور اوّل و آخر میں یاشمس
اُجیبُ دَاعِیَ اللّٰہِ باآواز بلند پڑھتا رہے اور اسم اعظم آہستہ پڑھتا رہے بعد
انقضائے مدت معینہ آفتاب آسمان سے نیچے آئے اور بصورت جمیل و شکل ملیح
عامل کے روبرو آئے کہ جس کے دیکھنے سے عامل کا دل خوش ہو اور کسی قسم کی دہشت
اس کے دل میں نہ آئے آفتاب عامل کے ساتھ موانست کرے اور محبت اور اخلاص
کے ساتھ عامل سے اس کا مقصد دریافت کرے جب عامل اپنا مقصد بیان کرے نہایت
خوشخوئی اور شیریں زبانی سے اس کو قبول کرے اور عامل اس کی طرف اسم پڑھتا ہوا
تیز نگاہ سے دیکھے آفتاب فوراً اس کو اپنی بغل میں لے اور کہے کہ میں نے قبول کیا
جو وقت تو بلائے گا آؤں گا۔ اور جو تیری مہم ہوگی اس کا سرانجام کرونگا اور میں
تجھ سے عہد کرتا ہوں کہ جب تو اسم پڑھے گا فوراً تیرے پاس آؤں گا پس جب
عامل اس لطف و عنایت کو دیکھے فوراً کھڑا ہو جائے اور ہاتھ سینہ پر رکھے اور
دعا کہے اور بہت تواضع کرے اور کلمات معذرت کہہ کر رخصت کرے آفتاب
اپنی جگہ پر جائے اور یہ مراقبہ میں مشغول ہو اسی وقت سے خلقت کا غلبہ زیادہ
ہو اور صاحب دعوت کی طرف رجوع لائیں اور باآواز بلند پکاریں کہ اُٹھ اور
تخت پر بیٹھ کر تو ہمارا بادشاہ ہے ہم تیرے مطیع فرمان اور تابعدار ہیں اور تمام
خلائق تیری بادشاہت پر متفق ہے عامل کو لازم ہے کہ ان لوگوں کے سخن پر ہرگز
التفات نہ کرے اور نہ تخت پر بیٹھے۔ کیونکہ سردست بادشاہی قبول کرنے میں نقصان
اور خلل زیادہ ہے۔ ہاں یہ ترکیب کرے کہ ایک چلہ تک کسی دوسرے شخص کو اس
پر نصب کرے بعد اس کے جب دوسری بار خلق اس کی طرف رجوع کرے اس
وقت قبول کرے۔ اور تخت پر بیٹھ جائے بہت اچھا ہے ایک مدت دراز تک بادشاہی
سے تمتع اٹھائے اور توفیق خیر اس کی رفیق ہو یہاں تک کہ سب امور میں رضائے

حق سبحانہ تعالیٰ کو مقدم سمجھے اگر یہ چاہے کہ یہ دولت سلطنت اور شوکت و سعادت دیر تک برقرار رہے تو اس کو لازم ہے کہ تقویٰ اختیار کرے اور وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَیْرَ الزَّادِ التَّقْوٰی کا عامل ہو کر ذخیرۂ زادِ دارین تصور کرے تاکہ سب لوگ اس کی صحبت اور اتباع سے صلاحیت حاصل کریں کیونکہ اَلنَّاسُ عَلٰی دِیْنِ مُلُوْکِہِمْ صحیح ہے جب بادشاہ صلاحیت و تقوے اور اتباع خدا و رسول پر ثابت قدم ہو تو پھر اس کی متابعت سے سب لوگ اسی پر مستقیم ہوں اور اس کی پرہیزگاری صراط مستقیم پر استقامت بخشے۔

| اسم چہاردہم برائے توسیع رزق | یَا کَافِیَ الْمُوَسِّعِ لِمَا خَلَقَ لَہٗ مِنْ عَطَایَا فَضْلِہٖ یہ اسم |
|---|---|

جمالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ جو کوئی یہ اسم بہ نیت توسیع رزق بارہ روز تک ہر روز بارہ ہزار بار پڑھے رزق میں ترقی ہو۔

| ایضاً برائے حصول مقصد مراد | اگر کوئی شخص کسی سے کچھ آرزو رکھے تو اس کو چاہیئے کہ یہ اسم پوست آہو پر مشک و زعفران سے لکھ کر اور اس کے آستانہ |
|---|---|

کے بالاخانہ پر چھپا دے اس کے بعد دو رکعت نماز نفل ادا کرے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورہ والضحیٰ تین بار پڑھے اور سلام کے بعد سجدہ میں جا کر پچاس بار اسم مذکور پڑھے پھر حضرت مجیب الدعوات سے اپنی حاجت چاہے خدا چاہے مقرون بااجابت ہو اور جس چیز کی آرزو رکھتا ہے حاصل ہو اور مراد دلی بر آئے اور حق تعالیٰ اس کو ایسا سعید کرے کہ اگر مٹی کے اندر ہاتھ ڈالے تو سونا پائے اور جس طرف اس کا دل مائل ہو مرضی حق تعالیٰ سے کامیاب ہو۔

| ایضاً برائے رزق حسنہ | جو کوئی چاہے کہ رزق حسنہ سے بہرہ مند ہو اور صاحب دولت و نعمت ہو اس کو چاہیئے کہ طالع سعد میں (یعنی اس وقت کہ قمر برج |
|---|---|

دلو میں ہو) اس اسم کے حروف کاغذ خطائی پر لکھے اور موم اس پر لپیٹے پھر کوزہ میں رکھ کر تھوڑا تھوڑا پانی اس میں سے پیا کرے اور تھوڑا سا خانہ مطلوب کی طرف بھی ڈالے خدا تعالیٰ سب مرادیں اس کی پوری کرے۔

**ایضاً دعوت عطائی برائے حصول مرادات مدارج اخروی و حصول دیدار الٰہی**

اگر کوئی شخص لاچار ہو اور کچھ نہ آتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ اس اسم کے عامل کی طرف توجہ کرے تاکہ اس کی برکت انفاس سے مقصد پورا ہو کیونکہ صاحب دعوت جو کچھ خدا و رسول سے چاہتا ہے فوراً ملتا ہے اور جسکی طرف اشارہ کرتا ہے ہرگز اس کی اطاعت سے سر نہیں پھیرتا۔ اس دعوت کا نام عطائی ہے جو کوئی ایک سال تک ہر روز سات ہزار بار پڑھے اوّل دعوت میں حق سبحانہٗ و تعالٰی کی عنایت و عطا سے اس پر مغفرت و رحمت اور آخرت میں انواع نعمت سے مشرف ہو چنانچہ موقف حساب سے معافی ہو کر یَنْقَلِبُ اِلٰی اَھْلِہٖ مَسْرُوْرًا سے مشرف ہو اور عذاب قبر اور حشر اور پلصراط سے خلاصی پائے اور اس کی شفاعت سے بہت سے گنہگار بخشے جائیں اور اولیاء اور انبیاء صلوات اللہ علیہم اجمعین اس پر نظرِ رحمت ڈالیں اور اس کی عزت کریں اور ان نعمتوں کے علاوہ سب سے بڑھ کر لقائے حق ہے کہ جنت میں دیدار سے مشرف ہو اور وہ ایک ایسی جنت ہے کہ لا فیہا حورٌ ولا قصورٌ ولکن تجلی ربنا ضاحکًا اور فی مقعدِ صدقٍ عند ملیکٍ مقتدر اسی جنت کی شان ہے حق تعالٰی ہم کو اور تم کو اور سب طالبین مخلصین کو نصیب فرمائے آمین آمین آمین یارب العالمین۔

اسم پانزدہم یَا نَقِیُّ مِنْ کُلِّ جَوْرٍ لَمْ یَرْضَہٗ وَلَمْ یُخَالِطْہُ فِعَالُہٗ یہ اسم جلالی ہے خاصیت اس کی بہت ہے عاملان کامگار اور متصرفان نامدار فرماتے ہیں کہ جس جگہ اس اسم کی دعوت دیجائے وہ جگہ تاراج اور ویران ہو جاتی ہے خواہ قریہ ہو خواہ شہر اس کا برباد ہونا نشان اجابت ہے لیکن عاملان دیندار سوائے کوہستان یا جنگل بیابان یا کنارۂ آب کے اور کسی جگہ پر اس کی دعوت دینے کا قصد نہیں کرتے جب ایسی جگہ پاتے ہیں خلوت گزین ہو کر دعوت میں مشغول ہوتے ہیں اور بجائے ہر حرف ہزار بار بعدت حروف اس کو پڑھتے ہیں اگر کوئی جگہ اس دعوت کے سبب سے خراب اور ویران ہوئی ہو تو عامل کو لازم ہے کہ اس اسم کو ان اعرابوں سے

پڑھے خدا چاہے پھر آباد ہو جائیگی کُلّ بفتح لام اور فعالہ بفتح فاء۔

ایضاً برائے ہلاکی اعداء | حضرت سلطان الموحدین شیخ علی شیرازی سے نقل کرتے ہیں کہ ہلاکی اعدا کے لئے منگل کے روز سورج نکلتے وقت کہ ساعت مریخ ہے دو رکعت نماز ادا کرے پہلی میں بعد فاتحہ الم ترکیف چھپن بار اور دوسری میں تبت یدا پچیس بار پڑھے اور سلام کے بعد سجدے میں جائے اور سو بار یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ پڑھے۔ اور سر ننگا کرے اس کے بعد اسم شروع کرے اور چالیس روز تک سولہ ہزار پانسو مرتبہ پڑھے۔ بیشک اعداء ہلاک ہوں۔

ایضاً | اگر صاحب دعوت تمام تصورات باطل سے مبرا ہو اور صفت ملکیہ سے متصف ہو اور کم کھانا کم سونا کم بولنا اختیار کئے ہوئے ہو اور کل معلومات اس کے عین اعیان میں ہو اور اس اسم کا باسند شرائط عامل ہو اور مکاشفات و معاملات باطنی سے آگاہ ہو اس وقت اس کو لازم ہے کہ اس اسم کے خواص دریافت کرے اور بے حساب خلوت میں اس اسم کی دعوت کے لئے کرے اور اس کا عامل ہو کیونکہ اس کا نام تسبیح اعظم ہے تاکہ اس کی برکت سے جمال قدس اور جلالِ سبوحی سالک کے منزل دل میں جلوہ افروز ہو لیکن بڑی شرط یہ ہے کہ خلائق دنیاوی سے اپنے دل کو سالک پاک رکھے تاکہ وہ اسرار الٰہی اس پر منکشوف ہوں جو کسی سالک پر نہ ہوئے ہوں اور عین اثنائے دعوت میں جمال مبارک ارواح انبیاء علیہم السلام سے مشرف ہو اور ان کے پرتو جمال سے منور ہو جس وقت ان کو دیکھے فوراً کھڑے ہو کر سلام کرے اور جب وہ نماز میں مشغول ہوں تو آپ بھی ان کا اتباع کرے اور مسبح اسم ہو۔ نماز کے بعد صاحب دعوت کی طرف رخ فرمائیں اور دریافت کریں کہ اے مسبح تیرا کیا مطلب ہے عرض کرے کہ آپ پر کوئی امر مخفی نہیں آپ کو خود معلوم ہے بس اس کے سوا اور کچھ نہ کہے اور کچھ خوف دل میں نہ لائے اپنے حال پر مستحکم رہے اور اسم کو ترک نہ کرے پڑھتا رہے پھر امام ارواح انبیاء دریافت کرے کہ تیرا کیا مقصد ہے۔ مسبح عرض کرے کہ میرا مقصد دیدار الٰہی اور حقائق اشیاء

سے آگاہی حاصل کرنا ہے امام انبیاؑ فرما دے کہ ہم تکلموا الناس علیٰ قدر عقولہم پر مامور ہیں اگر تیرے سر میں یہی سودا ہے تو کھڑا ہو اور ہمارے ہمراہ ہو۔ دل قوی رکھ اور اسم اعظم کو ترک نہ کر تاکہ تجھ کو بتدریج نو خانقاہ سے عبور کرا دیں اور عجائب و غرائب معاینہ کرائیں مسیح ان کی اطاعت کا مطیع ہو جب **پہلی خانقاہ** میں پہنچیں ایک پیر واحد العین کو دیکھیں کہ اس کے روبرو اصطرلاب رکھا ہوا ہے عامل خاموش علیحدہ ایک طرف کو بیٹھ جائے جماعت ارواح انبیاء بعد سلام اس سے کلام کریں۔ اور اس مسیح کے احوال و اعمال و قبولیت دریافت کریں وہ جواب دے کہ میں نے علم غیب سے دریافت کیا تھا کہ یہ مرد مقبول حضرت عزت ہے۔ یہ سخن سن کر الحمد للہ کہیں اور **دوسری خانقاہ** میں پہنچیں وہاں بھی ایک مرد صوفی طبیعت کو دیکھیں کہ اس کے آگے ایک دفتر رکھا ہوا ہے۔ جماعت ارواح انبیاؑ بعد سلام عامل کا احوال دریافت کریں وہ کہے کہ میں نے اپنی کتاب میں دیکھا تھا کہ یہ شخص مقبول حضرت عزت ہے وہاں سے رخصت ہو کر **تیسری خانقاہ** میں آئیں دیکھیں کہ ایک جمیل صورت ہے اس کے آگے اسباب مزامیر اور اسباب طرب رکھا ہوا ہے۔ بعد سلام کے اس سے بھی دریافت کریں وہ کہے کہ میں نے اسباب ساز سے دریافت کیا تھا کہ یہ شخص مقبول حضرت عزت ہے پھر **چوتھی خانقاہ** میں آئیں وہاں عجیب و غریب معاملہ دیکھنے میں آئے اور مظہر کل موجودات کا معاینہ ہو اور صاحب دعوت عین نور ہو۔ اور یہ نشان اس منزل کا ہے وہاں ایک ایسے نورانی شخص کو دیکھیں کہ وہ تمام صفات حمیدہ سے متصف ہو اور اس کے پاس بہت سی تیغ رکھی ہوں اور چند طیور خوش آواز اس کے گرد پھرتے ہوں۔ یہ جماعت انبیاؑ بعد سلام اس سے مکالمت کریں اور مسیح کا احوال دریافت کریں اس کے جواب میں وہ کہے کہ میں نے خلقت آدمؑ سے پہلے دریافت کیا تھا کہ یہ مسیح مقبول حضرت ہے۔ پھر وہاں سے رخصت ہو کر **پانچویں خانقاہ** میں آئیں اور معاینہ کریں کہ ایک شخص سرخ

رنگ با مہابت ننگی شمشیر ہاتھ میں لئے بیٹھا ہوا ہے۔ ارواح انبیاء بعد سلام مسیح کا حال دریافت کریں وہ کہے کہ میں ہزار سال پہلے سے جانتا ہوں کہ یہ شخص مقبول حضرت الٰہی ہے پھر **چھٹی خانقاہ** میں پہنچیں وہاں بھی ایک پیر نورانی کو دیکھیں کہ آثار سعادت اور خوشخوئی اس کی پیشانی سے عیاں ہوں بلباس علمأ اور فقہاء بیٹھا ہوا پائیں اور ایک پانی کا چشمہ اس کے روبرو بہتا ہوا دیکھیں۔ ارواح انبیاء بعد سلام اس سے مکالمت کریں اور مسیح کا حال دریافت کریں وہ کہے کہ میں نے لوح محفوظ پر لکھا دیکھا ہے کہ یہ شخص مقبول حضرت عزت ہے پھر **ساتویں خانقاہ** میں آئیں وہاں ایک پیر مردہ سیاہ رنگ با مہابت و وصلابت وغیور بیٹھا ہوا معاینہ کریں اور اشیاء مختلفہ اس کے روبرو رکھی ہوئی ہوں۔ جماعت ارواح بعد سلام مسیح کے احوال کی بابت گفتگو کریں وہ جواب دے کہ میں کئی ہزار سال بیشتر سے جانتا ہوں کہ یہ شخص مقبول حضرت عزت ہے پھر **آٹھویں خانقاہ** میں آئیں اور عجائب وغرائب کا معاینہ کریں اور ایک جماعت مختلف الاحوال کو دیکھیں کہ بعضے ان میں سے برکوع بعض بسجود اور بعض بقیام۔ ایک گروہ بحالت تشہد۔ ایک قوم مشغول بہ تسبیح۔ ایک جماعت معروف بذکر حضرت اسمٰعیل ذبیح اللہ اور بعض بذکر عیسٰی روح اللہ اور بعض بذکر موسٰی کلیم اللہ علیہم الصلوٰۃ والسلام وبعض بذکر آیۃ قرآن شریف اَلَآ اِنَّ اَوۡلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوۡفٌ عَلَیۡہِمۡ وَلَا ھُمۡ یَحۡزَنُوۡنَ۔ اور بعض بجماعت اور بعض منفرد ذکر الٰہی میں مشغول ہیں اور ان کے گرد قندیلیں روشن ہیں اور ارواح اولین وآخرین ذوق وشوق کے ساتھ رقص کر رہی ہیں۔ چنانچہ بعض کو مسیح پہچانے اور بعض کو نہ پہچانے۔ جب یہ جماعت ارواح انبیاء علیہم السلام وہاں پہنچے تو سلام علیک کرے۔ ایسی ہی ایک آواز اور ظاہر ہو اور سب لگے سب نماز میں مشغول ہوں۔ مسیح اپنے حال پر مراقب ہو کر ارواح انبیاء علیہم السلام کی متابعت کرے اور عالم روحانی کا تماشا معاینہ کرے ناگاہ مہتر انبیاء علیہم السلام اٹھے اور ندا کرے کہ یا عباد اللہ

المخلصین العارفین الصالحین اسمعوا اسمعوا جب تین بار یہ کہا جائے سب کے سب خاموش ہو جائیں اور وہ غلغلہ تسبیح و تہلیل کم ہو جائے۔ اور جماعت ارواح انبیاء بھی خاموش ہو کر سنیں بہتر انبیاء علیہم السلام خطبہ پڑھے اور باری تعالیٰ کی حمد بیان کرے پھر اثنائے خطبہ میں بیان کرے کہ اس مسبح کے حق میں کیا کہتے ہو وہ مقربان حضرت عزت اس کے جواب میں یہی کہیں کہ یہ شخص مقبول حضرت حق تعالیٰ ہے جب یہ بشارت سن لیں تو اس منزل سے گزر کر نویں خانقاہ میں آئیں وہاں ایک پیر عالم وزیرک کو بیٹھا ہوا پائیں۔ ارواح انبیاء سلام علیک کہیں وہ اس کا جواب دے پھر ارواح انبیاء مسائل کتب اولین و آخرین پر بحث کریں مسبح معاینہ کرے کہ اس پیر کا ہر بن مو کلام کر رہا ہے پھر اس مسبح کے حق میں کلام کریں وہ پیر فرمائے کہ میں نے لوح محفوظ میں کئی ہزار سال ہوئے دیکھا ہے کہ یہ شخص بہ سبب برکت دعوت اسم مقبول حضرت سبحانہ و تعالیٰ ہے دنیا کے کاموں میں کشادگی ہو اور عالم ناسوت و ملکوت و جبروت و لاہوت سے آگاہ ہو اور اس سے آگے لامکان ہے کہ فیض بے نشان عالم لامکان سے اس مکان میں آتا ہے میں اس کو وہاں پہنچا سکتا ہوں جماعت ارواح انبیاء بارک اللہ فرمائے بعد ازاں وہ پیر اور جماعت انبیاء باتفاق عالم غیب کی طرف رخ کریں اور مناجات کے لئے ہاتھ اٹھائیں کہ اے خالق کل مخلوقات و اے صانع کل مصنوعات پاک کنندہ دل مومناں از مغشوشات ایں مسبح را قبول کن ناگاہ عالم وحدانیت سے ایک صدا آئے کہ اے بہتر عالمیان و بہتر آدمیان بدان و آگاہ باش آں روز کہ ایں صاحب دعوۃ مسبحی می کرد ہماں وقت قبول حضرت خود گردانیدیم۔ و معلوم کنید کہ ہر قدرت و فعل کہ ملائکہ دارند ہمہ جبرائیل را دادیم و قبولیت و قدرت کہ مجموع انبیاء دارند بحضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم بخشیدیم بہ سبب ایں دعوت کہ عجیبے ملکوت است ثواب وجہ جبرئیل و محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام صاحب دعوت را عطا کردیم و صراط المستقیم بدے نمودیم ہر فرزند آدم کہ ایں اسم را بسیار خواند درجات اولیاء

وانبیاء ورنامۂ او ثبت شود) اس کے بعد ایک آواز تین بار با عظمت سنائی دے کہ (ارجعوا ارجعوا ارجعوا) جماعت ارواح انبیاء ہمراہی پیر اس مقام سے واپس آئیں اور خانقاہوں سے گزرتے ہوئے مبہم کے حجرے میں داخل ہوں اور صاحب دعوت کو پہنچا کر اس کو کنار میں لے کر اور اس کے ہاتھوں کو بوسہ دے کر سلام علیک کرکے رخصت ہوں۔ صاحب دعوت ان کے فراق میں گریہ وزاری شروع کرے اور بہت بیقرار ہو۔

واضح ہو کہ اگر کوئی مسافر ہزار برس سیر کرے تو یہ عجائب وغرائب ہرگز اس کے دیکھنے میں نہ آئیں جو اس مبیح نے ایک ساعت میں دیکھے۔ جو کوئی اس مرتبہ کو پہنچا اس نے سب کچھ دریافت کیا۔ کیونکہ ہر ایک عالم کی مختلف زبانیں ہیں جو بغیر اس کے سمجھ نہیں سکتا۔ چنانچہ ناسوتیاں ملکوتی زبان سے واقف نہیں اور ملکوتیاں جبروتی زبان سے آگاہ نہیں اور جبروتیاں لاہوتی زبان سے ماہر نہیں اور لاہوتیاں حال اخفا کو نہیں پاتے جو لوگ کہ اپنے سے گزر گئے اور اسرار ربوبیت کو دریافت کیا اور فنا اور بقا کے دروازہ کو اپنے اوپر کھولا انہوں نے ہر شئے کا مشاہدہ کیا اور (وفی انفسکم افلا تبصرون) سے آگاہ ہوئے اور اس اسم کے فوائد شرح وبسط کے ساتھ شیخ الشیوخ شیخ شہاب الدین مقتول رحمۃ اللہ علیہ سے مطالعہ کرے وہاں سے دیکھ کر دعوت میں مشغول ہو۔ اگر کوئی شخص اپنی رحلت کے وقت اس اسم کا تصرف اپنے مرید یا اپنے فرزند کو عطا کرے تو وہی تصرف اس کو نصیب ہوگا اور صاحب دعوت کا کسب ضائع نہ ہوگا۔ اور کئی پشتوں تک یہ اثر قائم رہے گا۔ اس دعوت کو اپنے مرشد کامل عامل سے سیکھے اور سند دعوت دریافت کرے تاکہ جلد اثر ہو اور اپنے مقصود ومطلوب کو پہنچے واللہ اعلم بالحق۔

**ایضاً برائے خلاصی از پنجہ ظالم** اگر کوئی شخص کسی ظالم کے پنجے میں گرفتار ہو یا کسی قید میں محصور ہو کہ اس سے مخلصی ممکن نہ ہو تو اس کو چاہیئے کہ اس اسم کو ہر روز ہزار بار پڑھے حق سبحانہ تعالیٰ اس کو خلاص کرے گا اور ہر بلا سے نجات

بخشنے کا۔ اس اسم کو تسبیح اعظم کہتے ہیں۔

اسم شانزدہم[1] یَاحَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ وَسِعْتَ کُلَّ شَیْئٍ رَّحْمَۃً وَّعِلْمًا یہ اسم جمالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ اگر کسی کے ہوش زبان آنکھ بستہ ہو اور کسی علاج سے فائدہ نہ ہوتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ چالیس روز تک اس اسم کی دعوت دے اور بہت کوشش کے ساتھ ہمیشہ ہر وقت اس ذکر میں مشغول رہے۔ خدا چاہے جلد صحت پائے۔

**ایضاً برائے تسخیر جنات** | اگر کوئی شخص جنوں کی تسخیر کا طالب ہو تو اس کو چاہیئے کہ ایک سال تک خلوت اختیار کرے اور بے انتہا اس اسم کو پڑھنا شروع کرے اور ہمیشہ اس طرف دھیان رکھے کہ دیکھئے اب پردۂ غیب لاریب سے کیا ظہور میں آتا ہے خدا کی قدرت سے آخری خلوت میں سات علامتیں ظاہر ہوں اور ان کے ظاہر ہونے پر دل کو قوی رکھے اور حق کی جانب متوجہ ہو اور کثرت اسم سے غافل نہ رہے وہ سات علامتیں یہ ہیں اوّل جب تین دن گزریں تمام عالم اس کو سبز دکھلائی دے چنانچہ در و دیوار جامہ تن بدن اپنا پرایا سب سبز معلوم ہوں۔ چاہیئے کہ خوف و ہراس اپنے دل میں ذرا نہ لائے دوم آٹھویں روز دو تن صاحب دعوت کے پاس آئیں اور کہیں کہ اے فرزند آدم تیرا اس دعوت سے کیا مقصد اور مطلب ہے۔ کھڑا ہو اور اپنے کاروبار دنیوی میں مشغول ہو ایسا نہ ہو کہ کچھ نقصان پہنچے صاحب دعوت کچھ جواب نہ دے بلکہ اسم کو اور پکار پکار کر پڑھنا شروع کر دے اور ہرگز نہ ڈرے ورنہ ہلاکت کا خوف ہے سوم تیرھویں دن ایک مرغ سبز مانند ہما آئے اور عامل کے سر پر بیٹھے اور بانگ دے تو اور مرغ مثل اس کے چھوٹے چھوٹے جمع ہوں عامل اپنے اسم کو بلند آواز سے پڑھتا رہے اور ذرا خوف و خطر دل میں نہ لائے تھوڑی سی دیر کے بعد وہ مرغ سب چلے جائیں گے چہارم سترھویں

---

[1] نصاب دو لاکھ پچاس ہزار، زکواۃ ایک لاکھ پچیس ہزار، عشر باسٹھ ہزار، قفل تین سو ساٹھ، دوری مل دی بہار نصاب

روز عصر کے وقت ایک شخص پرتع پوشن بشکل درویشاں عامل کے پاس آئے اور سلام علیک کرے۔ صاحب دعوت سوائے سلام کے اور اس سے کچھ بات چیت نہ کرے مگر تعظیم و تکریم اشارہ سے بجالائے اور اسم کے پڑھنے میں مشغول ہو اور اصلاً اس کی بات کا جواب نہ دے ورنہ ہلاک ہو جائے گا۔ پنجم چھبیسویں روز تمام جن و انس اور دیو و پری کافر و مسلمان سب کے سب حاضر ہوں گے اور مراد و مقصود دریافت کریں لیکن کسی سے کچھ بات نہ کرے اور نہ ان کی بات کا جواب دے اتمام دعوت تک اپنے راز کو پنہان رکھے۔ ششم اٹھائیسویں دن سے چلہ تک اپنے حجرہ میں اس شکل کا مندلہ مربع بنا دے اور اس میں بیٹھ کر اسم پڑھے اور رات کو سبز چراغدان پر چراغ روشن کرے اور اس میں روغن زیت یا چنبیلی ڈالے اور ستر ہ بار آیۃ قل اوحی الی انہ استمع نفر من الجن الخ فتیلہ پر پڑھ کر دم کرے اور روشن کر دے بعد اس کے دعوت اسم میں مشغول ہو سات رات تک اسی طرح کرے یکایک چار مرد اس مندلہ کے گرد پیدا ہوں اور کہیں کہ اے فرزند آدم اٹھ اور اس مندلہ سے باہر آ اور اپنا مقصد بیان کر اگر مال چاہتا ہے مال دینگے اگر کسی پر فریفتہ ہے تیرا معشوق حاضر کریں گے اگر علم کا خواستگار ہے علم سکھا دیں گے اور اگر تیرا کوئی دشمن ہے تو اس کو ہلاک کریں گے۔ غرض کہ بہت سی قسمیں کھائیں گے اور مقصد دریافت کریں گے اور کہیں گے کہ جو تو کہے گا ہم وہی کریں گے۔ مگر عامل کو چاہیئے کہ ہرگز ان کے دم میں نہ آئے اور اصلاً کلام نہ کرے اور نہ اس مندلہ سے باہر آئے اور نہ اپنی جگہ سے ہلے ورنہ ہلاک ہونے کا خوف ہے ہفتم آخر روز چلہ کے ایک شور و شغب عظیم پیدا ہوا اور دن سے ہی طرح طرح کی مشعلیں اور جلتے ہوئے چراغ گھوڑے پر سوار بصورت مختلفہ نظر آئیں گے رات تک یہی تماشا دیکھنے میں آئے گا کہ ناگاہ ان کے درمیان ایک سلطان با مہابت شیر پر سوار مع الخدام پر از طبق زر و جواہر برائے نثار مع تیس ہزار پری کے صاحب دعوت

۱۱۱ھ ۱۱۱ھ ۱۱۱ھ ۱۱۱ ح

کے روبرو حاضر ہو اور سلام کرے صاحب دعوت تعظیماً کھڑا ہو جائے اور دونوں ہاتھ سینہ پر رکھے اور اشارے سے جواب دے اور زبان سے قطعاً کلام نہ کرے بادشاہ عرض کرے کہ اے عامل و عالم ربانی اور اے زبدۂ ذریات انسانی ولے فرزند آدم خلیفۂ حقانی تیرا مطلب ہے صاحب دعوت بیان کرے کہ اے ملک ارواح خدائے خالق اشباح تجھ سے راضی ہو میری مراد یہ ہے کہ اپنے لشکر کو میری حاجت کے لئے مدد معاون کر تا کہ جو وقت میں ان کو بلاؤں حاضر ہوں اور معاونت کریں اور نظر اتحاد اور مودت کو مجھ سے نہ پھیریں۔ المقصود وہ اپنے لشکر کو دکھلائے اور اس کے حکم کا مطیع کرا دے۔ اسناد اس اسم کی بہت ہیں مختصراً یہاں معرض تحریر میں آئیں۔

**اسم ہفتدہم برائے استغنا**[1] یَا مَنَّانُ ذُوالْاِحْسَانِ تَدْعُمُ کُلَّ الْخَلَائِقِ مَنُّہٗ یہ اسم جلالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ جو کوئی ہمیشہ مقروض رہتا ہو اور سخت عاجز ہو تو اس کو چاہیئے کہ اس اسم کی بہت تلاوت کرے حق تعالیٰ خزانہ غیب سے اس کا قرضہ ادا کر دے گا اور جو کوئی اس سے معاملہ کرے گا فائدہ اٹھائے گا اور وہ شخص اسی کی برکت سے صاحب اولاد اطفال کثیر ہوگا۔

**ایضاً برائے ملاقات رجال اللہ و فوائد جلیلہ** اگر کوئی اپنی ترقی شغل و عمل یا دوسرے کے لئے اس اسم کی نوے روز تک دعوت دے اور ہر رات دن سات ہزار بار پڑھے کوئی شخص رجال اللہ سے کہ مثل اس کے ایسا صاحب شوکت و عظمت نہ دیکھا ہو عامل کے پاس آئے اور ایسا علم سکھلائے کہ وہ پھر کسی چیز کا محتاج نہ رہے اور دنیا و آخرت کا تو انگر ہو جائے اور انواع علم کیمیا سے بھی اس کو تعلیم کرے کہ اگر خاک میں ہاتھ ڈالے تو سونا ہو جائے لیکن صاحب عمل کو لازم ہے کہ ایسے کاموں کی طرف ملتفت نہ ہو تا کہ شغل حق سے باز نہ رہ جائے اور غبار

---

| [1] نصاب | زکواۃ | عشر | قفل | دور مع اصل دور |
|---|---|---|---|---|
| دو لاکھ چھبیس ہزار | ایک لاکھ تیرہ ہزار | چھ سو پینسٹھ ہزار | تین سو ساٹھ | برابر نصاب |

تردّدات اس کے آئینہ دل میں نہ جمیں۔

ایضاً برائے راہ یابی | اگر کوئی شخص راہ بھولا ہو تو نوسے مرتبہ اس اسم کو پڑھے خدا چاہے راہ پائے۔

ایضاً برائے حصول سامان | اگر کوئی بے سروساں ہو تو اس کو چاہیئے کہ ہر روز ننانوے بار پڑھے خدا چاہے صاحب سامان ہو۔

اسم ہیجدہم یَا دَیَّانَ الْعِبَادِ کُلٌّ یَقُوْمُ خَاضِعًا لِرَهْبَتِهٖ وَرَغْبَتِهٖ یہ اسم جلالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ جو کوئی جامۂ خانہ کعبہ شریف پر مشک و زعفران سے یہ اسم لکھ کر میت کے سینے پر رکھ کر مردہ کو دفن کرے خدا تعالیٰ کے حکم سے وہ شخص عذاب گور سے نجات پائے اور اس پر عذاب نہ ہو اگرچہ لائق جرم ہو۔

ایضاً برائے مرض برص | اگر کوئی شخص برص میں مبتلا ہو کہ وہ کسی علاج سے اچھا نہ ہوتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ یہ اسم کاغذ خطائی پر مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے خدا چاہے عارضہ برص سے شفا پائے۔

ایضاً برائے فسخ عزم سفر | اگر کوئی شخص سفر کا ارادہ رکھتا ہو اور دوسرا شخص اس کا باہر جانا پسند نہ رکھتا ہو تو اس کو چاہیے کہ یہ اسم پوست آہو پر مشک و زعفران سے لکھ کر اس کی دیوار میں جو جانب قبلہ ہو چھپاوے اور تیس دن تک یہی اسم برابر ہر روز ایک سو بیس مرتبے پڑھے خدا چاہے اس کا ارادہ عزم سفر سے فسخ ہو جائے گا۔

ایضاً برائے مال ومتاع در سفر | اگر کوئی شخص سفر کا ارادہ کرے اور اس اسم کا پوست آہو پر مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے اسباب میں رکھ لے حق تعالیٰ اس کا اور اس کے مال کا نگہباں ہوگا۔ اور اگر راستہ میں چور یا رہزنوں کی جماعت اس کے نقصان کا قصد کریں تو حق تعالیٰ ان کی آنکھوں کو اندھا اور کانوں کو بہرہ کر دے گا۔

ایضاً برائے سلامتی مال از سرقہ و خیانت | اگر کوئی چاہے کہ کسی کو اپنا مال ومتاع

[illegible]

امانتہً سپرد کرے تو اس کو چاہیئے کہ اس اسم کو سفید حریر پر لکھ کر اپنے اسباب میں مخفی رکھ دے اور لکھتے وقت عود کا بخور کرے اور کسی سے اس امر کی اطلاع نہ کرے خدا چاہے اس کی امانت سلامت رہے اور کوئی اس کے مال کی خیانت پر قادر نہ ہو۔

**ایضاً برائے حصول مقاصد** جو مومن کہ ستر روز تک برابر پانچہزار بار اس اسم کو پڑھے گا تمام مقصد دلی اس کے پورے ہونگے اور مقبول ارواح و اشباح و اجسام ہوگا اور حسد اور کینہ اور کپٹ سے اس کا دل صاف ہوگا۔

**اسم نوزدہم برائے بازآمدن غائب** يَا خَالِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ كُلٌّ اِلَيْهِ مَعَاذُهٗ یہ اسم مشترک ہے۔ خاصیت اس کی یہ ہے کہ جو کوئی غائب ہو اور اس کا کچھ پتا نہ ملتا ہو تو طالب کو چاہیے کہ یہ اسم پانچہزار بار پڑھے اور اس کے بعد دو رکعت نماز نفل ادا کرے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص اور آیۃ الکرسی دس دس بار پڑھے اور سلام کرے بعدہ سجدہ میں جائے اور ...بار اس درود شریف کو پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كُلَّمَا غَفَلَ عَنْهُ الْغَافِلُوْنَ وَ...الِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ پھر ہزار بار اسم مذکور پڑھے اس کے بعد اسم مسطور ...مشک و زعفران سے کاغذ پر لکھے اگر پوست آہو ہو تو سب سے اولیٰ ہے پھر اس ...تعویذ کو اپنے تکیہ کے نیچے رکھے اور سو جائے حق تعالیٰ کے حکم سے غائب کو خواب ...میں دیکھے گا اور جو کچھ سختی یا راحت گزرتی ہوگی بیان کرے گا۔ اگر زندہ ہے ...بہت جلد واپس آئے گا۔ اور بغیر گھر آئے اس کو چین اور آرام اور قرار نہ ہوگا۔

**اسم بستم** يَا رَحِيْمَ كُلِّ صَرِيْخٍ وَّمَكْرُوْبٍ وَّغِيَاثَهٗ وَمَعَاذَهٗ یہ اسم جمالی ہے۔

| دور مداری | قفل | عشر | زکوٰۃ | نصاب |
|---|---|---|---|---|
| برابر نصاب | تین سو ساٹھ | اکیاسی ہزار | ایک لاکھ باسٹھ ہزار | ...لاکھ چھبیس ہزار |

| دوگا مداری | قفل | عشر | زکوٰۃ | نصاب |
|---|---|---|---|---|
| برابر نصاب | تین سو ساٹھ بار | بہتر ہزار دو سو پچاس بار | ایک لاکھ چوالیس ہزار پانسو | ...لاکھ نواسی ہزار |

خاصیت اس کی یہ ہے کہ اگر کوئی شخص اس کو دوشنبہ یا پنجشنبہ کو طلوع آفتاب کے وقت پڑھے چاند سات روز تک ہر روز سات ہزار بار پڑھے حق کی محبت اس کے دل میں پیدا ہو۔

ایضاً برائے حب | اگر کسی کو اپنے عشق میں بیقرار کرنا چاہے تو اس کو چاہیئے کہ اس اسم کو کاغذ خطائی پر مشک وزعفران سے لکھے اور بہتے پانی میں ڈالے اور وہیں اس پانی کے کنارے ایک ہزار بار اس اسم کو پڑھے ایسے وقت میں عامل تارک حیوانات جمالی وجلالی کا ہو اور روزہ دار رہے تو بہت ہی خوب ہے اور اس اسم کی تلاوت کے وقت خوشبو کا استعمال کرے اور عود جلائے خدا چاہے اس کا مطلوب مضطرب ہو کر اس کے پاس آئے اگر وہ قید آہنی میں بھی مقید ہوگا تب بھی اس کے پاس پہنچے گا۔ اور جو شخص پانی پر دم کرکے اس کو پئے گا با ایمان مرے گا۔ اور عذاب قبر اور سکرات موت اور پل صراط کے خوف سے نجات پائے گا۔

ایضاً برائے دفع جنون | اگر اس اسم کو دارچینی کے ٹکڑوں پر لکھ کر پانی میں گھسکر کسی مجنون یا سودائی کو پلائے خدا چاہے شفا پائے۔

ایضاً برائے مخلصی از مشکلات | اگر کوئی شخص اس اسم کو ہر روز بوقت صبح ایک سو پانچ مرتبہ پڑھے خلق اس کی مطیع ہو اور تمام بلاؤں اور سختیوں اور مشکلوں سے رہائی پائے اور دارین کا مقصود اس کو نصیب ہو اگر خاص کسی کے مطیع ہونے کی نیت سے پڑھے وہ شخص اس کا مطیع ہو۔

ایضاً برائے تسخیر ارواح و دیگر فوائد جلیلہ | اگر کوئی شخص تسخیر ارواح وقلوب خلائق وجمیع خلائق آسمان وزمین اس اسم کو پڑھے خدا چاہے کامیاب ہو۔

ترکیب یہ ہے کہ چالیس روز تک متواتر سات ہزار بار پڑھے۔ تمام روحانیات عالم علوی اور ساکنان سفلی اس کی طرف متوجہ ہوں اور اس کے مددہوں۔ اس دعوت کا نام دعوت رحیمی رکھا گیا ہے۔ اگر کوئی شخص اس اسم اعظم کو ہر روز تین سو ساٹھ بار پڑھے گا اور اوّل وآخر ہر ہیکل ہے پر درود شریف پڑھے گا۔ اگر قید میں ہوگا رہائی

پائے گا قرضدار ہوگا سبکدوش ہوگا مریض ہوگا شفا پائے گا۔ فقیر توانگر ہوگا ننگا لباس پائے گا۔ بھوکا سیراب ہوگا۔ گمراہ ہدایت پائے گا ذلیل عزیز ہوگا مسحور شفا پائے گا۔ اگر دریا یا جنگل میں ہوگا۔ غرق اور ہلاکی سے نجات پائے گا۔ اگر مسافر ہوگا اور اپنے وطن سے دور و دراز پڑا ہوا ہوگا۔ اپنے گھر آئے گا اور اہل و عیال سے ملے گا۔ اگر کسی کے باطن میں تفرقہ پڑا ہوا ہو۔ اور جمعیت خاطر چاہے تو اس کو نصیب ہو گی اور لذات حضوری سے مسرور ہوگا۔ اگر کوئی صاحب حاجت و غرض ہے اپنے مقصود کو پہنچے گا اور اگر بے زوج ہے بیوی پائے گا اور عدو دوست ہونگے اور لا ولد اولاد پائے گا اور مغلوب الغیظ والغضب صاحب حلم ہوگا۔ حاسد محسود ہوگا متکبر صاحب تواضع ہوگا اور بخیل و ممسک صاحب جود و سخا ہوگا اور حقیر صاحب عزت ہوگا اور حریص قانع اور مظلوم منصور ہوگا اور جو سوء عاقبت سے خائف ہوگا اس کے سبب سے اس کی عاقبت بخیر ہوگی۔ چاہیئے کہ اس اسم کے پڑھنے کا التزام رکھے اس کے بہت سے خواص ہیں پڑھتے وقت اس کی تاثیریں اور عجائب و غرائب اسرار عامل کے مشاہدہ میں آئینگے۔ جو شخص اس سے غافل رہا محروم رہا اور جس نے اس کی مواظبت کی سعادت ابدی پائی۔ وان اراد ان یکون عزیزاً کریماً رحیمانی الآجلة والعاجلة فیلتزم ھذا الاسم الاعظم المذکور۔

اسم بست و نہم برائے مشاہدہ عجائب و غرائب عالم | یَا نَامُ فَلَا تَمِيفُ الْاَلْسُنُ كُنْهَ جَلَالِهٖ وَمُلْكِهٖ وَعِزِّهٖ[1]

یہ اسم جمالی ہے خاصیت اس اسم کی یہ ہے کہ جو کوئی شخص عجائب و غرائب عالم غیب کا مشاہدہ کرنا چاہے تو اس کو چاہیئے کہ بارہ روزے رکھے اور ہر روز دو ہزار چھپن بار اسم کو پڑھے عالم ظاہر و باطن اس پر مکشوف ہو اور بادشاہ اور تمام اکابر روزگار اس کو دوست رکھیں اگر بادشاہ کے روبرو جائے درجہ وزارت پائے اور روز افزوں اس کا مرتبہ بلند اور عزت زیادہ ہوتی

| [1] نصاب | زکوٰۃ | عشر | قفل | دور مدور |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| دو لاکھ چھپن ہزار | ایک لاکھ اٹھائیس ہزار | چونسٹھ ہزار | تین سو ساٹھ بار | برابر نصاب |

جائے اگر یہ شخص اس وظیفہ کو ترک کر دے گا ترقی نہ ہو گی لیکن جس درجہ پر ہو گا وہیں رہے گا۔

ایضاً برائے تفرقہ اعداء | اگر کوئی چاہے کہ بیگانہ لشکر کو متفرق کر دے تو اس عامل کے پاس اس کے بادشاہ کے گھوڑے کی پائے خاک لائے اور عامل اس پر سات ہزار بار یہ اسم پڑھ کر دم کرے اور اپنے لشکر میں کھڑا ہو کر دیکھے کہ اس لشکر کا بادشاہ کہاں ہے اور قلب اس لشکر کا کس طرف ہے پس وہ خاک اس طرف کو پھینکدے اور زبان سے کہے کہ ہم نے تم کو متفرق اور پراگندہ کر دیا۔ اور زور سے ہاتھ پر ہاتھ مارے تاکہ اس کے لشکر تک وہ آواز پہنچ جائے یہی اسم پڑھنا شروع کر دے خدا چاہے ان کو ہزیمت ہو گی اور ان کو فتح اور نصرت ہو گی۔

ایضاً برائے تسخیر عالم علوی و سفلی | اگر کوئی شخص اس اسم کو اکتالیس روز تک سات ہزار بار پڑھے ارواح عالم علوی اور سفلی اس کے مسخر ہوں اور ہر کار میں اس کے ممد و معاون اور اس کے عدل و احسان کا آوازہ جہاں میں مشہور ہو خدائے تعالیٰ کے فضل و احسان اور بزرگی سے۔

اسم بست و دوم[1] برائے طلب علم و حکمت | يَا مُبْدِعَ الْبَدَائِعِ لَمْ تَبْغِ فِي اِنْشَائِهَا عَوْنًا مِنْ خَلْقِهٖ یہ اسم جمالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ اگر کوئی شخص طالب علم و حکمت ہے اور کچھ پڑھا ہوا نہیں ہے تو اس کو چاہیئے کہ چالیس روز تک نناویں بار اس اسم کو پڑھے حق تعالیٰ جلد تر چشمہ ہائے علم و حکمت اس کے دل سے جاری کر دے گا۔ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من اخلص اللہ اربعین صباحًا ظہرت لہ ینابیع الحکمۃ من قلبہ علی لسانہ اور کوئی حجاب اس پر نہ ہو گا اور حل مشکلات اور افتتاح ابواب اس پر آسان ہو گا۔

ایضاً برائے ادراک مغیبات | اگر کوئی شخص نوے روز تک چار ہزار چار سو چوالیس

---

| [1] نصاب | زکوٰۃ | عشر | قفل | دور | 
|---|---|---|---|---|
| دو لاکھ چھپن ہزار | ایک لاکھ اٹھائیس ہزار | چونسٹھ ہزار | تین سو سولہ بار | برابر نصاب |

بار بہ نیت ادراک مغیبات علم لدنی پڑھے حق سبحانہ وتعالیٰ اس کو عطا فرمائے گا اور عالم غیب وشہادت اس پر مکشوف کریگا۔

**ایضاً برائے حصول غنا** اگر کوئی چاہے کہ سوائے حق کے کسی کا محتاج نہ ہو تو اس کو چاہیئے کہ اس اسم کے حروف غیر مکرر جمع کرے اور ہر حرف کے بدلے ہزار بار پڑھے وہ شخص خدا کی ذات پر مستغنی ہو جائے گا۔ اور کسی کی اسکو پروا نہ رہیگی۔

**اسم بست[2] وسوم برائے حصول سعادت** یَا عَلَّامَ الْغُیُوْبِ فَلَا یَفُوْتُ شَیْءٌ مِّنْ حِفْظِهٖ یہ اسم جمالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ اگر کوئی ہر روز ایک ہزار بار اس کو پڑھے سعادت اُولیٰ واخری اُس کو حاصل ہو اور حق تعالیٰ اس کو ایسا علم عطا فرما دے کہ کوئی بات اس پر چھپی نہ رہے اور محرم حریم قدس کا ہو۔

**اسم بست[2] وچہارم برائے اطاعت خلائق** یَا حَلِیْمُ ذَا الْاَنَاتِ فَلَا یُعَادِلُهٗ شَیْءٌ مِّنْ خَلْقِهٖ یہ اسم جمالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ اگر صاحب دعوت اس اسم کی ملازمت کرے تمام فرزند آدم خواہ مسلمان یا کافر سب اس کو دوست رکھیں اور اس کے مطیع ہوں۔

**ایضاً برائے آشفتہ کردن محبوب** اگر کوئی شخص کسی پر عاشق ہو اور اپنے محبوب تک رسائی ممکن نہ ہو تو اس کو چاہیئے کہ کوئی شئے پاکیزہ خوشبودار یا کھانے کی چیز پر ہر روز پڑھ کر کھلائے یا سونگھائے خدا تعالیٰ اس معشوق کو عاشق کر دے گا یعنے وہ خود اس کے عشق میں مبتلا ہو جائے گا اور اس کو دوست رکھے گا اگر کھلانے پلانے سونگھانے کی چیز وہاں تک نہیں پہنچ سکتی تو ایک پرچہ کاغذ خطائی پر اس کو لکھے اور کسی بلند جگہ پر ہوا میں آویزاں کرے تاکہ اس کو جنبش ہو اور اس کی تاثیر سے اس معشوق کے دل میں اثر پیدا ہو قَالَ عَلَیْهِ السَّلَامُ قَلْبُ الْمُؤْمِنِ اُصْبُعَیْنِ مِنْ اَصَابِعِ الرَّحْمٰنِ

---

[1] نصاب دو لاکھ چھبیس ہزار زکوٰۃ ایک لاکھ بارہ ہزار پانسو عشر چھپن ہزار دوسو پچاس قفل تین سو ساٹھ دور مدور برابر نصاب ۱۲۔ [2] نصاب دو لاکھ دس ہزار زکوٰۃ ایک لاکھ پانچ ہزار پانسو عشر باون ہزار پانسو قفل تین سو ساٹھ بار دور مدور برابر نصاب ۱۲۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ مومن کا دل رحمٰن کی دو انگلیوں کے بیچ میں پس اس کو اختیار ہے جس طرف چاہے پھیر دے۔ پڑھتے وقت خوشبو کا استعمال ضرور کرے کیونکہ طیب چیز تمام اولیاء اور انبیاء کو محبوب ہوئی ہے جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ حُبِّبَ اِلَیَّ مِنْ دُنْیَاکُمْ ثَلٰثَۃٌ اَلطِّیْبُ وَالنِّسَآءُ وَقُرَّۃُ عَیْنِیْ فِی الصَّلٰوۃِ

**ایضاً برائے غائب** | اگر کوئی چاہے کہ غائب شدہ باز آئے سات ہزار بار یہ اسم پڑھے خدا چاہے جلد آئے۔

**برائے علم توحید دعوت حلیمی** | اس کو پچاس روز تک پچاس ہزار بار پڑھے عالم صغیر و کبیر اس کی طرف رجوع کریں اور توحید کا علم اس کو سکھلائیں پھر یہاں تک اس کا غلبہ ہو کہ بے اختیار سبحانی اور انا الحق کہہ اٹھے اگر مرد عابد ہزار سال عبادت کرے تو اس مرتبہ کو نہ پہنچے جیسے کہ اس کی دعوت سے تھوڑی سی مدت میں مکمل ہو جاتا ہے اور اس کو دعوت حلیمی کہتے ہیں سالک کو چاہیے کہ اس کے وظیفہ یومیہ کو نگاہ رکھے اگر نعوذ باللہ ایک دن بھی قضا ہو گا اس کے کمالات میں خلل اور نقصان واقع ہو جائے گا۔

**ایضاً برائے دفع رجعت اسم** | اگر کوئی چاہے کہ اسم کی رجعت اس پر نہ ہو چاہیے کہ اسم مذکور کا اس شرائط سے عامل ہو اول تین روزے بہ نیت طے چہار شنبہ اور پنجشنبہ اور جمعہ کو رکھے اور خلوت میں بیٹھے اور جمعہ کو غسل پاک کرکے دوگانہ ادا کرے اور خوشبو لگائے اور دس بار درود شریف پڑھے اور ایک بار سورۂ فاتحہ اور تین بار سورۂ اخلاص اور گیارہ بار پھر درود شریف پڑھے اور شرائط اسمائے اعظم جیسا کہ مقدمہ میں لکھی گئی ہیں عمل میں لائے۔ اس کے بعد بہ نیت دفع رجعت ہزار بار اسم مذکور پڑھے کوئی اسم اسمائے عظام سے اس پر رجعت نہ کرے اور یہ عمل خاصہ ارشاد اہل اللہ سے ہے ہر شخص اس سے واقف نہیں ہے وہی واقف ہیں جو صاحب کمال اور ہادی اہل ضلال ہیں۔ اسماء عظام کی رجعت کی اسنا

دعوت مقطعات میں بھی لکھی گئی ہے وہاں دیکھنا چاہیئے

اسم بست وپنجم یَامُعِیْدُ مَا اَفْنَاہُ اِذَا بَرَزَ الْخَلَائِقُ لِدَعْوَتِہٖ مِنْ مَخَافَتِہٖ یہ اسم جمالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ اگر کوئی شخص شوریدہ حال اور پریشان احوال گھر سے دور بے بہرہ حوادث روزگار سے تباہ اور مصیبتوں کا مارا ہوا ہو تو اس کو چاہیئے کہ یہ اسم ہر روز صبح کی نماز کے بعد تین سو ایک بار بے ناغہ پڑھنا شروع کرے خدا چاہے بہت جلد تمام بلاؤں اور سختیوں سے نجات پائے گا شیخ فرماتے ہیں سلہ

گنبد پوئندہ کہ پائندہ نیست جز بخلاف تو گرائندہ نیست

تمام مرادیں و مقاصد اس کے پورے ہوں۔ اس دعوت کا نام دعوت عقد النسان ہے جو شخص عامل سے سنے راضی ہو اور اس کے حکم کا مطیع ہو اور ایک روایت میں شرط دعوت معیدی یہ ہے کہ ایک لاکھ بار پڑھے تاکہ اس کے دل میں سوائے حق کی مرضی کے کوئی کدورت نہ بچے اور دل اس کا آئینہ گیتی نما ہو اور موصوف بصفات حق ہو۔

دعوۃ معیدی | اگر کوئی شخص برائے قضا حاجات و کفایت مہمات و دفع اعدائے ظاہری و باطنی کہ مراد نفس امارہ سے ہے بموجب اعدا عدوک نفسک التی بین جنبیک تین سو بار صبح کے وقت پڑھے خدا کے فضل و کرم سے تمام مرادیں اس کی بر آئیں اور اعدا مقہور اور تمام عالم اس کا مسخر ہو اور اگر ہر روز بعد نماز فجر اس کی ملازمت کرے سریع الاجابت ہو۔

اسم بست و ششم برائے عزہ و جاہ | یَاحَمِیْدَ الْفِعَالِ ذَاالْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِہٖ بِلُطْفِہٖ یہ اسم جمالی اور جلالی دونوں خاصیتوں سے مشترک ہے۔ خاصیت اس کی یہ ہے کہ اگر کوئی شخص سرداری اور مہتری اور قبولیت چاہے تو اس کو لازم ہے کہ

سلہ نصاب تین لاکھ اکسٹھ ہزار۔ زکوٰۃ ایک لاکھ اسی ہزار پانسو عشر نوے ہزار دو سو پچاس قفل تین سو ساٹھ بار۔ دور عدد برابر نصاب۔ سلہ نصاب دو لاکھ چھپن ہزار۔ زکوٰۃ ایک لاکھ اٹھائیس ہزار عشر چونسٹھ ہزار قفل تین سو ساٹھ بار۔ دور عدد برابر نصاب۔

اس اسم کو بہ نیت سند دعوت حمیدی اکیس روز تک دو لاکھ بار حساب کر کے پڑھے اور بعد دعوت وظیفہ یومیہ کو نگاہ رکھے تاکہ اسم کی رجعت اس پر مراجعت نہ کرے اور اس کے سبب سے تکلیف نہ اٹھائے اس واسطے لازم ہے کہ اس اسم کی ملازمت کرے۔ واضح ہو کہ اسم کی رجعت کے یہ معنی ہیں کہ جو کچھ علم و حکمت اور قدر و منزلت اس کے پڑھنے سے حاصل ہوئی ہے وہ زائل ہو اور مفلسی میں گرفتار ہو۔

ایضاً برائے حصول ظفر بر دشمن | اگر کوئی شخص بموجب اعداد حرف اسم مذکور غیر مکرر ہر حرف کے عوض ہزار بار یہ اسم پڑھے ممدوح اہل زمین و آسمان ہو۔

ایضاً | جو کوئی اس اسم کو تین سو ساٹھ بار اس آیۃ کے ساتھ اِنَّا جَعَلْنَا فِیْ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِیَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰهُمْ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ۔ ملا کر پڑھے دشمن پر فتح پائے اور واسطے رد دعوت غیر بھی مؤثر ہے۔

**اسم بست و ہفتم** یَا عَزِیْزُ الْمَنِیْعُ الْغَالِبُ عَلٰی اَمْرِهٖ فَلَا شَیْءَ یُعَادِلُهٗ یہ اسم جمالی ہے۔ خاصیت اس کی یہ ہے کہ جو کوئی اس اسم کو ہر روز کثرت سے پڑھے اور تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے ہمیشہ بین الانس والجن عزیز ہو۔

ایضاً | اگر کوئی شخص چاندی کی انگشتری پر اس اسم کی تکسیر کر کے کندہ کرائے اور سات تہ اس پر موم کی بطور مہر جمائے اور ہر تہ پر تین سو ساٹھ بار یہی اسم پڑھے۔ کبھی معیوب نہ ہو اور حق سبحانہ و تعالیٰ اپنے خزانہ غیب لاریب سے اس کو غنی کر دے اور لوگ اس سے بہرہ ور ہوں اور حق تعالیٰ اس کو توفیق نیک عطا فرمائے۔

بیت
توفیق اگر نہ رہ نماید — ایں قفل بعقل کے کشاید

ایضاً | اگر کوئی شخص اس اسم کو پچیس روز تک ہر روز تین ہزار دو سو بار پڑھے تو انگر ہو۔ پڑھتے وقت قبلہ کو منہ رکھے۔

| ۱؎ نصاب | زکوٰۃ | عشر | قفل | دور مدور |
|---|---|---|---|---|
| دو لاکھ چھپن ہزار | ایک لاکھ اٹھائیس ہزار | چونسٹھ ہزار | تین سو ساٹھ بار | برابر نصاب |

ایضاً اگر کوئی اس اسم کو دس ہزار بار پڑھے قاضی الحاجات اس تمام دینی و دنیوی
مرادیں بر لائے اور انواع عجائب و غرائب عالم جبروت و لاہوت کہ تمام عالم سے
برتر ہے حق تعالیٰ اس پر منکشف کرے

اوّل ما آخر ما یک دم است    با جبروتش کہ دو عالم کم است

ایضاً برائے تسخیر قمر | اگر کوئی چاہے کہ قمر کو مسخر کرے تو چاہیئے کہ چودہ روز تک ہر روز دس ہزار
بار اس اسم کی تلاوت کرے اور منہ طرف قمر کے رکھے اور ہر بار کہا کرے
یَا قَمَرُ اَجِبْ دَاعِیَ اللّٰہِ جس وقت دعوت تمام ہو قمر آسمان سے بصورت امرد
عامل کے پاس آئے اور اس کو آغوش میں لے اور ہم کلام ہو اور مطلب دریافت کرے
عامل کو چاہیئے کہ اس کے جواب میں کہے کہ تیرے عالم کے عجائب و غرائب دیکھنے کی
آرزو رکھتا ہوں اور تیری امداد چاہتا ہوں اور جو نقش ہے کہ پردۂ غیب میں ہے مجھ
کو دکھلا قمر ان سب باتوں کو قبول کرے اور کہے اے مسیح تو اپنے ذوق و شوق میں
رہ میں تیرا یار ہوں جس وقت تو طلب کرے گا حاضر ہونگا۔ تجھ کو تمام بحر و بر اور عجائبات
عالم کی سیر کراؤں گا واضح ہو کہ جب قمر کی تسخیر حاصل ہوتی ہے تو عامل گنج نقرہ
کا متصرف ہو جاتا ہے اور ایسے ہی تسخیر شمس میں سونے کا۔ عامل کو چاہیئے کہ اس روز
نقرہ پر نظر نہ رکھے عامل کو خود یہ مرتبہ حاصل ہوگا کہ جو دل میں خیال کرے گا فوراً اس
کا ظہور معاینہ کرے گا۔ جیسا کہ فیلقوس اور ارسطاطالیس کے زمانہ میں واقعات ہوئے
ہیں اور دعوت قمر سے حاصل ہوئے ہیں۔ یہ سب بیان حضرت شیخ الشیوخ کی شرح
میں مفصل لکھا ہوا ہے۔ جس کو دیکھنا منظور ہو دیکھے۔

اسم بست و ہشتم | یَا قَاھِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ
یہ اسم جمالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ اگر کوئی چاہے کہ اس کے ظاہری اور
باطنی اعداء سب دفع ہوں تو اس کو چاہیئے کہ سات روزے رکھے اور ہر روز پرانی

| ۱؎ نصاب | زکوٰۃ | عشر | قفل | دور بدل دی |
|---|---|---|---|---|
| دو لاکھ چھپن ہزار | ایک لاکھ اٹھائیس ہزار | چونسٹھ ہزار | تین سو ساٹھ بار | برابر نصاب |

دو قبروں کے بیچ میں بیٹھ کر سات ہزار بار پڑھے اس کے بعد ایک خالی مکان میں قبریں آدم و حوا کی فرضی بنائے ایک پر آدم اور ایک پر حوا لکھے اور اسی تعداد سے اسم مذکور پڑھے اگر عامل گوشہ نشین ہے تو وہیں قبریں بنا لے اور عمل کو بجا لائے حق تعالیٰ اس کے تمام اعدائے ظاہری و باطنی پر اس کو ظفر دے گا۔ اثنائے دعوت میں عامل دشمن کی صورت کو سرخ مائل بہ سیاہی تصور کرے خدا کے حکم سے ساتویں روز دشمن اس کا ہلاک ہوگا اور اگر اس کو بیمار کرنا چاہے تو اثنائے دعوت میں اور کسی نقش کا تصور نہ کرے ہفتہ کے اندر دشمن اس کا مجذوم ہوگا۔ لیکن یہ سب ترکیبیں ایسے دشمنوں کے لئے ہیں جن کے ہلاک کرنے کی تدبیر شرعاً جائز ہو۔ اگر ناحق دشمن تصور کرے اور غیر مرضی حق دعوت دے تو اسم کی رجعت اسی پر مراجعت کریگی اور اعداء اور عامل دونوں ہلاک ہونگے۔

| ایضاً خواص دعوت قاہری | یہ اسم مشترک قہر و لطف ہے لیکن قہر کا غلبہ زیادہ ہے اور منقوش پیشانی حضرت مہتر عزرائیل ہے اور اس کی چھیاسٹھ اسنادیں ہیں۔ مگر دو امر |

کے لیے مخصوص ہیں ایک تیغ دوسرا تاج کبھی سر اڑاتا ہے اور کبھی تاج رکھتا ہے باقی اسنادیں خود عامل پر منکشف ہوں گی اس اسم کی دعوت انیس روز کی ہے ہر روز نو ہزار بار پڑھے اس کو دعوت قاہری کہتے ہیں ورد کے تمام ہونے کے بعد جو خطرہ صبح کے دل میں قہر یا لطف سے گزرے گا وہ ضرور اس کا ظہور دیکھے گا۔

| ایضاً برائے عداوت | اگر کوئی یہ اسم لکھے اور سیاہ کوے کے منہ میں رکھ کر سی دے اور |

زمین میں دفن کر دے جن دو آدمیوں دشمنی ڈالنا چاہتا ہے ضرور ہوگی اسم لکھنے کے بعد ان کے اور ان کی والدہ کے نام بھی لکھنے چاہییں۔

| ایضاً برائے ازالہ مردمی | اگر کوئی شخص چاہے کہ کسی کی مردمی باندھے کہ وہ کسی عورت پر قادر نہ ہو سکے یا خاص عورت پر قادر نہ ہو سکے تو اس کو چاہیئے کہ بڑا |

سا قفل لائے اور اس پر ایک ہزار ایک بار یہ اسم پڑھے اور دم کر دے مگر ہر دفعہ پڑھ کر دم کرتا جائے اور کہتا جائے کہ بستم محل فلاں ابن فلاں بر فلانہ بنت فلاں

اگر تمام جہاں کی عورتوں سے بند کرنا چاہے تو اس طرح کہے بستم محل مخصوص فلاں ابن فلاں بر مومنات جہاں اور اگر چاہے کہ قطعاً کسی چیز پر اس کو شہوت نہ ہو تو اس سند سے کہے کہ بستم ذاتِ فلاں بن فلانہ ایسا بستہ ہو کہ کسی چیز پر قادر نہ ہو سکے۔
جب قرأۃ مسطورہ پڑھ چکے قفل پر دم کرے اور کاغذ پر اسم مذکور لکھ کر اس کا اور اس کی ماں کا نام درج کرے اور اگر چاہے کہ عورت بستہ ہو اور کوئی مرد اس پر قادر نہ ہو سکے تو اس کو بھی اسی طور سے کرے اگر تمام شہر کا نام لے گا تمام شہر بستہ ہو جائے اور حیوانات کے لئے اگر کرنا چاہے تو وہ بھی بستہ ہو جائیں گے۔

ایضاً برائے بند کردن دشمنان از جنگ | جب کہ لشکر بیگانہ ظاہر ہو اور جہاں میں نہایت شور و شغب پیدا ہو اور دونوں لشکر آمنے سامنے کھڑے ہوں اس وقت صاحب دعوت صف میں کھڑا ہو اور دونوں انگشت شہادت اپنے کانوں میں دے اور اکہتر بار اسم مذکور پڑھے۔ اور لشکر بیگانہ کی طرف پھونکدے اور کہے کہ بستم دست و پائے و زبان لشکر و فیلان و اسپان خدائے تعالیٰ کے حکم اور اس اسم اعظم کی برکت سے سب کے سب بستہ ہو جائیں گے اور مغلوب ہو کر فرار ہو جائیں گے اور اگر لشکر کے درمیان سات سو بار یہی اسم اعظم بہ نیت خالصاً اللہ پڑھے گا اور حق کی طرف توجہ کرے گا آپس میں صلح ہو جائے گی۔

ایضاً برائے موقوفی جنگ | جس جگہ جنگ ہو اسم مذکور سات دفعہ پڑھ کر دم کر دے لڑائی موقوف ہو جائے اور صلح ہو جائے۔ اگر کوئی چیز گم ہو گئی ہو اسم اعظم کے اعراب کے موافق سو سو بار پڑھے خدا چاہے شئے گم شدہ حاصل ہو جائے گی۔

ایضاً برائے مقہوری اعداء | اگر ہر نقطہ کے موافق سو سو بار پڑھے تو دشمن مختذل و معزول ہوں۔ اور دوست قوی ہوں۔

ایضاً برائے دفع زلزلہ و باران شدید وغیرہ | واسطے دفع زلزلہ اور باران زیانکار کے کہ غیر وقت برسے صاحب دعوت پچیس بار اسم مذکور پڑھے اللہ تعالیٰ کی قدرت سے سب دفع ہو اور رحمت سے مبدل ہوں اور واسطے دفع امراض

مریض اور ماندگی مسافر در طریق سفر و نیز نجع حمل بمدت معینہ بآسانی وخلاصی محبوس در سیدن معزول بمرتبہ و قاصد بمقصد و دفع ناتوانی و حصول کالائے گم شدہ پانچ پانچ بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ تمام مقاصد پورے ہونگے۔

ایضاً برائے عظمت | اگر کوئی شخص اسم مذکور خاتم نقرہ پر کندہ کرا کے اپنے دائیں ہاتھ یا بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی میں پہنے خدا چاہے تمام خواص اسم سے بہرہ مند ہو اور خلائق کی نظروں میں باشوکت و عظمت رہے۔

ایضاً برائے فرزند نرینہ | اگر کوئی شخص فرزند کی آرزو رکھتا ہے تو چاہیئے کہ اسم مذکور پڑھا کرے خدا چاہے فرزند نرینہ پیدا ہو۔

ایضاً برائے فزونی ثمرات | اگر کوئی شخص کشتکاری یا درختوں کے نصب کرنے کے وقت اسم مذکور بحساب خذ حرفاً وقل ماً ئة پڑھے خدا چاہے اس کھیتی کے غلہ میں اور درختوں کے میوے میں بہت برکت ہو۔

ایضاً برائے معزولی از منصب[1] | اگر چاہے کہ کسی مرد ظالم جابر کو اس کے عہدے سے معزول کرے تو اکتالیس عدد چھوارے کی گٹھلیاں لے اور ان پر ایک ایک ہزار بار پڑھے اور دم کرکے ہر بار کہے کہ میں نے فلاں شخص کو معزول کر دیا بعد تمام ان گٹھلیوں کو کسی خندق وغیرہ میں ڈال دے۔ وہ شخص اپنے عہدے سے معزول معزول ہو جائے گا۔

ایضاً برائے حب | اگر کسی کو اپنی دوستی میں بیقرار کرنا چاہے تو حریر سفید پر مشک و زعفران سے اس اسم کو لکھے اور اس شخص کی دیوار میں پنہاں کرے اور ہر روز پچیس بار پڑھ کر اس کی طرف دم کر دیا کرے خدا چاہے وہ شخص اس کے عشق میں مبتلا ہو گا۔

---

[1] صاحب کشف الانوار اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ بعدد حروف اسم پڑھے۔ اور جامع ابوسعیدی میں لکھا ہے کہ اگر قرضدار ہے تو اس کو پڑھے اور اپنے پاس رکھے خدا چاہے قرض سے سبکدوش ہو اور اگر حامد پڑھے اور اپنے پاس رکھے جلد حمل سے خلاصی پائے ۱۲ منہ۔

**اسم بست و نہم** یَا تَوِیْبُ الْمُتَعَالِیْ فَوْقَ کُلِّ شَیْءٍ عُلُوًّا اِرْتِفَاعُہٗ[1] یہ اسم جمالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ علو درجات مراتب دین و دنیا کے لیئے اکیس شب ہر شب ہزار بار پڑھے۔

**ایضاً برائے استخلاص امانت از پنجہ ظالم** اگر کسی کی امانت ظالم کے ہاتھ میں جا پڑی ہو اور وہ کسی طرح اس کو نہ دیتا ہو اس کو چاہیئے کہ سات روزے رکھے اور ہر روز قبروں کی زیارت کرے اس کے بعد صدقِ دل اور کامل اعتقاد سے تین رکعت پڑھے پہلی میں فاتحہ کے بعد انا انزلنا دوسری میں اذا زلزلت الارض تیسری میں والعصر تین تین بار پڑھے اور بعد نماز کے ایک سو چھپن بار یہ اسم پڑھے یا مقلب القلوب اس کی برکت سے اس کے دل کو مہربان کر دے گا۔ اور وہ امانت اس کی اس کو دے دیگا۔

**ایضاً برائے حصول قرب الٰہی بیان دعوت قرنی** اس اسم کے داعی کو بہت بڑا قرب حق حاصل ہوتا ہے اور اس اسم کی دعوت کو دعوت قرنی کہتے ہیں سات روز کی اس کی دعوت ہے ہر روز سات ہزار بار پڑھے اسرار غیب اس پر ظاہر ہوں چاہیئے کہ حاضر اپنے وقت کا رہے اور معاینہ کرے کہ پردۂ غیب اور حق لاریب سے کیا کچھ ظاہر ہوتا ہے ناگاہ ایک شخص عامل کے روبرو آئے اور یہ اسم پڑھے اس وقت صاحب دعوت ساکت ہو جائے اور اس کو سنے جب وہ ننانویں مرتبہ پڑھ چکے تو صاحب دعوت بھی اس کے ساتھ پڑھنا شروع کر دے اور سوائے اسم کے دوسری طرف ملتفت نہ ہو اس کے بعد اس شخص سے صاحب دعوت کلام کرے اور کہے کہ اے آفریدۂ خدا کہاں سے آیا ہے وہ اس کے جواب میں کہے کہ میں فرشتہ ہوں اور ترتیب یافتہ جبرئیل علیہ السلام ہوں اور عرش کے سایہ کے نیچے میرا قرار اور آرام گاہ ہے۔ تجھ کو چاہیئے کہ اس اسرار الٰہی کو نامحرم سے نگاہ رکھے اور ظاہر نہ ہونے دے۔ چونکہ تو صاحب دعوت ہے اور آداب

---

[1] نصاب دو لاکھ چھپن ہزار زکوٰۃ ایک لاکھ بارہ ہزار عشر چھپن ہزار رد و سو پچاس قفل تین سو ساٹھ دور دو برابر نصاب

شرائط سے مودب ہے اب مجھ کو لازم ہے کہ تیرے ہر امر میں امداد و معاونت کروں اور تیرا مقصد اور ارادہ ہو اس کو بجا لاؤں اور اللہ تعالیٰ کی عنایت سے تیری حاجات اور مرادات پوری کروں۔ اس کے جواب میں عامل کہے کہ اس دعوت سے میرا مقصد اور مطلوب یہ ہے کہ قرب واجب الوجود حاصل ہو۔ جب وہ فرشتہ بات سن لے تو یکایک نظر سے غائب ہو اور طرفۃ العین میں پھر وہ واپس آجائے اور جواب و سوال بیان کرے کہ ملک مطلق کا فرمان ہوتا ہے کہ جب تک آداب شریعت اور طریقہ اتباع سنت سے مودب نہ ہو ہمارے سراپردۂ جمال و کمال میں باریاب نہیں ہو سکتا۔ صدق و یقین حاصل کر اور یہاں تک سعی کر کہ اگر سارا جہاں تجھ کو مل جائے تو گوشہ چشم سے نہ دیکھ اور ہماری طرف متوجہ ہو۔ صاحب دعوت ان تمام شرطوں کو بصدق دل قبول کرے اور وہاں لے جانے کی آرزو کرے آخر الامر وہ فرشتہ اپنی دوش پر بٹھا کر اعلیٰ علیین میں لے جائے اور راستہ میں ہزاروں عجائب و غرائب نہانی کا معائنہ کرائے اس کے بعد ایسے مقام پر لے جائے جہاں صاحب دعوت کے مشام جان میں بوئے معرفت آئے اور وہ تشریف لباس معرفت سے مشرف ہو اور شراب ناب حضوری نوش فرمائے کہ سقٰهم ربهم شرابا طهورا اس سے اشارہ ہے بعدہٗ ذات میں نظر عین الیقین سے نور معیت حق کو ملاحظہ کرے کہ منقول ہے۔

مَا رَاَیْتُ شَیْئًا اِلَّا وَ رَاَیْتُ اللّٰهَ فِیْهِ۔

ایضاً اگر کوئی شخص ہمیشہ اس اسم پر مداومت کرے خلق کے نزدیک عزیز و محترم ہو اور بلند مرتبہ پائے۔

ایضاً برائے احترام | اگر کوئی شخص ہر روز پچیس بار پڑھا کرے۔ حق تعالیٰ اس کو جنت نصیب کرے۔

اسم سنی ام[1] یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ بِقَهْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِهٖ یہ اسم جمالی ہے خاصیت

[1] نصاب دو لاکھ اسی ہزار۔ زکوٰۃ ایک لاکھ چالیس ہزار پانسو عشر بانوے ہزار دو سو پچاس قفل تین سو ساٹھ دور ... مدور برابر نصاب

اس کی یہ ہے کہ اگر کوئی اکیس روز تک سات ہزار بار پڑھے تمام اعداء اور ظالم مقہور اور مردود ہو جائیں۔

ایضاً برائے رد اعداء | اگر یہی اسم پڑھ کر سلاطین جابر کے روبرو جائے تو کچھ خوف نہ ہو۔

ایضاً برائے تسخیر عطارد | اگر کوئی چاہے کہ عطارد کو اپنا مسخر کرے تو اس کو چاہیئے کہ ساٹھ روز تک اس کی دعوت دے۔ اور اس مدت میں چھ لاکھ بار اسم مذکور پڑھے اور ان دنوں میں دوسری دعوت نہ دے اور نہ اپنے حجرہ میں کسی کو آنے دے۔ اور اس حجرہ کا سہ پایہ چوب انار یا بید انجیر یا کنارے ہو اور یہ اسم لکھ کر ان تینوں پایوں پر آویزاں کرے اور ان کے نیچے بخور جلائے اور سوائے ضرورت خاص کے اس حجرہ سے باہر نہ جائے۔ آخر خلوت میں ایک پیر مرد، خوبصورت با مہابت کتاب ہاتھ میں لئے ہوئے دائرے کے روبرو حاضر ہو اور کتاب کو پڑھے۔ مسبح اس سے کچھ بات چیت نہ کرے۔ جب وہ پیر خود دریافت کرے۔ کہ اے صاحب دعوت اس دعوت سے تیرا کیا مطلب ہے اس وقت مسبح مجیب ہو کہ میری غرض آپ کی تسخیر ہے کہ میرے ساتھ عہد ہو کہ قہر و لطف کے وقت میری معاونت ہو۔ اور سلاطینِ عالم مسخر ہوں اور ہر اقلیم کی کیفیت سے آگاہی ہو۔ عطارد اس کے جواب میں کہے کہ میں نے قبول کیا جس وقت جس جگہ تو بلائے گا میں حاضر ہوں گا۔ اور اپنے خدمت گاروں کو تیرا ملازم خدمت کر دوں گا۔ اس کے بعد ایک مُہرہ بشکل بیضہ کہ اس پر سبز خط ہوں گے مسبح کو دے گا۔ پس یہ نشان عہد نامہ عطارد ہے۔ عامل جس وقت پڑھے اس مہرہ کو اپنے روبرو رکھ لے خدا چاہے اسی وقت حاضر ہو گا۔

ایضاً برائے تزئین بصفات الٰہی | اگر کوئی شخص تیس دن کے عرصے میں تین لاکھ بار پڑھے موصوف بصفات الٰہی ہو۔ اور مستجاب الدعوات ہو اس کی دعا کی برکت سے خدا تعالیٰ ہر ذلیل کو عزیز کر دے گا۔ اور عزیز کو ذلیل گدا کو

بادشاہ کردے اور بادشاہ کو گدا۔

**اسم سی و یکم** [1] **برائے فتوحات واصلاح حال** یَا نُوْرُ کُلِّ شَیْءٍ وَّ هُدَاهُ اَنْتَ الَّذِیْ فَلَقَ الظُّلُمَاتِ بِنُوْرِهٖ یہ اسم جمالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ جو کوئی اسم مذکور پڑھے حق تعالی نورِ معرفت و توحید اس کے دل میں پیدا کرے اور جو کوئی چاہے کہ حق تعالیٰ اس کے تمام امور میں لطف اور عنایت فرمائے تو اس کو چاہیئے کہ گوسفند سیاہ کا دل یا جگر بند ایسے طریق سے لائے کہ کسی نامحرم کو اس سے اطلاع نہ ہو۔ اور جگر بند سے دل کو جدا کرے اور سات سو بار اسم مذکور اس پر پڑھے اور دم کرے اور کہے یا ربّ الارباب ویا مسبب الاسباب ویا مفتح الابواب ویا قاضی الحاجات ویا مجیب الدعوات ویا دلیل الخیرات میری دعا قبول کر اور میری روزی فراخ کر اور مجھ کو خلائق کی آنکھوں میں عزیز و محترم کر یا ارحم الراحمین جب یہ دعا کر چکے تو مشک و زعفران سے کاغذ خطائی پر یہ اسم لکھے اور اس دل کے اندر رکھے اور اس مسجد کے آستانہ بالا پر جہاں پنجوقتہ نماز جماعت سے ہوتی ہو رکھ آئے اور مسجد سے نکلتے وقت اسم پڑھے اور وہاں یہ عمل کرتے وقت خوشبو کا ضرور استعمال کرے اور بخور جلاوے اور اپنے دل میں کسی وسواس کو نہ آنے دے اور اس جگر کو جو باقی رہ گیا تھا اور مخفی رکھا تھا لے کر اکتالیس چھریاں اس پر مارے اور ہر بار اسم پڑھے بعد اس کے ٹکڑے ٹکڑے کرے اور روغن و زعفران میں بریاں کرے اور کھاتے اور نظر رکھے کہ اس وقت سے کیا ظاہر ہوتا ہے خدا تعالی کی قدرت اور عظمت سے اس ہفتہ میں اس کا احوال نیک ہو جائے گا اور فتوحات [2] کا دروازہ کھل جائے گا اور صاحب سعادت ہوگا اور تمام کارہائے بستہ اس کے کھل جائیں گے۔

**ایضاً برائے کشادن نصیبِ زنان** اگر کوئی عورت ثیبہ یا باکرہ نکاح کرنا چاہے تو

---

[1] اس اسم کی اعداد شرائط مثل اسم باغزال کی جبار ہے۔ [2] صاحب کشف الانوار اپنے قبلہ گاہ سے نقل کرتے ہیں کہ سالک کو جب فتوحات ہونے لگے تو مالک کو رونہ کرے حق المقدور اس کے سوال کو پورا کرے۔۱۲

وہ بھی یہی عمل کرے خدا چاہے بخت اس کا کشادہ ہوگا۔ اور شوہر اس کے موافق ملے گا۔ اور اس اسم کا پڑھنے والا مرزوق برزق خضر علیہ السلام ہوگا اور علم لدنی سے بہرہ یاب ہوگا اور خلائق اس کے نفس نفیس سے مستفید ہوگی اور اپنی مراد کو پہنچے گی بمنہ وکرمہ۔

**ایضاً تسخیر زہرہ** اگر کوئی چاہے کہ زہرہ کو مسخر کرے چاہیئے کہ اوّل روز ماہ شعبان یا رمضان سے شروع کرے۔ اور آخر مہینے تک تمام کرے ہر روز پانچ ہزار بار پڑھے آخر روز دعوت ایک شخص باصورت جمال وخوش طبیعت مسبح کے روبرو حاضر ہو اور اس کے ہاتھ میں ساز موسیقی سے چنگ یا ربط یا مثل اس کے موجود ہو آتے ہی مسبح کو سلام کرے صاحب دعوت اس کی صورت سے خوش ہو اور وہ اپنے ساز اور آواز سے مسبح کو مست کردے لیکن مسبح کو چاہیئے کہ مست نہ ہو جائے اور اسم کے پڑھنے میں مشغول رہے۔ پس وہ شخص صاحب دعوت سے کہے کہ اے جوئندہ راہ بے نہایت اس دعوت سے کیا مطلب رکھتا ہے مسبح کہے کہ میرا مقصود تیری حضوری ہے کہ ہر وقت میرا مددومعاون ہو اور ہمیشہ اپنی آواز سے خوش کرے زہرہ جواب دے کہ میں عہد کرتا ہوں کہ میں ہمیشہ تیرے کاموں پر نظر رکھوں گا۔ اور جب منظور ت کے لئے تو بلائے گا حاضر ہوں گا یہ کہہ کر ایک مہرہ اس کو عنایت کرے کہ بشکل بیضہ مخطط بخطوط سبز ہوگا و کہے کہ جب مجھ کو بلانا ہو اس کو آگے رکھ کر اسم پڑھنا میں حاضر ہوں گا یہ کہہ کر وہ تو نظر سے غائب ہو مسبح اس مہرہ کو نہایت احتیاط سے اٹھا کر رکھ دے اور نامحرم کو ہرگز ہرگز نہ دکھلائے۔

**اسم سی و دوم** یَا عَالِیَ الشَّامِخُ فَوْقَ کُلِّ شَیْءٍ عُلُوُّہٗ اِرْتِفَاعُہٗ یہ اسم مشترک ہے **برائے غلبہ** **خاصیت** اس کی یہ ہے کہ جو کوئی چاہے کہ مرتبہ زیادہ ہو

ــــــــــــــــــــ

۔ جامع سعیدی میں لکھا ہے کہ اس دعوت میں طہارت نفس تزکیہ قلب تجرید وصفائی باطن حسن اخلاق صدق لسانی شرط ہے اور جو شخص صوم و افطار کرے وہ پاک ہو (شد نفعاً) . یکلکھ چہار دہ ہزار ۔ زکوٰۃ اٹھانوے ہزار عشر چالیس ہزار نفل تیس سو ساٹھ ۔ دور مدد برابر (نفعاً)

تو اس کو لازم ہے کہ اتوار سے اتوار تک سات روزے رکھے اور رات دن سات ہزار بار پڑھے اور نامحرموں کی صحبت سے پرہیز کرے اور عطریات کا استعمال کرے خدا چاہے جلد اپنی مراد کو پہنچے۔ اگر کوئی شخص کسی کا زیردست ہو اور وہ چاہے کہ میں زبردست ہو جاؤں تو اس کو چاہیئے کہ اتوار یا بدھ کو عروج ماہ میں روزے رکھے اور غسل پاک کرے اور پاک کپڑے پہنے اور سات رات دن برابر ایک ہزار سات سو بار اسم مذکور پڑھے اور خلوت میں رہے اور پڑھتے وقت اپنی مراد کو دل میں رکھے اور حق تعالیٰ کی طرف توجہ رکھے خدا چاہے زبردست ہو جائیگا۔ ایضاً تسخیر مشتری اگر کوئی چاہے کہ مشتری کو مسخر کرے تو اس کو چاہیئے کہ چھپیں روز تک ہر روز چھ ہزار بار اسم مذکور پڑھے اور وقت کا پابند رہے۔ جب قریب ختم ہو یکا یک ایک پیر مرد خوش و خندان سبز لباس پہنے ہوئے مسبح کے روبرو آئے اور کبھی سپید لباس سے بھی ظاہر ہو غرضکہ دو نو رنگ کے لباس سے ظاہر ہوگا مسبح اس کے تغیر لباس سے کچھ دہشت نہ کرے جب وہ پیر مرد آئے سلام علیک کرے مسبح اس کا جواب دے اور بہت تواضع و تکریم کرے وہ پیر مرد بیٹھے اور کہے کہ اے صاحب دعوت تجھ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ یہ وقت نہایت عمدہ ہے تمام جہان کے کام نیک ہونگے شقاوت سعادت سے مبدل ہوگی میں اس عالم میں کبھی نہیں آتا مگر جب کہ کوئی صاحب دعوت دعوت دیتا ہے اب میں خاص تیرے واسطے آیا ہوں تو اپنا مقصود بیان کر مسبح جواب دے کہ میرا مقصود یہ ہے کہ تو میرا دوست ہو اور مراتب سعادت ازلی و ابدی سے بہرہ مند کر مشتری کہے کہ میں خاص تیری ہی محبت کے سبب سے آیا ہوں تیرا مطیع و مسخر ہوں میں نے تیری دعوت قبول کی اور عہد کیا کہ جسوقت تو بلائے گا حاضر ہوں گا اور تیری معاونت کروں گا۔ لیکن تجھ کو یہ لازم ہے کہ ہمیشہ باوضو اور باطہارت رہنا اور متبع شریعت رہنا اور غذا کم کھانا۔ جب یہ بات تمام ہوا تجھے اور اخلاص سے صاحب دعوت کے سر پہ ہاتھ پھیرے اور کہے کہ جس کام کے لئے

بلائے گا آؤنگا یہ کہہ کر مسیح کے آگے سے غائب ہوا اسیوقت سے صاحب دعوۃ کو علو درجات دکھلائی دینے لگیں چاہیئے کہ مشتری کی موعظت کو نگاہ رکھے تاکہ ہمیشہ مسعود رہے اس دعوت کا نام دعوت عالی ہے۔

**اسم سی وسوم برائے عظمت وتسخیر جن وانس** | یَا قُدُّوْسُ الطَّاهِرُ مِنْ کُلِّ سُوْءٍ فَلَا شَیْءَ یُعَادُہٗ مِنْ جَمِیْعِ خَلْقِہٖ یہ اسم مشترک ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ جو کوئی واسطے عظمت ظاہری و باطنی کے چالیس روز تک دس ہزار بار پڑھے۔ انقطاع ماسوی اللہ حاصل ہو اور تمام مخلوقات انسان وجنات سے اس کے مسخر اور مطیع ہوں بحکم آنکہ مَنْ لَّہُ الْمَوْلٰی فَلَہُ الْکُلُّ اور مورث میراث ملک سلیمان علیہ السلام ہو۔

**ایضاً دفع درد سر** | جو کوئی اس اسم کو کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر پیئے یا پلاوے درد سر بکل دفع ہو اور نیز جس مرض کے لیئے عامل لکھ کر دے گا خدا چاہے صحت ہوگی

**ایضاً برائے حصول مملکت سلیمان** | جو کوئی اس اسم کی پانچ سال بحکم خذ حرفاً قل الفاً دعوۃ دے گا اس کے تمام کام بر سر ترقی ہوں گے اور ملک سلیمان علیہ السلام اس کے ہاتھ آئے گا۔ اور متصرف زمین وآسمان ہوگا اور تمام مخلوقات عالم صغیر و کبیر اس کے زیر تسخیر ہوگی اور تمام عالم اس کی برکت سے منور ہوگا۔ مسبح اس اسم کا کسی چیز کا محتاج نہ ہو سوائے خدا تعالیٰ کے اور عمر دراز ہو اور آثار علوی جیسے برق اور باران و باد سب اس کے مسخر ہوں جسکو جس وقت چاہے ظاہر کرے۔ یہاں تک کہ اگر وہ حکم کرے تو آفتاب شب کو نمودار ہو جائے اور دن میں چھپ جائے عامل کو چاہیئے کہ باعتقاد تمام اس کی دعوت دے تو جلد مقرون باجابت ہو۔

**اسم سی وچہارم** یَا مُبْدِئَ الْبَرَایَا وَمُعِیْدَهَا بَعْدَ فَنَائِهَا بِقُدْرَتِہٖ یہ اسم جمالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ جو کوئی اس اسم کو کسی ایسے مریض پر جو بہت ہی نحیف ہو گیا ہو ایک سو بیس بار پڑھ کر دم کرے حق تعالیٰ اس کے

---

ك نصاب چار لاکھ ایک بار زکوٰۃ دو لاکھ۔ عشر ایک لاکھ قفل تین سو ساٹھ دور مدور برابر نصاب ۱۲۔

ك نصاب ایک لاکھ چھیانوے ہزار۔ زکوٰۃ نواسی ہزار عشر اتالیس ہزار قفل تین سو ساٹھ بار۔ دور مدور۔ برابر نصاب

مرض کو صحت سے مبدل فرمائے۔
ایضاً دفع مرض صعب برائے دفع مرض صعب کہ قریب المرگ ہو بہ نیت صحت و شفا سات روز تک تیرہ ہزار بار پڑھے۔ حق تعالیٰ اپنی قدرت سے شفا عنایت فرمائے گا۔
ایضاً احیا اموات اگر کوئی شخص اس اسم کو پندرہ ہزار مرتبہ پڑھے خدا چاہے مردہ زندہ ہو جائے اس میں کسی طرح کا شک نہ لائے اور نامحرم سے اس دعوت کے اسرار بیان نہ کرے تاکہ تصرف غیبی اس کو نصیب ہو۔
ایضاً خلاصی مرد واجب القتل اگر کسی مجرم کو قتل کا حکم ہو اور اس کو مارنے کے لئے مقتل میں ہوں۔ اور کوئی تدبیر اس کے خلاصی کی باقی نہ رہی ہو تو اس اسم کے عامل کو لازم ہے کہ اپنا خطرہ اس کے متعلق کرے اور اپنے دل کو علائق عالم علوی اور سفلی سے پاک رکھ کر اس اسم کو ستر بار پڑھے اور کچھ شک و شبہ دل میں نہ لائے اور سات قدم پیچھے کو ہٹے اور جو پڑھا جائے اس طرف کو پھونکتا جائے خدا تعالیٰ کے حکم سے وہ مجرم قتل سے نجات پائے گا۔ اگرچہ دشمن اس کے قوی اور غالب ہوں اور علماء و قضاۃ نے اس کے گردن مارنے کا فتویٰ دے دیا ہو عامل اس کام کو کسی طمع دنیوی سے نہ کرے۔ بلکہ خالصاً للہ پڑھے تاکہ مقرون باجابت ہو اس اسم کی دعوت کی مدت پچاسی روز میں ہر روز چھ ہزار بار پڑھے اور اپنے وظیفہ کو نگاہ رکھے تاکہ موصوف جمیع صفات ہو اور اسرار المومن مرأۃ المومن اور مرتبہ بقا باللہ نصیب ہو اور اسرار حقیقت واجب الوجود اس پر عیاں ہوں۔ چاہیئے کہ اس اسم کی تلاوۃ میں ثابت قدم رہے اور عجائب و غرائب کے معائنہ سے دہشت نہ کھائے۔
اسم سی و پنجم یَا جَلِیْلُ الْمُتَکَبِّرُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ فَالْعَدْلُ اَمْرُہٗ وَالصِّدْقُ وَعْدُہٗ یہ اسم جمالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ جو کوئی اس اسم کو اکیس روز تک تین ہزار چوالیس بار پڑھے دشمن اس کے مقہور ہوں۔

ایضاً انجاح مقاصد | اگر کوئی چالیس روز تک سولہ ہزار بار پڑھے حق تعالیٰ کی عنایت اور مدد سے دونوں جہان کی مرادیں اور مقاصد حاصل ہوں۔

ایضاً بجہت اصلاح جسم | اگر کوئی اس اسم کو چالیس روز تک ہر روز چالیس بار پڑھے حق تعالیٰ اس کے جسم کو بصفت روح کر دے۔ اور کسی جن وانس کی نظر اس پر نہ پڑے اور یہ دلیل اس حال کی ہے کہ عامل اپنے جسم کو آپ دیکھے تو نظر نہ آئے۔ بیت

مرغ الٰہی نہ قفس پر شدہ ‏ قالبش از قلب سبکتر شدہ

مرتبہ اجسادنا ارواحنا ارواحنا اجسادنا اس کو نصیب ہو۔ اور میراث نبوی سے بہرہ مند ہو چاہیئے کہ دعوت کے بعد چشم گوش زبان دل کو خیانت سے بچائے کہ اللہ یعلم خائنۃ الاعین وما تخفی الصدور ہے اگر طریق شریعت وطریقت سے تجاوز کرے گا درہائے دعوت واجابت بستہ ہوں گے۔

اسم بستی و ششم یَا مَحْمُوْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْاَذْہَامُ کُلَّ ثَنَائِہٖ دُمْجُدْ یہ اسم جمالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ جو کوئی ایک ہزار اکتالیس بار اکیس روز تک اس اسم کو پڑھے گا حق تعالیٰ اس کو ترقی مراتب دارین اور حصول مقاصد کونین عطا فرمائے گا اور اوصاف ذمائم اس سے دور کرے گا۔

ایضاً بجہت قبول خلاق | جو کوئی اس اسم کی مداومت کرے مقبول عالم ہو اور موصوف بصفات حق ہو اور خلق خدا اس سے مستفید ہو اور تمام جہان میں مثل آفتاب مشہور ہو اس اسم کی خاصیت احاطۂ تحریر وتقریر سے باہر ہے اسی پر اکتفا کیا گیا بحکم آنکہ خیر الکلام ما قلّ ودلّ۔

ایضاً تسخیر زحل | اگر کوئی زحل کو مسخر کرنا چاہے تو اس کو لازم ہے کہ پچیس روز تک ہر روز بیس ہزار بار اس اسم کی تلاوت کرے۔ جب دعوت قریب ختم ہو زحل بصورت سیاہ وبہیئت مہیب وسہناک حاضر ہو اس کے کئی ہاتھ

---

نصاب دہ لکھ چھپن ہزار زکوٰۃ ایک لاکھ اٹھائیس ہزار عشر چار ہزار تین سو قفل تین سو ساٹھ بار دور عدد جا بر نضاب

ہوں اور ہر ہاتھ میں اشیاء سے مختلف الجنس ہوں مسبح کے دائرے کے نزدیک بیٹھے اور نہایت غضب اور ترشروئی سے مسبح کو دیکھے اور تندی سے کلام کرے۔ مگر مسبح کو لازم ہے کہ اسم کے پڑھنے میں مشغول رہے اور اس کی عزت و حرمت کو نگاہ رکھے اور مؤدب بیٹھا رہے۔ اور جو کچھ کہے سنتا رہے۔ جب یہ دعیا فت کرے کہ اے فرزند آدم تیرا کیا مقصد ہے اس وقت مسبح بیان کرے کہ میرا مقصود تیری حضوری ہے کہ میرے تمام کاموں میں تیری اعانت و مددگاری ہو اور کلید فتح ہفت اقلیم مجھ کو نصیب ہو زحل ان سب باتوں کو سن کر قبول کرے اور عہد کرے اور گل نرگس عطا کرے۔ مسبح اس کو لے کر سونگھے اور سر پر رکھے اور خوش ہو کیونکہ وہ پھول اسرار آسمانی سے ہے اس کو بہت عزیز رکھے اور کسی کو نہ دکھلائے اور نہ مطلع کرے جس وقت اس پھول کو سونگھے گا تمام اسرار موجودات اور مغیبات اس پر منکشف ہوں گے اور سلاطین ماضیہ کے تمام خزانے اس کو دکھلائی دیں گے اور ستر موت و حیات عالم معلوم کرے گا۔ پس زحل اٹھ کر مسبح کے برابر کھڑا ہو کر مراجعت کرے اور عامل کی نظر سے غائب ہو۔ جب عامل کو ضرورت اس کے بلانے کی ہو گل نرگس اپنے روبرو رکھے اور اسم پڑھنا شروع کرے خدا چاہے حاضر ہو۔ اس دعوت کا نام دعوت محمودی ہے۔

**اسم سی و ہفتم برائے نجات** | یَا کَرِیْمُ الْعَفُوُّ وَالْعَدْلِ انت الَّذِی مَلَأَ کُلَّ شَیْءٍ عَدْلُہٗ یہ اسم جمالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ جو کوئی دریائے گناہ میں مستغرق ہو اس کو لازم ہے کہ استغفار کرے اور اس اسم کا ورد کرے کہ سوائے اس کے کوئی سبب اس کی نجات کا نہیں ہے طریق یہ ہے کہ ایک سو پانچ روز تک متواتر تین ہزار پانسو بار روزانہ اس اسم کو پڑھے تاگاہ ایک پیر نورانی عالم غیب سے نمودار ہو۔ اور اس کو مژدہ دے کہ تیرے اور تیرے سب گھر والوں کے گناہ معاف ہوئے جب یہ بشارت سنے سجدۂ شکر ادا کرے۔ اور

[1] نصاب دو لاکھ نواسی ہزار زکوٰۃ ایک لاکھ چوالیس ہزار پانسو عشر بہتر ہزار دو سو چھیاسی قفل تین سو ساٹھ دور دو ہزار دو سو
[illegible]

حق تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کرے تاکہ جنت فردوس اس کا ماوٰے ہو اور عذاب سقر اور پل صراط اور اہوال قیامت سے خدا تعالیٰ کے فضل و کرم اور عنایات سے نجات ملے۔

ایضاً اگر کوئی بادشاہ یا ظالم یا امیر کسی کے مار ڈالنے کا ارادہ رکھتا ہو تو اس کو لازم ہے کہ چالیس روز تک دو ہزار اکتالیس بار اس اسم کو پڑھے خدا چاہے امن پائے گا۔ اور اس بادشاہ کا دل مہربان ہو جائے گا۔

ایضاً برائے راحت میت اگر کوئی اس اسم کو میت کی ہتھیلی پر لکھ کر میت کو دفن کرے تو حق تعالیٰ اس کی قبر کو رَوْضَةٌ مِّنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ کر دے اور رحمت کے فرشتے بھیجے اور منکرین کے سوال کا جواب اس پر آسان کر دے۔

اسم سی و ہشتم يَا عَظِيْمُ ذَا الثَّنَاءِ الْفَاخِرِ وَالْعِزِّ وَالْكِبْرِيَاءِ فَلَا يُذَلُّ عِزُّهٗ یہ اسم جلالی ہے۔ خاصیت اس کی یہ ہے کہ علو درجات کے لیے سولہ روز تک ہر روز ایک ہزار بار پڑھے۔

ایضاً جو کوئی سلاطین یا اکابر زمانہ سے کچھ مال و منال یا جاہ و عزت کا خواستگار ہو تو چاہیئے کہ اس اسم کی کثرت کرے۔ حق تعالیٰ مقلب القلوب ہے تمام مرادیں اور حاجتیں اس کی روا ہوں گی اور تمام جہان میں اس کی شہرت ہوگی

ایضاً برائے فضل دارین اگر کوئی شخص فضل دارین کا محتاج ہو تو اس کو لازم ہے کہ چالیس روز تک ہر روز چار ہزار بار پڑھے اس دعوت میں سر عظیم ہے مسبح کو خود معلوم ہو جائے گا۔

ایضاً برائے تسخیر مریخ مریخ کی تسخیر کے لیے چالیس روز تک برابر چار ہزار بار پڑھے آخر روز ایک غلغلہ اور آشوب صعب اور سخت دہشت پیدا پیدا ہوا اور پانچ ساعت تک ایسا ہی رہے ناگاہ ایک مرد با مہابت عظیم مثال گنبد سرخ تند خو خونخوار تیز چشم باسبلت و ریش دراز دونوں ہاتھوں میں

---

نصاب تیس لاکھ چونتیس ہزار۔ زکوٰۃ ایک لاکھ باسٹھ ہزار عشر اکاسی ہزار قفل تین سو ساٹھ بار دور بدور برابر نصاب ۱۲

تلواریں لئے ہوئے خلوۃ میں آئے اور مسبح کو سلام کرکے بیٹھے اور وہ تیغ اپنے زانو کے نیچے رکھے اور ہونٹھ ہلائے مگر یہ نہ معلوم ہو کہ یہ کیا کہتا ہے۔ مسبح کو لازم ہے کہ ایسے وقت میں ہرگز نہ ڈرے اور اسم کے پڑھنے میں مشغول رہے بلکہ پکار پکار کر پڑھنا شروع کرے اگر خدانخواستہ اس کے خوف سے ترک کر دیا یا بھول گیا تو بڑا غضب ہوگا۔ مریخ فوراً اس کو قتل کر دے گا۔ ایک ساعت تک مریخ بیٹھا رہے اس کے بعد دریافت کرے کہ اے مسبح تیرا کیا مقصد ہے بیان کر عامل بیان کرے کہ میرا مقصود تیری تسخیر ہے میں چاہتا ہوں کہ میری موافقت کر اور جو سعادت اور فتوح تیرے متعلق ہے وہ میرے نصیب کر۔ مریخ قبول کرے اور کہے کہ میں تیرا ممد و معاون ہوں کہ تو نے مجھ کو اس اسم کی برکت سے آسمان پنجم سے زمین پر بلالیا اب جو کوئی تیرا مخالف ہوگا میں اُس کو اس تیغ سے ہلاک کروں گا۔ اور تجھ کو اقلیم پنجم کی ماہیت سے آگاہ کروں گا۔ تجھ کو لازم ہے کہ اس اسرار کو کسی سے ظاہر نہ کرنا ورنہ کرنا ورنہ اس تصرف سے ہاتھ دھو بیٹھنا اور علویات کی نظریں تجھ سے پھر جائیں گی۔ جب مریخ یہ وصیت تمام کر چکے ایک عقیق کی انگوٹھی اس کو عطا کرے۔ اور وہ عقیق جوہر آسمانی سے ہوگا۔ ماہیت اس کی سوائے خدا کے کوئی نہیں جانتا۔ اگر کسی کو دکھلائیگا وہ انگوٹھی جاتی رہے گی اور تصرف ہفت اقلیم اٹھ جائے گا۔ جب یہ خاتم مسبح لے چکے تو عرض کرے کہ میری یہ آرزو ہے کہ اس خاتم کے نقش سے مجھ کو مطلع فرمائیے۔ وہ بتلائے نقش یہ ہے تمخیثا تمثیثا دیا سطی وسطمی یہ اسمائے عبرانی ہیں ان کو یاد کرے اور اجازت چاہے۔ جب مریخ اجازت دے چکے یکایک نظر سے غائب ہو۔ جب اس کو بلانا منظور ہو انگشتری روبرو رکھے اور اسم پڑھنا شروع کرے فوراً حاضر ہو۔

اسم سی و نہم [39] يَا قَرِيبُ الْمُجِيبُ الْمُدَانِي دُونَ كُلِّ شَيْءٍ قُرْبُهُ یہ اسم جمالی ہے۔

| [1] نصاب | زکوٰۃ | عشر | قفل | دورہ مدد |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| ایک لاکھ انہتر ہزار | چوراسی ہزار | بیالیس ہزار دو سو پچاس | تین سو ساٹھ | برابر نصاب |

خاصیت اس کی جو کچھ اسماء سابق میں بیان ہوئی سب اس میں موجود ہے
حضرت شیخ کمال الدین کرمانی کہ گجرات میں رہتے تھے انہوں نے سب خاصیتیں
اپنی شرح میں لکھی ہیں بعض ان خاصیتوں سے اپنے معاملہ میں انہوں نے معاینہ
کی تھیں ۔ اور بعض بیداری میں ان کو حاصل ہوئیں تھیں ۔ غرضکہ بہت سے خواص
بالتفصیل لکھے ہیں طالب اس شرح کو دیکھ کر عامل ہو ۔ اگر طالب اس کے
جمیع خصائص سے مخصوص ہو تو اس کو لازم ہے کہ چالیس روز تک تین سو
ساٹھ بار روز پڑھے ۔

**ایضاً** واسطے اظہار سر ربوبیت چالیس روز تک پانسو بار پڑھے ۔

**ایضاً برائے اطاعت فساق و فجار** اگر کوئی شخص اپنے حاسدوں اور معاندوں اور بدخواہوں
اور فاسقوں اور ظالموں کو مطیع کرنا چاہے ۔ اور وسواس
خناس اور کید نفس امارہ سے رہائی چاہے تو اس کو چاہیئے کہ اس اسم کو ایک ماہ
تک رات دن برابر ایک ہزار نو سو نو بار پڑھے اور عین کسوف و خسوف میں نماز
کے اندر مشغول رہے اور کسی سے بات چیت نہ کرے اعداء ظاہری اور باطنی پر ظفر
یاب ہوگا اور یہ عمل باقی عمر کے لئے کافی ہے ۔

**ایضاً تسخیر ملک عالم** اگر کوئی چاہے کہ اس ملک کو جو اس عالم کا موکل ہے تسخیر کرے تو
اس کو لازم ہے کہ اس اسم کی قراءۃ کو موافق حروف اصل خذ حرفاً
قل الفاً شمار کرے اور ہر روز تا مدت حروف اصل و وصل پڑھے اثنائے عمل میں
یکایک قبلہ کی طرف سے عجیب عجیب صورتیں دکھلائی دیں عامل سمجھ جائے کہ ملک
آتا ہے غرض کہ صبح صادق جب نمودار ہو ملک حاضر ہو اور ان کے درمیان ایک
پیر مرد ہو کہ وہ آتے ہی صبح کی اذان دے اور عامل کی طرف امامت کے اشارہ ،
کرے عامل نماز پڑھا کر پھر اسم کی قراءۃ میں مشغول ہو جائے اور اصلاً کسی کی طرف
ملتفت نہ ہو ۔ تمام حاضرین صف باندھ کر مسبح کے روبرو کھڑے رہیں اور بار بار
کہیں کہ اے مقتدا تو ہم سے کس واسطے کلام نہیں کرتا مسبح اشارہ سے جواب

دے کہ مجھ کو تم سے کچھ کام نہیں میں بات کہنا نہیں چاہتا یہاں تک کہ شام ہو جاوے اور وہ صف زدہ کھڑے رہیں پھر ایک سوار ملباس شاہانہ چتر بر سر یا عسا کر گوناگون حاضر ہو اور گھوڑے سے اتر کر مسیح کے او پر دو زانو بیٹھ جائے اور تھوڑی دیر کے بعد کلام کرے کہ اے برگزیدۂ خدائے عزوجل مجھ سے تو بیان کر کہ تیرا کیا مطلب ہے اور مجھ کو کیوں سرگردان کر رکھا ہے عامل کچھ جواب نہ دے اور دعوت میں مشغول رہے۔ یہاں تک کہ وہ عجز کرے اور عہد کرے پھر بیان کرے وہ ملک کہے گا کہ میں تیرا فرمانبردار ہوں جس امر مشروع میں تیری حاجت ہوگی فوراً اس کا سرانجام کروں گا اور تمام جن و انس کو تیرا مسخر کر دوں گا اور جو سرتابی کرے گا اس کو قید کر دونگا۔ یہ اسم سات جوہر رکھتا ہے جو کوئی عمل میں لائے گا کامیاب ہو گا۔ تفصیل اس کی یہ ہے :-

**جوہر اوّل** دعوت اس کی ایک اربعین ہے ہر روز تیس ہزار بار پڑھے تمام پیغمبروں کی ارواح تشریف لاویں گی ان سے علم لدنی حاصل ہوگا۔ یہ وہ اسم ہے کہ حق تعالیٰ نے حضرت سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم کو شب معراج میں اوّل اس اسم سے مشرف فرمایا ہے اس کے بعد انواع کرامات لاتعد ولاتحصٰی عطا فرمائی ہیں اور جب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم بیت المقدس تشریف لے گئے ہیں تو تمام پیغمبروں نے آپ کی اقتداء کی ہے کہ ذا امام الانبیاء لیلۃ المعراج جمیعًا اس قول کی تائید ہے۔ جب عامل نصف اربعین تک پہنچے ارواح پیغمبران مرسل ظاہر ہونے لگیں صاحب دعوت بجمیع آداب و باحضوری تمام اسم مذکور پڑھتا رہے اور جو نبی جس صفت سے موصوف ہے وہ ان سے حاصل کرتا رہے جیسا کہ حضرت آدم صفی اللہ سے صفوت اور ارواح اللہ سے احیائے اموات اور موسیٰ صلوات اللہ علیہ السلام سے کلام کہ کَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ان کی شان میں وارد ہے غرضکہ اپنے حسب استعداد ان سے اخذ نعمت میں کوتاہی نہ کرے۔ جب دعوت قریب باتمام کے پہنچے سوائے حجاب عظمت کہ حجاب جلال الٰہی ہے

تمام حجاب اس کے دل سے مرتفع ہوں اور ارواح انبیاء علیہم السلام اس کو ایک نشان عطا فرمائیں کہ جب اس نشان کو اپنے روبرو رکھے اور کسی حاجت کے لئے بلانا چاہے فی الحال لشکر مبارک ان کا حاضر ہو اور اس وقت اس کا مقصد بفضل اللہ وکرمہ پورا کریں۔

**جواہر دوم** جب اسم مذکور بحکم شمار ابجد تا مدت حروف ہر روز پڑھے ساٹھ موکل بادشاہان ارواح ملکوتی کے حاضر ہوں جن کے نام یہ ہیں۔ قلقائیل تلیقائیل اتلیقائیل تیاقیل توماشیل اقلتقائیل ہر ایک فیل سوار عامل کے روبرو حاضر ہوں اور بانواع سخن مختلف عامل سے کلام کریں مگر عامل کو لازم ہے کہ اصلاً ان کی طرف ملتفت نہ ہو اور دعوت میں مشغول رہے۔ جب وہ بالحاح پیش آئیں اور مطلب دریافت کرنے میں اصرار کریں اور سوگند کھائیں اور وہ سوگند یہ ہے۔ بحق طوطائیل دسائیل دھمائیل دبحق توریت وانجیل وفرقان اس وقت کہے مطلب اور مقصد سوائے تمہارے حضور کے اور کچھ نہیں ہے میں چاہتا ہوں کہ جس کام کے لئے تم کو بلاؤں تم موجود ہو جاؤ اور اس کا انصرام کرو وہ اس کو قبول کریں اور عامل کی نظر سے غائب ہو جائیں۔ جب عامل کو ضرورت ہو اس سوگند کو یاد کرے اور ایک دفعہ پڑھے فوراً حاضر ہوں اور اس کی ضرورت کو پورا کریں واضح ہو کہ شیخ علیہ الرحمتہ لکھتے ہیں کہ باقی پانچ جوہر میسر نہیں ہوئے ورنہ وہ بھی لکھے جاتے۔

اسم چہلم یَا مُجِیْبُ اَلْغَنَا نِعَمُ فَلَا تَنْطِقُ الْاَلْسُنُ بِکُلِّ ثَنَائِہٖ وَ نَعْمَائِہٖ یہ اسم جلالی ہے خاصیت اس کی یہ ہے کہ جو کوئی صاحب دعوت ہو بموجب حکم حروف غیر مکرر بقاعدہ خمس حرفاً قل الفاً تا مدت حروف دعوت دے اور بعد اتمام دعوت جس قدر ہو سکے پڑھتا رہے خدا چاہے مرادیں اس کی بر آئیں خلقت کی زبان اس کی برائی سے بستہ ہو بلکہ تمام خلائق اس کی محتاج ہو۔ سات سو ہزار عجائب وغرائب جو کبھی اسم کی دعوت میں نہ دیکھے ہوں نہ سنے ہوں، منکشف ہوں اور چشمہائے

علم و حکمت اس کے دل میں پیدا ہوں حلال مشکلات ہو۔

ایضاً اگر کوئی چاہے کہ مغیبات کا ظہور ہو تو اس کو چاہیے کہ ہر نماز کے بعد چالیس دن تک سو مرتبہ اس اسم کو پڑھے مقصود حاصل ہو۔

ایضاً برائے نعمتہائے گوناگون | جو کوئی اس اسم کی قرأۃ میں مشغول ہو کوئی شخص عوام و خواص، بادشاہ درویش اس کے حق میں کلمہ بد نہ کہے گا اور خلائق کی زبان اس کی برائی سے بستہ ہو جائے گی۔ اور جو اس مسبح کی زبان سے نکلے گا کام پسندیدہ موافق شریعت و طریقت ہو گا اور کبھی کلمہ نا مشروع عمداً یا سہواً اس کے منہ سے نہ نکلے گا۔ ننانویں روز تک ہر روز پندرہ ہزار بار اس تفصیل سے پڑھے کہ دس ہزار دن کو اور پانچ ہزار شب کو۔ آخر شب دعوت میں اسرار عجائب اور تماشائے غرائب معاینہ کرے اور حق تعالیٰ یہ کرامت عطا فرمائے کہ اس کا کلام حجت عالم ہو۔ اور ہر بات اس کی قرآن و حدیث سے ہو جس کے لئے دعا نیک یا بد کرے مستجاب ہو۔ اور تمام جہان میں مشہور ہو اور نعمتہائے گوناگون سے مالامال ہو اور فتوحات ہونے لگیں۔ عامل کو لازم ہے کہ جو کچھ آئے سب خرچ کر ڈالے۔ دوسرے دن کے لئے نہ رکھے خدا تعالیٰ دوسرے روز پھر عطا فرمائے گا۔

ایضاً برائے زندہ شدن جانوران | اگر ایک جانور کی صورت موم یا مٹی سے بنائی جائے اور ننانوے بار یہ اسم پڑھا جائے۔ اور ہر مرتبہ اس پر دم کیا جائے فی الحال جنبش میں آئے اور اڑنے لگے۔ صاحب دعوت کو یہ کرامت نصیب ہو کہ اگر سو ہزار مختلف جانوروں کی شکلیں بنائے اور اس پر یہ اسم پڑھ کر دم کرے تو حق تعالیٰ ان میں جان ڈالدے۔ مگر عامل کو لازم ہے کہ ایسی حرکات سے پرہیز رکھے جاہل لوگ گمراہ ہو جاویں گے اور اس کو جادوگر بتائیں گے۔

ایضاً جو صاحب دعوت اس اسم کی ملازمت کرے گا قبر میں اس کا بدن سالم رہے گا۔ اور مرتبہ اجساد نا ارواحنا ارواحنا اجسادنا حاصل ہو گا اور جب اس صفت سے موصوف ہو گا حیوٰۃ دارین پائے گا اور اسرار ان اولیاء اللہ لا یموتون اس پر

جلوہ گر ہوگا۔ جو کوئی مسبح کے خلاف کلام کرے گا ذلیل عالم ہوگا۔

اسم چہل و یکم یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَّ مُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَّ مَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَّ رَجَائِیْ حِیْنَ تَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ۔ یہ اسم جلالی ہے۔

خاصیت اس کی یہ ہے کہ جو کوئی کسی کام میں عاجز ہو یا کسی ظالم کے پنجہ میں گرفتار ہو یا قید میں ہو تو اس کو چاہیئے کہ ہر روز ننانویں بار اس اسم کو پڑھے سب سے خلاصی پائے گا اور مقبول خلائق ہوگا اور دولت ابدی اور سرمدی سے مشرف ہوگا۔

ایضاً جو کوئی ساٹھ روز تک بخلوت واحد بار تمام اسم دعوت دے حق تعالیٰ کے فضل و کرم سے دنیا و آخرت کی تمام بلاؤں سے نجات پائے۔

ایضاً اطلاع بر خیر و شر و دیگر مغیبات۔ اگر کوئی اس اسم کی ایک سال کامل دعوت دے اور ہر روز سات ہزار بار اور ہر شب پانچ ہزار بار پڑھے حقیقت ہژدہ ہزار علم اس پر منکشف ہو اور احوال خیر و شر تنگی و فراخی امساک باراں اور طوفان اور حرب و قتال سب پیشتر سے معلوم ہو جائیں اور اس کی تاثیر نظر اور خیال اذکار سے تمام برائیاں دور ہوں۔ جب عمر اس کی تمام ہو مہتر عزرائیل علیہ السلام حاضر ہوں اور سلام کریں اور کہیں کہ اے آفریدۂ حضرت حق جو دن کہ اس خاکدان میں تیرے رہنے کے تھے تمام ہوئے اگر آرزوئے عالم باقی رکھتا ہے اور جمعیت یاران قدیم کی چاہتا ہے جو عالم ارواح میں تھے اگر قدم رنجہ فرمائے تو میں لے چلوں اگر یہاں رہنا قبول کرے تو تیرے نامۂ زندگی کو از سر نو مرتب کردوں غرضکہ جو رضا نے مسبح ہو قابض ارواح اس کے مطابق عمل کرے۔

ایضاً جو کوئی چالیس بار ہر شب اس اسم کی قراءۃ کرے جمال جہاں آرائے حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہو اور جو مشکل ہو آسان ہو۔

—

# تیرہویں فصل دعوت سیفی دعائے عزرائیلی دعائے کبیرہ دعائے بشمخ دعائے قرشیہ اور عزائم (کہ اسمائے عظام سے نکالی گئی ہیں) اسمائے حسنیٰ اسمائے جبروتی کے بیان میں

دعائے سیفی واضح ہو کہ دعائے سیفی آیۃ من آیات اللہ ہے اور بہت سے عجائب و غرائب اسرار اس میں مستتر ہیں۔ اکثر اہل اللہ نے اس سے فیض فیاض حاصل کیا ہے اور بہرہ مند ہوئے ہیں۔ اور حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ یہ دعا سیف اللہ عین اللہ قدرۃ اللہ ید اللہ برہان اللہ صمصام اللہ جند سلیمانی سہم اللہ حرز البر حرز المرتضوی حرز اعظم حرز سیفی کے نام سے نامزد ہو گئی ہے۔

## مقدمہ دعائے سیفی

جاننا چاہیئے کہ دعائے سیفی کے پڑھنے کا وقت اور شرائط ترتیب دعا اور شرائط عامل۔ عاملان کامگار نے مقرر فرمائی ہیں۔ ہر ایک کا بیان بتفصیل ذیل لکھا جاتا ہے۔

شرائط ترتیب دعا مناجات۔ ادعیہ متفرقہ۔ فاتحہ۔ ناد علی۔ یا غیاثی۔ ضابطہ اعتصام۔ وامر اعتصام۔ وصل صغیر۔ اشارات اصل۔ اشارات حاجت۔ حرز امیرین۔ دعاء اختتام۔ دعا اخیار۔ چہار قل۔ عدد قرآن۔ ایام تعین۔ شرائط عامل۔ طہارت۔ تصفیہ باطن۔ لزوم خلوت۔ کتمان سر حصول اجازت سلسلہ روایت۔ اعتماد غذا ترک حیوانات جمالی و جلالی (اگر جمالی کا پرہیز نہ ہو سکے تو بھی درست ہے) نامحرم سے بچنا محرمات احرامی سے پرہیز کرنا۔ تعظیم دعوت استغراق۔ تعلیل علائق۔ حسن اعتقاد۔ عزم نیت۔ صدق مرشد بخور۔ استعمال عطر۔ مواظبت دعوت۔ اور نماز قضا نہ کرے۔ اکل حلال۔ صدق مقال۔

تضرع[۲۳] بال۔ خرق عادات[۲۴] کے مشاہدے اور اروا حوں کی ملاقات کے وقت نڈر ہونا۔

شرائط دعاء[۱] نصاب[۲]۔ زکوٰۃ[۳]۔ عشر[۴]۔ قفل[۵]۔ دور[۶] مدور بذل[۷]۔ ختم[۸]۔ اجابۃ[۹] دعاء اگر دعا باسم صغیر ہے بحکم کلیات و جزئیات شرائط حروف دے کر عمل کرے کیونکہ بغیر شرائط حروف مستجاب نہیں۔ اس سبب سے متصرفان کامگار نے اس کو ملیع کیا ہے اگر دعا کبیر ہے بحساب حروف تہجی شرائط بجالائے اور عامل ہو اور ہر حرف کے تین درجے مقرر کئے گئے ہیں۔ اوّل موافق خذ حرفاً قل الفاً دوم موافق مائہ سوم موافق عشراً۔ ان تینوں میں جو ہو سکے اسکے موافق قرأۃ اختیار کرے اور نیت شرائط کی زبان سے کہے۔ اس جگہ پر بحکم حروف تہجی بقواعد عشراً کہ تین[۱۱] سو حروف[۱۲] ہوتے ہیں پڑھے۔ پس یہ مجموع بہ نیت نصاب (۳۰۰) اور اس کا نصف (۱۵۰) بہ نیت زکوٰۃ اور اس کا نصف (۷۵) بہ نیت عشر اور اس کا نصف (۳۸) بہ نیت قفل اور دور مدور برابر نصاب اور بذل ۳۰ بار بحکم حرکات تیس[۱۳] حرف مع ہمزہ والف ولام اور بہ نیت ختم بائیس مرتبے۔ بموجب لقاطا اور بہ نیت اجابت دعوت حروف اصلی و وصلی اسم ذات بقاعدہ خذ حرفاً قل عشراً (۱۰۲۵) مرتبے پڑھے بعون اللہ تعالیٰ سریع الاجابت ہو۔ جب ان شرائط سے فارغ ہو تو اغراض کے لئے دعوت دے اور اس کے دو طریق ہیں۔ ایک بطریق پیران شطار دوسرا بطریق شیخ ابو الفضل کرمانی ان سے بھی دو سندیں ہیں۔ ہر ایک کا بیان بتفصیل لکھا جاتا ہے۔

---

سلہ ترتیب شرائط تمام ن ۳۰۰ - ز ۱۵۰ - ع ۷۵ - ق ۳۸ - د ۳۰۰ - ب ۳۰
خ ۲۲ - اجابت دعوت ۱۰۲۵ - ۱۲

سلہ یعنے موافق حروف تہجی احتیاطاً مع ہمزہ ولام مکرر کہ تیس ہوتے ہیں۔ جب ان کو دس گنا گیا تو تین سو ہوئے ۱۲۔

# طریق پیران مشرب شطار

## مع ہفت ضابطہ و احکام وادعیہ مختصرہ

ہفت ضابطہ کلی۔ ظاہر ہے کہ یہ ہفت ایام برائے سرانجام خاص و عام اور یہ سات دن سات ستاروں سے متعین ہیں جو حاجت جس دن کے ستارے میں واقع ہو اسی کے لحاظ سے بہ ترتیب مسطور عمل کرے مقرون باجابت ہو اگر تاخیر واقع ہو تو ہفتے میں اسی روز پھر پڑھے اور دس ہفتے تک اسی طرح عمل کرے تو گویا ستر یوم میں انصرام امر ہوگا قراۃ یوم اور عشرہ کا ایک ہی حکم ہے شب کو بارہ مرتبے موافق دوازدہ بروج اور دن کو اٹھائیس مرتبے موافق منازل قمر۔ جب وہ دن آئے ورد کو بجالائے اور باقی ایام بے ناغہ تین بار باحکام وارکان اور رات کو ایک بار ضرور پڑھ لیا کرے اور یہ بھی معلوم رہے کہ اس ہفت ضابطے میں خواص خاص منقسم ہیں کہ جس کام کے لئے ضرورت ہو اسی کوکب کے دن میں قرأۃ کرے جیسا کہ بہ نیت قتل اعداء بروز زحل اور بہ نیت علم ظاہری و باطنی روز مشتری اور بہ نیت قتال و خونریزی روز مریخ اور بہ نیت عظمت و حشمت و جاہ روز شمس اور بہ نیت کاروبار دنیا و موافقت سلطان و آمیزش امراء و کارکناں اور مثل اس کے بروز زہرہ اور بہ نیت عشق و محبت و کار خیر و تجارت اور مثل اس کے بروز عطارد اور بہ نیت اصلاح و معاملہ و معالجہ و حسن معاملات اور دوستی اور بہ دشمن آشتی اور مثل اس کے بروز قمر۔

قرأۃ ہفت شبا روز چونسٹھ بار پڑھے۔ طریق ضابطہ دیکھ کر اسی طریق سے عمل کرے۔

طریق ضابطہ۔ جب سالک عمل کرنا چاہے تو اس کو چاہیئے کہ ہر ضابطہ میں نیت مسطور کو نگاہ رکھے اور پہلی شب کو نیت کرلے۔ آخر شب کو اٹھے اور غسل پاک کرے اور غسل کے بعد شکرانہ تحیت ادا کرے اور ایک دوگانہ بہ نیت ثواب ارواح

پاک حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم وعشرہ مبشرہ بجالا نے اس کے بعد ایک ایک دوگانہ بہ نیت ثواب ارواح پیران شطار و سہروردو چشتیہ و قادریہ و فردوسیہ اور تمام عرفا اور شہداء اور جمیع مومنین اجمالاً ادا کرے پھر تین بار یہ درود پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَحَبِيْبِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ صبح تک جاگتا رہے اور سنت اور فرض کے درمیان سات بار اس دعا کو پڑھے اِلٰهِيْ بِحَقِّ سِرِّ هٰذِهِ الْاَسْرَارِ وَبِحَقِّ كَرَمِكَ الْخَفِيِّ وَبِحَقِّ اِسْمِكَ الْاَعْظَمِ اَسْئَلُكَ اَنْ تَقْضِيَ لَنَا حَاجَتِيْ كُلَّهَا يَا مَنْ اَمْرُهٗ اِذَا اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنَ دعاء اجابت سات بار پڑھے مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ تَوَجَّهْنَا اِلَى اللّٰهِ قَبِلَ اللّٰهُ مَا شَآءَ اللّٰهُ نَا طِقًا بِاللّٰهِ اِسْتِغَاثَةً بِاللّٰهِ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اس کے بعد آسمان کی طرف منہ اٹھائے اور دس بار اُفَوِّضُ اَمْرِيْ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ پڑھے اور کھڑا ہو جائے اور کسی سے بات چیت نہ کرے اور فرض کو جماعت کے ساتھ ادا کرے پھر اپنے خلوتخانہ میں آئے اور اپنے معمول معتاد کو بجالائے اس کے بعد اس دعوت کو اس سند سے شروع کرے۔ اوّل مناجات ادعیہ ناد علی یا غیاثی دعا کاشف الغم اعتصام فاتحہ حرز واختتام اخمار اور یہ سب دعائیں سات بار یا تین بار پڑھے اگر دوسرے اوراد رکھتا ہو تو وقت حاجت کے ایک ایک بار ہر ہر ضابطہ میں پڑھے اور نماز اور دوسری دعائیں موافق ضابطہ کے بتائی جائیں گی ان کو بعد دعاء کاشف الغم اور دعاء ضابطہ کے پڑھے۔

## مناجات اور تمام ادعیہ یہ ہیں

يَا مَنْ اِذَا اَدْلَجَ الْعَبْدُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّظْلِمَةٍ مِّنْ حَيْرَةٍ سَهْمٍ وَلَمْ يَجِدْ مُسْرِغًا يُّصْرِخُهٗ مِنْ وَّلِيٍّ حَمِيْمٍ وَّجَدَ يَا رَبِّ مِنْ مَّعُوْنَتِكَ مُسْرِخًا مُّغِيْثًا قَرِيْبًا يُّطْلِبُهٗ حَثِيْثًا يُّنْجِيْهِ مِنْ ضِيْقِ اَمْرِهٖ وَيُخْرِجُهٗ يَا مَالِكَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

ایضاً اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَا اخْتَلَفَ الْمَلَوَانِ وَتَعَاقَبَ الْعَصْرَانِ وَتَکَرَّرَ الْجَدِیْدَانِ وَاسْتَقْبَلَ الْفَرْقَدَانِ بَلِّغْ رُوْحَ نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ مِّنَّا التَّحِیَّۃَ وَالرِّضْوَانَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوَاتِکَ بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتِکَ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَیْہِ وَعَلَیْھِمُ السَّلَامُ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

ایضاً اشفارضا صالواصلا اَسْئَلُکَ لَمْ یُغْنِکُمْ وَالْمُخْزُوْنَ الدکلھو ثمرلدنا ظوھنا ھوش درش طوطی طاس اَلَآ اِلَی اللّٰہِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ۔

ایضاً اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ لَا اُحْسِنُ شَیْئًا مِّنَ التَّدْبِیْرِ وَیُرِیْ بِاَحْسَنِ التَّدْبِیْرِ یَا دَلِیْلَ الْعَابِدِیْنَ دُلَّ حَیْرَتِیْ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا حَلِیْمُ یَا عَظِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا مَالِکَ یَوْمِ الدِّیْنِ یَا مَالِکَ الْمُلْکِ دَبِّرْنِیْ بِاَحْسَنِ التَّدْبِیْرِ وَجَنِّبْنِیْ مِنْ جَمِیْعِ الْاُمُوْرِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

ایضاً نادِ علی حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ کی یہ ہے ۔ نَادِ عَلِیًّا مَظْھَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْہُ عَوْنًا لَّکَ فِی النَّوَائِبِ کُلُّ ھَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِنُبُوَّتِکَ یَا مُحَمَّدُ وَبِوَلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ۔

ایضاً یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَّمُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَّمَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَّنَجَائِیْ حِیْنَ تَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ۔

ایضاً اَللّٰھُمَّ یَا کَاشِفَ الْغَمِّ وَیَا فَارِجَ الْھَمِّ وَیَا مُجِیْبَ دَعْوَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ وَیَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ وَیَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ فَرِّجْ ھَمَّنَا وَاکْشِفْ غَمَّنَا وَاَھْلِکْ اَعْدَائَنَا

## دعائے اعتصام

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلَی الْوَھَّابِ یَا رَبِّ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا سَتَّارُ یَا غَفَّارُ یَا رَزَّاقُ یَا فَتَّاحُ یَا کَرِیْمُ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ رَبَّ الْعَالَمِیْنَ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ یَا حَمِیْدُ اَنْتَ الْمَحْمُوْدُ وَبِنَا الْمَجْھُوْدُ وَیَا وَدُوْدُ اَنْتَ الْمَوْدُوْدُ وَفَضْلُکَ الْمَعْھُوْدُ وَیَا بَرُّ اَنْتَ الْبَارُّ بِرُّکَ الْمَوْجُوْدُ وَخَیْرُکَ

الْمَشْهُوْدُ یَا حَیُّ کُنْتَ حَیًّا حِیْنَ لَا حَیَّ وَتَکُوْنُ حَیًّا حِیْنَ لَا حَیَّ یَا قَائِمُ اَنْتَ الْقَائِمُ عَلٰی کُلِّ
نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ وَالْمُجَازِیْ بِمَا عَمِلَتْ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا جَمِیْلُ اَنْتَ الْمُجْمِلُ الْجَلِیْلُ
فَلَا یَحِقُّ هٰذَا الْاِسْمُ اِلَّا لَکَ وَلَا یَلِیْقُ اِلَّا بِکَ اَنْتَ الْکَرِیْمُ الْمُکْرِمُ وَاَنْتَ الْجَوَادُ الْمُنْعِمُ
وَخَیْرُکَ کَثِیْرٌ وَفَضْلُکَ کَبِیْرٌ یَا کَبِیْرُ الْمُتَکَبِّرُ لَکَ الثَّنَاءُ وَالْکِبْرِیَاءُ لَا یَنْبَغِیْ لِاَحَدٍ الْخُشُوْعُ
اِلَّا لَکَ وَالتَّوَکُّلُ اِلَّا عَلَیْکَ وَالْاِعْتِصَامُ اِلَّا بِکَ وَالتَّفْوِیْضُ اِلَّا اِلَیْکَ یَا فَرْدُ یَا وِتْرُ
اَنْتَ الرَّبُّ وَکُلُّنَا لَکَ الْعَبْدُ لَا شَرِیْکَ لَکَ وَلَا نِدَّ عَوْنٌ لَکَ وَالِدٌ وَلَا وَلَدٌ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ
یَا بَاقِیْ کُلٌّ یَرْجِعُ اِلَیْکَ وَلَا یَجْرِیْ الْفَنَاءُ وَلَا الزَّوَالُ عَلَیْکَ یَا بَارِئُ یَا مُصَوِّرُ اَحْدَثْتَ
کُلَّ شَیْءٍ سِوَاکَ کَمَا اَرَدْتَ وَبَرَأْتَ فَاَحْکَمْتَ وَصَوَّرْتَ وَخَلَقْتَ فَاَحْسَنْتَ وَسَوَّیْتَ
فَعَدَّلْتَ یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ لَا شَرِیْکَ لَکَ وَلَا شَبِیْهَ لَکَ وَلَا مِثْلَ لَکَ وَلَا نَظِیْرَ لَکَ
یَا غَنِیُّ وَلَا وَزِیْرَ لَکَ وَلَا مُشِیْرَ لَکَ وَلَا مُعِیْنَ لَکَ وَلَا ظَهِیْرَ یَا مَاجِدُ یَا مَجِیْدُ لَکَ الْمَجْدُ
کُلُّهٗ وَلَکَ الْخَلْقُ کُلُّهٗ وَاِلَیْکَ یَرْجِعُ الْاَمْرُ کُلُّهٗ وَاَسْئَلُکَ مِنَ الْخَیْرِ کُلِّهٖ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنَ
الشَّرِّ کُلِّهٖ یَا قُدُّوْسُ یَا سُبُّوْحُ اَنْتَ الْمُنَزَّهُ عَنِ النَّقَائِصِ وَالْمَعَائِبِ وَالْمَرَاتِبِ اَنْتَ
الْمُعَظَّمُ فِی الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ یَا عَلِیُّ یَا مُتَعَالِیْ لَکَ الْعَلَاءُ وَالثَّنَاءُ مِنْکَ وَاِلَیْکَ مُنْتَهَی
الْاَمَلِ وَانْتِهَاءُ الْاَمْرِ وَالرَّجَاءِ۔

یَا اَوَّلُ یَا اٰخِرُ لَا بِدَایَةَ لَکَ وَلَا انْتِهَاءَ لَکَ یَا قَادِرُ یَا قَدِیْرُ یَا مُقْتَدِرُ وَلَا قُدْرَةَ
اِلَّا لَکَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اِلَّا بِکَ یَا وَاجِدُ لَا وُجْدَ مِنْکَ وَلَا اِعْتِنَاءَ لِاَحَدٍ غَیْرِکَ
یَا سَمِیْعُ یَا بَصِیْرُ یَا عَلِیْمُ تَسْمَعُ النَّجْوٰی وَتَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا یَخْفٰی یَا فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ فَطَرْتَ فَاَبْدَعْتَ وَصَنَعْتَ فَاَحْسَنْتَ وَخَلَقْتَ یَا مَالِکُ یَا مَلِیْکُ اَنْتَ
الْمَلِکُ الْقَدِیْمُ وَالسُّلْطَانُ الْعَظِیْمُ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ
بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ یَا عَزِیْزُ یَا حَکِیْمُ تَحْکُمُ بِالْعَدْلِ وَتَقْضِیْ بِالْحَقِّ فَاَنْتَ
خَیْرُ الْفَاصِلِیْنَ یَا قَاهِرُ یَا قَهَّارُ یَا قَاهِرُ قَدْ قَهَرْتَ عِبَادَکَ بِالْفَنَاءِ یَا مُغِیْثُ یَا حَسِیْبُ
یَا جَلِیْلُ یَا مُقْتَدِرُ تَفْعَلُ مَا تُرِیْدُ یَا مُحِیْطُ یَا رَقِیْبُ یَا مَنْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَدَدًا وَ
دَبَّرَ الْاُمُوْرَ کُلَّهَا بِحِکْمَتِکَ وَاَمْسَکْتَ السَّمَاءَ وَالْاَرْضَ بِقُدْرَتِکَ یَا بَاعِثُ یَا وَارِثُ

الأرض ومن عليها وأنت خير الوارثين وأنت تبعث من في القبور لتحاسبهم وأنت
أسرع الحاسبين يا واسع الملك والعلم والرحمة لا يخرج من سلطانك شيء ولا يعجزك
شيء ورحمتك وسعت كل شيء يا حق يا مبين أنت الملك الحق المبين وسلطانك الحق و
قولك الحق ووعدك الصدق ولا تخلف ميعادك ولا تظلم عبادك يا ذا القوة المتين يا
غني يا مغني أنت الغني ونحن الفقراء وأنت القوي ونحن الضعفاء لا قوي إلا من قويته
ولا غني إلا من أغنيته يا خالق يا خلاق وأنت أحسن الخالقين وأنت أحكم الحاكمين
لا خالق للخلق غيرك ولا مدبر للخلق سواك يا ظاهر يا باطن يا ذا المعارج تعرج إليك
أرواحنا وقدرت آجالنا يا محصي أحصيت أنفاسنا وأكسابنا وأدركت أسرارنا و
إعلاننا يا حافظ يا خافض يا رافع أنت المقدم وأنت المؤخر تخفض من تشاء
قهرا وترفع من تشاء قدرا من رفعته ارتفع ومن وضعته اتضع ومن أكرمته لم يهن
يا رفيع الدرجات لك الأسماء الحسنى والأمثال العليا يا ذا العرش المجيد يا مبدئ يا
معيد يا رحمن يا رحيم ارحمنا يا مؤمن آمنا يا مهيمن يا جبار اجبرنا يا سلام سلمنا يا
غفار يا غفور اغفر لنا يا رزاق ارزقنا يا رؤوف ارءف بنا يا عفو عافنا واعف عنا يا لطيف
الطف بنا يا حليم احلم عنا يا حافظ يا حفيظ احفظنا يا عزيز يا معز أعزنا يا صبور صبرنا
يا نصير انصرنا يا مغيث أغثنا يا كافي اكفنا يا واقي قنا يا والي يا متعالي يا مولى تولنا
يا حنان يا منان امنن علينا يا كريم أكرمنا ولا تلوم علينا يا تواب تب علينا يا ذا الفضل
تفضل علينا يا ذا الفضل تفضل علينا يا ذا الطول تطول علينا يا قابل التوب اقبل
توبتنا يا دائم أدم النعماء علينا يا هادي اهدنا يا وهاب يا رشيد هب لنا من لدنك
رحمة وهيئ لنا من أمرنا رشدا ويا نور نور قلوبنا يا وكيل لا تكلنا إلى أنفسنا يا جامع
اجمع على الهدى أمرنا يا نافع انفعنا بما علمتنا وبارك لنا فيما أعطيتنا يا من يضر
وينفع ويعطي ويمنع امنن علينا بالخير والرضا والأمن في السراء واحفظنا من الضراء
وشماتة الأعداء إنك سميع النداء ومجيب الدعاء يا شكور أنت الشكور اجعلنا من
الشاكرين يا صمد قد صمدناك حاجتنا فلا تردنا خائبين يا مجيب استجب دعاءنا يا

قَرِيْبٌ قَرِّبْ رَحْمَتَكَ مِنَّا يَا مُقْسِطُ اَنْتَ الْقَائِمُ فَوْقَ الْمُقْسِطِيْنَ وَالْاٰمِرُ بِالْقِسْطِ فَوْقَ الْقِسْطِ وَالْمُنَزِّلُ كِتَابَكَ بِالْقِسْطِ فَوْقَ الْمُقْسِطِيْنَ وَاَصْلِحِ الْقَاسِطِيْنَ وَنَجِّنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ يَا غَافِرُ اَمِدَّنَا مَدَدَ الْمَوَدَّةِ وَجَنِّبْنَا جَوْرَ الطُّغَاةِ يَا بَاسِطُ اُبْسُطْ عَلَيْنَا رَحْمَتَكَ يَا غَنِيُّ اَغْنِنَا مِنْ خَلْقِكَ يَا فَتَّاحُ اِفْتَحْ عَلَيْنَا اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ يَا وَلِيُّ تَوَلَّنَا بِحِفْظِكَ وَحِيَاطَتِكَ يَا شَهِيْدُ اَشْهِدْ عَلَيْنَا بِتَوْحِيْدِكَ وَعِبَادَتِكَ يَا مُحْيِيْ يَا مُمِيْتُ اَحْيِنَا بِخَيْرٍ وَاَمِتْنَا بِخَيْرٍ وَتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصّٰلِحِيْنَ وَاغْفِرْلَنَا يَوْمَ الدِّيْنِ اِنَّكَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ ۝ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ اَللّٰهُمَّ فَرِّجْ هَمِّيْ وَاكْشِفْ غَمِّيْ وَاَهْلِكْ عَدُوِّيْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ يَا خَفِيَّ الْاَلْطَافِ نَجِّنَا مِمَّا نَخَافُ يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا دَائِمًا حَامِدًا مُصَلِّيًا كَثِيْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۔

ایضاً فاتحہ ضابطِ شنبہ بہ نیت مذکور[1] چہار رکعت ایک سلام سے ادا کرے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد الم ترکیف پچاس بار پڑھے اور سلام کے بعد دعائے مذکور اس دعا کے ساتھ پڑھے اَللّٰهُمَّ شَتِّتْ شَمْلَهُمْ وَفَرِّقْ جَمْعَهُمْ وَبَدِّلْ اَحْوَالَهُمْ وَقَصِّرْ اَعْمَارَهُمْ وَاشْغَلْهُمْ بِاَبْدَانِهِمْ وَاَنْكِسْ اَعْلَامَهُمْ وَخُذْهُمْ اَخْذَ عَزِيْزٍ مُقْتَدِرٍ يَا عَزِيْزُ يَا رَبُّ يَا رَبُّ يَا رَبِّ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۔

ایضاً اَللّٰهُمَّ قَاتِلِ الْكَفَرَةَ وَاَهْلَ الْكِتَابِ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِكَ وَيَدْعُوْنَ مَعَكَ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ تَعَالَيْتَ عَمَّا يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا اَللّٰهُمَّ الْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيْرًا وَبِيْلًا وَضَاعِفْ زَجْرَكَ وَعَذَابَكَ عَلَيْهِمْ يَا اِلٰهَ الْحَقِّ اٰمِيْنَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ

ایضاً لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ جس وقت یہ وظیفہ مرتب ہو گوسفند سیاہ یا مرغ سیاہ بالائے کوہ یا کسی خالی مکان میں فرضی قبر آدم و حوا کے درمیان اس کو اپنے ہاتھ سے ذبح کرے اور دل میں خیال کرے کہ میں نے فلاں جابر کو قتل کیا اللہ تعالیٰ کی عنایت سے وہ دعا مقرون باجابت ہو۔

---

[1] نیت قتل اعداء ۱۲۔

ضابطہ پنجشنبہ بہ نیت مذکور چار رکعت پڑھے پہلی میں فاتحہ کے بعد سورہ رحمٰن چودہ بار اور باقی تینوں میں ایک ایک بار کم کرکے پڑھتا جائے سلام کے بعد دعاء مذکور اور اس کے متصل یہ دعا پڑھے۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ اَللّٰھُمَّ طَهِّرْ قَلْبِیْ مِنَ الشَّکِّ وَالشِّرْکِ وَالرِّیَاءِ وَزَیِّنْ لِسَانِیْ بِالذِّکْرِ وَالْحَمْدِ وَالثَّنَاءِ

ایضاً لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ وَّکِیْلٌ اور مصلے سے اٹھے اور اپنے ہاتھ سے نان و شیرینی حیثیت کے موافق فقراء کو تقسیم کرے تاکہ اللہ تعالیٰ کی امداد سے اپنی مراد کو پہنچے

ضابطہ سہ شنبہ بہ نیت مذکور چار رکعت پڑھے پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد چار سو مرتبہ تبّت یدا پڑھے باقی تینوں رکعتوں میں سو سو بار کم پڑھے سلام کے بعد دعاء مذکور اور یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ فَرِّجْ ھَمِّیْ وَاکْشِفْ غَمِّیْ وَاَھْلِکْ عَدُوِّیْ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ یَا فَارِجَ الْھَمِّ وَیَا کَاشِفَ الْغَمِّ اِکْشِفْ غَمِّیْ مَا اَمْسَیْتُ وَمَا اَصْبَحْتُ سُبْحَانَ الْقَادِرِ الْقَاهِرِ الْقَوِیِّ الْجَبَّارِ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ بِلَا مُعِیْنٍ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ۔

ایضاً اَللّٰھُمَّ فَرِّقْ جَمْعَھُمْ وَشَتِّتْ شَمْلَھُمْ وَبَدِّلْ اَحْوَالَھُمْ وَقَعِّ اَعْمَالَھُمْ وَاشْغَلْھُمْ بِاَبْدَانِھِمْ وَانْکِسْ اَعْدَاءَھُمْ وَخُذْھُمْ اَخْذَ عَزِیْزٍ مُّقْتَدِرٍ یَا رَبِّ یَا رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔

ایضاً اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا اس کے بعد ایک تازہ کوا لائے اور دو پرانی قبروں کے درمیا جماعت مقہورہ کو یاد کرکے اس کو چھری سے کاٹ ڈالے بفرمان الٰہی مقصد بر آئے۔

ضابطہ یکشنبہ بہ نیت حاجت چار رکعت نماز ادا کرے ہر رکعت میں اذا جاء نصر اللہ سو بار سلام کے بعد دعاء مذکور (یعنی فلعت حسبی) اور اس کے متصل یہ دعا پڑھے۔ مَا شَآءَ اللّٰہُ تَوَجُّهًا اِلَی اللّٰہِ تَبَارَکَ اللّٰہُ مَا شَآءَ اللّٰہُ نَاطِقًا لِلّٰہِ اِسْتِغَاثَةً بِاللّٰہِ مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ یَا لَطِیْفُ تَلَطَّفْتَ یَا لَطِیْفُ وَاللُّطْفُ فِیْ لُطْفِ لُطْفِکَ یَا لَطِیْفُ اور سو بار لَآ اِلٰهَ اِلَّا الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ پڑھے۔

ضابطۂ جمعہ بہ نیت حاجت[1] چار رکعت پڑھے ہر رکعت میں سورۂ والضحیٰ پچیس بار پڑھے اور سلام کے بعد مذکور اس کے متصل پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اَغْنِنِیْ بِجَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَبِطَاعَتِکَ عَنْ مَعْصِیَتِکَ وَبِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ یَا غَنِیُّ یَا غَنِیُّ یَا غَنِیُّ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا فَعَّالُ لِمَا یُرِیْدُ اَسْئَلُکَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ یَا اَللّٰہُ اس کے بعد تین سو ساٹھ بار یَا کَافِی الْمُوَسِّعُ لِمَا خَلَقَ مِنْ عَطَایَا فَضْلِہٖ یَا کَافِی۔

ایضاً سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھے اللہ تعالیٰ کی عنایت سے حاجت روا ہو۔

ضابطہ چہار شنبہ بہ نیت حاجت[2] چار رکعت پڑھے ہر رکعت میں الم نشرح پچاس بار اور بعد سلام کے دعاء مذکور پڑھے اور اس کے متصل یہ دعا یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا مَالِکُ یَا رَزَّاقُ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنْکَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ سُبْحَانَ الْمُنَزَّہِ عَنْ کُلِّ مَحْذُوْرٍ سُبْحَانَ الْمُنَفِّسِ عَنْ کُلِّ مَسْجُوْنٍ سُبْحَانَ الْمُیَسِّرِ لِکُلِّ مَدْیُوْنٍ سُبْحَانَ الْمُخَلِّصِ لِکُلِّ مَسْجُوْنٍ سُبْحَانَ الْعَالِمِ بِکُلِّ مَکْنُوْنٍ سُبْحَانَ مَنْ جَعَلَ خَزَائِنَ مُلْکِہٖ بَیْنَ الْکَافِ وَالنُّوْنِ اِنَّمَا اَمْرُہٗ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ فَسُبْحَانَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ یَا فَارِجَ الْھَمِّ وَیَا کَاشِفَ الْغَمِّ وَیَا مُجِیْبَ دَعْوَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ وَیَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ وَیَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ فَرِّجْ ھَمَّنَا وَاکْشِفْ غَمَّنَا وَاَھْلِکْ اَعْدَآءَنَا سات بار یہ کہے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ اس کے بعد یہ پڑھے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ خَالِصًا مُّخْلِصًا اللہ تعالیٰ کے حکم سے حاجت روا ہو۔

ضابطہ دو شنبہ بہ نیت حاجت[3] چار رکعت پڑھے ہر رکعت میں والسماء و الطارق ستر بار سلام کے بعد دعاء مذکور پڑھے اور اس کے متصل یہ دعاء پڑھے۔

---

[1] کاروبار دنیا و پرواخت سلاطین و آمیزش امیران و کارداران وغیرہ ۱۲۔ [2] عشق و محبت و کار خیر و تجارت وغیرہ ۱۲۔ [3] برائے اصلاح معاملہ و مصالحہ و دوستی و آشتی بدشمن و اس کی مثل اور حاجتیں ۱۲۔

سُبْحَانَ الْقَادِرِ الْقَاهِرِ الْقَوِيِّ الْجَبَّارِ الْحَيِّ الْقَيُّومِ بِلَا مُعِيْنٍ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ اُدْعُوْنِيْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ اور سو بار پڑھے۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْجَلِيْلُ يَا عَزِيْزُ يَا جَلِيْلُ اس کے بعد جیسا کہ اوپر مذکور ہوا پڑھے اس کے بعد دعاء اختتام۔ جب اس ورد سے فارغ ہو دعاء سیفی پڑھے۔ اور چند جانور بمطلب خرید کر کے اپنے ہاتھ سے رہا کرے اور ہر ضابطہ میں اس ترتیب کو نگاہ رکھے

## طریق اوّل از شیخ ابوالفضل کرمانی رحمۃ اللہ علیہ

ہر خاصیت کے لیے علیحدہ علیحدہ قراۃ معین نہیں ہے وہاں سات بار مقرر کی گئی ہے۔

**برائے حفظ از جمیع موذیات** | واضح ہو کہ حضرت ابوالفضل کرمانی نے طاہر بن محمد سے انہوں نے تمیم ثقفی سے انہوں نے امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے اور انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اور اپنے حضرت جبریل علیہ السلام سے اس طرح معلوم کیا ہے کہ جو کوئی اس حرز کو پڑھے یا اپنے پاس رکھے ہرگز کوئی دشمن اور سحر و جادو اور دیو و پری اور چشم زخم اور مار و کژدم و شیر و گرگ اور سوائے ان کے کوئی چیز اس پر قابو نہ پائے اور سب سے امن میں رہے عامل اس کا تمام مخلوق میں عزیز ہو اور سب اس کے تابعدار ہوں۔

**برائے عقد اللسان** | واسطے دوستی اور دشمنی اور عقد اللسان اور زبان بند کے سات بار پڑھے۔

**ایضاً برائے ثواب عبادت** | جو کوئی اس دعا کو پڑھے ایک سال کی عبادت کا ثواب پائے دو سال کی عبادت کا ثواب پائے علیٰ ہذا القیاس اور جس سال یہ دعا پڑھے اس کے گناہ نہ لکھے جائیں۔

**ایضاً برائے عداوت** | جو کوئی دو شخصوں میں مفارقت چاہے اس کو چاہیے کہ ایک مٹھی خاک پرانی قبر سے لائے اور ایک بار اس حرز کو پڑھ کر اس مٹی پر دم

کرے اور ان دونوں میں سے ایک آستانہ میں گڑھا کھود کر اس کو ڈال دے خدا چاہے جدائی ہوگی۔

**ایضاً برائے ہلاکی دشمن** اگر کوئی چاہے کہ دشمن کو ہلاک کرے تو اس کو چاہیئے کہ اکتالیس دانے گندم بھاری کے لائے اور تین رات دن زعفران کے پانی یا نیل کے پانی میں رکھے اور اس کے نیچے ایک چھری فولادی رکھے اور ایسی پوشیدہ جگہ رکھے کہ کسی کی نظر اس پر نہ پڑے بعد اس کے کچے تاگے میں ان سب دانوں کو پروئے اور ایک ایک دانے پر حرز پڑھے۔ جب تمام ہو جائے کسی بے پھل درخت کی شاخ میں جو جانب مشرق سے خشک ہوئی ہو لٹکا دے اور جس قدر ہو سکے صدقہ دیوے دشمن ہلاک ہوگا۔

**ایضاً برائے ازدیاد دولت** اگر کوئی اس کا عامل شہد یا شربت یا نبات پر اس کو پڑھ کر دم کر دے اور کوئی شخص اپنے عیال و اطفال کو کھلائے تو روز بروز دولت زیادہ ہو اور کبھی ان کے خاندان سے دولت زائل نہ ہو۔

**ایضاً برائے حفظ از سلاح و اطاعت امراء وغیرہ** اگر کوئی چاہے کہ سلاطین روزگار اور امراء کامگار اور ہر صغار و کبار میرے مطیع ہوں تو اس کو لازم ہے کہ مشک و زعفران کو آب باران یا گلاب میں حل کر کے اس حرز کو پوست آہو یا منصوری کاغذ پر لکھے اور موم جامہ میں لپیٹ کر اپنے پاس رکھے اور اگر حفظ یاد کرے کوئی تیر نیزہ و شمشیر اس پر کارگر نہ ہو۔ اگر اس کو لکھ کر بھاگے ہوئے کا نام لکھے اور کسی درخت کے نیچے گاڑ دے بھاگا ہوا آ جائے اسی طرح اگر اپنے محبوب کے لئے کرے تو محبوب آ جائے۔

**ایضاً برائے کاربراری** اگر کوئی شخص اپنے کام میں عاجز ہو اور کچھ تدبیر بن نہ پڑتی ہو تو اس کو چاہیئے کہ شب جمعہ آدھی رات کو اٹھے اور دو رکعت نماز ادا کرے اور جو کچھ قرآن شریف سے یاد ہو پڑھے اور نو بار درود شریف پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم پر بھیجے اس کے بعد تین بار اس حرز کو پڑھے حق تعالیٰ اس کو فرحت بخشے اور کارسازی

فرمائے۔

ایضاً برائے رہائی محبوس | اگر کوئی شخص قید خانہ میں اکتالیس بار اس حرز کو پڑھے اللہ تعالیٰ کے حکم سے خلاصی پائے۔

ایضاً برائے گزیدن مار و کژدم | اگر کوئی شخص اس حرز کو پڑھ کر سانپ یا بچھو کے کاٹے پر ہاتھ پھیرے خدا چاہے اچھا ہو جائے۔

ایضاً برائے رفتن پیش سلطان جابر | اگر کسی کو سلطان نے جان سے مارنے کا حکم دیا ہو تو اس کو چاہیئے کہ غسل کرے اور پاک کپڑے پہنے اور ایک بار اس حرز کو پڑھے اور کسی سے بات چیت نہ کرے جب سلطان کے روبرو جائے یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ پڑھے خدا تعالیٰ کے حکم سے جان کی امان پائے۔

ایضاً | اگر کسی کی چیز گم ہو گئی ہو اور معلوم نہ ہو کہ کون لے گیا تو چاہیئے کہ شب کو دو رکعت نماز پڑھے پہلی میں فاتحہ کے بعد والشمس ایک بار اور دوسری میں والضحیٰ اور الم نشرح ایک ایک بار اس کے بعد یہ حرز پڑھے اور باوضو سو جائے مال اور چور کو خواب میں دیکھے اور معلوم کرلے۔

ایضاً برائے حل مہمات | اگر کسی کو کوئی مہم پیش آئے تو چہار شنبہ و پنجشنبہ و جمعہ کو روزہ رکھے اور شب شنبہ کو دو رکعت ادا کرے فاتحہ کے بعد وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَہُوَ حَسْبُہٗ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا پچیس بار پڑھے اور ایک بار اس حرز کو پڑھے اور باطہارت سو جائے خدا چاہے اپنے کام کی کشادگی خواب میں معلوم کرے۔

ایضاً برائے حفظ از سارق و آب و آتش | جو کوئی اس حرز کو لکھ کر اپنے گھر میں رکھے چور آب آتش سب سے اس کا گھر امن میں رہے۔

ایضاً | جو کوئی اس حرز کو اپنے پاس رکھ کر لڑائی میں جائے سپر کی حاجت نہ ہو اور دشمنوں کے دل میں اس کی ہیبت ہو۔

ایضاً برائے کشادگی ذہن و حصول علم | جو شخص اس کو لکھ کر اور دھو کر اپنے بچے کو پلائے

ذہین ہو۔ اور حصول علم کے دروازے اس پر کشادہ ہو جائیں۔

**ایضاً برائے تولد فرزند صالح ہو** جو کوئی اس کو لکھ کر اپنے سرہانے رکھے اور اپنی بیوی سے ہمبستری ہو حق تعالیٰ اس کو فرزند صالح عطا فرمائے۔

**ایضاً برائے گریختہ** اگر کوئی شخص بھاگا ہوا ہو تو اس کے لیے یہ حرز لکھ کر ایک ڈبیہ میں رکھ کر دفن کرے اور منہ اس کا موم سے بند کر دے اور کسی پاک جگہ میں پتھر کے نیچے دبا دے خدا چاہے بھاگا ہوا آ جائے۔

**ایضاً برائے ہر جنادہ** ہر قسم کے ہر جنادہ والے کو چالیس روز تک کسی کھانے کی شئے پر دم کر کے کھلائے خدا چاہے تندرست ہو جائے۔

**ایضاً برائے حصول مراد** اگر کسی کی کو مہم قوی پیش آئے تو اس کو چاہیئے کہ غسل پاک کرے اور کپڑے بدلے اور خلوۃ میں عود وغیرہ کا بخور کرے اور ہاتھ اپنا اس کے زیر پر رکھے اور شفیع لائے یعنی زبان اور دل سے کہے کہ بار خدایا اس کے طفیل اور برکت سے میری حاجت برلا۔ حق تعالیٰ اس کی مراد پوری کرے۔

**ایضاً برائے مغلوبی اعداء** اگر کسی کا کوئی دشمن قوی او راس کے سبب سے خوفناک ہو تو اس کو چاہیئے کہ اس اسم کو اکتالیس بار پڑھے اگر فرصت نہ ہو تو سات بار پڑھے کیسا ہی قوی دشمن ہو زیر ہو جائے گا۔

**ایضاً برائے ادائے قرض** اگر کوئی شخص قرضدار ہو گا اور اس کو پڑھے گا قرض سے سبکدوش ہو گا۔

**ایضاً برائے فراغ معاش** اگر کوئی شخص صاحب اولاد ہے اور اسباب معیشت سے تنگ ہے تو چاہیئے کہ اس کو پانی پر دم کر کے پلائے خدا چاہے فراغت حاصل ہو گی۔

**ایضاً برائے فتحیابی** اگر کوئی شخص مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور بادشاہ کے روبرو جائے نہایت اعزاز پائے۔ اور اگر کسی سے بحث کسی نے دعوے کیا ہو تو اس کے بائیں ہاتھ کی جانب کھڑا ہو خدا چاہے فتح پائے۔

ایضا برائے دفع نامردی | اگر عنین یعنی نامرد یہ حرز ہر روز تین بار پڑھے اور لکھ
کر اپنے پاس بھی رکھے خدا چاہے مرد ہو جائے۔
ایضا برائے فتح و ظفر | اگر اس حرز کو سورہ فتح کے ساتھ لکھ کر نیزہ پہ باندھے اور دشمن
کے مقابلہ میں جائے دشمن کو ہزیمت ہو اور اس کو فتح و ظفر ہو۔
ایضا برائے | جس بیمار کو طبیبوں نے جواب دے دیا ہو اور ان کے علاج سے اچھا نہ
حصول شفا | ہوتا ہو تو اس کو یہ حرز مشک و زعفران اور گلاب سے چینی کے برتن
میں لکھ کر پلائے خدا چاہے شفا ہو۔
ایضا برائے دفع صرع | جو کوئی اس حرز کو مشک و زعفران سے با طہارت لکھے اور
مصروع کی گردن میں ڈالے خدا چاہے شفا ہو۔
ایضا برائے حفظ مرکب | اگر اس حرز کو لکھ کر گھوڑے کی گردن میں باندھے۔ وہ گھوڑا
کے طویلہ میں چھوڑ دے یعنی ان میں سے نہ جائے گا اور نہ غائب ہوگا۔
ایضا برائے دفع عقیم | اگر بانجھ عورت تین حیض تک اس کو لکھ کر اپنے سرہانے
رکھے اور با طہارت اپنے خاوند کے پاس جائے صاحب حمل ہو اور نیک بچہ جنے
ایضا | جو کوئی اس حرز کو اپنے پاس رکھے دشمن اس کا مغلوب ہو۔
ایضا برائے | جو کوئی توسیع رزق کے لئے اس حرز کی ملازمت کرے خدا چاہے
وسعت رزق | صاحب فراغت ہو۔
ایضا | جو کوئی اس حرز کو با اعتقاد درست پڑھے مرگ مفاجات سے نجات پائے
اور دنیا سے بامراد جائے۔
ایضا برائے اجتماع | جو کوئی اس حرز کو جنگل میں جا کر تین بار پڑھے اور چہار
حشرات الارض | پر دم کرکے ایک دائرہ اپنے گرد کھینچ لے اور اس میں بیٹھ جائے اور
اور پھر بے انتہا اس حرز کو پڑھتا رہے اور کہتا جائے کہ بحق این حرز ہمہ ماران
حاضر آیند۔ خدا کی قدرت سے بہت سے سانپ اس جگہ جمع ہو جائیں گے۔
ایضا برائے اجتماع طیور | اگر کوئی چاہے کہ پرندوں کو جمع کرے تو اس حرز کو

پوست گرگ پر لکھ کر بام خانہ پر ایک ڈورے میں باندھ دے اور کہے رکہ بحق حرزہ یمانی ہمہ طیور جمع شوند، خدا تعالیٰ کے حکم سے تمام پرند اس جگہ جمع ہوں گے۔

ایضاً برائے زبان بندی | برائے عقد اللسان موم کی ایک ایسی صورت بنائے کہ منہ اس کا کھلا ہوا ہو۔ اور زبان درست ہو کسی خالی جگہ میں بیٹھ کر اس حرزہ کو پڑھنا شروع کرے۔ جب مقام اشارت پر پہنچے تو ایک بال اس کے منہ کو دبا کر گرہ دے اور اس میں پھونک دے خدا چاہے زبان بستہ ہو۔

ایضاً برائے ملاقات خضرؑ | جو کوئی اس حرز کو اکتالیس بار پڑھے مہتر خضر علیہ السلام اس کے پاس آئیں۔

ایضاً برائے صلح دشمن | اگر کوئی چاہے کہ دشمن دوست ہو۔ چاہیئے کہ اس حرز کو تین بار پڑھے اور جب اشارت کی جگہ پر پہنچے اسماء اشارات کو اپنی ہتھیلی پر لکھے اور دشمن کو دکھلائے فوراً صلح کرے اور دوست ہو جائے۔

ایضاً قصہ مقہوری اعداء | روایت ہے کہ ایک بادشاہ حضرت امیرالمومنین علی کرم اللہ وجہہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ مہتر زادہ یعنی سردار کا بیٹا ہوں اور صاحب مال و منال ہوں اور ملک بہت رکھتا ہوں اور دشمن بہت ہیں کہ میری ہلاکت کا قصد رکھتے ہیں اور میں ان کے دفع کرنے سے سخت عاجز ہو رہا ہوں۔ ایک دن میں اس تشویش میں سو گیا تو کوئی شخص مجھ سے کہتا ہے کہ امیرالمومنینؓ کے پاس جا اور اس حرز کو جو پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے تلایا ہے سیکھ۔ اس واسطے خدمت عالی میں حاضر ہوا ہوں کہ آپ مجھ کو وہ حرز سکھلا دیجئے۔ تاکہ میں اس غم سے نجات پاؤں مجھ کو محروم نہ پھیریئے۔ حضرت امیرالمومنینؓ نے اس کو سکھلا دیا۔ جب وہ اپنے گھر آیا تھوڑی دیر نہ گزری تھی کہ اس کو خبر پہنچی کہ تیرا دشمن ہلاک ہو گیا۔ اس کو اس دعا کی برکت سے نجات ملی۔ اس حرز کے پڑھنے والے کو لازم ہے کہ حضوری دل سے پڑھے تاکہ جلد کار برآری ہو۔

ایضاً حصول مرتبہ ولایت | جو کوئی اکتالیس روز تک ہر صبح کو بیاسے اس حرز کو

پڑھے ولایت کے مرتبہ کو پہنچے۔

ایضاً برائے رام کردن ملارام | اگر کوئی مرد کسی عورت پر عاشق ہو تین روزے رکھے اور افطار کے وقت مناس کے گھر کی طرف کرے۔ اور اس حرز کو پڑھے اور اس کے بعد اس دعا کو پڑھے اِقْلِبِیْ لِیْ قُلُوْبَهُمْ وَارْزُقْنِیْ مَا فِیْ قَلْبِیْ وَنَجِّنِیْ مِنْ هٰذَا الْغَمِّ بِحَقِّ یَا اَدْهَمُ اَلْرَاجِبُنْ خدا چاہے وہ عورت اس کی طرف رجوع کرے۔

ایضاً برائے سلامتی سفر | سفر سے سلامت آنے کے لیے جاتے وقت اس حرز کو پڑھے۔

ایضاً | برائے ہلاکی اعداء سات جمعہ کی راتوں سات سات بار پڑھے۔

ایضاً برائے امن از فرزندان | تسخیر خلائق کے لئے تین روزے رکھے اور ہر صبح کو یہ حرز پڑھے اور ہاتھ منہ پر پھیرے۔

ایضاً | چوروں سے بچنے کے لئے یہ حرز پڑھے اور اپنی انگلی پر دم کر کے چاروں طرف پھیرا دے۔

ایضاً برائے زہر خوردہ | زہر خوردہ کے لئے مشک و زعفران سے یہ حرز لکھے اور دھو کر پلائے خدا چاہے شفا پائے۔

ایضاً | جس کے اولاد نہ ہوتی ہو اور مرد عقیم ہو تو اس حرز کو مشک و زعفران سے لکھ کر پلائے اور وہ دو رکعت نماز پڑھ کر باوضو اپنی بی بی سے صحبت کرے خدا چاہے فرزند سعادت مند پیدا ہو۔

ایضاً | جو کوئی اس حرز کو پڑھ کر اپنے منہ پر ہاتھ پھیرے گا ہمیشہ باآبرو رہے گا۔

ایضاً | اگر کوئی شخص کسی معرکہ میں جائے دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص تین بار پڑھے اس کے بعد ایک دفعہ اس حرز کو پڑھے اور اپنے سیدھے ہاتھ پر دم کرے پھر دوسری دفعہ پڑھے تو بائیں ہاتھ پر دم کرے پھر تیسری دفعہ پڑھے اور اپنے منہ اور سینے پر پڑھ کر دم کرے۔ اور ہاتھ پھیرے اور میدان جنگ میں جائے خدا چاہے کوئی زخم اس پر نہ آئے اور دشمن کے دل میں اس کی

طرف سے ہیبت ہو۔ اور مظفر و منصور اپنے گھر واپس آئے۔

ایضاً اگر کوئی ایسے ویرانہ اور خرابہ میں جا پھنسا ہو کہ وہاں دانہ پانی کچھ نہ ہو تو اس کو چاہیئے کہ تیمم کر کے دو رکعت نماز ادا کرے۔ ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد اخلاص سات سات بار پڑھے اس کے بعد اس حرز کو پڑھے اللہ تعالیٰ خزانہ غیب سے آب و طعام پہنچائے گا۔

ایضاً اگر کوئی فقر و فاقہ میں مبتلا ہو تو وہ اکتالیس روز تک صبح سے پہلے اٹھے اور غسل کرے اور دو رکعت نماز ادا کرے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار اخلاص تین بار سلام کے بعد درود شریف اور ایکبار یہ حرز پڑھے اور ناغہ نہ کرے۔ اگر ناغہ ہو جائے تو پھر سرے سے شروع کرے۔

ایضاً دیو پری کی تسخیر کے لئے سورج ڈوبتے وقت شہر کے باہر جائے اور غسل کرے اور کپڑے پاک پہنے اور عطر خوب لگائے اور آیۃ الکرسی اور چار قل پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے پھر دو رکعت پڑھے اور فاتحہ کے بعد جو سورہ یا آیات قرآن شریف سے یاد ہوں پڑھے اور سلام کے بعد قل اوحی تا آخر باواز بلند پڑھے اور کسی چیز سے نہ ڈرے اور ورد میں مشغول رہے۔ اوّل ایسا کرے کہ اپنے گردا گرد فولادی چھری سے ایک خط کھینچے اور آیۃ الکرسی پڑھے اور اندر بیٹھ کر پڑھنا شروع کرے جو صورت ہولناک دکھلائی دے اس سے ہرگز نہ ڈرے اور نہ ان کی کسی بات کا جواب دے جب ان کا بادشاہ آئے اپنا مقصد بیان کرے اور اس سے عہد لے۔

ایضاً جس کسی کا کاروبار بند ہو گیا ہو اس کو چاہیئے کہ عشا کے بعد سات بار یا تین بار اس حرز کو آسمان کے نیچے بیٹھ کر پڑھے پہلے دو رکعت پڑھے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد اذا جاء ستر بار پڑھے بعد سلام کھڑا ہو اور ذکر لا ید بیان یعنی سبحان اللہ والحمد للہ الخ اور وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ یا غیاثی عند کل کربۃ الخ ملا کر

سات بار پڑھے اور بیٹھ جائے اور سر ننگا کرکے اس حرز کو با ملاحظہ تدب پڑھنا شروع کرے مستجاب ہو چالیس شب متواتر اسیطرح پڑھے اگر خدا نخواستہ اس مدت میں فتح نہ ہو تو تین چلے پورے کرے خداتعالیٰ کی ذات پاک سے امید ہے کہ جلد قبول ہو۔ اور جلد کھل جائے (یہ اسناد تھیں جو بیان کی گئیں)۔ دوسرا طریق یہ ہے کہ اول نیت موافق شرع شریف کرے۔ اور اس نیت میں برائی کا شائبہ بھی نہ ہو روزے کی نیت کرے اور تین روزے رکھے موافق مرادوں کے خیال کرے دعوت اختیار کرے۔ فجر سے پہلے غسل پاک کرے اور سنت ورد اور اوراد گانہ سنت ادائے فرض سکوت جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے بجالائے اس کے بعد۔ مناجات دعاؤں کے ساتھ پڑھے اور ایک بار نادعلی پڑھے اور اثنائے قراءۃ میں اپنی مراد کو اپنے دل میں رکھے اس کے بعد چار رکعت صلوٰۃ قضائے حاجت پڑھے۔ ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد انا انزلنا وپچیس بار پڑھے اور سلام کے بعد ننانوے بار یا غیاثی عند کل کربۃ ومجیبی عند کل دعوۃ ومعاذی عند کل شدۃ ؤ رجائی حین تنقطع حیلتی پڑھے اور سجدہ میں جائے اور تضرع وزاری حاجت طلب کرے اس کے بعد دعاء عماد اعتصام چار قل دعاء طاہر۔ دعاء کاشف امر اعتصام۔ وصل صغیر۔ شیخ شہاب الدین مقتول دعاء سیفی۔ حرز امیرین۔ دعائے اختتام ہر ایک سات سات بار پڑھے اور واسطے مفاتحت الواب چار بار اول پڑھ کر ہاتھ دراز کرے اور آنکھ بند کرکے بیچوں کی طرف توجہ کرے۔ آنکھ کھول کر ہاتھ سینہ پر لائے اور دم کرے اور تین بار اٹھتے وقت اس ترتیب سے پڑھے اور متصل اس کے اضمار روز مرہ پڑھے اور اشارات اصل اور اشارات حاجت عین قراۃ سیفی میں محل بمحل ذکر کئے جاویں گے ہر حاجت کے لئے دعاء سیفی ننانویں بار یا تین بار یا پانچ بار یا سات بار پڑھے گا اللہ کی عنایت سے حاجت روا ہو گی اس کے مطابق دیکھ کر عمل کرے اور تقدیم وتاخیر اور تجاوز وتفاوت ہرگز درمیان میں نہ لائے

**حسب تحریر ترتیب نگاہ رکھے۔ اور ترتیب ادعیہ یہ ہے دعاء عماد۔**
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سبحان القادر القاھر القوی الجبار الحی القیوم بلا معین اللھم انت قلت ادعونی استجب لکم وانک لا تخلف المیعاد۔

**دعائے اعتصام۔** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم عزمت علیکم یا اصحاب السعل والوسواس واعتصمت بک یا اللہ بحق الخضر والیاس وبحق کھیعص مھیعص کھکھیعص ججوخ سرخوخ مھیعو غ طھیعو غ بحق ابج زجر ھیمو غ طفعاح ازذا بجاس وبحق آدم ونوح واعتصمت بک من شر الجن والانس والاھرمن والشیاطین والجنود والاتباع ومن کل آفۃ وعاھۃ واعتصمت بک من کل بلاء وبحرمۃ دانیال وبحق ابج ابج وارش ارش برش برش وبحق اھیا اشراھیا اصباؤث وبحق عظمتک یا اللہ یا اللہ یا اللہ احفظنی من البلاء والآفۃ والعاھۃ وبحرمۃ[۲] ادریس وشیث ومحمد صلی اللہ علیہ وسلم توکلت علی الحی الذی لا بدایۃ لہ واعتصمت بک من شر الجن والانس بقراءۃ الحیفی واستجب دعائی یا غیاث المستغیثین اغثنی یا من لیس کمثلہ شیء وھو السمیع العلیم البصیر وحسبی اللہ ونعم الوکیل نعم المولیٰ ونعم النصیر وصلی اللہ علی سیدنا محمد وآلہ اجمعین **دعائے اعتصام یہاں تک ہے۔** اللھم انک قلت وقولک الحق ادعونی استجب لکم وانک لا تخلف المیعاد اللھم یا لطیف اغثنی وادرکنی بحق لطفک الخفی الخفی کفی علمک من المقال وکفی کرمک عن السؤال اللھم تفضل علی واحسن الیٰ ولا تکن علی اللھم فرج ھمی واکشف غمی ووسع رزقی برحمتک استغیث یا فارج الھم یا کاشف الغم اثبت دینی واھلک عدوی بغالب قدرتک یا اقدر القادرین وخلصنی برحمتک یا ارحم الراحمین سبحان اللہ القادر القاھر القوی الجبار بلا معین برحمتک استغیث اللھم بحق سر ھذہ الاسرار وبحق لطفک الخفی وبحق الاسم الاعظم ان تقضی حاجتی وتوصلنی الیٰ مرادی وتنتقم منی شر جمیع خلقک یا ارحم الراحمین۔ **اس کے بعد چہار قل و دعائے طاہر۔** اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطٰن الرجیم اللھم طھر قلبی من الشک والشرک والریاء وزین لسانی بالذکر والحمد والثناء **اس کے بعد** اللھم صل علیٰ

---

[۲] موسیٰ وعیسیٰ وبحرمۃ داؤد وزکریا وبحرمۃ اسمٰعیل وبحرمۃ

مُحَمَّدٍ مَا اخْتَلَفَ الْمَلَوَانِ وَتَعَاقَبَ الْعَصْرَانِ وَكَرَّرَ الْجَدِيْدَانِ وَاسْتَقْبَلَ الْفَرْقَدَانِ
بَلِّغْ رُوْحَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ مِنَّا التَّحِيَّةَ وَالتَّسْلِيْمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ
بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتِكَ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ
اس کے بعد **دعائے کاشف** بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ فَرِّجْ هَمِّيْ وَاكْشِفْ
غَمِّيْ وَوَسِّعْ رِزْقِيْ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَا كَاشِفَ الْغَمِّ اِقْضِ دَيْنِيْ وَ
اَهْلِكْ عَدُوِّيْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اس کے بعد **اعتصام** حَصَّنْتُ
نَفْسِيْ بِالْحَيِّ الْقَيُّوْمِ وَدَفَعْتُ عَنِّي السُّوْءَ بِلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اس کے
بعد **وصل صغیر** بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا اِلٰهِيْ وَاِلٰهَ جَمِيْعِ الْمَوْجُوْدَاتِ مِنَ الْمَعْقُوْلَاتِ
وَالْمَحْسُوْسَاتِ يَا وَاهِبَ النُّفُوْسِ وَالْعُقُوْلِ وَمُخْتَرِعَ مَاهِيَّاتِ الْاَرْكَانِ وَالْاُصُوْلِ
يَا وَاجِبَ الْوُجُوْدِ يَا فَائِضَ الْجُوْدِ وَيَا فَاعِلَ الْقُلُوْبِ وَالْاَرْوَاحِ وَيَا جَاعِلَ الْقُوٰى وَالْاَشْبَاحِ
يَا نُوْرَ الْاَنْوَارِ وَمُدَبِّرَ كُلِّ دَوَّارٍ اَنْتَ الْاَوَّلُ الَّذِيْ لَا اَوَّلَ قَبْلَكَ وَاَنْتَ الْاٰخِرُ الَّذِيْ
بَعْدَكَ الْمَلٰئِكَةُ عَاجِزُوْنَ عَنْ اِدْرَاكِ جَلَالِكَ وَالْاِنْسَانُ الْكَامِلُوْنَ قَاصِرُوْنَ عَنْ
مَعْرِفَةِ كَمَالِ ذَاتِكَ اَللّٰهُمَّ خَلِّصْنَا عَنِ الْعَلَائِقِ الدَّنِيَّةِ الْجِسْمَانِيَّةِ وَنَجِّنَا عَنِ الْعَوَائِقِ
## خاتم جواہر خمسہ یہ ہے

۲۰۱ ۵۷ ۱۴ ۴۵۲ ۲۱ ۱۸ ۱۲۳ ۸۳ ۱۱ ۱

۳۰۱ ۱۱ ۷ ۹ ۳۵ ۳۷ ۵۱ ۳۱ ۱۱ ۵۴ ۱۳ ۱۱ ۵

۳۱ ۲۵ ۳۵ ۴۸ ۱۱۶ ۱۶ ۷۷ ۶ ۱۱ ۱۳ ۲۰۵ ۱ ے ۱۱

۱۱۶ ۱۱۳ رم ۲۱ ۸ ۱۲ رعدہ ۵۳ ۵۱ ۱۲ ۲۶ ۴

۸۱ ۱۹ ۱۴ ۱۳ر ۱۱ ۸ ۱۱۱ ۴

۱۱ ۲ ۱۱ ۶ ۱۲ " ۴ ۱۱ ۲ر ۳ر ماہ ۱۱۲ ۱۴ ۴

۱۲۱ ۱۱ ۱۲۱ ۲ ۴ ۱۱ ۴ ۱

اور سیر رجال الغیب کہ ہر تاریخ کونسی طرف ہوتے ہیں اس دائرہ سے معلوم کرو۔

## دائرہ رجال الغیب یہ ہے

بحمد اللہ تمام ہوا مضمون دعائے سیفی کا۔ اب اصل کتاب کی طرف رجوع کی جاتی ہے۔ اور ترجمہ لکھا جاتا ہے۔

## طریق دعوت عزرائیلی بجہت قتل اعداء

اگر کوئی دشمنوں کا قتل کرنا چاہے تو اس کو چاہیئے کہ پہلے شرائط دوگانہ سالک کہ مقدمہ میں مذکور ہے بجالائے اس کے بعد بہ نیت نصاب چار سو چالیس بار اور بہ نیت زکوٰۃ سات سو بار اور بہ نیت عشر تین سو پچاس بار اور بہ نیت قفل چالیس بار پڑھے اس دعوت میں دور مدور۔ بذل۔ ختم کی حاجت نہیں ہے شرائط کے تمام ہونے کے بعد جس روز دعوت شروع کرے۔ اوّل دوگانہ بہ نیت قتل اعداء ادا کرے پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد

الم ترکیف تین بار اور دوسری میں بعد فاتحہ تبت یدا تین بار پڑھی سلام کے بعد سجدے میں جائے اور سو بار یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ پڑھے اس کے بعد بہ نیت دعوت آخر ماہ ساعت اوّل روز شنبہ یا سہ شنبہ میں کہ تعلق زحل اور مریخ سے ہے شروع کرے ایک ہفتہ یا دو ہفتہ یا تین ہفتہ یا ایک چلہ تک ہر روز اکتالیس بار پڑھے خدا تعالیٰ کے حکم سے اعدائے ظاہری و باطنی مقتول ہوں اور دفع علاء کے لئے بھی اسی ترتیب کو نگاہ رکھے۔ دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا عِزْرَائِیْلُ عَلَیْهِ السَّلَامُ صَاحِبُ النَّارِ وَالْمَوْتِ وَالْقَهْرِ بِاَقْلَمَا مِیْمَ وَیَاسِرَائِیْلُ بِحَقِّ اَهُمْطَمْغَشْ وَبِحَقِّ اَهْمَطْمَغَطْ اِقْبِضْ رُوْحَ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ فَلَا یَبْقٰی فِی الْمَوْتِ وَالرُّوْحِ اِلَّا وَنَارُ الْقَهْرِ اَحْمَدْتُ ظُهُوْرَهٗ یَا شَدِیْدَ الْقُوٰی یَا شَدِیْدَ الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ یَا قَاهِرُ یَا قَهَّارُ اَسْئَلُكَ بِمَا اَوْدَعْتَهٗ عِزْرَائِیْلَ مِنْ قُوَّةِ اَسْمَائِكَ الْقَاهِرَةِ الْقَاهِرِیَّةِ فَانْفَعَلَتْ لَهُ النُّفُوْسُ بِالْقَهْرِ اَلْبَسَنِیْ ذٰلِكَ السِّرَّ فِیْ هٰذِهِ السَّاعَةِ حَتّٰی اَلِیْنَ بِهٖ کُلَّ صَعْبٍ وَاُذَلِّلَ بِهٖ کُلَّ مَنِیْعٍ یَا ذَا الْقُوَّةِ الْمَتِیْنِ وَکَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَا اَخَذَ الْقُرٰی وَهِیَ ظَالِمَةٌ اِنَّ اَخْذَهٗ اَلِیْمٌ فَلَمَّا جَاءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِیَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَیْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّیْلٍ مَّنْضُوْدٍ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ وَمَا هِیَ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ بِبَعِیْدٍ رَبِّ اَسْئَلُكَ مَدَدًا مِّنْ عِنَایَتِكَ رُوْحَانِیًّا تُقَوِّیْ بِهِ الْقُوَی الْکُلِّیَّةَ وَالْجُزْئِیَّةَ حَتّٰی اَقْهَرَ مُعَادِیْ اِشَارَةَ عَقْلِیْ وَنَفْسِیْ کُلَّ نَفْسٍ مَنْفُوْسَةٍ قَاهِرَةً فَتَنْقَبِضُ دَقَائِقُهٗ اِنْقِبَاضًا فَلَا یَبْقٰی فَثَمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ اَللّٰهُ اَکْبَرُ یَا سَیْفَ اللّٰهِ تَلَتُّهٗ بِسَیْفِ اللّٰهِ ط۔

## طریق دعوت دعائے کبیر

جاننا چاہیئے کہ یہ مہتر آدم علیہ السلام پر منزل ہے اور صحف آدم علیہ السلام ہندی زبان میں تھے ان میں یہ دعا تھی توریت اور صحف ابراہیمؑ سے بھی منقول ہے اور روایت ہے کہ اکثر انبیاء اور اولیائے کرام اسی دعا کو پڑھا کرتے تھے اور قوم مہتر عیسےٰ علیہ السلام اب تک اس دعا کے عامل ہیں اور حضرت،

غوث الصمدانی سید محی الدین عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس دعا کی
اسناد بہت کچھ فرمائی ہیں اور بعضے مشائخ نے کہا ہے کہ اس اسناد کے ساتھ
مقید نہ کرنا چاہیئے۔ بلکہ جس نیت سے پڑھے گا دعا اس کی مستجاب ہوگی۔ اس
دعوت میں الفاظ گوناگون ملو ہیں۔ کیونکہ حضرت آدم صفی اللہ نے ہر زبان میں کلام
کیا ہے اور حق تعالیٰ کریم نے ان کو سب اسمائے الٰہی اور اسمائے کونی سے آگاہ
کیا ہے جس کی یہ آیت شاہد ہے وعلم آدم الاسمآء کلھا جو کچھ مشائخ سلف سے
منقول تھا بیان کیا گیا اب سند شرائط معلوم کرنی چاہیئے کہ دعا کے تمام الفاظ
جمع کرے اور بعد ہر لفظ دس دس بار یہ دعا پڑھے تمام شرائط ادا ہو جائیں گی۔
دعوت کا طریق یہ ہے کہ بہ نیت برآمدن حاجات عروج ماہ روز پنجشنبہ وقت
طلوع آفتاب دعوت شروع کرے اور مقصد پورے ہونے تک اکتالیس بار روزانہ
پڑھے۔ اور اگر قہر کی نیت سے پڑھے تو ساعت اول روز شنبہ یا سہ شنبہ آخر ماہ سے
شروع کرے اللہ کی عنایت سے مستجاب ہو دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِيْمِ يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ
يَا مَالِكَ يَوْمِ الدِّيْنِ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا اَللّٰهُ يَا رَبُّ اَدَامُ هَوَامُ
رهین تسرین برین ابی بیرم هشنا اقام انموهجی انبه ملکیثه الملکیه ادایه ابهابه۔
دادثیا اشمنکا فجرومنکا وشبیکی داری اودیا اهوکلدما ملوکا اسمیں کتابة دهابة
هیه درنکه سلکاکه ویلکاکه داجل مرا باخرایا همتانا یا شایا وشکی یا دریوا یا دری
داناهبا۔ منیایا بکنا بلکنا شمعینه کمرهمه هجیمه مته وته کته شنیده عنینه ملطه
دهلهیا یا مطایا وادی یهودی کیدی کیبی کیبی نشکیا به بمطایا یا سرتکا شمین مدوی
متامنامفادیوه اجنیثه شنکه خیلث خیلث جراجرا الکبیر بریا یا مرایا که
اباشمکنی نجرباشمهیا دارشیا شوبیه جبیاومنا حزنکا عزنکا کمنکا مهنابه دیو!
دبیاشنکاسرینا عمنکا رکھنکا فشیخه وماطی کانی جنی جنی صروثا ثیوتا نوثا
مقثاسرا ساصیریاهینه شادی منادی فردیا شایه هایه دیوا سرایا طفیکرا

حوااکفیتنا قمطوشا۔

## طریق دعوت دعائے سیفی

جاننا چاہیئے کہ یہ دعا حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی ہے جس طور سے کہ انجیل میں مسطور ہے اور جس سند سے کہ مشائخ کرام سے اس فقیر کو پہنچی ہے اس طرح اس کتاب میں مندرج ہے۔ سند مشائخ یہ ہے کہ اس دعاء میں بارہ جگہ اللھم ہیں ہر اللھم کے ابتدا پر بارہ مرتبہ اور آخر میں سات مرتبہ با موکل پڑھے تاکہ جلد اجابت ہو اور شرائط سالک اور سند دوگانہ سابق میں بیان ہو چکی ہے اس کے بموجب عمل کرے شرائط دعوۃ چونکہ بنا اس دعا کی بارہ اللھم پر ہے اس لئے بہ نیت نصاب بارہ ہزار بار اور اس کا نصف بہ نیت زکوٰۃ اور اس کا نصف بہ نیت عشر۔ بہ نیت قفل ہر اللھم پہ سوسو بار دور مدور برابر نصاب بذل سات ہزار۔ ختم بارہ ہزار اس کی یہ دعوۃ شروع کرے ترقی کے لئے عروج ماہ روز پنجشنبہ وقت طلوع آفتاب قہر کیلئے نزول ماہ روز شنبہ یا سہ شنبہ ایک ہزار دوسو بار روزمرہ تین چلہ تک متواتر پڑھے جبوقت حاجت برآئے دعوت ترک کرے اثنائے دعوۃ میں ہر اللھم پر اپنی حاجت طلب کرے اور حق سبحانہ وتعالیٰ سے عرض کرے کہ اے بار خدا اپنی کمال عظمت وکمال کبریائی کے طفیل سے میری دعاء قبول کر دا ضح ہو کہ حضرت سید محی الدین عبدالقادر، جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اور اکثر مشائخ کرام اسی کے عامل تھے۔ دوسرا طریق انجیل میں ایسا لکھا ہوا ہے کہ دعائے سیفی بارہ اسم پر مرتب ہے اور ہر ایک اسم ایک برج سے تعلق رکھتا ہے نقشہ سے معلوم کرو۔

(نقشہ اگلے صفحہ پر ہے۔)

| شمار | اسم | نام برج | نام موکل | |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | یا بشمخ | حمل | ھیطائیل | |
| ۲ | یا ذانو | ثور | طورائیل | |
| ۳ | یاخیشو | جوزا | شمیائیل | |
| ۴ | یادھیثا | سرطان | عثیائیل | عبقائیل |
| ۵ | یاذختیشو | اسد | میناٸیل | |
| ۶ | یارخموث | سنبلہ | قمرائیل | |
| ۷ | یااھیااشراھیا | میزان | منجبائیل | |
| ۸ | یانور | عقرب | اسمائیل | |
| ۹ | یا اشبع | قوس | جبیوئیل | |
| ۱۰ | یاملیوثا | جدی | دردائیل | |
| ۱۱ | یاادُمُوْمِنْ | دلو | میکائیل | |
| ۱۲ | یاشمخ | حوت | اسرافیل | |

جو کوئی دعائے بشمخ کی دعوت دینی چاہے اس کو چاہیئے کہ اوّل شرائط اس سند پر ادا کرے کہ پہلے دیکھے کہ آفتاب کس برج میں ہے اور کونسا اسم اس برج کے متعلق ہے جس برج میں آفتاب ہو اسی برج کے اسم سے اس کی قراۃ شروع کرے مثلاً جبوقت کہ آفتاب برج حمل میں ہو اسم بشمخ کو بتمام اسم و بانضمام موکلات بارہزار بار بہ نیت حق اور سات ہزار بار بہ نیت حضرت عیسٰی علیہ السلام اور پانچ ہزار بار بہ نیت مریم علیہا السلام تین سو ساٹھ بار بجملہ اہل دعوت پڑھ کر ثواب پہنچائے۔ طریق یہ ہے اَجِبْ یَا ھَیْطَائِیْلُ بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاَسْمَاءِ اَللّٰھُمَّ یَا بَشْمَخْ بَشْمَخْ ذَالِہٖ ھَامُوْ شَیْطِیْثُوْنَ اَسْئَلُکَ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ باقی اسماء کو اسی طرح پر قیاس کرے۔ جب دوازدہ اسم کو بہ سند مسطور پڑھ چکے شرائط تمام ہوئیں اور عامل متصرف دعا کا ہوا جب کسی حاجت کے لیئے پڑھے تو اوّل

دیکھے کہ وہ حاجت کون سے برج سے متعلق ہے جو اسم اس برج سے متعلق ہو اس کو اس برج میں پڑھے اور اس اسم کو اور اسماء پر مقدم کرے اور بارہ روز تک تین سو ساٹھ بار پڑھے تا دعا مستجاب ہو دعائے مکرم و معظم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَللّٰھُمَّ یَا بَشْنَمْ بَشْنَمْ ذَالَا ھَامُوشَیْطِیْثُوْنَ ۔

(ترجمہ) الٰہی تو بڑا خداوند بزرگوار قدیم ہے۔

اَللّٰھُمَّ یَا ذَانُوْ مَلْخُوْثُوْ اَدْمُوْثُوْ ذَا ہَمُوْنَ

(ترجمہ) الٰہی تو اپنے بندوں اور آدمیوں کے بھید سے واقف ہے۔

اَللّٰھُمَّ یَا خَیْتَنُوْا مَیْمُوْنَ اَزْقَشْ ذَادْ عَلَیْئُوْنَ خَیْشُوْا

(ترجمہ) الٰہی تو برکت کر ان لوگوں کی برکت سے جن کو تو نے اپنے فضل و کرم سے بے حساب بہشت میں داخل فرمایا

اَللّٰھُمَّ یَا رَحِیْمِیْشَا رَھْلِیْلُوْنَ مُنْتَظِرُوْنَ وَھْلِیْلُوْنَ

(ترجمہ) الٰہی تو بہت رحم کرنے والا ہے ہم پر گرامی کرم کر اور غالب رکھ ہر کام پر۔

اَللّٰھُمَّ یَا خَیْشُوْا اَخْلَاقُوْنَ

(ترجمہ) الٰہی تو تمام خلائق کو رزق پہنچاتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ یَا دَخْمُوْثُ اَزْخَمْ اَزْخِیْمُوْنَ

(ترجمہ) الٰہی تو رحمت کر ہم پر اور اپنی رحمت نازل کر ہم پر اپنی رضا کے بموجب

اَللّٰھُمَّ یَا ھَیَا اَشْرَاھِیَا اَذْذَنِیْ اَمْبَادْمُوْثُ اَمْبَاذُوْنَ

ترجمہ) الٰہی تو زندہ ہے قبل ہر چیز کے اور ہمیشہ قائم رہنے والا ہے بعد ہر چیز کے اور دور رکھ ہم کو بلاؤں اور آفتوں سے اور دور رکھ ہم سے آفات اور بلا کو۔

اَللّٰھُمَّ یَا نُوْرُ اَرْغِیْشْ اَرْغِیْ تَشْلِیْثُوْنَ

(ترجمہ) الٰہی تو خلائق کے کاموں کا روشن کرنے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ یَا اَثْبَزْ اَشْمَاءَ اَشْمَاذُوْنَ

(ترجمہ) الٰہی تو نیکوکار ہے اور میں گنہگار و بدکردار

اَللّٰھُمَّ یَا مُلَیْغُوْ تَا مُلَیْغَا مَلْخُوْنَ

ترجمہ: الٰہی تو بادشاہ ہے۔ اور میں تیرے در کا فقیر

اَللّٰھُمَّ یَا اَلدَّائِمُ ارحمہ اَرْعِنِی بِذنوبن یاالدائم

ترجمہ: الٰہی تو بڑا حلیم ہے۔ اور عاجزوں اور بیکسوں کا فریاد رس۔

اَللّٰھُمَّ یَا مُغِیثُ مُسْتَغِیْثًا شَدُ مُون

ترجمہ: الٰہی تو حق ہے اپنے ڈھونڈھنے والے کو محروم نہ رکھو۔

بین الکاف والنون انما امرہ اذا اراد شیئا ان یقول لہٗ کن فیکون فسبحان الذی بیدہٖ ملکوت کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْہِ تُرجعون **دعائے اختتام** اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَااللّٰہُ اَنْ تَحْفَظَنِیْ مِنْ کُلِّ بَلَاءٍ وَّ اٰفَۃٍ وَعَاھَۃٍ وَّکُلِّ عِلَّۃٍ وَمِنْ کُلِّ فِتْنَۃٍ وَمِنْ کُلِّ شِدَّۃٍ وَبَلِیَّۃٍ وَزَلْزَلَۃٍ وَّمِنْ شَرِّ کُلِّ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ وَمِنْ شَرِّ السُّلْطَانِ الْجَابِرِ وَمِنْ شَرِّ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ اِلٰھِیْ بِحَقِّ ھٰذِہِ الدُّعَاءِ وَبِحَقِّ ھٰذِہِ الْاَسْمَاءِ وَبِحَقِّ ھُوَ یَا مَنْ ھُوَ ھُوَ یَا مَنْ ھُوَ ھُوَ یَا مَنْ ھُوَ ھُوَ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَحْفَظْنِیْ مِنْ جَمِیْعِ الْبَلَاءِ وَالْاٰفَاتِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ النَّبِیِّیْنَ وَاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

# طریق دعوت دعائے قرشیہ

واضح ہو کہ یہ دعا بھی حضرت عیسٰی علیہ السلام پر نازل ہوئی ہے اس دعا کی اسنادیں بے انتہا ہیں عمل سے خود روشن ہو جائیں گی سند **شرائط دعوت** یہ ہے کہ تمام دعا کے ارقام جمع کرے۔ اور اٹھ پر طرح دے جو کچھ باقی رہے ہر عدد پہ ہزار بار بہ نیت نصاب اور اسکو چار پر طرح دے جو کچھ باقی رہے ہر عدد پہ ہزار بہ نیت زکوٰۃ پھر اس کو نو پر طرح دے جو کچھ باقی رہے ہر عدد پہ ہزار بہ نیت عشر پھر اس ارقام کو پانسو پر طرح دے جو کچھ باقی رہے ہر عدد پہ ہزار بہ نیت قفل پھر اس ارقام کو سات پر طرح دے۔ جو کچھ باقی رہے ہر عدد پہ ہزار بہ نیت بذل اور اس ارقام کو دو پر طرح دے۔ جو کچھ باقی رہے ہر عدد پہ ہزار بہ نیت ختم پر جب جملہ شرائط مرتب ہوں اسکے بعد اس طریق سے دعوت دے کہ جملہ ارقام دعا

کا ایک نقش مربع پر کرے۔ اور ذو کوری سکوریوں پر اس کو لکھاں میں سے ایک کو ایک کوزہ پُر آب میں ڈالکر محفوظ جگہ میں رکھے اور حجرہ میں جس جگہ دفن کی ہے وہاں مصلیٰ بچھا کر بہ نیت دعوت مقدار معین کر کے پڑھنا شروع کرے یہاں تک کہ ارقام دعا پوری ہو جائے اثنائے دعوت میں اپنے مقصود کی نیت کر لے حق تعالیٰ اس کی دعا کو مستجاب کرے گا۔ دعائے معظم یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قَدُوشِیَّا قُرشِیَّا وَجلَّ وَمَلَّ دُلُونَا تَنُوْنَا شَھُونَا شَمُوشِیَّا شَمُوئِیَّا اُزرَطَا اُزرَطِیَّا عَنطَا عَنطِیَّا طُوطَا طُوطِیَّا طُوطَلطِیَّا طُوطَالطِیَّا اَھیَّا اَشوَاھیَّا قَدْھیَّا ھَلمُھیَّا ھَلاَ مُھیَّا ھَلمُوھیَّا ھَرجُو اَھرَائِیْلُ ھَوجَائِیْلُ سَھرَجَائِیْلُ نَھرَجَائِیْلُ مَھرَکَائِیْلُ نَھُوطَائِیْلُ اَھرَنَائِیْلُ اَھلاَئِیْلُ اَھیَائِیْلُ اَھوَائِیْلُ اَمیَائِیْلُ اَکُوئِیْلُ سَطوَائِیْلُ سَلوَائِیْلُ اَطوَائِیْلُ جَھیطَائِیْلُ خَمدَائِیْلُ نَعنَائِیْلُ اَنوَائِیْلُ رُوحَائِیْلُ اَطوَائِیْلُ اَعمَائِیْلُ جَھیطَائِیْلُ سَائِیْلُ سَجیَائِیْلُ مَیکَائِیْلُ نَدقَائِیْلُ سَفُوشَھَائِیْلُ اَشرُوقِیَا اَشرُوقُھَمَ اَسجیَائِیْلُ اَشجَائِیْلُ اَھوَائِیْلُ اَعدَائِیْلُ مَجیَائِیْلُ دَمعَائِیْلُ سَمعَدِیْلُ ھَرکُوتُ اَھیَائِیْلُ اَکوَائِیْلُ اَمعَائِیْلُ تُوشُوسَائِیْلُ زَدُخُوشَائِیْلُ سَخُوثَائِیْلُ زَدُقَائِیْلُ نَعُوذُاعَائِیْلُ تَدُقَائِیْلُ تَمقَائِیْلُ سَوکَتَائِیْلُ نُوثَائِیْلُ نُورَائِیْلُ سَغُوسَھَائِیْلُ سَغُوشُ دَھَائِیْلُ مَدکَائِیْلُ مَیکَائِیْلُ اَوْدَہٗ اَدَہٗ مَدَایَہٗ سَوتَائِیْلُ بَکیَائِیْلُ شَدقِیْلُ اَمشِیلُوْ ھَیدُدُ اَمدُقَائِیْلُ ھَیدُدَائِیْلُ مَن طُوطَائِیْلُ سَبطُوطَا مَبطُوطِیَہٗ مَحذُذُنَا یَدُمَا تَفُوتُمَا مَارَشتَی اَذدِیشَی اَذدَہٗ اَزدَہٗ دَدَایَہٗ طُوطَائِیْلُ سَوطَائِیْلُ مَرطَائِیْلُ اَکمَھَائِیْلُ مَوذُدُ دَرشِیْلُ

---

مت تَھُونِیَا تَنُوْنِیَا۔ مت تَنُوسَائِیْلُ۔ مت تَوسَائِیْلُ نُوسَائِیْلُ۔ مت اَمشِیلُو۔

لہ یہاں سے فرشتوں کے نام ہیں۔

شَمْهَائِیْلُ بَطْمَطَائِیْلُ جِبْرَئِیْلُ جَمْهَائِیْلُ دَمْدَائِیْلُ سَمْخِیْلُ شَمْخَائِیْلُ
شَطْرِیُّ مَعْطِرِیُّ بَمْمَائِیْلُ شَمْشَائِیْلُ زَمَائِیْلُ اَنْهَاهِیْ اَنْهَاهِیُّ
شَمْبِیْشَا مَیْشَاثِیْثُ بَکُوتِیْهُ اَکُوتِیْهُ شَمْهَطْرُخِیَا شَمْهَطْرِیَّا شَمْهَطْرِیَا نَنْ
هَاهِرِیُّ تُرْتِیْثُ دَتَشْبِیْتَا دَبِقِیْنَا

## عزائم کے جمع کرنیکی ترتیب اور اسکا طریق اور سند دعوۃ کا بیان

چاہیئے کہ حروف اسم مطلوب کے اٹھائیس بطون نکالے (جیسا کہ دعوت تحتی میں مسطور ہے) تمام ارقام حروف مستخرجہ کو ایک جگہ جمع کرے اور اس میں اکثر اسماء اور الفاظ کہ موافق اسم مطلوب ہوں اور بعضے مؤکل کہ عزیمتوں میں منقول ہیں وضع کرے اسم مطلوب خواہ جلالی ہو خواہ جمالی خواہ مشترک جو کام کہ دعوت اسماء عظام سے ایک اربعین میں برآئے دعوت عزائم میں اربعین نہ کرے گا کہ کام بن جائے۔

سند شرائط سالک اور دوگانہ کی مقدمہ میں مسطور ہے۔ سند شرائط اس دعوت کی معلوم کرنی چاہیئے وہ یہ ہے کہ بموجب ارقام تمام حروف مستخرجہ بہ نیت شرائط پڑھے تمامی شرائط مرتب ہوں اور طریق دعوت یہ ہے کہ تمام ارقام حروف مذکور ہر روز چالیس روز تک بہ نیت دعوت پڑھے اللہ تعالیٰ کی عنایت سے اس کا کام بہت جلد انصرام کو پہنچے اور اس درویش ہیچمیرز نے دو اسم جلالی یَا قَاهِرُ یَا مُذِلُّ سے بقاعدہ مذکور عزائم وضع کئے ہیں۔ جمع ارقام حروف بست وہشت بطون ۲۱۶۲۰ ہوتی ہے بطریق مذکور شرائط بجالائے اور دعوت دے اللہ کے حکم سے مقصود جلد حاصل ہو۔ **عزیمت اسم** یَا قَاهِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ یہ ہے یَا کَلْکَائِیْلُ یَا اَهْجَمَائِیْلُ یَا رُدْیَائِیْلُ یَا عَطْرَائِیْلُ بِحَقِّ شَاهِدٍ لَا هُوْتَ وَجَبَرُوْتَ وَمَلَکُوْتَ وَنَاسُوْتَ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ حَیٌّ اَبَدِیٌّ اَزَلِیٌّ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ وَبِعِزَّةِ اللّٰهِ الْقَوِیِّ الْمَتِیْنِ الْمُتَکَبِّرِ

الجبار و بحکمۃ الحلیم و المبید الواحد القہار و بعزۃ العزیز المجیب و المقیت الستار و
بقدرۃ القاہر القابض الممیت الضار اہلک و اقبض و اخضع بکل حاسد و ظالم
الجبار تبق عزۃ طہ و یسین و بحق لمن الملک الیوم للہ الواحد القہار ار جمیع ارقام
حروف یا مذل بحساب بست و ہشت بطن ۳۵۰ بقاعدہ مذکورہ شرائط بجالائے در
دعوت دے اللہ کے حکم سے جلد مقصد حاصل ہو عزیمت اسم یا مذل کل جبار
عنید بقہر عزیز سلطانیہ ہے یا جبرائیل یا میکائیل یا اسرافیل یا عزرائیل بحق
احدیۃ و واحدیۃ و سطوۃ و وحدۃ و مذل کل جبار و قاہر و ظالم و باللہ الغالب
القابض الخافض المنتقم الضار الممیت و بعزۃ جلالہ و جمالہ و علمہ و نورہ و وجودہ
و شہودہ یٰسٓ الٓمٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ نٓ والقلم وما یسطرون و اذا اراد شیئا ان یقول
لہ کن فیکون ط۔

## طریق دعوت اسماء الحسنٰے

اوّل اس طریق سے شرائط ادا کرے کہ ایک اسم اسماء الحسنٰے سے اسم ذات
کے ساتھ ملائے اور دونوں کے حروف شمار کرے بطریق مذحرفا قل الفا بہ نیت
نصاب و مائتہ بہ نیت زکوٰۃ و عشرات بہ نیت عشر بمقابلہ حرف اٹھائیس بہ نیت قفل
و بموجب ارقام حروف اصلی و وصلی اسم ذاتی و صفاتی بہ نیت دور مدور اور بعدد
اعراب و نقاط و اجزام و شد بہ نیت بذل و بعدہ حروف اصلی و وصلی اسم ذاتی و صفاتی
بہ نیت ختم اور بموجب ارقام اٹھائیس بطون حروف اسم ذاتی و صفاتی ہر روز سات
دن تک بہ نیت سریع الاجابت اور بعدد ارقام اصلی و وصلی حروف اوّل اسم مؤکل
سماعی بہ نیت حاجت پڑھے اور باقی ترتیب حروف اسم مذکور کو نگاہ رکھے اگر مطلب
میں تاخیر واقع ہو تو ہر حرف اسم کے اٹھائیس بطون نکال کر ان کے ارقام سے
موکل تعین کرے پھر وہ موکلان سماعی اور موکلان مستخرج کو اسم کے ساتھ ملا کر اٹھائیس
روز تک بموجب ارقام بست و ہشت بطون قراءۃ کرے مثلاً یا اللہ الملک بہ نیت
نصاب سات ہزار بہ نیت زکوٰۃ سات سو. بہ نیت عشر ستر بار. بہ نیت قفل

ایک سو چھیانوے بار بہ نیت دور مدور پانسو تیس بار بہ نیت بذل آٹھ بار بہ نیت ختم بیس بار بہ نیت سویع الاجابت پانچہزار چھ سو چھیانوے بار سات روز تک پڑھے اس کے بعد بہ نیت حاجت اس ترتیب سے پڑھے کہ اوّل روز یَا ذُو یَا بَیْلُ بَحِقِّ یَامَلِكُ نوے بار دوسرے روز یَا طَا طَائِیْلُ بَحِقِّ یَامَلِكُ اکہتر بار تیسرے روز یَاحُمُوْذَ ذَائِیْلُ بَحِقِّ یَامَلِكُ ایک سو ایکبار پڑھے اگر تاخیر دیکھے تو اس ترتیب سے یَادُفْیَا ئِیْلُ یَا طَا طَائِیْلُ یَاحَمُوذَ ائِیْلُ یَا کَنْطَائِیْلُ بَحِقِّ بَغْشَکَی ائِیْلُ یَامَلِكُ دو ہزار نواسی بار پڑھے باقی اسماء کو اسی پر قیاس کرے۔

## طریق دعوت اسمائے جبروتی

واضح ہو کہ اسمائے جبروتی پہلے لکھے جا چکے ہیں اب صرف ان کی دعوۃ اور قراۃ بیان شیخ علیہ الرحمۃ لکھتے ہیں وہ اس طور پر ہے کہ پہلے شرائط ادا کرے یعنے بہ نیت نصاب ایک سو ترپن مرتبہ۔ بہ نیت زکوٰۃ پانچ سو تینتیس مرتبہ بہ نیت عشر پانسو ستر بار بہ نیت بار بہ نیت قفل دو سو دس مرتبہ۔ بہ نیت تکرار آٹھ سو اکیس مرتبہ۔ بہ نیت توھم پانسو اکتالیس مرتبہ قراۃ کرے اس کے بعد بہ نیت حاجۃ سات روز تک سات ہزار بار پڑھے۔ اگر تاخیر دیکھے تو سات ہفتے تک اسی طرح قرأۃ کرے اللہ تعالیٰ کے حکم سے مقصود حاصل ہوگا۔ اسمائے جبروتی کے پڑھنے کا طریق یہ ہے یَامَلِكُ تَمَلَّكُ یَامَلَكُوْتُ وَالْمَلَكُوْتُ فِی مُلْكِهٖ ذُوْ تَك یَامَلِكُ۔

## چودھویں فصل ردِّ دعوۃ اور ردِّ دعوت کے بیان میں

اگر کسی نے صاحب عمل یا کسی دوسرے شخص پر کچھ اسم پڑھا ہو یا سحر کیا کیا ہو یا کرنے کا ارادہ پایا جاتا ہو تو اس کو لازم ہے کہ مغرب کی نماز کے بعد تین مرتبے سورہ عبس اور پھر تین مرتبے سورۂ مذکور یا آیات قرآنی والفاظ عربی دعبری

کہ اس کے ساتھ منضم ہیں قرأۃ کرے کسی صاحب دعوت کی دعوت اور کسی جادوگر کا جادو اس پر کارگر نہ ہوگا۔ بلکہ اسی پر مراجعت کرے گا۔ چاہیئے کہ دعوت پڑھنے کے وقت اپنی کلاہ بائیں ہاتھ سے جانب پشت تھوڑی تھوڑی تین مرتبے کج کرے اور چوتھے مرتبے الٹے ہاتھ سے اسی ہاتھ کی طرف زمین پر مارے اور اپنے دل میں نیت کرلے کہ میں نے جابر کو کشتہ کیا اور ہر بار بائیں جانب کو تھوکے یعنی لعاب دہن ڈالے اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس کی اجابت ظاہر ہوگی اور ہر روز اس ورد کو لازم کرلے آیات قرآنی کہ جو الفاظ عبری وعربی سے منضم ہیں یہ ہیں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وحِیْلَ بینهم وبین مایشتهون کما فعل باشیاعهم من قبل بِسْمِ اللّٰہِ ذی العزۃ ذالبقاء بِسْمِ اللّٰہِ القاهر الجابر ذا نظماً بِسْمِ اللّٰہِ مُبْطِلِ الساحرین والاعداء بِسْمِ اللّٰہِ ذی العظمة والکبریاء بِسْمِ اللّٰہِ ذی المجد والثناء فوقع الحقُّ وبطل ماکان یعملون وقال موسٰی ماجئتم به السحر ان اللہ سیبطله ان اللہ لا یصلح عمل المفسدین بِسْمِ اللّٰہِ بدهتیة کویکویدۃ تعلیت بقلیت بقریت شلیمت طوزان مزجل هزجل برفت ترهش بوهش علمش حوطمو غلقهود شان برشان شلم بموشلم برهیولا لخطه بشلا گجه سز مزفوز لخطو بغل الغل الخلبط قیران نیاها عیاها بوزهو یدا کیلا۔

ایضاً برائے رد دعوت وسحر عمل سلطان الموحدین برہان العاشقین یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبے یہ دعا پڑھے تمام دعوۃ اور سحر رد ہوں وہ دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یا ربّ دخلتُ ذخلی اَنْتَ وکیلی وکافی یکفینی حافظ حفیظی یکفینی حنّان منان یکفینی غفور غفار یکفینی قہار جبّار یکفینی حیٌّ قیوم یکفینی خالق خلّاق یکفینی علیم علام یکفینی رازق رزاق یکفینی شاهدٌ ناظر یکفینی اللہ یکفینی یکفینی یکفینی فاللہ خیرٌ حافظاً وهو ارحم الراحمین لا تخافی ولا تحزنی انا رادوه الیك وجاعلوه من المرسلین یا موسٰی اقبل ولا تخف انك من الآمنین بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ فارجعوا فارجعوا فارجعو فارجعو فارجعو۔

**ایضاً** برائے رد دعوت و سحر و مقہوری اعداء جس قدر ہو سکے پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّا جَعَلْنَا فِیْ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِیَ اِلَی الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰهُمْ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ یَا حَمِیْدَ الْفِعَالِ ذَا الْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ

**ایضاً** برائے ردِ دعوت یہ چند حروف اسماء اور آیات قرآنی ایک جگہ جمع کر کے اکیس بار پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مَلِیْخًا مَلِیْخًا خَالِقًا مَخْلُوْقًا کَافِیًا شَافِیًا اِرْتَعِیْ مُرْتَعِیْ بِحَقِّ یَا بُدُّوْحٍ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَارًا بِحَقِّ اسانا شالا شاسانوسا بجہت رد دعوۃ اول و آخر درود شریف اور اکتالیس بار یہ عزیمت پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ مَلِدْ وَتَمَانِ الرَّحْمٰنِ اَبُوْ تَمَانِ الرَّحِیْمِ حَیْثَمَانِ قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ بِحَقِّ اہ و ا ہ و ا یہ دور شو دور شو فَارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا بِسْمِ اللّٰہِ

# پندرھویں فصل ربعین اور اس کے طریقوں کے بیان میں

اے سالکان راہ طریقت اپنے حال کے ہر وقت نگہبان رہو کہ نفس و روح دونوں اس خاکدان جسم میں ایک رنگ ہوئے ہیں ہر کسی کا کام نہیں کہ دریافت کر سکے کیونکہ بایکدیگر پردہ انداز ہیں اور ستر ہزار پردۂ ظلمانی و نورانی اس کے ظہور سے ظاہر آئے ہیں کہ فہم و عقل و فکر تمیز نہیں کر سکتا مگر وہ لوگ دریافت کرتے ہیں جو ریاضت رضیت باللہ اس حد تک کرتے ہیں کہ واردات باطنی سے پردہ ہائے ظلمانی نورانی میں اور نورانی روحانی میں مسلوب ہو جاتے ہیں۔ اس کے بعد تجلیات نورانی و ربانی ظاہر ہوا کرتی ہیں کشف سے یہ کیفیات سب متمیز ہو جائیں گی سالک کو لازم ہے کہ اس طریقت میں دو چیزیں لازم کرے جب کہ خلوت و عزلت میسر ہو۔ اوّل خرقۂ فقر پہنے کہ نَزَعَكَ اللّٰهُ الدُّنْيَا اَسَاسَ كُلِّ عِبَادَةٍ دوم توشۂ صبر اپنے پاس رکھے کہ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ کلام پاک میں موجود

ہے اس کے بعد اس راستہ پر قدم رکھے تا ہمدم دہر نگ وجمقدم ہو اور خطرات لا یعنے اور شہوات نفسانی مثل کبر کینہ حسد بغض حرص و ہوا شکر و شکایت مدح ذم ان سب سے محترز رہے کہ یہ سب رہگذر دنیا سے ہیں اور یہ بری ہے کیونکہ حدیث شریف میں آیا ہے حُبُّ الدُّنْیَا رَأْسُ کُلِّ خَطِیْئَۃٍ جب تک سالک کو اس سے فراغت حاصل نہ ہو اور یہ نسبت میسر نہ ہو منہ نہ دکھلائے کیونکہ جو وقت حسب دلخواہ اکل و شرب جامہ و جائیگاہ تن پروری حاصل ہوئی جسد کو قوت ہوگی خون مسفوح غلبہ کرے گا شہوات ولذات نفسانی اور خطرات لا یعنی دوساوس شیطانی وخواب غفلت وظرافت وسرکسی وبیلا حظگی وسراندازگی بے اختیار حاصل ہوگی اور یہ سب بالکل زبوں ہے۔ حق تعالی تمام زلل وخلل سے وہماد خیالاً سرّاً وخفیاً بچائے۔ جب کہ سالک خلوۃ وعزت اختیار کرے چند چیز کہ بے ان کے رستہ نہیں اپنے اوپر لازم کرے اور اپنے نفس سے محاسبہ کرے مثلاً محاربہ۔ محاسبہ مباحثہ۔ مواعظہ مراقبہ۔ جملہ اربعین ان عنوان سے طے کرے۔ حق تعالی کے فضل وکرم سے ابواب عرفان اس پر مکشوف ہوں گے اور سب اربعینوں میں روزہ ہرگز ترک نہ کرے کہ عزلت کا فائدہ جیسا کہ چاہئیے روزہ ہی میں ہے فضائل صوم شریعت وطریقت معلوم کرنے چاہییں کہ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اللہ تعالی سے حکایت فرماتے ہیں کہ حق سبحانہ وتعالی فرماتا ہے قسم ہے مجھ کو عزت وجلال کی اے احمد کوئی عبادت روزہ سے بڑھ کر نہیں ہے کیونکہ اس ریاضت میں نفس وشیطان مقہور ہوتے ہیں اور مجاہدہ ومشاہدہ سعادت اس امت کی ہے اور روشنائی کی ریاست قائم ہوتی ہے اور نور حکمت عالم باطنی اس پر مکشوف ہوتا ہے اور صفت جسمانی روحانی ہو جاتی ہے۔ اور روحانی رحمانی سے مبدل ہو جایا کرتی ہے۔ اہل طریقت کا یہ روزہ ہے کہ حرام سے آنکھ کو بچانا۔ کانوں کو نامشروع کلام سننے سے باز رکھنا۔ زبان کو بیت بولنے سے روکنا۔ دل کو خطرات لا یعنی سے

بچانا۔ حدیث شریف میں ہے کہ جب تو روزہ رکھے تو کان اور آنکھ اور زبان کا روزہ رکھ۔ اے سالک اگر کوئی ایسا روزہ دار ہے تو اس طریقہ کا صائم ہے۔ اس کے اکل و شرب اور مباشرت سے یہ روزہ نہیں ٹوٹتا۔ ایک بزرگ فرماتے ہیں ؎

روزہ کہ بنان و آب خوردن داری　　　آں صوم دوام است نہ صوم افطاری

قال علیہ السلام من صام الدھر لا صام ولا افطر۔ فضائل صوم حدیث قدسی میں وارد ہیں کہ الصوم لی وانا اجزی بہٖ فضائل صوم حدیث قدسی میں وارد ہیں کہ اَلصَّوْمُ لِیْ وَاَنَا اَجْزِیْ بِہٖ اور حضرت خواجہ جنید بغدادی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ اَلصَّوْمُ نِصْفُ الطَّرِیْقَۃِ اور دوسری جگہ فرماتے ہیں کہ اَلْجُوْعُ طَعَامُ اللّٰہِ فِیْ سالک کو لازم ہے کہ ہمیشہ روزہ شریعت و طریقت کا رکھے لیکن روزۂ شریعت افطار ہے اور طریقت عدم انفصال چنانچہ حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اَجِیْعُوْا بُطُوْنَکُمْ وَاَظْمِئُوْا اَکْبَادَکُمْ لَعَلَّ قُلُوْبَکُمْ تَرَی اللّٰہَ عِیَانًا اے سالک صوم ایک خلوت خانۂ محبت ہے جس نے محبت سے محبت کی اور اس کو پرورش کیا اللہ اس کا محبوب ہوا۔ یہ فضائل صوم تھے جو بیان کئے گئے۔

اب سند اربعین معلوم کرنی چاہیئے مَنْ اَخْلَصَ لِلّٰہِ اَرْبَعِیْنَ صَبَاحًا ظَهَرَتْ لَہٗ یَنَابِیْعُ الْحِکْمَۃِ مِنْ قَلْبِہٖ عَلٰی لِسَانِہٖ عجیب سِر ہے کہ تمام موجودات کو ایک لمحہ کن فیکون میں موجود کیا اور انسان کو ایک چلّہ میں کہ خَمَّرْتُ طِیْنَۃَ اٰدَمَ بِیَدَیَّ اربعین صباحا کیوں نہ ہو کہ انسان شان عالی رکھتا ہے اس کی شان میں وارد ہے وَلَقَدْ کَرَّمْنَا بَنِیْ آدَمَ سالک کو چاہیئے کہ تین اربعین اپنے اوپر لازم کرے۔ چہل اربعین کو ایک اربعین اور ہزار اربعین کو چہار عشرہ اور ہر عشرہ کو دس اربعین اور وہ تیرہ مہینے اور دس روز مقرر کئے گئے ہیں ایسے ہی تین اربعین کھینچے ہر عشرہ میں روزہ کا تغیر کرنا ایک وصف سے دوسرے وصف میں لازم کرے تاکہ نفس ایک وصف پر قرار نہ پکڑے اور خوگر نہ ہو جائے اگر ایک عادت سے دوسری عادت نہ بدلے اور ایک حال پر رکھے تمام کام برہم ہو جائیں گی نعوذ باللہ منہا۔

واضح ہو کہ تین اربعینوں کے ایک سو بیس اربعین ہوتے ہیں جس کی مدت تیرہ برس اور چار مہینے ہیں۔ اگر کوئی راہ حق میں اس قدر ریاضت اور محنت نہ کرے اور محبت الٰہی میں دم مارے محض ثمرہ غیر آشنا اور نتیجہ بے حیائی سمجھنا چاہیئے۔ یہ درویش بخوبی تیرہ برس چار مہینے کوہستان قلعہ چنار پر اسی طرح ریاضت کرتا رہا ہے اس کے بعد پردۂ غیب لاریب سے ندا آئی کہ اس کوہستان سے نکل قلعہ گوالیار پر جا اور اسلام پھیلا تاکہ سب خاص و عام کو معلوم ہو میں فوراً تعمیل حکم بجالایا پھر سب لوگوں کو میری کیفیت معلوم ہوئی۔ ہر اربعین کا طریق اور عمل کی کیفیت ہر عشرہ کے تحت میں مفصلاً ذکر کی جائے گی۔

پہلی اربعین کی سند عشرۂ اوّل میں ایسی عادت اختیار کرے کہ افطار بخلاف نفس کرے یعنی جو کچھ وہ چاہے نہ دے اور گوشمالی ریاضت سے پائمال کردے تمام دن در ودو اوراد ابرار و اخیار میں گزارے اور تمام شب ذکر لا الٰہ الا اللہ میں گزارے۔ کوئی کام اس کی مرضی کا نہ کرے اور بے کار نہ رکھے تاکہ اپنی قدیم عادت پر اعادہ نہ کرے۔ دوسرے عشرہ میں صوم داؤدی اختیار کرے ایک روز کھائے اور دوسرے روز نہ کھائے اس طرح نفس کو عاجز کرے اور مشغولی مذکورہ رات دن مشغول رہے۔ اور تیسرے عشرہ میں صوم حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ کا اختیار کرے ایک دن ایک رات نہ کھائے۔ دوسری شب افطار کرے اور عمل مسطور نگاہ رکھے۔ چوتھے عشرہ میں دوامی روزہ رکھے اور تقلیل طعام اس صورت سے کرے مثلاً آدمی ایک سو دس درم غلہ کھاتا ہے تو جس وقت کہ آفتاب برج جدی میں آئے اوّل روز ایک دام غذا میں سے کم کرے پھر ہر روز افطار کے وقت ایک ایک درم کم کرتا جائے۔ یہاں تک کہ چھ مہینے میں تعداد غلہ کم ہوتے ہوتے برابر ہو جائے گی اور کچھ نہ رہے گی اور یہ چھ مہینے جدی۔ دلو۔ حوت حمل ثور۔ جوزا تمام ہو جائیں گے اوّل روز سرطان میں یہ عمل سب مرتب ہو جائے گا۔ اور کسی طرح کی بھی اس کو تشویش نہ ہوگی بلکہ ایک نوع کی قوت اس کو حاصل ہوگی۔ جس

شب کہ ایک درم غلہ رہجائے اس شب سات پیالے پانی جوش کرے اور اتنا جوش کرے کہ ایک پیالہ پانی رہے پھر اس کو پی لے اگر سالک چاہے تو اربعین طے کر سکتا ہے۔ بلکہ اگر موقع تو تمام عمر گزار سکتا ہے اور عمر بھر کے لیے فارغ ہو جاتا ہے اور کسی طرح کی تکلیف نہیں اٹھاتا۔ جیسی عادت ڈالو گے ویسا ہو گا۔ اگر محض سیاست نفس منظور ہے تو پھر اسیطرح مہینے سے شروع کر دے اس حساب سے ایک سال میں نو اربعین ہوں گے اس کے بعد ایک اربعین اس طور سے کرے ایک سواتی درم کو بیس پر بانٹے تو نو ہوئے نو درم روز بیس دن تک کم کرے بعد میں روز کے پھر نو درم بڑھاتا جائے تاکہ اربعین تک اپنی معتاد پر آجائے گا۔ اگر آدمی خیال اور غور کرے تو اس کمی و بیشی میں سال بھر میں چھ مہینے کا غلہ خرچ ہوتا ہے اس عشرہ میں بعمل دعوت و اذکار مشغول ہو۔

دوسرے اربعین کی سند۔ عشرہ اول میں جس قدر کھانا کھاتا ہے اسکے موافق ایک ڈھیلہ زرد مٹی کا لے لے اور اُس سے تول کر کھایا کرے اور اُس ڈھیلے سے کسی دیوار پر تین گز یا چار گز کے قریب ہر روز ایک لکیر کھینچا کرے اس سے کم و بیش نہ کرے تاکہ روز بروز وہ ڈھیلہ کم ہوتا جائے اور اسی قدر کھانے کی عادت ہوتی جائے، ذکر و شغل میں مشغول رہے۔ دوسرے عشرہ میں ہمیشہ صائم رہے اور کھانے کا ڈھنگ دوسری طرح اختیار کرے اور وہ یہ ہے کہ تھوڑی زرد مٹی لائے اور اس کو تر کرے اور بقیہ ڈھیلے کے برابر تول لے اُس کے موافق کھانا کھائے جب وہ خشک ہو جائے تو دوسری مٹی تر کرے اور اس خشک کے موافق وزن کر کے کھائے۔ علیٰ ہذا القیاس تمام غلہ پورا کر دے۔ مگر ایسی احتیاط کرے کہ پانچ اربعینوں میں اس کی خوردنی تمام ہو جائے اور دوسرے پانچ اربعینوں میں اپنی معتاد پر آجائے عمل مذکور میں مشغول رہے تیسرے عشرہ میں ہمیشہ صائم رہے اور کھانے کا ڈھنگ بوزن چوب تر مقرر کرے جب وہ خشک ہو جاوے اس کے وزن کے موافق تر لکڑی لائے یہاں تک کہ پانچ اربعینوں میں غلہ تمام ہو جائے پھر بتدریج پانچ

اربعینوں تک اپنی معتاد پر آجائے۔ ذکر و شغل کی مشغولی کو ہاتھ سے نہ دے۔ چوتھے عشرہ میں اوّل روز افطار کے وقت بے تکلف کھانا کھائے اور اپنے لقمے گنتا جائے تاکہ معلوم ہو کہ کتنے لقموں میں پیٹ بھرتا ہے۔ پھر ہر روز حساب کر کے لقمے کم کرتا جائے یہاں تک کہ پانچ اربعین ختم ہوں اور اس کا طعام تمام ہو جائے۔ پھر پانچ اربعینوں میں بڑھنا شروع کرے یہاں تک کہ اپنی معتاد پر آجائے۔ لیکن ذکر و شغل میں مشغول رہے۔

تیسرے اربعین کی سند پہلے عشرہ میں ہمیشہ صائم رہے جس قدر اناج کہ دوسرے اربعین کے اختتام پر تھا اس سے دو چند دودھ لے کر پی لیا کرے اور غلہ کو چھوڑ دے اور مشغول شرب شطار واذکار میں مشغول رہے۔ دوسرے عشرہ میں ہمیشہ صائم رہے اور بجائے دودھ کے دہی لے کر اس کا پانی نچوڑ کر پھینک دے اور دہی پی لیا کرے اور مشغولی ورثۃ الحق میں مشغول رہے۔ تیسرے عشرہ میں بھی ہمیشہ صائم رہے اور اس جغرات یعنی دہی کا استعمال رکھے مگر اس معتاد سے روز کم کرتا جائے۔ یہاں تک کہ اس عشرہ کے آخر تک بالکل ترک ہو جائے۔ ہاں اتنا کرے کہ جس قدر دہی کم کرے اسیقدر پانی بڑھا دے یہاں تک کہ دہی کی نوبت گھٹتے گھٹتے پانی پر آجائے۔ آخر روز بجائے دہی کے صرف پانی رہ جائے کھانے کا یہ ڈھنگ رکھے اور مشغولی مذکورۂ بالا میں مشغول رہے۔ چوتھے عشرہ میں اس طریقے سے طے کرے جیسا کہ نقشہ ذیل میں مندرج ہے معلوم کرنا چاہیئے۔ کہ جن خانوں میں ہندسے ہیں وہ تاریخ ایام طے ہیں اور جن میں صفر ہیں ان سے مراد فرد ہیں پس ان تاریخوں کے بموجب اس عشرہ کو طے کرے اور اس بقیہ پانی کی مقدار سے پانی لے کر جوش دے کر روزہ افطار کرے اور ذکر میں مشغول رہے اور کھانا جو کچھ میسر آئے کھائے۔

*

| ۵ | ۴ | ۳ | ۲ | ۰ |
|---|---|---|---|---|
| ۱۰ | ۹ | ۸ | ۷ | ۰ |
| ۱۵ | ۱۴ | ۱۳ | ۱۲ | ۱۱ |
| ۰ | ۱۹ | ۱۸ | ۱۷ | ۱۶ |
| ۲۵ | ۰ | ۲۳ | ۰ | ۲۱ |
| ۳۰ | ۰ | ۰ | ۲۷ | ۰ |
| ۳۵ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ |
| ۴۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ |

خداوند تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر و احسان جس کے فضل و کرم سے تیسرے جوہر کا ترجمہ بھی تمام ہوا۔ اَللّٰھُمَّ صلی اللہ علی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ شَیْءٍ مَعْلُوْمٍ لَّکَ فقط۔

**تمام شد**

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# چوتھا جوہر
## مشرب شطاریہ کے بیان میں

مختصر فضائل مشرب شطاریہ جاننا چاہیئے کہ جس وقت طالب عمل ابرار واخیار اور دریائے اسرار دعوت سے عبور کر جائے تو چاہیئے کہ مشرب شطاریہ میں قدم رکھے اور مشرب شطاریہ وہ مشرب ہے جو تمام مشارب سے اعلیٰ اور اعظم القدر ہے کہ بلا اس اصول کے اختیار کئے ہوئے آدمی بارگاہ رب العزت میں باریاب نہیں ہو سکتا جس شخص کے نصیب میں سعادت ازلی ہے وہ ضرور اس مشرب شریف سے مشرف ہوگا اور اس مشرب کا جاننے والا سب مقربین سے زیادہ مرتبے والا ہوگا۔ چنانچہ اس مشرب کے بڑے جاننے والے حضرت ابوالجنات شیخ نجم الدین کبریٰ قدس سرہ العزیز فرماتے ہیں کہ طَرِیْقُ السَّائِرِیْنَ اِلَی اللّٰہِ وَالطَّائِرِیْنَ بِاللّٰہِ ھُوَ طَرِیْقُ الشُّطَّارِ مِنْ اَھْلِ الْمَحَبَّۃِ السَّالِکِیْنَ بِالْجَذْبَۃِ فَالْوَاصِلُوْنَ مِنْھُمْ فِی الْبِدَایَاتِ اَکْثَرُ مِنْ غَیْرِھِمْ فِی النِّھَایَاتِ (خلاصہ یہ ہے کہ یہ طریق واصلین الی اللہ کا نکالا ہوا ہے اور درجۂ وصول میں یہ قرب رکھتا ہے کہ اس مشرب کا مبتدی اور غیر مشرب کا منتہی برابر ہے)۔ اس مشرب والے نہ فنا اور نہ فناء الفناء بلکہ ہر مرتبہ میں غیر سے مفقود اور بوجود مشہور اور بقاء البقاء سے باقی ہیں اور اس حال میں ایسے مستغرق ہیں کہ کسی شے کی گنجائش نہیں رکھتے۔

اہل محبت کی مخالطہ سے یا تو ہوشیار مست ہوتے ہیں یا مست ہوشیار لیکن یہ لوگ دونوں حالتوں سے فارغ ہیں کیونکہ اس جماعت کے لئے ایک

ایسا نشان بے نشان ہے کہ اس نشان کو ہر خاص و عام کی شان میں معائنہ کرتے ہیں اور خلا و ملا کی حاجت نہیں رکھتے اور نہ دنیا والوں کی طرف نظر رکھتے ہیں۔

مشرب شطار کے اصول حسن عشق عین ذات کا تصور ہے ہر حرف سے لفظ کی طرف اشارہ ہے اور ہر معنی میں گویا خزانہ اسرار مخفی ہے چنانچہ معدن معانی اس مشرب کے حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم ہیں آپ نے امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو تلقین فرمایا ہے اور انا مدینۃ العلم وعلی بابھا آپ ہی کے باب میں ارشاد فرمایا ہے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے حضرت امام حسین* سے زین العابدینؓ کو ان سے امام محمد باقر کو ان سے امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کو ان سے سلطان العارفین خواجہ بایزید بسطامی قدس سرہ العزیز کو ان سے شیخ المحترم خواجہ محمد مغربی قدس سرہ کو ان سے شیخ الاعظم خواجہ اعرابی ابی یزید عشقی قدس سرہ العزیز کو ان سے ابوالمظفر مولانا ترک طوسیؒ کو ان سے خواجہ ابوالحسن عشقی کرمانیؒ کو ان سے شیخ المعظم شیخ خدا قلی ماوراء النہری کو ان سے شیخ الشیوخ محمد عاشق بن شیخ خدا قلیؒ کو ان سے شیخ محمد عارفؒ کو ان سے شیخ العارف عبداللہ شطاریؒ کو ان سے شیخ قاضن شطاریؒ منیریؒ کو ان سے شیخ ابوالکامل ابوالفتح آیۃ اللہ سرمست کو ان سے سلطان الموحدین حضرت شیخ ظہور حاجی حضورؒ کو ان سے فقیر حقیر ابوالمؤید محمد المخاطب بہ غوث کو سلسلہ وار ایک سے دوسرے کو تلقین ہوتا چلا آیا ہے۔

مشائخ کرام سے منقول ہے کہ ہر طالب راہ معرفت کو لازم ہے کہ اسرار علم باطنی کو اپنے پیر و مرشد سے حاصل کرے تاکہ تخلقوا باخلاق اللہ کا نتیجہ بوجہ احسن ظاہر ہو اور سب اسرار باطنی اس پر مکشوف ہوں۔

* رضی اللہ عنہ کو تعلیم فرمایا پھر حضرت امام حسین نے

# مقدمہ

واضح ہو کہ پیران کامگار و مرشدان نامدار نے اذکار کو اسلئے مقدم رکھا ہے کہ انسان کا دل چونکہ گنجینۂ اسرار الٰہی اور خزینۂ انوار غیر متناہی ہے پردہ ہائے ظاہری و باطنی میں مستور و محجوب ہے پردہ ہائے باطنی قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ظاہر ہیں چنانچہ فرمایا ہے۔ اِنَّ فِی جَسَدِ ابْنِ اٰدَمَ مُضْغَةً وَفِی الْمُضْغَةِ فُؤَادٌ وَفِی الْفُؤَادِ ضَمِیْرٌ وَفِی الضَّمِیْرِ سِرٌّ وَفِی السِّرِّ اَنَا پردہائے ظاہری پردہائے باطنی پر آویختہ ہیں اور دل دونوں چھاتیوں کے درمیان بائیں جانب کو جھکا ہوا ہے اور چربی کے پردے اس پر پڑے ہوئے ہیں اور ان پردوں کے علاوہ تین اور پردے اس پر حائل ہیں کہ اس کو اپنی جگہ سے ہلنے نہیں دیتے چنانچہ بعض اہل طریقت نے تحقیق کے لئے تجربہ بھی کیا ہے اگر کوئی شخص اسرار الٰہی اور تجلیات انوار نامتناہی کا معاینہ اور مشاہدہ کرنا چاہے تو چاہیئے کہ ابتدائے ایام میں صبح و شام بلکہ ہمیشہ اسقدر ذکر کرے کہ ذکر کی کثرت سے آگ پیدا ہو جائے اور اس کی حرارت سے تمام پردے کھل جائیں اور جل جائیں تاکہ تاریکی دور ہو اور روشنی ہو جائے اور دل اپنی جگہ پر آجائے اور دل مدور۔ دل عبرت دل صنوبری۔ دل نیلوفری۔ چاروں دل برابر ہوں اور اسرار علوی یک رنگ ظاہر ہوں اور مشاہدہ و مکاشفہ و تلوین و تمکین نہایت مزے کے ساتھ حاصل ہوں جب تک دل اپنی جگہ نہ آئے ذکر برابر کئے جائیں اور جب کچھ رمق اور حرکت بائیں طرف سے غائب ہو اور سینہ کے نیچے ناف کے اوپر ظاہر ہو تو سمجھے کہ دل اپنی جگہ پر پہنچ گیا۔ اس حال میں ذاکر کا دل ہر حال میں ذاکر ہوگا سالک خواہ سوتا ہو یا جاگتا چپ ہو خواہ کلام کرتا ہو بے اختیار دل سے ذکر جاری رہے گا کسی وقت غافل نہ ہوگا و نفس بے وقت اپنے حق سے ہوشیار رہے گا ذکر جہری کی انتہا یہیں تک ہے جب عنایت آلٰہی اور ہدایت مرشد سے اس مقام پہ پہنچے اپنا کام معاینہ سے کرے۔

والمعاینہ رؤیۃ اللہ تعالی بلا حجاب ۔

اس علم کو علم اذکار کہتے ہیں عام ہے کہ ذکر جہر ہو یا خفی۔ ذکر کا طریق حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے اس طرح منقول ہے کہ آپ نے اپنا تعشق و محبت الٰہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیان کر کے عرض کیا کہ مجھے راستہ بتائیے برزخ ازلی اور حبیب لم یزلی نے پوری خبر دی چنانچہ حدیث شریف میں آیا ہے قال علی یارسول اللہ دلنی علی اقرب الطرق الی اللہ واسھلھا علی عبادہ وافضلھا عند اللہ تعالی فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا علی علیک بمداومۃ ذکر اللہ تعالی فی الخلوۃ فقال علی فکیف اذکر یارسول اللہ فقال علیہ السلام غمض عینیک واسمع منی ثلاث مرات فقال علیہ السلام لا الہ الا اللہ ثلث مرات وعلی یسمع ثم قال علی لا الہ الا اللہ ثلث مرات والنبی علیہ السلام یسمع ۔ (ترجمہ) حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ مجھے اللہ سے ملنے کا آسان اور افضل راستہ بتلائیے آپ نے فرمایا اے علی ہمیشہ خلوت میں اللہ کا ذکر کیا کر حضرت علیؓ نے عرض کیا کیونکر آپ نے فرمایا کہ دونوں آنکھیں بند کر کے بیٹھ اور مجھ سے سن پھر آپ نے تین مرتبہ لا الہ الا اللہ فرمایا اور حضرت علیؓ نے سنا پھر حضرت علیؓ نے تین مرتبہ کہا اور آپ نے سنا ۔

## سند یک ضربی

سالک جب ذکر لا الہ الا اللہ میں مشغول ہونا چاہے تو مربع بیٹھے اور بائیں پاؤں کی رگ کیماس کو دائیں پاؤں کے انگوٹھے اور انگشت شہادت سے مضبوط پکڑے اور دونوں ہاتھ دونوں گھٹنوں پر رکھے اور انگلیاں کشادہ رکھے تاکہ نقش اللہ کا دل پر منقش ہو اس کے بعد سر کو بائیں گھٹنے کی طرف اتنا جھکائے کہ داڑھی انگلیوں کے قریب پہنچ جائے اس جگہ سے لا الہ الا اللہ شروع کرے اور سر کو دائیں زانوں پر لا کر ذرہ کو دائیں شانے تک لے جائے تاکہ سر اور گردن اور پیٹھ برابر ہوں پھر سر کو

تھوڑا سا ٹھہرا رہے۔ جھکا کر سانس چھوڑے اور دوسرے سانس میں الا اللہ کی ضرب دل پر لگائے اور ہائے الا اللہ پر اپنی اصلی حالت پر آجائے۔ پھر اس طرح شروع کرے اور حالت نفی میں آنکھ کھلی اور حالت اثبات میں آنکھ بند رکھے اور نفی و اثبات کی مقدار برابر رکھے اِلَّا اللّٰہُ کہتے وقت نفی بطلان کا تصور کرے اور جب اِلَّا اللّٰہُ کی ضرب لگائے تو اثبات وجود ذات باری تعالیٰ کا فکر کرے۔ جب ذکر اس فکر سے دل میں قرار پکڑ جائے تو وجود اعیان کی نفی اور عین کے اثبات کا تصور کرے جب یہ ذکر مستحکم ہو جائے تو سالک بحکم صار العبد فانیا والحق باقیا اپنے آپ سے محو ہو جائے گا۔

سند دو ضربی | جب سالک دو ضربی سند اختیار کرے تو بقاعدہ مسطورہ ایک ضرب بائیں گھٹنے پر اور دوسری ضرب بائیں کہنی پر لگائے اور دونوں ضربوں میں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہے اور یا اِلَّا اللّٰہُ کی ضرب لگا کر سر اٹھائے اور خیال کرے کہ یہ ضرب تمام بدن میں سرایت کرتی ہے اسی طرح پھر شروع کرے اس میں فائدہ زیادہ حاصل ہوتا ہے عمل کرنے سے معلوم ہو جائے گا۔

سند سہ ضربی | اس کا طریق یہ ہے کہ دو زانو بیٹھے پہلی ضرب بائیں گھٹنے پر اور دوسری دائیں پر اور تیسری اِلَّا اللّٰہُ کہتے ہوئے دونوں زانوؤں کے درمیان لگائے اور ضرب کے وقت خیال سابق عمل میں لائے اسی طرح مشق کرے۔

سند چہار ضربی | اس کا طریق یہ ہے کہ بطریق مذکور بیٹھ کر ایک ضرب بائیں گھٹنے پر دوسری دائیں پر تیسری دونوں زانوؤں کے درمیان چوتھی ناف پر لگائے مگر اس طریق سے کہ اوّل دورہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا کرے اور پے بہ پے اِلَّا اللّٰہُ اِلَّا اللّٰہُ کہتا رہے۔ فوائد بے شمار ہیں عمل کرنے سے خود ظاہر ہوں گے۔

چہار ضربی کی دوسری سند | چاہیے کہ جلسہ معہود پر بیٹھ کر لا کو دونوں زانوؤں کے درمیان سے اٹھائے اور الٰہ کی دائیں شانے پر ضرب لگا کر ھا کی بائیں شانے پر ضرب لگا کر پھر اِلَّا اللّٰہُ کی ضرب اپنے جسم کے اندر لگا کر پشت خم کر کے ھو کی ضرب لگائے اسی طرح چاروں جگہ پر لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی ضربیں لگاتا رہے۔

سند پنج ضربی | چاہیئے کہ جلسہ معہودہ متعین کرکے بائیں شانے سے لاالٰہ شروع کرے اور دائیں شانے تک پہنچائے اور ٹھوڑی شانے کی ہڈی پر رکھ کر الا اللہ کی ضرب لگائے پھر پشت کی جانب خمیدہ ہوکر بائیں شانے پر اسی طرح ضرب لگائے پھر سر کو پس نیم پشت جھکا کر اور داڑھی کو استخوان کندھے پر رکھ کر ایک ضرب لگائے پھر دونوں شانوں کو دونوں کانوں کے پاس لاکر ایک ضرب دے پھر دو زانوں بیٹھ کر دونوں سرین کچھ اوپر اٹھاکر پانچ ضرب لگائے مگر قبض دم شرط ہے چاہیئے کہ جلدی جلدی سانس نہ لے پھر از سر نو شروع کرے۔ اس کا فائدہ عمل سے ظاہر ہوگا۔

سند شش ضربی | جلسہ معہودہ متعین کرکے لاالٰہ کو بائیں کہنی سے شروع کرکے دائیں شانے تک پہنچاکر اور پشت پھیر کر سر کو بائیں زانوں تک پہنچاکر آہستہ سے الا اللہ کی ضرب لگائے پھر اسی طرح دوسری ضرب دائیں زانوں پر اور تیسری دونوں زانوؤں کے درمیان لگائے پھر تین ضربیں تمام جسم میں لگاکر پھر اسی طرح اس کا عکس کرے پھر تین ضربیں اپنے تمام جسم کے اندر لگائے اس ذکر میں رعایت قبض نفس واجب ہے۔

سند ہفت ضربی | بطریق سابق جلسہ متعین کرکے بیٹھے مگر اپنے بدن کو بہت حرکت نہ دے اور سر کو اپنے تمام بدن پر پھرا کر لاالٰہ کہے پھر ایک ضرب سر اٹھاکر آسمان پر اور دوسری سر جھکا کر زمین پر تیسرے دائیں طرف چوتھے بائیں طرف پانچویں آگے چھٹی پشت خم کرکے پیچھے لگائے ساتویں ضرب سر اٹھاکر آہستہ سے اندرون جسم میں لگائے پھر از سر نو شروع کرے فائدہ اس کا بیان سے باہر ہے عمل سے ظاہر ہوگا۔

سند ہشت ضربی | دو زانوں بیٹھ کر بائیں زانوں پر ضرب لگائے پھر دائیں پر پھر دونوں زانوں کے درمیان پھر بائیں کہنی پر پھر دائیں کہنی پر پھر ناف پر پھر ذرا اوپر سر کو ابھار کر دونوں سرین پر پھر سانس روک کر اندرون جسم میں لگائے پھر اسی طرح از سر نو شروع کرے۔ فوائد اس کے بہت ہیں عمل کرنے سے ظاہر ہونگے۔

سند دوازدہ ضربی | جانب معہودہ کو ملحوظ رکھ کر لَا اِلٰہ کو بائیں بازو سے شروع کرے اور دائیں شانے تک لے جاکر بائیں زانوں پر ضرب دے پھر اسی طرح دائیں زانوں پر پھر اسی طرح دونوں زانوؤں کے درمیان پھر اپنے وجود میں پھر بائیں کہنی پر پھر داہنی کہنی پر پھر ناف پر پھر اپنے اندرون جسم میں پھر بائیں بازو پر پھر دائیں بازو پر پھر سینہ پر پھر دو زانوں ہو کر زمین سے ذرا ابھر کر دونوں سرین پر غرض اسی طرح دورہ پورا کرے عامل اس کے فائدہ عظیم سے بہرہ مند ہوگا۔

سند شانزدہ ضربی | اس کا طریق یہ ہے کہ دو زانوں بیٹھ کر دونوں ہاتھ زانوں پر رکھے اول تین دورے کرے اور تینوں میں حبس دم سے لَا اِلٰہ کا تصور کرے بعد ازاں تین دفعہ بخیال لَا اِلٰہ اِلَّا اللہُ نیچے سے اوپر کو لے جائے پھر ایک ضرب اپنے وجود میں اور ایک ضرب بائیں گھٹنے پر اور ایک دونوں زانوؤں کے درمیان لگائے غرض اس طریق سے ضربیں لگائے۔ اور خاندان چشت میں ہر بار تغیر ضرب و جلسہ و تغیر دورہ کی وجہ یہ ہے کہ دل کے پردے ہر عضو سے تعلق رکھتے ہیں جب ذاکر اس طرح ذکر کرتا ہے تو دل پردہ سے جلدی نکل کر اپنی جگہ پر آجاتا ہے اور سرٗنی کو مشاہدہ اور مکاشفہ بخوبی ہونے لگتا ہے۔

سند بست ضربی | چاہئے کہ مربع بیٹھے لیکن دائیں پنڈلی بائیں پاؤں کی پنڈلی پر رکھے٭ اور ران کا تحت اچھا کھلا رکھے اور پاؤں کی پشت زمین پر۔ اور دائیں ہاتھ کی ہتھیلی دائیں تلوے پر رکھے اور شہادت کی انگلی اور انگوٹھے سے پاؤں کے انگوٹھے پکڑے اس کے بعد دونوں زانوؤں کے درمیان سر جھکا کر لَا اِلٰہ کہتا ہوا سر اٹھائے اور اپنے وجود میں اِلَّا اللہ کی ضرب لگائے پھر ایک ضرب دائیں پاؤں پر جو بائیں طرف ہے اور ایک ضرب بائیں پاؤں پر جو دائیں طرف ہے لگائے اسی طرح انہیں جگہوں میں ضربیں لگاتا رہے جب پوری بیس ضربیں ہو جائیں تو از سر نو پھر شروع کرے فائدہ بہت حاصل ہوگا۔

سند بست و چہارم ضربی | اس کا طریق یہ ہے کہ مربع بیٹھ کر دائیں پاؤں کا ٹخنہ

٭ بائیں تلوے پر اور بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر

بائیں پاؤں کے ٹخنے پر رکھے اس طرح پر کہ پاؤں کی انگلیاں زمین سے ملی رہیں اور دونوں ہتھیلیاں دونوں تلووں پر اسطرح رکھے کہ ہاتھ کی انگلیاں زمین سے ملی رہیں اس کے بعد بائیں شانے سے لاؔ الٰہ کہتے ہوئے سر پھرا کر دائیں شانے تک پہنچا دے پھر وہاں سے ایک ضرب دونوں زانوں کے درمیان اور دوسری بائیں زانوں پر تیسری دائیں زانو پر پھر بطریق سابق انہیں جگہوں پر ضرب لگائے جب چوبیس ہو جائیں تو پھر از سر نو شروع کرے۔

سند ضرب لاتناہی چاہیئے کہ دو زانو بیٹھ کر اِلاَّ اللّٰہ کو اس کی جگہ پہنچا کر وہاں سے سر اٹھائے اور آسمان کی طرف دیکھ کر اپنے وجود میں ضرب لگائے پھر ایک ضرب بائیں گھٹنے پر زمین کی طرف دیکھ کر پھر اسی طرح اسی جگہ دو دو انگل یا چار چار انگشت کا فرق کر کے ضربیں لگاتا رہے۔

دائیں زانوں تک پہنچ کر داہنی کہنی اور شانہ پر گزر کر منہ پر گزر کر بائیں شانہ اور کہنی تک آ کر بائیں زانوں پر پہنچے یہاں متواتر تین ضربیں لگائیں پھر دائیں زانوں پر گزر کر اسی طرح بائیں زانوں پر آ کر دونوں زانوؤں پر ضربیں لگاتا ہوا ناف سے سینہ پر پہنچے اور آنکھیں بند کر کے نو ضربیں مع ملاحظہ نو دو نہ نام اپنی اندرون جسم میں لگائے پھر از سر نو شروع کرے اس طریق سے ذکر کرنے میں عین کشف علوی و سفلی اور سر لاتناہی حاصل ہوتا ہے مگر آسمان و زمین کی طرف دیکھنے کا تصور اپنے مرشد سے معلوم کرے تاکہ ذوق و شوق زیادہ ہو۔

# اثبات کا طریق اور اسکے اقسام

یک ضربی مجرد بلکہ اس کا طریق یہ ہے کہ جلسہ معہودہ ملحوظ رکھ کر علی التواتر اِلاَّ اللّٰہ کی ضربیں بائیں زانو پر لگائے اور عین ذکر و فکر میں نقش اللّٰہ کو نگاہ رکھے اور تمام انواع اثبات میں یہی ایک جلسہ ملحوظ رکھے فوائد بسیار اور ثمرات بے شمار حاصل ہوں گے یک ضربی بیک کوب اس کا طریق یہ ہے کہ ایک ضرب اِلاَّ اللّٰہ کی بائیں زانو پر

لگائے اور وہاں سے سر اٹھا کر ایک اپنے اندرون جسم میں لگائے اور پیاپے اس ذکر کی کثرت کرے فائدہ بہت ہوگا عمل کرنے سے ضرور روشن ہوجائے گا۔

دو ضربی بدو کوب اس کا طریق یہ ہے کہ سر کو بائیں کہنی پر لاکر زمین کے نزدیک پہنچا کر اِلَّا اللہ کی ضرب لگائے اور وہاں سے سر اٹھا کر ایک ضرب اپنے وجود میں لگائے پھر سر کو بائیں کہنی پر لاکر زمین کے قریب پہنچا کر ضرب لگائے اور وہاں سے سر اٹھا کر اپنے اندرون جسم میں ضرب دے اسی طرح علی التواتر ضربیں لگاتا رہے اور درمیان میں انفصال واقع نہ ہونے دے اس ذکر کا فائدہ بہت ہے عمل سے روشن ہوگا۔

سہ ضربی بسہ کوب اس کا طریق یہ ہے کہ ایک ضرب اِلَّا اللہ کی بائیں زانو پہ اور ایک کوب اپنے وجود میں لگائے پھر ایک کوب دونوں زانوؤں کے درمیان اور ایک کوب اپنے اندرون جسم میں لگائے متصل اور پیاپے ضربیں لگائے فاصلہ نہ دے، نہایت ذوق و شوق پیدا ہوگا۔

دو حلقی چہار ضربی دو حلقی چہار ضربی کے ذکر کا طریق یہ ہے کہ حلقہ اوّل میں سر کو دائیں شانے سے پھرا کر دونوں شانوں کے درمیان لاکر ایک ضرب دائیں زانوں پر دوسری بائیں زانو پر تیسری دونوں زانوؤں کے درمیان چوتھی اپنے اندرون جسم میں لگائے اسی طرح عمل کرتا رہے فائدہ اس کا بے انتہا ہے۔

سہ حلقی شش ضربی اس کا طریق یہ ہے کہ سر کو لَا اِلٰہ کہتے ہوئے بائیں شانے سے اس طرح پھرائے کہ دونوں شانے ہلجائیں اور دونوں کے درمیان لاکر ایک ضرب اِلَّا اللہ کی بائیں زانو پہ اور دوسری دائیں زانوں پر تیسری دونوں زانوں کے درمیان چوتھی دائیں کہنی پر پانچویں ناف پر لگائے پھر از سر نو شروع کرے نہایت محظوظ ہوگا۔

یک حلقی ہشت ضربی ہشت کوب اس کا طریق یہ ہے کہ سر کو بائیں شانے سے پھرا کر دونوں شانوں کے درمیان لائے اور اوّل ضرب بائیں زانوں پہ اور ایک کوب اپنے وجود میں لگائے پھر ایک ضرب اور تین کوب اسی طرح تمام جگہوں پہ پھر دو زانو ہو کر ذرا زمین سے ابھر کر دو ضرب اور دو کوب اپنے اندرون جسم میں لگائے پھر از سر نو شروع

کرے فائدہ اس کا بہت ہے عمل سے روشن ہوگا۔

یک حلقی دوازدہ ضربی بدوازدہ کوب | اس کا طریق یہ ہے کہ سر کو لَا اِلٰہ کہتا ہوا دونوں شانوں کے درمیان لاکر ایک ضرب بائیں زانو پر اور ایک کوب اپنے بدن میں کرے پھر ایک ضرب دائیں زانوں پر اور ایک کوب اپنے وجود میں پھر ایک ضرب دونوں زانو کے درمیان اور ایک کوب اپنے وجود میں پھر ایک ضرب ناف پر اور ایک کوب اپنے وجود میں پھر ایک ضرب بائیں پہلو پر اور ایک کوب اپنے وجود میں پھر ایک ضرب دائیں پہلو پر اور ایک ضرب اپنے وجود میں پھر ایک ضرب سینہ پر اور ایک کوب اپنے وجود میں پھر ایک ضرب دوزانوں ہو کر ذرا سرین اونچے کر کے اور ایک کوب اپنے وجود میں پھر ایک ضرب دو کوب اپنے وجود میں حبس دم سے کرے اور پھر از سر نو شروع کرے۔ اس ذکر کا فائدہ بے انتہا ہے عمل سے روشن ہوگا۔

چہار حلقی شانزدہ ضربی | جو مع چار کوب کے ہوتی ہے اس کا طریق یہ ہے کہ سر کو اِلَّا اللّٰہ کہتے ہوئے بائیں شانے سے دونوں شانوں کے درمیان چار دفعہ گردش دے کر اول ضرب بائیں زانوں پر لگائے پھر دائیں زانوں پر پھر بائیں پہلو پر پھر دائیں پہلو پر اور ایک کوب اِلَّا اللّٰہ کہتے ہوئے اپنے اندرون جسم یعنی وجود میں غرض اسی طرح سب ضربوں اور کوبوں کو عمل میں لائے اور پھر از سر نو شروع کرے اس کا فائدہ بے شمار ہے عمل سے بخوبی روشن ہوگا۔

## اسم ذات کے ذکر کا طریق اور اسکے اقسام

یک ضربی محمد دلبندت | جلسۂ معہودہ ملحوظ رکھ کر دونوں ہاتھ دو زانوؤں پر رکھے اور اَللّٰہ کہتے ہوئے سختی کے ساتھ دم کھینچے سر اور کمر بلند کرے اور پھر ناف کے نیچے زور سے اللّٰہ کی ضرب لگائے اور دونوں ضربوں میں سختی کرے اور علی التواتر یہاں تک ضربیں لگائے کہ بے خود ہو جائے۔

یک ضربی بقبض بطن | جلسہ معہودہ ملحوظ خاطر رکھ کر سر کو دائیں شانے کی طرف

تھوڑا سا بلند کر کے بائیں پہلو پر اس سختی سے اَللّٰہُ کی ضرب لگائے کہ بائیں پسلیاں ٹیڑھی ہو جائیں اور اثنائے ذکر میں آنکھیں کھلی ہوئی رکھے اور اپنے بدن کو بشکل لفظ اَللّٰہُ نظر میں رکھے اور اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ اٰدَمَ عَلٰی صُوْرَتِہٖ کا تصور کرے تاکہ فنا فی اللہ حاصل ہو۔

یک ضربی یا ہو | اس کا طریق یہ ہے کہ بطریق معہود بیٹھ کر اَللّٰہُ کہتے ہوئے قلب نیلوفری سے دم کو مع معدہ کے اوپر کو کھینچے اور سر اور کمر دونوں بلند کر کے اپنے وجود میں پیاپے ھُوْ کی ضربیں لگائے ہرگز نقصان نہ کرے فائدہ بہت حاصل ہوگا۔

یک ضربی بانده ہو | جلسۂ معہودہ ملحوظ رکھ کر اَللّٰہُ کہتے ہوئے دائیں شانے سے بائیں شانے پر ضرب لگائے اور وہاں سے ھُوْ کہتا ہوا سر کو دائیں شانے تک پہنچائے۔ اسی طرح پیاپے ضربیں لگائے جب یہ ذکر قرار پذیر ہو بے اختیار خفیف آواز دل سے نکلے گی کہ اکثر آدمی اور جانور اس آواز پر شیفتہ ہو جاویں گے۔ مگر یہ سر کثرت عمل سے ظاہر ہوگا۔

سہ ضربی بسہ کوب بقبض دم | اس کا طریق یہ ہے کہ جلسۂ معہودہ متعین کر کے ایک ضرب اَللّٰہُ کی بائیں کہنی پر لگائے اور ایک کوب اپنے وجود میں پھر ایک ضرب داہنی کہنی پر اور ایک کوب اپنے وجود میں پھر ایک ضرب ناف پر اور ایک کوب اپنے وجود میں مگر حبس دم کا خیال رکھے اور پھر از سر نو شروع کرے۔

چہار ضربی بیک قبض | اس کا طریق یہ ہے کہ جلسۂ معہودہ متعین کر کے ناف کے نیچے سے سانس کھینچے اور ایک ضرب دائیں زانوں پر لگائے پھر ایک ضرب بائیں زانو پر پھر دونوں زانوؤں کے درمیان پھر ایک ضرب اَللّٰہُ کی اپنے وجود میں لگائے اور پھر از سر نو شروع کرے۔

نود و نہ ضربی بحبس دم | چاہیئے کہ دو زانو بیٹھے اور ناک کے رستہ سے سانس لے کر حبس کرے پھر معدہ سے سانس نکال کر قلب نیلوفری پر پچاس ضرب اللہ کی لگائے پھر انچاس ضربیں معدہ سے سینہ کی طرف حبس کر کے لگائے لیکن ہر ضرب کو نود و نہ نام صفاتی

میں سے ایک صفت سے موصوف سمجھے یہاں تک مواظبت کرے کہ موصوف بصفات اللہ ہو جائے۔

ہزار ضربی بیک جلسہ | چاہیئے کہ جلسہ معہودہ متعین کر کے اَللّٰہُ کو صفت احد سے موصوف کر کے بائیں زانو پر ضرب لگائے پھر سر اٹھا کر اللہ کو بصفت صمدؔ موصوف سمجھ کر اپنے وجود میں ضرب لگائے اسی طرح پانسو ضرب تک نوبت پہنچائے پھر اللہ کو صفت صمدؔ سے موصوف کر کے دائیں زانو پر ضرب لگائے اور وہاں سے سر اٹھا کر اللہ کو صفت اَحَدؔ سے موصوف کر کے اپنے وجود میں پانسو ضرب لگائے جب پوری ہزار ہو جائیں پھر از سرِ نو شروع کرے اس ذکر کے فوائد بے شمار ہیں چندہی روز میں ظاہر ہونے لگیں گے۔

# اسم ہو کے ذکر کا طریق اور اسکے اقسام کا بیان

یک کشش ہو تا اُم الدماغ | اس کا طریق یہ ہے کہ دو زانو بیٹھے اور دونوں ہاتھ دونوں ہاتھ پر رکھ کر ھو کو ناف کے نیچے سے حبس کر کے آواز ظاہری سے دماغ تک لے جائے اور چندے قرار دے۔

یک کشش باطنی بتکرار ہو | جلسہ معہودہ معین کر کے ٹھوڑی کو سینے سے ملا کر تصور سے ھو کو ناف کے نیچے سے کھینچے اور حبس دم کر کے اپنے سانس کو ہر عضو میں گردش دے مگر اس قدر کہ بے طاقت نہ ہو جاوے اور اگر بے طاقت ہو جائے تو ھو کہتا ہوا آہستہ آہستہ سانس کو باہر نکالے پھر از سرِ نو شروع کرے اس ذکر میں فوائد بے شمار ہیں عمل کرنے سے روشن ہوں گے۔

سہ ضربی بدو ہو بیک حق | چاہیئے کہ جلسہ معہودہ متعین کر کے ایک ضرب آسمان کی طرف سر اٹھا کر لگائے اور ایک ضرب ھُوؔ کی زمین کی طرف سر جھکا کر پھر ایک ضرب حق کی اپنے وجود میں لگائے اور پھر از سرِ نو شروع کرے۔ اس کا فائدہ عمل سے ظاہر ہو جائیگا۔

یک کشش ہو یا ضرب ہو | اس کا طریق یہ ہے کہ دو زانو بیٹھے اور دائیں پاؤں کی پشت بائیں پاؤں کے تلوے پر رکھے اس طرح پر کہ دونوں سرین پاؤں کے ٹخنوں

پر رکھے جائیں اس کے بعد ھو کو ہلکی آواز سے ناف کے نیچے سے نکالے اور اپنے اندرون جسم میں ضرب لگائے اسی طرح پیاپے ضربیں لگاتا رہے۔ فوائد بے شمار حاصل ہوں گے۔

صدائے ہو بہ نود و نہ ملاحظہ | جلسہ معہودہ متعین کرکے زبان کو تالو سے چپکائے اور دونوں شہادت کی انگلیاں اپنے دونوں کانوں میں دے اور قلب نیلوفری سے ھو کہتا ہوا آواز باطنی کے ساتھ اوپر کو سانس لائے اور دم کو نہ چھوڑے اور صدائے ھو کو ننانویں ملاحظہ سے تصور میں لائے اور اس تصور میں ہر ملاحظہ کے ساتھ تھوڑی حرکت دے جب تمام ہو جائے پھر از سر نو شروع کرے اسیطرح اس کی کثرت کرے فوائد اس کے عمل سے ظاہر ہو جائیں گے۔

طریق دوم ذکر ہو بیک نفس پیوستہ بہزار کرت | چاہیئے کہ جلسۂ معہودہ متعین کرکے پیٹ کو پیٹھ سے ملائے اور زبان سے ہُو کہے اسطرح کہ جب ھو کہے فوراً شکم کو کمر سے ملالے اسی طرح پیوستہ ہزار مرتبے تک نوبت پہنچائے فوائد بے شمار سے بہرہ مند ہوگا۔

ذکر لا انتہائی | اس کا طریقہ یہ ہے کہ جلسۂ معہودہ قرار دے کہ ایک سانس سے ھو کہتے ہوئے بائیں زانو سے دائیں زانوں تک دورہ پر دورہ کرے لیکن ہر دورہ پہلے دورہ سے کم ہو جب سانس میں ورزش کی طاقت نہ رہے پھر از سر نو شروع کرے اس کے فوائد اور ثمرات بے انتہا ہیں عمل سے معلوم ہونگے۔

## طریق انواع اذکار کہ مرشدان نامدار نے مریدان کامگار کیلئے

معین فرمائے ہیں اور بر سبیل فتح باب انکے نام مقرر کر دیئے ہیں۔

ذکر لاہوتی چاہیئے کہ جلسۂ معہودہ قرار دے کر سر کو بائیں شانے کی طرف جھکا کر تھوڑا تھوڑا پشت کی طرف خم دے کر دو بار متصل ھو کی ضرب لگائے اور ایک ضرب اندرون جسم میں مگر منہ اسی جگہ رکھے۔ پھر سر کو اسی طرح مقام مذکور پہ پہنچا کر دائیں پہلو پہ متصلاً دو ضرب لگائے اور ایک ضرب پہلوئے راست پر پھر دو ضربیں بائیں زانوں پر اور ایک ضرب بائیں پہلو پر اور دو ضربیں دونوں زانوں کے درمیان اور ایک ضرب اپنے اندرون جسم میں پھر دو

ضربیں دائیں زانو پر اور ایک ضرب بائیں پہلو پر لگا کر پھر سر کو دائیں شانے کی طرف جھکا کر متصلاً حذف کیے اور ایک ضرب بائیں پہلو پر لگائے اس کے بعد تین بار سر کو تھوڑا سا زمین سے اٹھا کر دو زانو بیٹھ کر تین ضربیں لگائے پھر تین دور دھوکے بائیں زانوں سے دائیں زانو تک کرے اس کے بعد بائیں زانو پر ایک ضرب لگائے اور تین کوب اپنے اندرون جسم میں لگائے اور تین ضربیں سیدھے زانو پر پھر تین ضربیں دونوں زانو کے درمیان اور تین کوب اپنے اندرون جسم میں لگائے اس کے بعد پھر تین ضربیں اور اپنے وجود میں لگائے پھر سیدھے زانوں سے بائیں زانوں تک تین دور کرے۔ جس طرح بائیں زانو سے ضرب اور کوب کا عمل کیا تھا اسی طرح اس کا انصرام کرے اور پھر از سر نو شروع کرے اس کا فائدہ عمل سے خوب طرح واضح ہو جائے گا۔

ذکر جبروتی چاہیئے کہ جلسۂ معہودہ ملحوظ رکھ کر سر کو دونوں زانوں کے درمیان جھکا کر زمین تک پہنچائے اور یا احد کی ضرب لگائے اور وہاں سے سر اٹھا کر ایک ضرب اپنے وجود میں لگائے۔ پھر یَا اَحَدُ اور یَا وَاحِدُ دونوں کی دس ضربیں پیاپے لگائے اور پھر سات ضربیں سیدھی اَللّٰہُ کی اپنے وجود میں لگائے۔ پھر از سر نو شروع کرے۔ اس کا فائدہ عمل سے عامل خود معلوم کرے گا۔

ذکر ملکوتی بجلسۂ معینہ مذکورہ بائیں زانو پہ یَا بَدِیْعُ اور دائیں پہلو پر یَا بَاعِثُ کی ضرب لگائے پھر دائیں زانو پر یَا نُوْرُ اور بائیں پہلو پر یَا شَہِیْدُ کی ضرب لگائے اس کے بعد سر اور کر اُٹھا کر یَا اَللّٰہُ کی ضرب اپنے وجود میں لگائے اور پھر از سر نو شروع کرے۔

ذکر ناسوتی جلسہ معینہ ملحوظ رکھ کر سر کو دونوں زانوں کے درمیان تین دفعہ لے جا کر وہاں اللہ کہتا ہوا سر اٹھائے اور یَا اللہ یَا مُعِزُّ دونوں کو ملا کر تین ضربیں اپنے وجود میں، لگائے پھر سر کو اس جگہ لے جا کر اس طریق سے یَا اَللّٰہُ یَا مُذِلُّ دونوں کو ملا کر بائیں زانوں پہ ضرب لگائے پھر سر کو اسی جگہ لے جا کر اسی طریق سے دائیں زانو پر اَللّٰہُ الرَّزَّاقُ کی ضرب لگائے پھر از سر نو شروع کرے جو کچھ ثمرہ اس عمل کا ہے ذکر ہے

روشن ہوگا۔

ذکر مکاشفہ | جلسہ مذکورہ معینہ قرار دے کر ھو کہتے ہوئے بائیں زانوں سے دائیں زانوں تک ایک دورہ کرے اور جہاں سے شروع کیا تھا جب وہاں پہونچے پھر اسیطرح یَا مَنْ ھُوَ کا دورہ کرے پھر اُسی جگہ یَا مَنْ لَا اِلٰہَ کو دائیں شانے تک پہنچا کر اِلَّا اللّٰہُ کی ضرب بائیں زانو کے سر پر لگائے اور اِلَّا اللّٰہُ کی ہ کو دائیں شانے پر پہنچا کر اِلَّا اللّٰہ کو دراز کر کے ھُوْ ھُوْ ھُوْ کی تین کوب اپنے وجود میں لگائے پھر از سر نو شروع کرے۔

ذکر مشاہدہ | اس کا طریقہ یہ ہے کہ مربع بیٹھے اور حالت نفی میں موجودات کی نفی کا اور حالت اثبات میں واجب الوجود کے اثبات کا تصور کرے اور بائیں زانوں سے لَا مَطْلُوْبَ لَا مَقْصُوْدَ لَا مَحْبُوْبَ لَا مَوْجُوْدَ کہتا ہوا اس کو دائیں شانے پر پہنچا کر اِلَّا اللّٰہُ کی ضرب اپنے وجود میں لگائے اور ھُوَ اِلَّا اللّٰہُ کو ناف کے نیچے سے مد کے ساتھ کھینچتا ہوا ام الدماغ تک لے جائے اور ھو کی سات ضربیں اپنے وجود میں لگائے اور پھر از سر نو شروع کرے اور دوسرا طریق یہ ہے کہ لَا اِلٰہَ کو مد کے ساتھ بائیں زانو سے کھینچ کر دائیں شانے تک لائے اور کلمات مذکورۂ بالا کا تصور رکھے اور مقام مذکورہ پر اِلَّا اللّٰہُ کی ضرب لگائے اسی طرح ورزش کرے۔

ذکر ثلاثی گنبدی | چاہیئے اس کا جلسہ یعنی اس کی نشست اپنے مرشد سے معلوم کرے اور بائیں شانے سے لَا اِلٰہَ کہتا ہوا سر کو دائیں شانے تک پہنچائے اور آگے کو کود کر اِلَّا اللّٰہ کی ضرب لگائے پھر وہاں سے آگے کو کود کر اِلَّا اللّٰہ کی دو ضربیں لگائے پھر پیچھے کو کود کر اپنی جگہ پر آکر اِلَّا اللّٰہُ کی ضرب لگائے پھر از سر نو شروع کرے اس ذکر کا فائدہ عمل سے معلوم ہوگا۔

ذکر ثلاثی مجرد | اس کا طریقہ یہ ہے کہ جلسہ معہودہ متعین کر کے لَا کو ناف سے کھینچ کر دائیں شانے پر ضرب دے کر زور د شور سے پھر اکر اسی جگہ اِلَّا اللّٰہ کی ضرب بنیرہ کے لگائے اس کے بعد بائیں طرف زور سے سر پھرا کر ہ کی ضرب لگائے اور دوسرا طریق یہ ہے کہ اِلَّا اللّٰہ کو ناف سے اٹھائے اور ایک ضرب بائیں پہلو پر اور ایک

ضرب دائیں پہلو پر لگائے پھر ایک ضرب اِلَّا اللہ کی اپنے وجود میں لگائے مگر حبس دم سے کرے گا تو فائدہ بہت حاصل ہوگا۔

ذکر ارّہ چاہیئے کہ دوزانو بیٹھ کر دونوں ہاتھ دونوں زانو پر رکھے اور ناف پر ھا کی ضرب کرے اور ے کی مد و شد کے ساتھ ناف کے نیچے سے اسطرح نکال کر کہ سر اور پشت اور کمر ایک ہو جائیں ضرب کرے پھر از سر نو شروع کرے جسطرح بڑھئی لکڑی پر آرہ چلاتا ہے آواز ششش کو آرہ بناوے اور دل کو تختہ فرض کرے تاکہ ہموار ہو جائے اور صفائی حاصل ہو۔ واضح ہو کہ بعضے اس ذکر کو ذکر ہُوْ اور حَیّْ سے بھی کرتے ہیں اور بعضے ذکر اللہ سے فوائد ذکر کے بیشمار ہیں عمل سے خوب ظاہر ہو جائیں گے۔

ذکر روح چاہیئے کہ مربع یا دوزانوں بیٹھے اور ھوالاول کی ضرب دائیں پہلو پر لگائے اور ھوالآخر کی بائیں پہلو پر اور ھوالظاھر کی دونوں زانوں کے درمیان اور ھوالباطن کی اپنے وجود میں پھر از سر نو شروع کرے خدا چاہے تو تھوڑی سی مواظبت میں پوشیدہ اور ظاہر سب یکساں معلوم ہوگا۔

ذکر سر چاہیئے کہ مربع یا دوزانو بیٹھ کر یَا شَاھِدُ کی ضرب دونوں زانوں کے درمیان لگائے اور یَا شَھِیْدُ کی اپنے وجود میں اور یَا شَاھِدُ کہتے ہوئے آنکھیں کھلی رکھے۔ اور تصور رکھے کہ وہ مع الصفات ظاہر ہے اور یَا شَھِیْدُ کہتے ہوئے آنکھیں بند رکھے اور اور تصور کرے کہ وہ مع الذات ظاہر ہے اسیطرح ہر روز مواظبت کرے۔

ذکر اقبات اس کا طریقہ یہ ہے کہ اول معدہ کو طعام وغیرہ سے خالی رکھے اور اس کا جلسہ متعین کرے یعنی بائیں زانوں پر بیٹھے اور جلسہ دوزانوں رکھے اور دایاں زانوں بطریق مربع رکھے لیکن دائیں تلوے کو بائیں پاؤں کی رگ کیماس کی جگہ سختی سے ملائے رکھے اور لَا اِلٰہ کہتا ہوا اوّل جگہ سے ہرن یا چیتے کی طرح اچھلے اور اِلَّا اللہُ کہتا ہوا دوسری جگہ پر ٹھہرے اور پھر از سر نو شروع کرے اگر بلا انفصال برابر ایک برس تک اس ذکر کی مداومت رکھے گا زمین سے تین گز اونچا ہوا پر اڑنے کی طاقت ہو جائے گی اور دو سال میں چھ گز اور تین برس میں دس گز دگیارہ گز تک فقیر نے بھی مشق

بڑھائی ہے)۔ اور میں نے ایک بزرگ کو دیکھا کہ وہ چالیس گز زمین پر ہوا میں اڑتے تھے۔ اگر کوئی شخص اس میں زیادہ مشغول ہو تو خوب اڑنے لگے۔

ذکر آور د برد | اس کا طریقہ یہ ہے کہ جلسہ معہودہ متعین کر کے دائیں شانے کی طرف منہ کر کے ھا اور بائیں طرف ھیا اور سر جھکا کر اپنے وجود میں ھے کی ضرب کرے اسیطرح پیاپے ضربیں لگاتا رہے اس کا فائدہ عمل سے ظاہر ہوگا۔ یہ ذکر خاصہ حضرت پیران پیر سید محی الدین عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔

ذکر ضرب راست | جلسہ معہودہ متعین کر کے سر جھکا کر حق تو ئی کہتا ہوا ناف کے نیچے سے سختی کے ساتھ دم کھینچے اور سیدھا ہو کر متصلاً حق کی ضرب اپنے وجود میں لگائے اور پھر از سر نو شروع کرے اور اسیطرح پیاپے ضربیں لگاتا رہے تھوڑے دنوں میں غایت درجہ کا ذوق وشوق پیدا ہو جائیگا۔

ذکر مدور حلق | ذاکر کو چاہیئے کہ جلسہ معہودہ متعین کر کے سر کو بائیں شانے سے لا الہ کہتا ہوا دائیں شانے تک پہنچائے پھر وہاں سے جلد سر کو پھرا کر ٹھوڑی کو بائیں مونڈھے پر رکھ کر لا الہ کہہ کر الا اللہ کی ضربیں لگائے اسی طرح ہمیشہ ذکر کرنے سے بہت فائدہ حاصل ہوگا۔ اس ذکر کے فوائد کسب سے معلوم ہوں گے۔ یہ ذکر بندگی حضرت شیخ المشایخ محمود نصیر الدین چراغ دہلی قدس اللہ سرہ کو مردان غیب سے پہنچا ہے۔

## ذکر ثلاثی مغربی بدو ازدہ ضرب دنہ و دو سہ کوب دو سہ حملہ و سہ قبض و یک بسط اور ایسے ہی ہشت بسط دیگر بغیر ضرب بیکدم و یک جلسہ

اگر گنجینۂ انوار الوہیت اور خزینہ اسرار ربوبیت کو جو مخزن قلب میں موجود ہے بہت جلد جرأت کے ساتھ حاصل کرنا چاہے تو مناسب ہے کہ ذکر ثلاثی مغربی میں کہ اس کے لئے مثل کنجی کے ہے مشغولی ہونی چاہیئے تاکہ معرفت کے خزانہ کا دروازہ کھلے۔ اور اکثر فقراء کو اس ذکر سے فتح یاب ہوا ہے۔ پس جو شخص اس ذکر کو عمل میں لائے گا تین چار ہی روز میں مشاہدہ غیب پردہ لاریب سے حاصل ہوگا۔

چاہیئے کہ جلسہ معہودہ متعین کرے اور عامل پہلے برزخ کبریٰ اور صغریٰ کو ظاہراً اور باطناً
قرار دے پھر بائیں زانوں پر سر رکھ کر لا الٰہ کہتے ہوئے دورہ شروع کرے اور دائیں
زانوں پر گزرتا ہوا دائیں شانے تک پہنچائے اور تھوڑا سا کمر کی طرف جھکا کر تین ضربیں
اِلَّا اللّٰہُ کی بائیں زانوں پر اور تین دونوں زانوں کے درمیان اور تین دائیں زانوں پر اور
تین اپنے وجود میں لگائے پھر بائیں زانوں پر سر کو پہنچا کر تصور لا الٰہ دورہ شروع کرے
اور سر کو دائیں زانوں اور دائیں شانے اور گردن اور بائیں شانے پر گزار کر بائیں زانوں
پر پہنچائے اسی طرح دو دو دورے کرے اور دو زانو ہو کر حبس دم کر کے تین کوب اپنے
وجود میں کرے پھر تین حملے کرے اسی طرح سے سر کو دونوں زانوں کے درمیان زمین کے
نزدیک پہنچا کر آہستہ آہستہ سانس کو ناف کے نیچے سے قوت اور شدت کے ساتھ تصور
اِلَّا اللّٰہُ اس طرح اوپر کھینچے کہ سر اور کمر برابر ہو جائے۔ پھر اس طریق سے تین قبض کرے
کر معدے کو نیچے سے اوپر کو تصور اِلَّا اللّٰہُ سینہ تک کھینچے اور دائیں زانوں سے اسی
طرح تین دورے کرے اور تین کوب اور تین حملے اور تین قبض بستد مذکور اتمام کو پہنچائے
اسی طرح اور تین کوب اور تین حملے اور تین قبض کا بطریق مسطور انصرام کرے۔ اس
کے بعد سر کو دائیں بائیں آگے پیچھے چاروں طرف اس طرح جھکائے کہ تمام اعضاء خمیدہ ہو
جائیں اور تمام اعضا میں سرایت کرے جب بے طاقت ہونے لگے آسمان کی طرف
منہ کر کے ہلکی آواز سے ھو کہتا ہوا سانس کو بتدریج چھوڑے یہ ایک بسط تمام ہوا پھر
آٹھواں بسط اسی طریق سے تمام کرے مگر بارہ ضربیں کہ بسط اول میں لگائی ہیں وہ نہ
لگائے بلکہ ہر بسط میں دوسرا دورہ شروع کرے کیونکہ ایک دور دوسرے سے متضاد
ہے جب اس طریق سے ایک دم میں نو بسط پورے کرے گا۔ تو ایک بار ذکر پورا ہوگا۔

**ذکر قربان** | اس ذکر سے صفائی باطن اور خارق عادات کا ظہور ہوتا ہے طالب کو چاہیئے
کہ پہلے اِن چار چیزوں کا التزام کرے اول تنگ حجرہ دوسرے بھوکا رہنا۔ تیسرے پہلو پہ
نہ سونا اور غذائے لطیف کا استعمال کرنا مثل دودھ چاول چوتھے دل کا غیر اللہ سے خالی
رکھنا پھر اس طریقہ سے مربع بیٹھے کہ دونوں پاؤں کی ایڑیاں خصیتین کے نیچے اور دایاں

پاؤں بائیں پاؤں پر رکھے پھر مقعد کو بند کرکے سانس اوپر کو کھینچ کر ناف کے گرد لا کر ٹھوڑی کو سینے سے ملا کر منہ بند کرکے زبان کو تالو میں سخت گردش دے اور باطن میں یا باسط کا فکر کرے جب اس سند سے سالک ذاکر ہوگا تو چند روز میں منزل مقصود کو پہنچ جاویگا اور صفائی باطن اور خوارق عادات کا ظہور دیکھے گا اور عالم ارواح سے ملاقی ہوگا اور ہاتھ پاؤں سب درجہ بسیط میں آجائیں گے یعنی دیکھنے والے کو ہر عضو جداگانہ نظر آئے گا۔ اس کے علاوہ اس ذکر میں ایک خاص کیفیت اور سر عظیم مخفی ہے جو عمل سے روشن ہوگا۔

**ذکر حدادی** اس کا طریقہ یہ ہے کہ دوزانوں بیٹھے اسطرح کہ دونوں سرین زمین پر رہیں پھر دونوں ہاتھوں کو ملا کر لَا اِلٰہ کہتے ہوئے آسمان کی طرف بلند کرے پھر اسی طرح دونوں ہاتھ نیچے لا کر سینے پر لگائے اور اِلَّا اللہ کی ضرب دے جیسے لوہار ہتھوڑا لوہے کی سندان پر مارتا ہے اسی طرح پیاپے ضربیں لگاتا رہے ثمرات بیشمار سے بہرہ مند ہوگا۔

**ذکر مقدس** چاہیے جلسہ معہودہ متعین کرکے بائیں شانے سے اللہ کہتا ہوا سر کو دائیں شانے تک لائے اور بائیں پہلو پر اکبر کی ضرب لگائے اسی طرح سُبْحَانَ اللہ اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ہر ایک تینتیس تینتیس ضربیں لگائے اور پھر از سر نو شروع کرے۔ بعضے مشایخ نے اس کا ورد بعد نماز مغرب کیا ہے اور بعضوں نے بعد نماز تہجد اور بعضوں نے بعد نماز صبح اس ذکر کی مواظبت سے مرتبہ کبریائی اور مرتبہ تقدیسی سے بہرہ یاب ہو کر صدہا سالک جہاں ہوئے ہیں۔

**ذکر ہودلہ** چاہیئے کہ دوزانوں بیٹھے اور دونوں ہاتھ منہ پر رکھ کر لَا اِلٰہ کہتا ہوا دوزانوں ہوکر دونوں ہاتھوں کی مٹھیاں باندھ کر ہوا کی طرف لے جا کر کھولے پھر دونوں مٹھیاں باندھ کر اِلَّا اللہ کہتا ہوا زمین پر بیٹھے وقت دونوں ہاتھوں کی مٹھیاں بندھی ہوئی منہ تک لیجا کر ضرب کرے اور پھر از سر نو شروع کرے اور اس ذکر میں دو تصور ضرور رکھے حالت نفی میں جب مٹھیاں باندھ کر ہوا کی طرف لے جائے تو خیال کرے کہ ماسوائے اللہ کو دل سے نکال کر باہر ڈالتا ہوں اور غیر اللہ سے انقطاع کرتا ہوں

اور حالت اثبات میں تصور کرے کہ انوار آلٰہی اور اسماء نامتناہی اپنے دل میں لاتا ہوں بلکہ نفی میں یہ خیال کرے کہ ماسوا کو دل سے دور کر دیا اور اثبات میں یہ خیال کرے کہ انوار آلٰہی کو دل میں لے آیا اور ہستیٔ حق اور اطلاق مطلق کو ثابت کر دیا۔

اور دوسرا طریقہ یہ ہے کہ فقط ایک ہی ہاتھ کو اوپر ہوا کی طرف لے جائے اور ضرب لگاتے وقت منہ پر لائے باقی جلسہ وقیام وقعود مثل عمل سابق ادا کرے۔ اس ذکر کی مواظبت سے بودلوں کی ارواحیں ذاکر کے سامنے حاضر ہوتی ہیں اور اس کی اعانت کرتی ہیں۔

اور تیسرا طریقہ اس کا یہ ہے کہ بائیں ہاتھ کی مٹھی باندھ کر منہ پر رکھے اور اس میں بے انفصال ھو ھو کہنا شروع کرے اور ھو کے ساتھ دائیں ہاتھ سے دل صنوبری پر ضرب لگائے اور زبان سے ھو اور دل سے اللہ تصور کرے اور اتنی مواظبت کرے کہ فنا ہو کر مرتبۂ بقا حاصل ہو۔

ذکر معلی | یہ ذکر کشف حقائق اشیاء کے لیے ہے۔ اس ذکر کا طریق یہ ہے کہ جلسہ معہودہ معین کر کے لفظ اللہ کو دل سے کھینچے اور دائیں طرف سر کو لے جا کر تھوڑا سا پشت کی طرف جھکا کر شدت سے ھو کی ضرب دل پر لگائے۔ اور اسی طرح ورزش کرے۔

ذکر حیران | اس کے لئے کوئی جلسہ معین نہیں ہے جس نشست سے چاہے کرے چاہیے کہ حبس دم کر کے پیاپے معدہ کو ناف سے اوپر کیطرف کھینچ کر بتصور الا اللہ ھو دل پر سات ضربیں لگائے جب سات ضربیں پوری ہو جائیں آہستہ سانس کو چھوڑے اور پھر از سر نو شروع کرے اس کا فائدہ عمل سے روشن ہو گا۔

ذکر قلندریہ | چاہیئے کہ جلسۂ معہودہ متعین کر کے دونوں زانوں کے درمیان یا حسن ناف پر یا حسین دائیں شانے پر یا فاطمہ بائیں شانے پر یا علی کی ضرب لگائے اور یا محمد کی ضرب اپنے وجود میں لگائے اور پھر از سر نو شروع کرے اس ذکر کی مواظبت سے ان حضرات کی ارواح مقدسہ تشریف لائیں گی اور امداد فرمائیں گی اور طالب کو مطلوب تک پہنچائیں گی۔

ذکر ضیاء | جلسہ معہودہ متعین کر کے دونوں ہاتھ دونوں زانوں پر رکھے اور سر کو ناف کے برابر لا کر اللہ کہتے ہوئے دم کو اوپر کھینچے اور معدہ پر حق کی ضرب لگائے اور ھو کو مد کے ساتھ ام الدماغ تک پہنچائے پھر ایک ضرب ھو کی آگے ایک پشت کی طرف جھک کر ناف پر ایک ضرب دونوں زانوں کے درمیان ایک ضرب دائیں زانوں پر ایک ضرب بائیں پہلو پر ایک ضرب دائیں ران پر ایک ضرب بائیں زانوں پر ایک ضرب دائیں پہلو پر ایک ضرب بائیں ران پر اور تین ضربیں اپنے وجود میں لگائے پھر از سر نو شروع کرے۔

ذکر نوری | اس ذکر سے کشف الارواح ہوتا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ جلسۂ معہودہ متعین کر کے دائیں طرف سُبُّوْحٌ بائیں طرف قُدُّوْسٌ آسمان کی طرف رَبُّ الْمَلٰئِکَةِ دائمًا دم کی ضرب لگائے۔ اس ذکر سے اور بھی بہت سے فوائد حاصل ہوتے ہیں جو عمل کرنے سے خود روشن ہو جائیں گے۔

ذکر تجلی | اس ذکر سے سیر طیرانی حاصل ہوتی ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ جیسے کبوتر خوشی میں گونجتا ہوا چاروں طرف پھرا کرتا ہے اسی طرح دائیں طرف کو جھوم کر یَاحَیُّ شروع کرے اور سر کو پشت کی طرف پھرا کر یَاقَیُّوْمُ کی ضرب دل پر لگائے۔ اس ذکر کے فوائد بہت ہیں عمل سے روشن ہو جائیں گے۔

ذکر زجاج | جلسۂ معہودہ متعین کر کے اول دل سے اللہ کہے اور سر کو لَآ اِلٰہَ کہتے ہوئے ایک دو حلقہ دے کر کلمہ ھو کی شدت سے دل پر ضرب لگائے پھر دائیں طرف اَلْحَیُّ اور بائیں طرف اَلْقَیُّوْمُ کی ضرب لگائے اسی طرح ہزار ضربیں لگائے اس کے فائدے ذکر کرنے سے معلوم ہوں گے امید ہے کہ تھوڑے ہی عرصے میں بلا شک و ریب پردہ غیب سے کشف ملکوتی حاصل ہونے لگے گا کیونکہ اس ذکر میں ثبوت اور سلب دونوں داخل ہیں عمل کرنا شرط ہے تاثیر ضرور ہوگی۔

ذکر حلاجی | اس ذکر سے تجلّی ذات اور ترقی درجات حاصل ہوتی ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ جلسہ معہودہ متعین کر کے پہلے اسم اللہ سے الف اور لام کو طرح کرے پھر

دائیں طرف ھا مفتوح اور بائیں طرف ھے مکسور اور دل پر ھو مضموم کی ضرب لگائے خواہ باشباع یا بے اشباع اور اسم اللہ کا تصور رکھے تاکہ ھُوْ کا ثمرہ بخوبی ظاہر ہو یقین ہے کہ تھوڑی مدت میں ورد بہ اَنَا الْحَقّ ذاکر پر ظاہر ہوگا۔ ایضاً بندگی حضرت قطب الاقطاب شیخ فریدالدین گنج شکر قدس سرہ نے پنجابی زبان میں بھی وضع فرمایا ہے اُھوُں توُں اِھوُں توں اِھیُیں توُں اس ذکر کا طریق یہ ہے کہ جلسہ معہودہ معین کرکے آسمان کی طرف مطریق کرشمہ دیکھے اور اُھوُں توُں کہے اور ایک لمحہ آنکھ کھلی رکھے پھر اسی طرح زمین کی طرف دیکھ کر اِھوُں توُں کہے پھر اپنے وجود کی طرف دیکھ کر تین ضربیں یا سات ضربیں اِھیُیں توُں کی لگائے اور پیاپے لگا تار ہے جب یگانگی ہو جائے ازسر نو شروع کرے۔

# اذکار طیور

جو بعض مشائخ کو مکاشفہ سے معلوم ہوئے ہیں اور ان پر عمل کرکے ثمرات بے غایات اور تجلیات بے نہایت حاصل کی ہیں۔

ذکر چیغا حضرت مولانا جلال الدین رومی قدس سرہ العزیز حضرت خواجہ شمس الدین تبریز رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کرتے ہیں کہ آپ فرماتے تھے کہ ایک دن جو میں نے عرش پر نظر کی تو ایک جانور کو دیکھا کہ عرش کے کنگرہ پر سرنگوں بیٹھا ہوا کچھ ذکر کر رہا ہے مجھ کو ذوق وشوق ازحد پیدا ہوا اور اس کی طرز اڑا کر ذکر میں مشغول ہوا بعد کسب مراقبت کے معلوم ہوا کہ اسمائے الٰہی کا ذکر کرتا تھا اگر سالک اس ذکر میں مشغول ہونا چاہیئے تو جلسہ معہودہ متعین کرکے تصور یَا حَیُّ یَا رَحِیْمُ یَا قَیُّوْمُ دائیں طرف حقاحقم حققی کی تین ضربیں لگائے پھر تصور یَا بَدِیْعُ یَا بَاعِثُ یَا بَاقِیْ دَمُ بائیں طرف بقم بقم بقی کی تین ضربیں لگائے پھر تصور یَا قُدُّوْسُ یَا سُبْحَانُ حققم حققم حققی کی تین ضربیں آگے لگائے اگر ذاکر اس طرح ذکر کرے گا کہ ظاہر میں یہ الفاظ کہے اور باطن میں ان اسمائے الٰہی کا جو اوپر کہے گئے ہیں تصور رکھے تو بیشمار فوائد حاصل ہوں۔

ذکر منقا | دو زانوں بیٹھے اور دونوں ہاتھ دو زانوں پر رکھے اور بائیں پستان پر یا ھو کی ضرب لگا کر متصلا ھو کی سانس اوپر کھینچ کر دائیں پستان پر پھر سینہ پر ضرب لگائے اور پیا پے لگاتار ہے فائدہ اس کا عمل سے بخوبی ظاہر ہو جائے گا۔

ذکر شکر خورہ | ذکر ہے کہ سید السادات سید محمد جنگل پلاس کو خورد سالی میں ان کے والد نے تعلیم علم کے بارے میں مارا آپ تحمل نہ کر سکے ماں باپ کو چھوڑ کر جنگل میں جا پڑے اس وقت میاں کو کوئی ذکر فکر علم معرفت حاصل تھا رنجیدہ ہو کر ایک درخت کے نیچے جا بیٹھے تیسرے روز اس درخت پر ایک جانور آکر بیٹھا اور توئی توئی کرنے لگا آپ کو اس کی آواز بہت پیاری معلوم ہوئی اسیطرح آپ بھی ذکر کرنے لگے ایک سال کے بعد مکاشفہ کا درجہ حاصل ہوا اور ولایت میں شہرہ ہو گیا گبر کیا ترسا کیا ہندو کیا مسلمان سب آپ کے آستانہ فیض کاشانہ پر آنے لگے۔ اب بھی اگر کوئی شخص اس ذکر میں مشغول ہو تو ضرور بہرہ مند ہو اور کشف حاصل ہو۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ جلسہ معہودہ متعین کر کے دم کو نگاہ رکھ کر اتنا توئی توئی کرے کہ بے طاقت ہو جائے جب ہوش میں آئے تو پھر از سر نو شروع کرے۔

سند ذکر خفی | اس کا طریق یہ ہے کہ ہمیشہ ہر حال میں خفیہ عمل کرے چونکہ ہر مرتبہ ذکر خفی دوسرے اشارہ سے منقول ہے پس جس مرتبے پر پہنچے اس کے موافق ذکر کرے اور ذکر کا طریق بھی ترقی مقامات کے موافق ہے لیکن سند تمام افکار پاس انفاس کی ایک ہی طریقہ پر ہے جب کہ نفس باہر جائے تو کلمہ ثانی کا اول تصور کرے اور جب اندر آئے جب بھی کلمہ ثانی ہی کا تصور کرے لیکن ہر ذکر کے تصورات میں فرق ہے جو مرشد سے معلوم ہو سکتے ہیں اور ذکر خفی تین طرح سے ہوتا ہے۔ ایک پاس انفاس یعنی انفاس نفیسہ کی محافظت کرنا بموجب الطرق الی اللہ بعدد انفاس الخلائق ہر دم نئے اطوار ہیں۔ ذکر پاس انفاس یہ ہے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ جب سالک بندِ ناسوت میں پائے بند ہو تو یہ ذکر کرے تاکہ بندِ ماسوی اللہ سے رہائی پائے۔ ھا ھو جب آئینہ ملکوت سالک کے مقابل آئے اور کبھی عکس اور کبھی عین نظر آئے تو اس ذکر کو کرے

تاکہ عکس غیر منتفی ہوجائے اور عینیت کا ظہور ہو اللہ اَللہ جب سالک مرتبہ جبروت
پر پہنچے اور مستجمع بجمیع اسمائے الٰہی و موصوف بصفات لامتناہی ہوجائے تو اس ذکر
میں مشغول ہو تاکہ ثمرہ تخلقوا باخلاق اللہ اور اتصفو بصفات اللہ ہاتھ آئے ھو ھو
جب سالک مرتبہ لاہوت پر پہنچے اور شعور اجمالی اور تفصیلی کما حقہ اٹھ جائے تو اس ذکر
میں مشغول ہو تاکہ مقام کان اللہ ولم یکن معہ شئی میں استقامت کرے ھُوَ حَیٌّ
جب سالک چاہے کہ غیب کو مشاہدہ شہادت میں معاینہ کرلے تو اس ذکر میں
مشغول ہو تاکہ سَنُرِیْهِمْ اٰیٰتِنَا فِی الْاٰفَاقِ وَفِیْ اَنْفُسِهِمْ عیاں نظر آئے فانی باقی اگر
سالک وجود ممکن کو فانی دیکھے اور بقائے واجب الوجود کو باقی جان لے تو یہ ذکر
کرے ھُوَ الظَّاهِرُ ھُوَ الْبَاطِنُ جب سالک چاہے کہ دوئی اٹھ جائے اور غیب و
شہادت ایک نظر آئے تو اس ذکر میں مشغول ہو تاکہ بجز وجود واحد کے ظاہر و باطن
سب نظر آنے لگے ھُوَ الْاَوَّلُ ھُوَ الْاٰخِرُ جب سالک ماہیت ازل و ابد جو ایک
رستہ پیچیدہ ہے معلوم کرنا چاہیئے تو اس ذکر میں مشغول ہو۔

ذکر خفی کا دوسرا طریق ذکر قلب ہے کہ حرکت معدہ سے دل کو جنبش دیتے ہیں
اگر طالب سالک اسیطرح چند ماہ عادت کرلے تو دل، خود بخود ذاکر ہوجائے اور سالک
کو بے اختیار ذکر کی آواز آنے لگے اور ایک سال کے بعد دل نور حضوریت سے ایسا
معمور ہو کہ ہر شئے کے ذکر سے جس کی مشعر آیہ یُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ
سے آگاہ ہو۔

ذکر عبرت چاہیئے کہ جلسہ معہودہ متعین کرکے ہمیشہ ہر حال میں ذاکر رہے اس
طرح پر کہ جس چیز کو دیکھے آنکھیں بند کرلے اور اللہ کا تصور کرکے کھولے ایک چلہ
اس ذکر پر مداومت کرے تو ظاہر و باطن ہستی مطلق کا ظہور ہو۔

ذکر حیران چاہیئے کہ معدہ کو صاف کرکے جلسہ معین کو نگاہ رکھے اور ہمیشہ اسیطرح
ذکر کرے سانس کو روک کر بتصور اِلَّا اللہ ناف کے نیچے سے معدہ تک سات مرتبہ
گردش دے اور ہر کشش میں دل سے اللہ کہے جب ایک سانس میں سات دفعہ

کر چکے سانس بتدریج چھوڑ دے پھر از سر نو شروع کرے چالیس روز کے بعد دل خود بخود ذکر الٰہی کرنے لگے گا اس کے بعد ایسی حالت طاری ہوگی کہ مقیدات اسماء و صفات سے رہائی پائے گا اور حوادث حیرت کی سرحد تک (جو کہ تجلیات و انوار الٰہی کا مقام ہے) پہنچ جاوے گا۔

ذکر کبریا۔ چاہیئے کہ جلسہ معہودہ متعین کر کے کمر کو خم دیکر سر کو دونوں سے ملا کر سانس کو تصور ھو ناف کے نیچے سے کھینچ کر حبس کرے جب بے طاقت ہو جائے از سر نو شروع کرے۔ تھوڑے سے عرصے میں تجلی ھو کے ساتھ متصف ہو جائے گا اور تصور کا طریق اپنے مرشد سے معلوم کرے۔

ذکر خفی کا تیسرا طریق ذکر استیلاء ہے کہ اعضاء ظاہری کو حرکت دے اور خامۂ فکر سے صفحۂ باطن میں کلمۂ طیب لکھے اس سے خطرہ بندی حاصل ہوتی ہے اس کے دو طریقے ہیں با ضرب اور بے ضرب۔ استیلائے عشقیہ با ضرب ہے۔ اور سند نقشبندیہ بے ضرب ہے۔

استیلاء عشقیہ چاہیئے کہ ہمیشہ ہر حال میں ذاکر رہے جیسے کاتب حروف ظاہری کو قلم سے کاغذ پر لکھتا ہے اسیطرح سالک قلم خطرہ سے لوح باطن پر کلمہ طیب کے حروف لکھے اس طرح کہ پہلے زبان کو تالو سے لگائے اور دم کو حبس کر کے لا کو داہنے شانے سے شروع کر کے ناف کی داہنی طرف لا کر ناف کے پاس قلم خطرہ کو پھرائے اور الف لا کو درمیان سے بائیں طرف کو اوپر کی جانب کھینچے تاکہ الف کا سر بائیں شانے کے اوپر پہنچے اور ناف کو لا کی کرسی ٹھیرائے اور اِلٰہ کو الف و لام کے درمیان قایم کرے اور الا اللہ کو دل پر لکھے۔

اس کے بعد محمد کا دائرہ کھینچے اس طرح کہ میم اوّل کو بائیں پستان پر اور دوسرا میم کو دائیں پستان پر لے جائے اور ح کو ناف کے نیچے سے کھینچ کر دوسری میم کو دونوں پستانوں کے درمیان بٹھائے اور اسی جگہ سے دال کا سر داہنی پستان کے اوپر لیجائے اور خیال کرے کہ گویا اس کا دامن دل تک پہنچا ہوا ہے۔ پھر رسول اللہ کا نقش جمائے

اس طرح کرے کہ بائیں پستان کے قریب اور سین کو سینہ میں اور واؤ کو دائیں پستان کے قریب لکھے اور لام کا سر بائیں پستان سے شروع کرے اور اس کا دامن پستان تک پہنچائے اور لفظ اللہ کو ملفوظ رسول کے درمیان لکھے جیسے حروف ظاہری لکھتے ہوئے قلم کو ہاتھ میں پھراتا ہے اسی طرح حروف باطنی میں قلم خطرہ سے اپنے بدن کو ہلائے تاکہ حرف کی صورت حاصل ہو اس ذکر کے فکر سے خطرہ بندی حاصل ہوتی ہے۔

صورت استیلائے عشقیہ یہ ہے۔

اللہ
چپ　　　راست
الہ
الا اللہ　　　ناف

استیلاء نقشبندیہ۔ چاہیئے کہ جلسہ جہد نشستیں کرکے اس طرح ہمیشہ ذکر میں مشغول رہے کہ زبان کو تالو سے چپکائے اور دم کو حبس کرے اور قلم فکر سے سر الف کو سر ناف سے داہنی پستان تک کھینچے اور داہنی پستان کو کرسی لا کے درمیان قائم کرے اور سر لام کو قلب تک پہنچائے اور الہ کو کرسی لا کے قریب جو پستان راست پر واقع ہے لکھے اور الا اللہ محمد رسول اللہ کو قلب کے متصل لکھے ایضاً زبان کو تالو سے ملا کر سانس کو نگاہ رکھے اور فکر کے ساتھ خطرۂ کلمہ طیب کو ۲۱ دفعہ کہے۔ صورت استیلاء نقشبندیہ یہ ہے۔

## مثنوی

بکن ذکر خفی چندانکہ گردی
کنی حاصل ز غیر دوست فردی
بکن ذکر خفی در ذکر خفی
نماند ذکر ذاکر نور گردد
ز غیرت غیر را در لا در آرد
مشو از نفی وا ز اثبات عاری
کہ آنجا نے فرو ہست و نہ بالا

کہ گردد ذات تو در ذکر مخفی
ز سرتا پا ہمہ مذکور گردد
نماند غیر الا ہو بر آرد
رخ دل سوئے بے سوئے قہاری
نہ آنجا جنت و نے عرش اعلیٰ

نہ آنجا شب بود نے روز روشن نہ آنجا گلخنے باشد نہ گلشن
نہ آنجا آدم و نے نقش ابلیس نہ آنجا ما و من باشد نہ تلبیس

جس وقت سالک اذکار وغیرہ سے فارغ ہو تو اشغال تصورات میں قدم رکھے پہلے اپنے مرشد کا کامل صورتا اور معنیٰ تصور کرے کہ انَّ اسرار الالہیۃ مقیدۃ بنقش المرشد یعنی اسرار آلہیہ صورت مرشد میں مقید ہیں پس چاہیئے کہ نقش مرشد کو کسی وقت اپنی نظر سے جدا نہ کرے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بھی اسی کی طرف اشارہ کیا ہے یعنی خَلَقَ اللّٰہُ اٰدَمَ عَلٰی صُوْرَتِہٖ اور باعتبار الانسان بنیان الترب کہ انسان سر اور صفت دونوں رکھتا ہے اس طرف نظر بصیرت سے دیکھے تاکہ بحکم اِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَا اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا مشاہدہ میں فنا ہو اور مرتبہ فنافی الشیخ ہاتھ آئے

بیت صورت مرشد کماہی ببیں آئینہ حسن الٰہی ببیں
سے تجلی جمال الٰہی ببیں گرفتہ زمہ تا بماہی ببیں

ایضاً جس وقت طالب برزخ صغرٰے اور کبریٰ سے قدم آگے بڑھائے کبھی کبھی قلم ذکر سے لوح قلب پر اسم ذات کا نقش جما کر تصور خاص اس قدر فکر کرے کہ متفکر نہ رہے۔ اور کبھی اسم بامسمیٰ دیدۂ بصیرت سے معائنہ کرے اور کبھی ایسا مستغرق ہو کہ مسمیٰ کو بغیر اسم پائے اور استیلاء ہستی میں ایسا محو ہو کہ موجود آنکا محض وجود رہے اور ہر شے لا اصل نظر آئے اور هُوَ الْاَوَّلُ هُوَ الْاٰخِرُ هُوَ الظَّاهِرُ هُوَ الْبَاطِنُ متحقق ہو۔ اس تصور کے اطوار والوان بے شمار ہیں مگر اُن سب میں سے ایک طور اتنا بڑھا ہوا ہے کہ سب کو مغلوب کر دیتا ہے جیسے آفتاب ستاروں کی روشنی کو ماند کر دیتا ہے اور آفتاب حقیقی طبیعت سالک پر اپنا پرتو ڈالتا ہے اور ثبوت ذات اور سقوط موجودات طالب پر بوجہ احسن ظاہر ہو جاتا ہے۔ شعر

نظهرن شمسا فغبت فيها اذا شرقت فذاك شرقي

جب آفتاب حقیقی روشن ہوتا ہے تو موجودات خارجیہ منتفی ہو جاتے ہیں اور جب ذات و صفات نظر کو قبول کرتی ہے۔ سارا جہان اپنی صفت کو قبول کرتا

سے اس مرتبہ میں سالک کی ہر آن ہر خاص و عام کی شان پر باعتبار ذات وصفات،
نظر رہتی ہے اس صورت کے ۶۶ عدد ہیں اور یہ اسم ذات ہے **تصور اسم**
**ذات** کا طریق یہ ہے کہ نقش اللہ کو دل، معدہ ہی میں بطریق مذکور برنگ آفتاب یا
ماہتاب لکھے اور اس تصور کے سوا اور کسی خیال کو پاس نہ بھٹکنے دے جب مشق
ہو جائے ظاہراً و باطناً اس پر نظر ڈالے رکھے کیفیت اور لذت اس ذکر کی کسب سے
معلوم ہوگی۔ ایضاً جس وقت تصور اسم سے مسمی کو حاصل کر چکے آگے قدم بڑھائے
تا کہ فناء الفناء اور بقاء البقاء سے حظ اٹھائے اور اسم اللہ میں جو کہ مثل آئینہ کے ہے
بعینہ ذات اللہ کا ملاحظہ کرے۔ بیت

در پس آئینہ طوطی صفتم داشتہ اند — آنچہ استاد ازل گفت ہماں میگویم

مگر عین عکس نظروں میں ہوتا ہے کبھی ناظر عین منظور عین ناظر اور کبھی ناظر و
منظور عین نظر آتے ہیں ٭ ذات اور عکس ذات نظر سے پنہاں ہو جاتا ہے کبھی
عیاں ہوتا ہے اور آئینہ جسم سے عین ذات کا ملاحظہ کرتا ہے۔ رباعی

در آئینہ گرچہ خود نمائی باشد — پیوستن ز خویشتن جدائی باشد
خود را بمثال غیر دیدن عجب است — ایں بوالعجبی کار خدائی باشد

جب سالک تصور مذکور سے فراغ حاصل کر چکے اطوار معیت قدم سے
دیدہ بصیرت کے ساتھ حق کا مشاہدہ کرے اور اپنے معلوم وہمی کو جس کو نظر سے
دیکھتا ہے پردۂ عدم میں معدوم دیکھے اور وجود اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
کو حاضر سمجھے کہ شَہِدَ اللّٰہُ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اس کا شاہد ہے اور ہر طرف دیکھے
اَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْہُ اللّٰہِ اس کی شہادت دیتا ہے اور جب اپنے اندر دیکھے
تو فِیْٓ اَنْفُسِکُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ کو پائے اور دیکھے کہ ناظر اور منظور دونوں متحد ہیں اور
وُجُوْہٌ یَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَۃٌ اِلٰی رَبِّہَا نَاظِرَۃٌ اَلَمْ یَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰہَ یَرٰی ناظر ہے جیسے ناظر
منظور کو اور نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ یا ھُوَ مَعَکُمْ اَیْنَمَا کُنْتُمْ کا ملاحظہ ہاتھ
سے نہ دے۔ جب یہ یقین جان لے کہ اب راستہ مل گیا اور راہ راست پر استقامت

---

٭ کبھی ذات آئینہ جسم میں نظر آتی ہے کبھی حجاب جسم عکس ذات سے آزاد ہو جاتا ہے اور کبھی آئینہ
جسم ذات کا ملاحظہ کرتا ہے ٭

حاصل ہو گئی کہ اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ سَیَھْدِیْنِ وَاِنَّ رَبِّیْ عَلٰی جَوَادٍ مُّسْتَقِیْمٍ تجلیات انداد اذہان کو نظر باطن سے دیکھے۔ شغل معین یہ ہے ح آن قم م سے مراد حاضر ہے اور آن سے ناظری اور م سے معی جب اس عمل سے گزرے تو اصول مشرب شطار میں قدم رکھے اور تحقیق مراتب الٰہی اور کونی کے مرتبہ جامع میں کہ جمع الجمع ہے تصحیح کرے کہ اسما کونی کا ظہور اسمائے الٰہی کے برابر ہیں معلوم ہو جے اشتمال الٰہی بصورت کونی ایجاب ہے اور بغیر اصول مشرب شطار کے کوئی وسیلہ زمول الی اللہ نہیں پایا جاتا اور نہ متحقق ہوتا ہے اور حالت وجدانی اس مشرب والوں کا سالک اتصال وانفصال ومشاہدہ ومعاینہ ومکاشفہ و درجات وغیرہ وغیرہ سے معرا ہے اور وہ بود وشہود اور علم اور نور سب معاً میں موجود ہے غیر میں نہیں ہے۔ نظم

زغیرت غیر را در دار نگذاشت　　نماند غیر الا موجد آورد

جس قدر حال اور صدق احوال کے لکھنے کی حاجت تھی لکھ چکا اب مشرب شطار کا حال دریافت کرنا چاہئے الّم ذات ذوالجلال والجمال سے ہے الف اللہ لام جلال میم جمال اور ذات حق صفت جلال اور صفت جمال کے ساتھ متصف ہے اور یہ مرتبہ مرتبہ ذات بسا میں نہ سمجھو الغنی ہے اور ذات حق پردہ جلال وعظمت میں محجوب ہے اور جمال کبریائی ظاہر ہے اور حضرت جلال کو اعلیٰ درجہ کا جمال اور حضرت جمال کو اعلیٰ درجہ کا جلال حاصل ہے۔ اور جلال جمال میں مندرج اور جمال جلال میں مندمج ہے۔ اور کبھی ذات اور مصدر جمیع اسمائے صفات بھی جلال میں داخل ہو جب حضرت جلال ظہور کرے جمال برزخ کرے تاکہ نور حضور اپنے ظہور کو فقدان سے خالی دیکھے اور جب حضرت جمال ظہور کرے جلال کو برزخ کرے تاکہ استیلائے ہستی کو فقدان میں ڈالے اور اس مرتبہ میں ذات تقدس وتعالیٰ کی تجلی ہوتی ہے۔

---

لے یعنی تجلیات الٰہی میں آئینہ اشکال میں ایجاب ہے ۔ سے مندمج ایک شے دوسری شے میں محو ہو جاتی ہے جیسے اگر شکر شیر میں اگرچہ اس کا اثر ذائقہ سے معلوم ہوتا ہے مگر بظاہر اس کا وجود محسوس نہیں ہوتا ۔ سے مندمج ایک شے دوسری شے میں ایسی محو ہو جاتی ہے کہ اس کی ذات محسوس ہو نہ صفات جیسے کہ مثل مشہور ہے ۔ آنچہ در کان نمک رفت نمک شد ۱۲ ۔

**نظم**

دریں جابیا بیش تر ہے جو دو شہ نفتہ اند　　　مست گردی بعین عین لا گفتہ اند

پھر ہم ان کے علم کو نشان دیتے ہیں، جب حضرت جمال بجمال آراستہ ہو نور اور تجلی ظاہر ہو کیونکہ حاجب ہے۔ اور حضرت جلال قرب اور بعد رکھتا ہے کیونکہ کاشف ہے اور دونوں دید بذات میں مستہلک ہیں۔ رباعی

بالائے نہ سپہر دو گوہر دو ترانند　　　کز نور شان در عالم و آدم منورانند

جستند و نیستند رہانند در آشکار　　　چوں ذات ذوالجلال نہ جسم و نہ جوہرانند

اب دو رمز سمجھنی چاہیئے میم جمال کو من کل الوجوہ برزخ اور تصور اور واسطہ اور رابطہ کہتے ہیں اور یہ چاروں [1] مرشد کے ہیں اور مرشد دو قسم پر ہے صغریٰ وکبریٰ اور میم جمال میں دونوں صفتیں قائم ہیں وحدت [2] صرفہ اور وحدت جامعہ صرفہ جانب ظاہر اور جامعہ جانب باطن صرفہ اور اکبر تمام ارواح۔ جامعہ والاصغر تمام اجساد۔ اور جو منجملہ اجساد کے انسان کامل ہوا اس نے آدم کا حکم پایا اور برزخ صغریٰ ہوا اور جب برزخ صغریٰ ہوا اکبر کو پایا اور اپنی اس یافت کی وجہ سے کبریٰ ہوا پھر بہر دو برزخ جامع حق ہوا برزخ کبریٰ اس سے یگانگی رکھتا ہے اور دو برزخ ان میں واسطہ نہیں ہے جو کچھ اجنبیت تھی جاتی رہی [illegible]۔ [illegible] کی معلوم کہ جس وقت سالک نے برزخ صغریٰ وکبریٰ کو ظاہر و باطن میں قرار دیا [3] دونوں صورتوں میں حق بین ہوا اور کمال طرفین حاصل کیا مگر خود کو [illegible] سمجھا کہ [illegible] اس نقصان کو [4] سے جبر کرے اور خلق آدم علیٰ صورتہ کا یقین ملاحظہ کرے تاکہ [illegible] ہوا اور وہ ہر ایک کے اندر ہے مگر کوئی کسی میں نہیں ایک ایک سے علیحدہ ہے جو کچھ اشارہ تھا عبارت میں آگیا اور عبارت علیحدہ اشارت ہے خلاصہ خاص ہے کہ وحدت خاص ہے اخلاص کے ساتھ جان [illegible] حق جب وصول اصل موصول ہو جائے تو تجلیات اسمائے

---

[1] یعنی مرتبہ وحدت اس سے حقیقت محمدیہ مراد ہے ۱۲ [2] یعنی مرتبہ وحدت کہ اس سے حقیقت آدم علیہ السلام مراد ہے ۱۲۔

[3] یعنی اپنے ظاہر کو برزخ صغریٰ اور باطن کو برزخ کبریٰ قرار دے ۱۲ [4] اس شغل کی صورت یہ ہے کہ الف سے مراد ہے اللہ کہ ذات حق تعالیٰ جو صفات جلال کے ساتھ متصف ہے اس کو اپنے باطن میں تصور کرے اور حواس کو بند کر کے ایسا ہی

بقیہ اگلے صفحہ پر

آلہی کا ملاحظہ کرے کہ متجلی اور تجلی دونوں تجلی واحد میں یا صفات کا ملاحظہ کرے جاننا چاہیئے کہ ذات احد صمد ہے اور جوف سے بری ہے۔ اور وہی احد تجلی واحد سے متجلی اور تجلی کہ ہے اسم ذات و اسمائے صفات ذاتی و تقدیسی و تنزیہی و ازلی و ابدی و سلبی و ثبوتی اپنے اپنے مرتبے پر مستور ہیں۔ تقدیسی اور تنزیہی میں فرق لفظی باعتبار اسماء کے ہے معنی کوئی فرق نہیں۔

اِس کا بیان سن۔ اسمٓ ذات بغیر ذات کے اور اسمائے صفات ذاتی بغیر صفات ذات کے مفہوم نہیں ہوتے اور اسمائے تقدیسی ورا ذات مقدس اور اسماء تنزیہی بغیر تنزیہی اور اسماء ازلی و ابدی بغیر لابدایت ولانہایت کے اور اسمائے سلبی بغیر سلبیت کے اور اسمائے ثبوتی بغیر اثبات کے نہیں ہیں تقسیم اسماء بھی باعتبار جلال و جمال و اشتراک کے ایک تفصیل رکھتی ہے۔ جو کچھ بیان اسماء کا تھا کیا گیا اب حالات وحدانی جاننے چاہئیں جاننا چاہیے کہ ذات کی تجلی ہوتے ہی متجلی اور متجلی لہ اور عین تجلی واحد ہو جاتے ہیں دیکھنا اور جاننا درمیان سے اٹھ جاتا ہے جب تجلی ذات ایک دفعہ جلوہ گر ہوتی ہیں تو کبھی ہست ہوتا ہے کبھی نیست اور کبھی باہم اور کبھی بے ہم جب تجلی صفات ظاہر ہوتی ہے سراسر ایک سر ظاہر ہوتا ہے کہ ہر مرتبہ میں ظہور

مستغرق ہو کر کچھ شعور باقی نہ رہے پھر جب اس مقام سے اترے تو کچھ شعور ظاہر ہو اس وقت مقام برزخ کبریٰ کو صورت صرف اور حقیقت محمدی ہے یہ تصور کرے کہ وہی ذات جو صفات جمال و جلال سے متصف تھی میرے باطن میں آئی اس وقت اپنے حواس کو معطل دے گھرا آنکھ بند رکھے یہاں تک کہ اس مقام میں سکون ہو جائے پھر جب اس مقام سے اترے تو اس وقت آنکھیں کھول دے جب سے مراد برزخ ہے پھر اپنے پیر پر تلوڈالے اور اپنے ظاہر کر کے برزخ صغریٰ اور صورت جامعہ اور حقیقت آدم ہے توجہ اس کے بعد جو صفت کہ ظاہر ہو جس سے مراد صفات سبعہ ذات آلہی سے ہے کہ اس کو بطریق قرب نوافل اپنے اوپر ثابت کرے کہ ساری شنوائی اور دانائی اور بینائی اسی کی جانے اور خلق آدم علیٰ صورتہ کو بعینہٖ معائنہ کرے تاکہ جمیع اسرار باطنی اس پر منکشف ہوں اور حقیقت انسانی سے ترقی پا کر حقیقت محمدی میں عروج کرے پھر اس مقام سے ترقی پا کر مرتبہ ذات مطلق پر پہنچے اس طریق سے مشغول کرے اور مراتب ترقی و تنزل کی سیر کرے ۱۲

حاشیہ سفو ہذا (۱) عنہ یعنی یہاں وجود مضاف بغیر مضاف الیہ کے نہیں ہے ۱۲ مترجم

اسی جسم سے مرتبط ہوتا ہے مگر غایت ظہور سے ظاہرا معلوم نہیں ہوتا۔ یہ مرتبہ دیکھے اور جانے نہیں جاتے۔ مگر نظر حق سے۔ جب تجلی ذاتی ہوتی ہے تو اس وقت شعور صفات ضروری نہیں۔ مگر جہاں تجلی صفاتی ہو وہاں شرط ہے کہ بغیر ذات کے نہ ہو۔ اور یہ مشغولی اس جماعت کی ایک طرح پر نہیں ہے کیونکہ یہ ذات و صفات میں محو ہے جو کچھ اسماء صفات اور اطوار حالات تھے لکھے گئے۔ اب طریق اشتغال علی الترتیب جاننا چاہئے ہر حال میں مراقب رہے اگر چاہے کہ نشان بے نشان کو اپنی شان میں نشان کرے الف و صاد کو مع جیم اپنے میں تصور کرے اور اس طرح مشغول ہو کر جو شئی حکم روحانی کا رکھتی ہے صفات رحمانی سے متصف ہو جائے اس صورت سے اَصَّ جَمْ اگر چاہے کہ مرتبہ تموین و تمکین ذاتی حاصل کرے چاہئے کہ صفات امہات میں مشغول ہو تجلیات مختلفہ سے محفوظ ہو اگر بے خود ہے باخود ہے اگر باخود ہے بے خود ہے ان تجلیات میں ایسی تجلی ظاہر ہو کہ باخود بے خود کچھ نہ رہے اور نابود ہمیشہ نابود ہو باقی حال عمل سے روشن ہوگا۔ ب بِنَغْ ا رحق مثات س حیث بم ع علیم ۱۲ لک الیم ی ح ق آید ذ غ ی ا م م رحمن ا ن ا غ ش ۱۰ د
اگر واصل اصل تقدس چاہے تو اس وقت گاہ بیگاہ اسمائے تقدیسی کا ملاحظہ کرے ۱۲ تاکہ الوان فعلی و انفعالی جو اس میں ساری ہیں مرتفع ہو جائیں اور ہمیشہ اس صورت سے متفکر رہے ب ا ص ق س س ھل د ی م ن ش۔

جب سالک پر تجلیات اسمائے مقدسہ ظاہر ہوں اور حالت بشریت مسلوب تو ہمیشہ اس کی نظر ورا الورا پر ہو مگر جو کچھ نظر آئے اس کا متلاشی ہو لیکن اس تلاش میں اپنا شعور باقی رہتا ہے اور یہ ورطہ سخت ہے اس سے باہر نکلنا مشکل کام ہے۔ چاہئے کہ روشنی قلب سے اسماء تنزیہی کی اس صورت سے فکر کرے کہ سوائے عظمت ذات کے بینندہ و دانندہ دونکا بالکل شعور نہ رکھے ب ا ص ع ل ج ح م ع د م د ق ھ ن ش۔ اگر سالک چاہے کہ اپنے کو بے نشان دیکھے خلا اور ملا اس کی آنکھوں سے دور ہو جائے تو اس وقت اس کو چاہئے کہ اپنے اختیار سے ناپیدا ہو کیونکہ پیدائی

---

لہ صورت اس شغل کی شکل صفات تقدیسہ معلوم کرے ۱۲۔

اور نہ پیدائی سب تجھ ہی سے پیدا ہے اور وہ ظاہر و باطن ہویدا۔ پس اس وقت معنا سمائے ابدی میں مشغول ہو اس صورت سے ب اص ادا اب ظک ب م درن ح ن ش اور جب تمام عوائق اور علائق سے آزاد ہونا چاہے اور سوائے اس کے اور کوئی صورت محوظ خاطر نہ ہو تو جو کچھ غیر ہو اس کے سامنے سلب ہو جائے جو کچھ ذات میں دیکھے ایجاب پائے۔ تمام اسمائے ایجابی کو مرتبہ سلبی میں سلب دیکھے اور تمام مراتب سلبیہ کو اپنی جگہ میں پائے اس وقت اس کو چاہیئے کہ اسمائے سلبی میں مشغول ہو اس صورت سے ب اص ح ع م ق ع دق ح ن ش جب سالک چاہے کہ اسمائے ثبوتی[1] کو عالم شہادت میں مشاہدہ کرکے اور انفعال کا اثر اس میں مؤثر نہ ہو اور ہر شئے میں متصرف حقیقی کا تصرف معائنہ کرے اس کے سوا کسی کو متصرف نہ دیکھے تو اسمائے ثبوتی میں مشغول ہو اس صورت سے ب اص م م ح ب دق ح ن ش۔

| | |
|---|---|
| ب اص م غ ق د ر ق ح ن ش | ب اص د و ح م م دق ح ن ش |
| ب اص ک ق ب م ر دق ح ن ش | ب اص م م م و م دق ح ن ش |
| ب اص م م ح ہ ش دق ح ت ش | ب اص م و ب ت م دق ح ن ش |
| ب اص ح ح غ م ح دق ح ن ش | ب اص ع ر م ر م دق ح ن ش |
| ب اص ل ع ب م د ح دق ح ن ش | ب اص م م ض ن ن ر ق ح ن ش |
| ب اص د م ب ش ح دق ح ن ش | ب اص ر ح ب د ص دق ح ن ش |

جب صوفی باصفا یعنی سالک مسالک مرتبہ جمع الجمع دریافت کرنا اور اس مرتبہ پر پہنچنا چاہیئے تو اسم جامع[2] میں مشغول ہو اس لئے اس کی ذات غیب مطلق اور

[1] اسمائے ثبوتی کے ذکر کے دو طریقے ہیں اوّل یہ کہ اپنے آپ کو ہر صفت موصوف کرے یعنی تمام لوازمات ملکی کو اپنے میں لیکے اپنی سلطنت خداداد پر متصرف ہو جائے اور پھر جس صفت پر پہنچے اور جو آئندہ مفہوم ہو اور اس کا لحاظ کرے اس سے اپنے کو موصوف کرے دوئم یہ کہ ہر مقام پر اسم ذات کو ایک صفت سے موصوف کرے جو اس مقام کے مناسب ہے مثلاً اللہ باللہ مُہَیمِنُ اللہُ خَالِقُ اللہُ بَارِیُ۔ اللہُ شَاھِدٌ اللہُ نَاظِرٌ علی ہذا القیاس یہاں تک کہ اسم ذات کو جمیع صفات موصوف کرکے فقط اسم ذات پر آجائے اور سوائے جلوۂ ذات کے کچھ نہ دیکھے ۱۲ [2] شغل جامع کی صورت لفظیہ اگلے صفحہ پر

شہادت مطلق کی جامع ہے طریق شغل یہ ہے۔ ب ا ص ج ظ ب د ق م ن ش
اگر سالک مراتب احدیت اور وحدیت اور واحدیت اور شیون اسمائے الٰہی
اور اعیان ثابتہ کی تحقیق کرنا چاہے کہ انہوں نے تطل وحدت ثانیہ میں حسن غیب و
شہادت کے ساتھ پوری طرح تفصیل کیونکر پائی اور تجلی ذات وصفات عین وجود
میں ہے (یعنی فی نفسہ ھُوَ ھُوَ کے درجہ میں قائم ہے۔) یا تکوین کے تحت میں صورت
پذیر ہے۔ تو چاہیئے کہ دوازدہ رکن ظاہری و باطنی میں مواظبت کرے اس طرح کہ اصول

(بقیہ حاشیہ) یہ ہے کہ پہلے اپنے طریق تصور و معنی کو بہ زرخ صغریٰ و کبریٰ کرے اور اسم ذات کو جو غیب و شہادت دونوں کی
جامع ہے اپنے میں پیدا کرے پھر نگاہ پھیر کر گوشہ چشم سے موجودات کی طرف دیکھے اور جمع کا مرتبہ فکر میں لائے کہ یہی ذات
جامع تمام اشیاء میں ظاہر ہے اس کے بعد آنکھیں بند کر کے مرتبہ جمع الجمع کا دل میں ملاحظہ کرے کہ تمام اشیاء اسی مرتبہ
میں فانی ہیں، تاکہ نتیجہ کُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ کا حاصل ہو ۱۲۔

حاشیہ صفحہ ہٰذا: سلہ دوازدہ رکن جلی کے شغل کا طریقہ یہ ہے کہ مربع بیٹھے اور سینہ کو ابھار کر دونوں پھیپھڑے کو کہ (لا) کو زبان سے کہے
اور حرکو ناف کے نیچے سے اوپر کو کھینچ کر حبس دم کر کے دماغ تک پہنچائے مگر ہو کے کھینچنے میں شدت نہ کرے کہ جو شت
رکن میں مذکور ہے اور اللہ کو ان صفات سے متصف کرے اور اسی طرح ہر ایک صفات کا ذکر کرے اور یہ ذکر مفہوم
ملاحظہ کے ساتھ ہو اس طرح کہ اول اسم ذات کو کشش حبس دم کے ساتھ کرے اور ہر صفت سے موصوف کرے اس سند
سے کہ اللہ کہ سمیع است۔ اللہ کہ بصیر است اسی طرح شاہد تک پھر شاہد کو تمام صفتوں سے موصوف کرے دوسرا طریقہ یہ ہے
کہ اسم ذات کو صفت بہ صفت متصف کرے اس سند سے کہ اللہ کہ سمیع است۔ سمیعے کہ بصیر است۔ بصیرے کہ علیم است
علیمے کہ کلیم است۔ کلیمے کہ حی است۔ حی کہ حلیم است۔ حلیمے کہ دائم است۔ اسی طرح شاہد تک پہنچائے پھر شاہد کو تمام صفتوں
سے موصوف کرے مگر اس نزول میں شاہد کو صفت بہ صفت موصوف نہ کرے بلکہ اسی طرح کرے شاہد کہ حاضر است شاہد کہ
قائم است اسی طرح سمیع تک۔ تیسرا طریق یہ ہے کہ تمام صفتوں میں سے ایک صفت کو مقدم کرے اور اس کو تمام صفتوں
سے متصف کرے اس سند سے اللہ کہ سمیع است۔ سمیع است کہ بصیر است۔ بصیرے کہ سمیع است۔ بصیرے کہ علیم
است اسی طرح شاہد تک پھر شاہد کو تمام صفات سے موصوف کرے چوتھا طریق یہ ہے کہ اسم ذات کو ایک ایک صفت
سے متصف کرے اور جب صفت عالی پر پہنچے اسم ذات کو اس صفت سے متصف کر کے کشش کو ام الدماغ تک پہنچائے
اور سانس چھوڑے تو خود ان صفات سے متصف ہو جائے پانچواں طریق یہ ہے کہ ذکر و فکر میں مشغول ہو کر حبس دم

ظاہری (یعنی ارکان ظاہری) سے قدم معرفت کے ساتھ معارج صفات پر عروج کرے اور شاہد تک پہنچے (اور وجود کو عین شاہد دیکھے اور اپنے سے فانی ہو جائے پھر عین شاہد سے مراتب باطنی میں (کہ برزخ ہے) دقیقۂ تحقیق کے ساتھ نزول کرے اور اصل سے واصل ہو (طریق نزول میں یہ پہلا تنزل ہے) اور عروج و نزول کے طریقہ کا خیال رکھے۔

ب ا ص ت و ت     ث ت ف م م

نیز اں بارہ رکنوں میں بارہ شغل ہیں جو مرشد کامل (عامل) سے روشن ہوں گے ان سے ورد ذکر و دو فکر بارہ رکن کے تحت میں یہاں بھی بتفصیل ذکر کئے جاتے ہیں سند ذکر یا ہر رکن میں حبس دم کرے اور باقی ارکان سے متصف ہو کر صفت کمال کو موجود دیکھے (مثلاً اوّل رکن میں حبس دم کرے۔ تو باقی گیارہ رکنوں سے متصف ہو کر صفت کمال کو موجود دیکھے اسی طرح دوسرے رکن میں حبس دم کرے۔ وعلیٰ ہذا) ایضاً حبس دم کرے اور ایک ایک رکن کو بارہ رکنوں میں سے ورد زبان کرے اور برزخ کا تصور باندھے اس طرح کہ اس کا نقش آنکھوں میں کھنچا رہے اور اتنا ذکر کرے یعنی رکن کی اتنی تکرار کرے کہ زبان بند ہو جاوے اور فکر تک نہ رہے۔

****

---

بقیہ حاشیہ۔ سے کسی صفت کا صفات میں سے ورد کرے اور آنکھیں بنظر مرشد میں کھلی رکھے یا اس صفت کے معنی سے اپنے آپ کو متصف کرے یا ہستی مطلق پر نظر رکھے کہ ما لا مال ہے ۱۲۔

سند فکر | چاہیئے کہ سراپا یہ امہات فکر کو بقدر حصول مراتب تصور کرے (یعنی صوفی جس مرتبہ میں ہو اپنے مرتبہ کے موافق تصور کرے من اللہ یا باللہ یا مع اللہ حضور رکھے

ایضاً سراپا یہ ذاتی کو وحدت وجود کے ساتھ موجود جانے اور مراتب تفصیل معلوم کرے کبھی قرب نوافل کبھی قرب فرائض، اور کبھی نہ زدہ نہ یہ بے بیان عین عیان دیکھے گا

اگر سالک چاہے کہ تنزل کے تمام مراتب اس کے دیدۂ بصیرت میں نہ گزریں اور فقط ذات کُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ کو اپنے عین کے مواجہ میں پائے اور استغنا ذات کا ذات کے ساتھ دیکھے نہ غیر کے ساتھ (اس شغل میں ایک حالت ایسی پیدا ہوتی ہے کہ ہستی مطلق کو تجلیات ذاتی و فعلی کے ساتھ مختلف رنگوں سے رنگین دیکھے گا مگر اس مشاہدہ میں سوائے ہستی راصرف کے جو تجلی بذات اور اسماء و صفات سے مستغنی ہے کوئی اثر انفعالی نہ ہوگا) تو چاہیئے کہ بارہ رکنو، میں عمل کرے جو اشغال، اول مذکور ہوئے ہیں وہی اس میں بھی منظور ہیں ان میں سے ایک ذکر اور ایک فکر لکھا جاتا ہے

سند ذکر ۱ یہ ہے کہ ناف کے نیچے سے ہو نکالے اور اس ہو میں ارکان مذکورہ کا تصور کرے ام الدماغ تک پہنچائے جب وہاں قرار پکڑے تصور کو چھوڑے اور صدائے ہو کی سنتی میں، ھو کا فکر کرتے ہوئے صعود کرے عین ھو ہو جائے گا۔

سند فکر ۲ یہ پایہ اسمائے مربوطہ کا علی وجہ التحقیق ملاحظہ کرے سے عجب ہمہ اکبر

اگر صوفی وقت چاہے کہ لطیف و کثیف کا جو بند ظاہری میں پائے بند سے پہچانے

شعر

زاں سوئے لامکان وزیں سوئے کائنات ؛ پیوند ایں دو واسطہ کامگار ہیست

چاہیئے کہ شغل ملفوف میں مشغول ہو لفت لغت میں لپٹنے کو کہتے ہیں تو یہاں اس کو کیا مناسبت ہے ؟ اس کی وجہ مناسبت بالترتیب بیان کی جاتی ہے۔ جاننا چاہیئے کہ یہ وجود موجود جب کتم عدم میں تھا تو عالم کے اعتبار سے نابود اور معلوم کے اعتبار سے نابود تھا جب فیض عالم سے علم اور معلوم دونوں کا ظہور ہوا تو وجود معلوم ظاہر ہوا نیز جاننا چاہیئے کہ وجود عالم ہمیشہ سے نابود ہے اور وجود معلوم ہمیشہ نابود اور علم عالم اور معلوم کے درمیان ایک واسطہ ہے گویا وجود معلوم کی ہستی وجود عالم سے منصور ہے اور وجود عالم عین وجود ہے۔ جب وجود معلوم میں خوب غور کرے گا تو یہی وجود عالم وجود معلوم حقیقت اضطرار اور افتقار اور خرق اور التیام کو قبول کرتا ہے اور یہ وجود اسماء پر عارض ہے مگر بلا اسمائے نمود اور بلا وجود کے وجود غیر ممکن ہے۔ اس کی ماہیت اور حقیقت سمجھنا چاہیئے کہ حق تعالیٰ کا بے خلق کے ظہور نہ تھا اور خلق کا بے حق کے وجود نہ تھا یعنی ظہور کے اعتبار سے خلق عیاں تھی اور حق نہاں اور بطون کے اعتبار سے حق عیاں ہے اور خلق نہاں ، خلق کی سیر کرے گا تو حق کی طرف دیکھے گا اور جب حق کی سیر کرے گا تو خلق کی طرف بہتر پائے گا پس مضمون فَتَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ ظاہر ہوگا۔ (جب یہ امتیاز فیما بین علم و معلوم و خلق و خالق معلوم ہو چکا تو جاننا چاہیئے کہ) اس کی بنیاد دو نہاد (یعنی خلق کی بنیاد)

---

۱ یعنی وجود خارجی سے معدوم تھا نہ معدوم مطلق کہ وصف شرک ہو۔ باری تعالیٰ جیسے تھا یعنی ہستی حق کے ۔۲ علم حق میں تھا

یعنی ۳ تھا اور عالم کے اعتبار سے یہ معنی کہ ذات عالم ہستی عالم تھی۔ ۴ یعنی وجود خارجی سے نابود تھا۔

بنیاد الترب ہے اور سر اور صفت عین حسن مجاہد ہے جس طریقہ سے جانے گا پانے گا الا
اصل کی ماہیت اس اشارہ سے معلوم کرنی چاہئیے۔ اشارہ یہ ہے۔

ن ی ع م ک ہ ق ب ل ف ک م ن ہ

(علی الاعلیٰ، علم العلیم — علی الاعلیٰ، علیم الاعلم، کبیر الاکبر، قرب الاقرب، لطیف الالطف، کریم الاکرم، نور الانور)

دوسرا طریق ا ت ان ذم م ی ہم ع م اگر سالک ارادۂ باطنی چاہے
تو اخوات میں قدم رکھے تاکہ حقائق اشیاء جو اس کے ضمیر یعنی دل میں چھپی ہوئی ہیں
ظاہر ہوں اور ان کے ساتھ ہمدمی حاصل ہو۔ اخوات کو اخوت سے لیا ہے اور اسماءؑ
میں اگرچہ تضاد کی نسبت ہے مگر اصل کے اعتبار سے اخوۃ رکھتے ہیں۔ ظہور تجلیات
مختلفہ کے اعتبار سے ظاہر و باہر میں (یعنی اسماء میں تضاد کا بالاعتبار اور اخوت کا بالاصل
ہونا اس سے ظاہر ہے کہ تجلیات کا ظہور مختلف طریقوں سے ہوتا ہے اور تجلی من حیث
التجلی ایک چیز ہے) اے مدقق جب تک تو محقق نہ ہوگا تجھ سے معرفت کا حق ادا نہ
ہوسکے گا اور جب تک تجھ کو کامل معرفت نہیں حاصل ہوگی اور کیفیت ازل عیاں نہ
ہوگی۔ ہر شے کے حقوق کا ان کے محل میں پہنچنا بہت مشکل ہے واضح ہو کہ ہر مرتبے
کے لئے ایک مرتبہ معلوم ہے خواہ تجلی ذات کے ساتھ ہو خواہ تجلی صفات کے ساتھ
اگر یہ نہ ہو تو مراتب اور مقامات کا طے کرنا اور تجلی ذات و صفات کسی مقرب کو حاصل
نہ ہو۔ ملک سے مرتبہ احدیت تک ہر مرتبہ اپنی ایک صفت خاص کے ساتھ موصوف
ہے اور بقدر تقید مراتب علمیہ اور عینیہ کی صورت میں متجلی ہوتا اور ہر مرتبہ میں شہادت
مشہود کے سوا نہ فقدان ہے نہ وجود نہ عین نہ غیر مرتبہ شہادت کے سوا کوئی مرتبہ حسن
غیر نما نہیں اور تمام مراتب بہ نسبت عالم کے ہیں اور شہادت اور یہ نسبت معلوم۔

---

لہ اعلیٰ الاعلیٰ عروج ہے اور اعلیٰ الاعلیٰ نزول اسی طرح عالم العلیم عروج ہے علیم الاعلم نزول الخ ۱۲۔

لہ جیسے تو اور میت اور رحیم اور قہار وجود کے اعتبار سے اشیاء ہیں اور مرتبہ ذات میں حی عین میت ہے اور رحیم
عین قہار اور اس مرتبہ کو شیونات ذاتیہ کہتے ہیں۔

اور ظاہر باطن اسماء کے ساتھ ہست نما ہیں ذات مطلق بلا کسی سبب کے بے صفت
معصمت ہے اور وجود قابلیت اسماء کے سبب محل ومقادیر میں متجلی ہے۔ حکمۃ
اور ہر شئے کا ظہور صور اسماء میں ہے اور رنگ ملاحت وجود سے منظور۔ اور طلعت
وجود نہ ہو تو نیست ہست نما بنجائے اور قابض ومقبوض کی صفت پر نہ ہو کیونکہ یہ
عارض وجود ہے عوارض اسماء کے سبب معروض تجلیات اسماء سے متجلی ہے اگر اسما[1]
نہ ہوں معروض کا نشان نہ رہے اور اسماء ہر آن آپس میں الٹتے پلٹتے رہتے ہیں اور
ایک کو دوسرے پر غلبہ بھی ہو جاتا ہے ان کو کسی صورت قرار نہیں اور اسماء کی صورت
انشیا کونی کی سی ہے اگر اشیاء پردہ انداز نہ ہوں تو اسماء کی تجلیات مختلفہ ہرگز ظاہر
نہ ہوں وہ حسن ملاحت میں اور یہ وصف عروض میں سرگرداں ہے۔ اے عقلمند طالب
اگر عقل رکھتا ہے تو بود اور بودن۔ اور بودگی اس میں سمجھ۔ اور بود ونابود ہمیشہ،
ظاہر وباطن اسی کی بودگی میں جان۔ معدوم میں بودگی جاننا زیبا نہیں۔ بود کی بودگی
دریافت کرنا زیبا ہے اور جہانیاں میں نظر کر کہ جو کام ہے بجز کار دار کے نہیں۔ ہر
کام اور ہر فعل اسماء سے جاری ہے اور تمام صفات فعلی خطا اور عطا میں اختلاط بھی
رکھتے ہیں اور خود میں قولاً وفعلاً محجوب ہوتا ہے کہ فاعل کو نہیں دیکھتا اگر فاعل کو بجائے
فعل کو دیکھے کہ بغیر تصرف متصرف کے تصرف نہیں ہوتا اس کی ترتیب معلوم کرتا کہ
غلطی میں نہ پڑے۔ ان فی هذا الشغل یکون تسعة وتسعون ملاحظة وفی کل
ملاحظة تسعة ابطن یعنی اس شغل میں ننانویں ملاحظے ہیں اور ہر ملاحظے میں ۹
بطن ہیں حاصل یہ کہ اسماء توفیقی ننانویں ہیں اور ہر اسم کی ترقی وتنزل کے اعتبار
سے ۹ بطن ہیں۔ اس اشارہ سے سمجھے کہ ذات حق تعالیٰ کی نو صفتیں ذاتی ہیں اور
نو میں سے ایک تو تحقق عظمت میں ہے اور دوسری کمال کبریائی میں اگر یہ دونوں نہ
ہو تو یہ ساتوں منور نہ ہوں۔ اگر یہ ساتوں نہ ہوں تو دوسری صفتیں ظاہر نہ ہوں
اس اشارہ سے بنظر تحقیق دیکھ ص ح ع ق م ک ب س جو چیز پردہ ہائے

---

[1] یعنی اگر اشیاء کوئی مظہر نہ ہوں تو اسماء کا ہرگز ظہور نہ ہو اگر آئینہ نہ ہو عکس مشہود ہرگز شاہد نہ ہو ۱۲۔

عزت دیعنی شیونات ذاتیہ) میں سے ظاہر ہوتی[1] ہے فعلی ہو یا انفعالی اگر سالک مجذوب ہے تو اس کی خلوت گاہ ہبوط و صعود میں بآزار و بے آزار ہوتی ہے جو کچھ دیار دیار عیار میں ہو قطع اشارت سے پہچانتے اور اگر مجذوب سالک ہے تو اوّل اس پر سالک کا حال تمامہ صادق آوے گا اور افعال و احوال میں محقق اور مدقق ہوگا۔ اور اگر مجذوب مجرد ہے تو اسمائے افعالی کو وجود مطلق کے ضمن میں تصور کرے ہر آن کچھ نظر آئے گا متلاشی پائیگا اور کُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ کا ظہور ہوگا اگر سالک مجرد ہے اسماء صفات ذاتی و افعالی کی یاد میں رہے اس کو مغفرت نصیب ہوگی۔ اور جس صفت افعالی کو صفت ذالی سے قریب سمجھے اس کو مبداء بنائے پھر صفات مذکورہ میں ترتیب دے۔ اس ذکر میں اس طرح متفکر ہو کہ ذکر مذکور ہو جائے اور مذکور ذاکر۔ پھر اس مرتبہ میں قدم رکھے کہ ذاکر مذکور کچھ نہ رہے اور اللہ الاحد اور اللہ الصمد اس کے حال کا شاہد ہو جائے۔ شغل اخوت یہ ہے۔ ق ذ ح ق ظ ب ح ق ف ھ ب ث جب اخوت تجھ پہ غالب ہوں یعنی استیلا ہستی کا ظہور ہو تو اثر ہستی تجھ کو نیست کر دے اور جب تو اس درجہ میں قدم رکھے اگر بغیر ارادت کے ہے تو مرتد اور زندیق ہو جانے کا گمان ہے کیونکہ خلوت در انجمن ایک ذات ہونے کو کہتے ہیں (اور سہ پایہ میں ظہور کا اشارہ ان تین حرفوں سے کرتا اس طرح سے ہو سکتا ہے کہ ان کی اضافت ذات کی طرف کی جائے، اس جگہ پر دیدۂ بصیرت سے دیکھنا چاہئیے کہ ذات ذات سے ظاہر اور ذات ذات سے ناظر اور منظور ہے اور شاہد اور مشہود کو عین مشہود ملاحظہ کرے۔ خلوت در انجمن یہ ہے ج ن ش جب سالک اپنے حال پر وثوق پائے تو کبھی کبھی اپنے طور پر ترقی اور تنزل پر نظر کرے اور تعلقات جہت صفات ذاتی کا پنج مراتب میں نگران رہے اور صفات

---

[1] یعنی تجلی وجود میں مغلوب ہے اور سوائے ایک وجود اس کے شہود میں نہیں ہے۔ نیز جاننا چاہیئے کہ محققین کی اصلاح میں اس کو فنا نہیں کہتے ہیں کہ شہود حق اس پر غالب ہو اور حق سبحانہ کو ہر دیکھے اور خلق کو باطل۔ گویا خلقت اس کی نظر میں شی ... کے ہو ...

افعالی اور جو اوئی اس کے تحت میں ظاہر ہو اس کو عیاں دیکھے اور جو کچھ اسم اور رسم سے حاصل ہو اسی طرح ہر مرتبہ میں نظر کرے عکس این۔ آن۔ اور عکس آن این۔ اگر سالک اس عنوان سے کامل نہ ہو تو یقین جانے کہ اس کے مراتب میں نقصان ہے مراتب خمسہ یہ ہیں جو ہیں جب صوفی صفائی قلب کرے گا اور تمام جہان کو خدا دیکھے گا اور کسی مرتبہ میں ظاہر و باطن زنگار کا نشان . نہ پائے گا تو جاننا چاہیے کہ اب عین اور عکس عین سالک پر عیاں ہے اور شاہد اس کا محبوب ہے یہ رب ردحی ہے اور وہ رب الارباب۔ اس کو چاہیے کہ ہمیشہ ہر باب میں دوام خیال۔ باخیال رہے تاکہ ظاہر و باطن خبر حال سے مطلع ہو۔ اس اشارہ پر ہوشیاری چاہیئے۔

جس وقت سالک تمام مقامات طے کر چکے اور کمند جذبہ کے ذریعہ سے مراتب علیا پر پہنچے تو پھر از سر نو طریق سلوک میں قدم رکھے اور سرے سے طریقت کو انجام دے اگرچہ حالت جذب میں تمام مراتب طے کر چکا ہے اور یہ اس خیال سے ہے کہ ایسا نہ ہو کہیں بیوقوفی اور غلطی واقع ہو اور ہر مرتبہ کو اس کے محل اور موقع میں رکھے یہ ہے۔

ب اص م م م م م م اے سالک مالک جب تو نے ملک جاوید پالیا اور عین کو دریافت کر لیا تو اب ہوشیار رہ کہ مملکت میں بیداری اور غفلت نہ ہو جائے اور کارخانہ پر نظر رکھ کمال ہوشیاری کے یہ معنی ہیں کہ بادشاہ کی ولایت میں باغی نہ گھسنے پائے اور نہایت ہوشیاری سے آداب باطنی سے خبردار رہو ت ت ا د م م م م م م۔

اے راہ کے تحقیق کرنے والے ہر دم ہر قدم آگاہ رہ اور سمجھ کہ عالم علم میں ہے اور علم قائم بالذات ہے جب علم کا معلوم سے تعلق ہوا عالم وجود میں آیا یہ عالم میں ہے اور عالم قائم بالذات اس میں ایک لطیف معنی مضمر ہیں ابھی عالم علم میں ہے اور علم عالم میں یہ شہود ہستی وجود کو عارض ہے اور معروض مستقیم (یعنی بذاتہ قائم ہے) گویا اس معلوم کا علم عالم کا علم ہے تو عالم و معلوم دونوں کو ایک قبیلہ علم سے سمجھنا چاہیئے جب یہ فکر مستحکم ہو جائے تو سمجھ لے کہ ہر دم و ہر قدم سفر در

وطن حاصل ہوا کیونکہ عالم کا آئینہ معلوم ہے اور معلوم کا آئینہ عالم اور عالم و معلوم دونوں آئینہ علم میں حسن و طراوت نما ہیں ع ۴ اے سالک راہ آگاہ ہو کہ اس راہ کے چلنے والے تین فریق ہیں ایک اہل شریعت دوسرے اہل طریقت تیسرے اہل حقیقت. سالک شریعت حسن مجاز میں ہیں امر کے مامور ہیں دل میں دو وجود کو قرار دئے ہوئے ہیں مگر اعتقاد یہ رکھتے ہیں کہ لا تحرک ذرۃ الا باذن اللہ یعنی کوئی ذرہ بغیر حکم خدا کے حرکت نہیں کرتا اور اپنے آپ کو فعل میں مختار مانتے ہیں اور سالک طریقت دونوں کے مواہب میں رہتے ہیں ظاہر و باطن احکام شرع کے تابع ہیں اور باطنا یعنی اعتقادا فاعل حقیقی کے سوا دوسرے پر نظر نہیں ڈالتے قل کل من عند اللہ (یعنی کہہ دے اے محمد سب کچھ اللہ کی جانب سے ہے۔) ان سے بے اختیار سرزد ہے اور سالک حقیقت گمان ہستی سے بے گمان ہیں۔ ہر وقت تقدیر و تسلیم پر جمے ہوئے ہیں کہ پھیرنے والا جدھر پھیر دیتا ہے اسی طرف پھر جاتے ہیں شعور بشری کے پاس نہیں ہوتے۔ کُلُّ شَیءٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَہٗ فارغ ہیں اختیار سے اور بے اختیار میں تصور اور تصدیق سے معلوم کر اور اس پر عامل ہو کہ ذات مرتبہ جمع میں جہاں کے اندر تجلی اسماء میں مسلوب ہے بحکم من عرف ربی پہنچی اس کے دریافت کرنے کا دستور ہے جو کچھ مرتبہ جمع میں پوشیدہ ہے وہ مرتبہ جمع الجمع میں اتصالاً و انفصالاً ظاہر و باہر ہے جو جمع الجمع میں تقید کے درجہ میں ہے وہ احدیہ مطلقہ میں عین اطلاق ہے۔ اس معنی سے تینوں مرتبے مرتبط ہیں شغل کا طریقہ مرشد کامل سے دریافت کرے اور وہ تین مرتبہ یہ ہیں۔ سیر الی اللہ۔ سیر مع اللہ۔ سیر فی اللہ پہلی شکل کا طریقت پر چلنے والے کے لئے شرط ہے کہ صفحہ دل غبار غیر اور صحبت غیر سے پاک رکھے اور بے غل و غش کلمہ طیب کے ذکر میں کہ توحید صرف ہے مشغول ہو اور مراتب کے طے کرنے میں ہر مرتبہ پہ کلمہ طیب کے معنی کا ملاحظہ کرے جیسا اس منزل کے مناسب ہو اس میں غلطی نہ کرے۔ جب تلوین میں پہنچے کچھ دم الوان کرے جب تمکین میں ہو ظاہر و باطن ایک کو دوسرے سے الگ دیکھے تا کہ اس کا معائنہ غیب شہادت یعنی ظاہر و باطن

میں برابر رہے اس لئے کہ نفی واثبات بلاتشبیہ وتعطیل کے نہیں ہے مگر اس مقام میں نہ تشبیہ ہے نہ تعطیل کسی کا بھی گزر نہیں۔ ذات کی تجلی ذات ہی کے ساتھ ہے چنانچہ کہتے ہیں اذا تجلّی اللہ تجلی لذاتہ بذاتہ فی ذاتہ من ذاتہ الی ذاتہ علی ذاتہ اور جب تک شرک جلی وخفی سے رہا نہ ہوگا یہ حال حاصل نہ ہوگا اس لئے کہ شریعت میں دو معبود اور طریقت میں دو موجود اور حقیقت میں ایک وجود جاننا اور حقیقۃ الحقیقہ میں ایک ہونا کفر ہے۔

چنانچہ حضرت نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام سے مروی ہے الشرک فی امتی اخفی من دبیبۃ النمل علی الصخرۃ فی لیلۃ مظلمۃ (یعنی میری امت میں شریک چیونٹی کے اندھیری رات میں پتھر پر چلنے سے زیادہ پوشیدہ ہے) اور یہ بغیر طہارت طریقت کے حاصل نہیں ہوتا یعنی کلمہ طیب سے کہ شمشیر آلٰہی ہے ماسوا کو قطع کرے تاکہ مقصد دلی کو پہنچے اور اپنی خودی سے گمنام ہو جائے اس شمشیر کے سوا مبارز غیب وشہادت نہیں ہے۔ اس دیار میں جتنے اغیار ہوں ان کو عین سے دور کرے اور اس دیار میں جو کچھ غبار غیر کہ اَفَرَاَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوَاهُ ہو اڑادے اور معارج مراتب یعنی ترقی مدارج کے طریق سے مطلع ہو اوّل تیغ لا سے تمام بطلان کی نفی اور واجب الوجود کا اثبات کرے جب یہ حالت تمام اوقات میں قرار پا جائے دوسرا ذکر انتیار کرے وہ یہ ہے کہ تیغ لا کے دو رخ ہیں ایک رخ دنیا کی طرف دوسرا عقبیٰ کی طرف تو چاہیئے کہ دونوں کی نفی ایک دم سے کردے اور وجود صمد کو ثابت کرے جب یہ حال اس پر غالب ہو جائے تو آگے قدم رکھے وہ یہ ہے کہ تیغ لا کو عین کے حوالے کرے جو کچھ نظر آئے اس کی نفی اور عین کا اثبات کرتا رہے ہر دم اسی فکر سے ہمدمی رکھے یہاں تک کہ جہاں نظر سے چھپ جائے اور عین عیان عین سالک ظاہر ہو۔ جب اس مرتبہ میں مستعد اور مکمل ہو جائے آگے قدم بڑھائے جو کچھ پہلے عین نفی تھا اس کے عین کا اثبات کرے کیونکہ ثابت اور مثبت اپنے اصل کے اعتبار سے عین واحد ہیں نہ غیر کے اعتبار سے اور وحدت میں ظاہر اور واحدیت میں

مقید ہیں اور حضرت ذات کا تجلیات میں شل نہیں ہے چنانچہ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَ هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ تقید و اطلاق دونوں مرتبوں میں یکساں ہے اس سے نتیجہ معلوم ہے کہ نفی فی النفی اثبات فی الاثبات ہوتا ہے تو نفی عین اثبات ہوئی شکل یہ ہے۔

**دوسری شکل** اے طالب صادق جب تو نے راہ صدق اختیار کی تو اچھی اچھی خصلتیں اور عمدہ عمدہ افعال پر مستحکم ہو تاکہ تجھ کو تمام جہاں کی معرفت حاصل ہو اور اس کو پہچان جو ہر طور کے اطوار کو جانتا ہے جب تک عارف بالنفس اور عارف بالذات نہیں ہوتا محقق نہیں ہوتا اور اصل سے بھی واصل نہیں ہوتا۔ اللہ کا پہچانتا دین کا پہچاننا ہے اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ اور نفس کا پہچاننا رب کا پہچاننا ہے مَنْ عَرَفَ نَفْسَہٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّہٗ اور ذات کا پہچاننا عالم کا پہچاننا ہے۔ اَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰہِ ایک باریک ولطیف اشارہ اور ایک مختصر عبارت ہے اگر تو سمجھنا چاہتا ہے تو سمجھ کہ کوئی اشارہ اس کی شان کے شایان نہیں کیونکہ بے نشان کا نشان دینا غیر ممکن ہے اور بے معرفت رہنا کسی وجہ سے روا نہیں کوئی تحقیق نہیں جانتا کہ حکیم کی حکمت معلوم کے ساتھ کیونکر ہے۔ سررشتہ کس کے ساتھ وابستہ ہے تینوں ایک ہیں۔ یا ایک ہے ایک کے کسی کو اس کے جاننے میں دخل نہیں یعنی کوئی نہیں جانتا۔ اے اہل نظر بصیرت کی آنکھ سے دیکھ وہ پاک ذات لا بدایت ولا نہایت ہے یعنی اس کی ابتدا و انتہا نہیں۔ اور جوف بھی نہیں اس کی غایت قلب ہے اور وہ عین نقد ہے جو اس میں سمایا اور جس نے اس کو پرکھا نقد سودا پایا ورنہ محروم رہا۔ کرہ عرش دل وجود مطلق ہے۔ آسمان۔ آگ وہوا کے پردے فواد آب وخاک سویدا ہے اور خواطر موالید ثلاثہ کہ باہمی نظر آتے ہیں یہ تمام کرہ وجود روح الامین ہے اور یہ جو آیا ہے کہ نبی اَسْتَبِیْنَا وہ انسان ہے انسان روح الامین کا

قلب ہے اسی لئے اسکی سمجھ بوجھ درست ہے اور رفت اسکی انسان کی صورت میں ہے ظاہر کی خبریں باطن میں اور باطن کی خبریں ظاہر میں اور روح الامین کو روح الاعظم بھی کہتے ہیں۔
تمام مراتب کی تفصیل مرتبہ جامع میں جمع ہے۔ اس گرہ کو سرے سے کھولنا چاہیئے تاکہ عقد معرفت مضبوط و محکم ہو اور قلب روح الامین کا نام انسان رکھا آنکھ کی پتلی کے ذریعہ سے جو تمام صفات کو دیکھتی ہے اور سب پر جلوہ پرواز ہے انسان غمخوار اور اسکے خلوت خانہ خاص کا مونس اور محرم ہے اس سے خَلَقَ اللّٰهُ اٰدَمَ عَلٰى صُوْرَتِهٖ کو عین اختصاص ہے اس سے نسبت اختیار کی اور کہا فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ درست رکھا اور اٹھایا صورت و معنی کے اعتبار سے کہ وہ عرش عالم کبیر ہے اور انسان عالم صغیر اور معنی کے اعتبار سے عالم کبیر ہے اور کرہ عرش عالم صغیر خالص خلاصہ عالم کا انسان ہے اَلْاِنْسَانُ بُنْيَانُ الرَّبِّ بنیاد نہاد اس پر رکھی ہے تو اس رو سے ظہور ہے اور اس رو سے بطون تاکہ کوئی پہچان نہ سکے۔ اِنَّ فِیْ جَسَدِ ابْنِ اٰدَمَ مُضْغَةً وَفِی الْمُضْغَةِ فُؤَادٌ وَفِی الْفُؤَادِ ضَمِیْرٌ وَفِی الضَّمِیْرِ سِرٌّ وَفِی السِّرِّ خَفِیٌّ وَفِی الْخَفِیِّ اَنَا سر وحدت اور تعین اور تجلی ذات کا مرتبہ ہے یہ لطیف و باریک عقدہ بغیر عشق کے حل نہیں ہو سکتا۔ انسان دونوں رو اور دونوں وجہوں سے ذات کے مواجہہ میں ہے اور اسماء صفات کا مرکز انسان چراغ ہے اور عالم طاقچہ دونوں سواد کا سودا سویدا میں دیکھ تاکہ سَوَادُ الْوَجْهِ فِی الدَّارَيْنِ کا سود حاصل ہو فرد دل یک قطرہ را گر بر شگافی۔ برون آید از وصد بحر صافی۔ اور قلب کی تعریف یہ ہے کہ قلب مثل ایک صاف شیشہ کے ہے اس میں چمک دمک ایسی ہے گویا وہ ایک چمکتا ہوا ستارہ ہے اس کی شناخت کے لئے اتنا کافی ہے کہ ایک شیشہ دوسرے سے ملا ہوا ہے اور نظر اس میں رہتی ہے قدم بقدم جو کچھ نظر آتا ہے اور اس کا عکس یا اس کا اثر ہوتا ہے جیسے رنگ بو قلموں تمام بو قلموں نظر آتا ہے اور اگر قدم بقدم نہ ہو تو محال ہے۔ پانی اپنا اس بے رنگی پر ہزار رنگ بدلتا ہے اور رنگ وجود تقیید میں ہر رنگ ہوتا ہے ہر رنگ کا اس شکل میں ملاحظہ کرنا چاہیئے۔

**تیسری شکل** جب سالک قید تقیید اور تحقیق سے گزر جائے تو دونوں ساحل کے درمیان قرار پکڑے یہاں وہ صورت جو آغاز وانجام نما ہے تجلیات مختلفہ کے ساتھ یگانگی کو بیگانگی کے پیرایہ میں دکھاتی ہے اس میں اسرار الٰہی اور بادشاہی مصلحتیں مضمر ہیں اور یہ سب باتیں اپنے گمان سے ہیں ورنہ وہ ذات بے گمان ہے اور جتنا حسن تفاوت کہ موجودگی کی جانب میں ہے یہ سب تجلیات اسماء کی وجہ سے ہے کہ آپس میں اندراج اور اندماج رکھتے ہیں یعنی ایک اسم کی تجلی دوسرے اسم کی تجلی کے مشابہ اور اسمیں ظاہر ہوتی ہے اور ظاہر ہے کہ جب دو آئینے آمنے سامنے ہوتے ہیں تو ضرور ایک کا عکس دوسرے میں پڑتا ہے مگر ہر ایک میں وہ جلوہ ذات ایک ہی ہے یہ شہود عین وجود ہے ازل وابد اس میں نمودار ہیں۔ ہر حیوان اس کی صورت ہے اور ہر ذات اس کی ذات اور ہر صفت اس کی صفت جس چیز کو تو شہادت میں پائے اس کو انقلاب کے ساتھ پہچان تاکہ قلب نرہے اور اختلاف وخلاف سرے سے جاتا رہے۔ ذات وصفات کا ربط پیدا ہو جائے عوت میں مستور ہے یہ تیری بے علمی ہے کہ نہیں دیکھتا یہاں تک کہ اندراج اسمائی یعنی تجلیات اسماء کا آپس میں مشابہ ہونا یہ بھی قریب ہے جام صورت وحدت کی خالص شراب نوش کر اور جب تک مدہوش نہ ہو جائے برابر پیے جا۔ شکل یہ ہے۔[1]

[1] یہ شکل۔ ربط ذات وصفات کی وہ ہے جو اصل نسخہ میں موجود ہے اور ایک دوسرے نسخہ میں یہ شکل اس طرح ہے۔ یہ فرق ظاہری ہے ورنہ مآل دونوں شکلوں کا ایک ہے اس کے شغل کا طریقہ یہ ہے کہ جس شے پر نظر کرے معمول

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ)

اے سالک اگر تو غیبی اسرار کا جاننے والا اور الوان محبت کا دیکھنے والا اور
راز باطن کا ڈھونڈھنے والا اور لطیف رمز دن کا سمجھنے والا ہے تو زنگار زبانکار کو آئینہ
دل سے اٹھا اور عین آئینہ سے تلوین کے مشاہدہ کا معائنہ کر اور چون وچرا چھوڑ کر بیچون
کو پہچان ازل و ابد کو ایک بند میں دیکھ کہ بینائی یہی ہے اور تجھ سے ہو سکے تو مبداء
ظہور پر نظر ڈال اور اس کو پہچان کہ ظاہر و باطن کا ظہور اسی اشارہ سے ہے عشق اس کا
بیان ہے تفصیل اس کی یہ ہے کہ ع سے مراد عین ذات ہے اور ش سے مراد سر ہے
جو خلاصہ خاص ہے اور ق سے مراد قدم ہے جو وظیفہ ذات ہے سر مکنون نے جو ع د
ق میں مستور ہے ارادت ذات کے ساتھ شور و شغب اٹھایا تو ہر دانہ ش سے ایک
دانہ پیدا ہوا اور عشق نے منہ دکھایا اب چونکہ ہر دانہ ایک نسبت خاص رکھتا تھا عاشق
و معشوق عشق کا ظہور ہوا۔ یہ آپس میں لگاوٹ رکھتے تھے اسلئے انہوں نے رنگ آمیزی
پائی اور عین لطافت میں آراستہ ہوئے یہ بحقیقت اصل ہے اور وہ دونوں بماہیتہ
فرع جب ظاہر پورے طور پر آراستہ ہوتا ہے تو ہر مظہر حسن عیاں معلوم ہوتا ہے اس
لئے کہ صفات کی تجلیات معلومات پر بے تکرار ہیں اور ہر ایک مخزن اسرار ہے جس نے
ان خزانوں کو عرفان کی کنجی سے نہ کھولا اس گنج اسرار سے محروم رہا اور عارف نہ ہوا اور وہ
ہمیشہ محجوب رہا۔ البتہ سالک راہ کے لیے شرط ہے کہ بند نفس میں پائے بند نہ ہوتا
کہ ہر بند سے آزاد رہے اور یہ حال جب تک شغل گنج اسرار[1] کی مواظبت نہ کرے میسر

مبدا
۹۲۲۵۵
صفات　　ذات
۳۵۵۱۱۵۹۵　　۳۵۵۱۵۵

(بقیہ حاشیہ) تصور کرے کہ یہ ذات وہی ذات ہے کیونکہ ہر ذات کی نمود اسی ذات سے ہے اور جب صفت کو دیکھے دل میں تصور کرے کہ یہ صفت وہی صفت ہے کیونکہ تمام صفات اسکی صفات ہیں بلکہ اس کی عین صفت ہیں یہی اسما ہیں اور وہ بھی اسما کیونکہ ہر اسم کی نمود اسکے اسم سے ہے بلکہ اسکا عین اسم ہیں اور ہر فعل وہی فعل ہے اسیطرح شغل کرے اسکے بعد یہ سمجھے کہ وہ ذات یہ ذات اور وہ صفتیں یہ صفتیں اور وہ اسما یہ اسما اور وہ افعال یہ افعال ہیں اس شغل سے کُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَيَبْقىٰ وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ وَكُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ کا ظہور ہوگا۔ ۱۲ مترجم

حاشیہ صفحہ ہذا: [1] اس کے شغل کی صورت یہ ہے کہ اول برزخ صغریٰ اور کبریٰ قرار دے اس کے بعد (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

نہیں ہوتا اور جب مواظبت کرے گا تو تھوڑے سے دنوں میں تمام مظاہر کی ماہیت روشن ہوگی انشاء اللہ کہ مالک الملک اور عالم غیب وشہادت اسی کی ذات ہے اس کی قدرت قدیم ہے حروف کا اشارہ یہ ہے۔

ب (بے نیاز) ذ (ذات) ص (صفات) ح م ع س ق (قدیم) د (دائم) ق (قائم) ح ق (حق) ظ ش (ظاہر شاہد)۔

دیگر جب اشغال سابق میں وجدان حاصل کیا ہو اس کو چاہیئے کہ شجرہ توحید میں عمل کرے اس میں مراتب وجود وشہود کی تحقیق اجمالاً ہے اور ان میں وجود وشہود کی تحقیق تفصیلاً۔

یہاں ماہیۃ وجود وشہود علی التفصیل بیان کی جاتی ہے تاکہ کسی اہل کشف کو مغالطہ نہ واقع ہو چاہیئے کہ دیدہ بصیرت سے دیکھے اور دل وجان سے قبول کرے کہ حضرت ہستی مطلق کو کسی وصف میں تقید نہیں ہے محض اطلاق ہے مگر اس ہستی میں ایک ذات ایسی ہے جو شیون اعیان کی قابلیت رکھتی ہے اور شیون تقید کے ساتھ معلوم ہیں علم میں لیکن کسی میں نہ وقوف علم ہے نہ قید معلوم نہ فقدان نہ شہود ذات احدیت سے لے کر حقیقت انسانی تک مراتب آلہی ہیں اور حقیقت انسانی سے مرکز خاک تک مراتب کونی۔ مراتب کونی قید وجود میں ہیں اور مراتب آلہی تلوین شہود میں اور حقیقت انسانی دونوں کو شامل ہے مگر مدار ظہور کا مرکز پر ہے اگر مرکز نہ ہوتا

---

(بقیہ حاشیہ) مسمیٰ الف کو اپنے میں تصور کرے اور ان صفات عشرہ سابق پر موصوف کرے کہ حقیقت کا ملک الملک است مالک الملک کہ علام الغیوب والشہادت است سراً وعلانیۃً ایسے ہی طرح کہ تمام بالذات والصفات است قدیم کہ دائم وقائم وحاضر وناظر وشاہد است پھر جہاں سے ملاحظہ کرے کہ شاہد کہ حاضر است شاہد کہ دائم است شاہد کہ قائم است شاہد کہ قدیم بذات خود صفات و عالم غیب است سراً وعلانیۃً اور یہ خیال کرے کہ جیسے یہ صفات حق قدیم ہیں صفت خلق بھی قدیم ہے کیونکہ حق منزہ صورت خلق سے مشبہ ہے چنانچہ شیخ محی الدین نے فصوص میں لکھا ہے الحق المنزہ ھو الخلق المشبۃ تنزیہ باعث سرو بطون ہے اور تشبیہ باعث ظہور ۱۲۔

(حاشیہ صفحہ ہذا) ؎ طریقہ اس کے شغل کا یہ ہے کہ اوّل ذات کو دیکھے پھر صفات کو دوسرے ذات کو صفات کے ساتھ دیکھے تیسرے اوّل ذات کو دیکھے پھر صفات کو پھر ذات کو اور جو ان تین حال سے خالی ہے اسکو کچھ حاصل نہیں ۱۲۔

تو ایک شے دوسری سے ممتاز نہ ہوتی بلکہ ظہور نہ ہوتا جانب غیب عالم ملکوت ہے اور جانب شہادت عالم ملک جب حضرت رب الارباب کی مرضی ہوتی ہے کہ کسی شئے کو مرکز میں وجود بخشے تو مراتب غیب و شہادت کہ استعدادات شئے سے قربت رکھتے ہیں ایک بند ہوتی ہیں اور صورت ارتسام حاصل کرتے ہیں اور ہر ایک ہدایت سے لے کر نہایت تک مرتبہ جمع میں دکہ انسان ہے اپنے اپنے مرتبہ پر قرار پکڑتا ہے یعنی ذات وصفات کی اہلیت ہر صورت میں ظاہر ہوتی ہے اس جگہ تجلی اکمل و اتم تمام ہے یہاں تک تعین مراتب کا اجمالاً و تفصیلاً بیان ہوا اب جاننا چاہیئے کہ حقیقت روح کیا ہے اور ماہیت جسم کیا تاکہ سیر سلوک میں غلطی واقع نہ ہو۔

آگاہ ہو کہ شیون اعیان جو مرتبہ ذات میں ہیں حقیقت میں صفات سے ہیں۔ جب مرتبۂ وحدت سے تنزل کرتے ہیں تو جمع انوار واحدیت میں کہ جمیعت کا مرتبہ ہے پہنچتے ہیں اور ہر ایک معلوم علمی کے ساتھ مقید ہوتی ہیں ان کو صور علمیہ کہتے ہیں جب وہاں سے تنزل کرتے ہیں تو مقام الطف یعنی ایک نہایت پاکیزہ اور لطیف مقام میں پہنچتے ہیں وہاں ان کو ارواح مجردہ کہتے ہیں۔ یہ اس مرتبے میں اپنے شعور وجود کے ساتھ موصوف ہوتی ہیں جب مرتبۂ ارواح سے عالم لطف میں (جس کو مثال و خیال منفصلہ کہتے ہیں) تنزل کرتے ہیں تو اس مرتبہ میں ان کو وجود مرکبات لطیفہ کی صورتوں میں حاصل ہوتا ہے مگر خرق والتیام تجزی اور تبعیض کو قبول نہیں کرتا یعنی اس کے حصے اور ٹکڑے نہیں ہو سکتے اور اس مرتبہ سے مرکز خاک تک جہاں نہاد اصلی انقلاب کمال کے ساتھ صورت پذیر ہوتی ہے۔ ظاہر کو جسد کہتے ہیں اور باطن کو روح (اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ) اور روح عالم مجرد میں ایک چیز میں منحصر نہیں ہے حالات سے روشن ہوگا جس روح کا جسم سے تعلق ہے وہ روح جوہر ہے لطیف نورانی ہے جو نور سبحانی سے منور اور ترکیب عناصر اربعہ* کی وجہ سے کہ وجود خارجی اسی سے متصور ہے ایک ہیئت خاص کو عارض ہے اور روح عین جسم کی شکل رکھتی ہے اور جسم روح کی صورت رکھتا ہے اور روح عین وجود

* جسمانی سے مجرد ہے اور جسم ترکیب ہے

ہے۔ دلق صورت خلق ہے یعنی صورت مثالی صورت خلق ہے۔ روح و جسم کا جو کچھ حال تھا ختم ہوا اطوار سالک معلوم کرنے چاہئیں کہ طریق سلوک میں کیا کیا گزرتی ہے۔ جاننا چاہیئے کہ سالک جب تزکیہ اور تصفیہ میں قدم رکھتا ہے تو رنگ برنگ کے مکاشفے حد سے زیادہ نظر آتے ہیں جو کچھ عالم خلق میں ہے سالک اس کی صورت کے ہم رنگ ہو جاتا ہے اور گزر جاتا ہے خواہ جسم علوی ہو خواہ سفلی نہایت کوئی تک یہ واقعات دیکھتا ہے فقط ماہیات تجلیات ختم ہوئیں اب صفت سالک اور ان کی قسمیں معلوم کرنی چاہئیں۔

ضمیر یہ تھی بہم اللہ الرحمن الرحیم

سالک دو طرح کا ہوتا ہے ایک وہ کہ اپنے علم سے ہر مرتبہ جمعیت حاصل کرتا ہے جب یہ سالک اخلاص کے ساتھ بند جسم سے خلاص ہوتا ہے تو اسکی سیر و سلوک ابداً آباد تک علم کے ساتھ ہوتی ہے اس میں کوئی تردد نہیں ہے۔ صار العبد فانیاً والحق باقیاً اس کی ترقی اور اس کا تنزل علم معیت کے ساتھ ہے۔

دوسرا وہ ہے جو ترقی کرتے وقت تمام مراتب تنزل کو حالت عروج میں اپنے میں پائے اور کوئی بغیر اس کے موجود نہ ہو یہ انتہا منتہا ہے یقین سالک میں فانی ہوتا ہے صار العبد فانیاً والحق باقیاً۔ جو سالک اس درجے پر پہنچتا ہے اس کو ازلاً و ابداً ترقی اور تنزل نہیں ہوتا ایسے سالک کی نسبت اگر کوئی خیر و شر کا خیال کرتا ہے بطرز مناسب اس کی طرف عائد ہوتی ہے اور سالک کو اس راز سے آگاہی نہیں ہوتی اور اس سالک کا تصرف ہمیشہ رہتا ہے اور اس شغل کے درجات بہت ہیں ان میں سے بعض کی طرف اشارہ کیا گیا باقی عمل سے روشن ہوں گے۔ مشغولی کا طریقہ مرشد سے دریافت کرے۔ شجرہ توحید یہ ہے۔

---

[1] حاشیہ شجرہ توحید اس کے شغل کا طریقہ۔ یہ ہے کہ ذات شاہد اصل کو صفات فروع سے موصوف کرے اور شاہد فروع تک پہنچے اس طرح پر کہ شاہد قدوس است۔ شاہد کہ ودود است۔ شاہد کہ حی است۔ شاہد کہ قیوم است۔ شاہد کہ ظاہر است۔ شاہد کہ باطن است۔ شاہد کہ عفو است شاہد کہ رؤف است۔ شاہد کہ نور است۔ شاہد کہ ہادی است۔ شاہد کہ باقی است۔ شاہد کہ بدیع است۔ شاہد کہ شاہد است۔ پھر شاہد فرع سے شاہد اصل تک پہنچائے اور اصل کو ح

## شجرۂ توحید

جب سالک یعنی چلنے والا اذکار واشغال سے گذرے تو آگے قدم رکھے اور ارکان ثمانیہ میں عمل کرے یہ ذکر معارف کے خزانوں کی کنجی ہے جو کچھ معرفت اور وحدت

نسبت حق کے تصور کرے اور شاہد شرہ کو بہ نسبت سالک کے خواہ کشش میں لائے یا تصور میں ملاحظہ کرے اس تصور کو نگاہ رکھے

دوسرا طریق یہ ہے کہ صفات فرع کو فرع فرع کے ساتھ متصف کرے اس صفت سے شاہد کہ قدوس است شاہد کہ سمیع است ۔ شاہد کہ بصیر است شاہد کہ علیم است شاہد کہ شاہد است پھر شاہد شرہ فرع کو تمام صفات سے متصف کرکے شاہد اصل تک پہنچائے اس سند سے شاہد کہ علیم است شاہد کہ بصیر است شاہد کہ سمیع است شاہد کہ قدوس است شاہد کہ شاہد است پھر اصل کو دوسری صفت سے فرع الفرع کے ساتھ متصف کرکے شاہد فرع الفرع تک پہنچائے اس سند سے شاہد کہ ودود است شاہد کہ قدوس است شاہد کہ سمیع است شاہد کہ بصیر است شاہد کہ علیم است شاہد کہ شاہد است پھر اس شاہد شرہ کو تمام صفات کے ساتھ موصوف کرے اور شاہد اصل تک پہنچائے اس سند سے علیم است شاہد کہ بصیر است شاہد کہ سمیع است شاہد کہ قدوس است شاہد کہ ودود است شاہد کہ شاہد است پھر شاہد اصل کو تمام صفات سے متصف کرے اور شاہد فرع تک پہنچائے وعلی ہذا ۔

کے اسرار پہلے شغلوں سے حاصل ہو چکے ہیں اور جو کچھ مستور رہے ہیں یعنی حاصل نہیں ہوئے وہ سب اس ذکر کے عمل سے قرار پائیں گے اور ظاہر ہونگی نیز بے انتہا ارادات اور بے شمار مکاشفات کا ظہور ہوگا لازم ہے کہ حالت ذکر میں کوئی رکن ارکان میں سے فوت نہ ہو یعنی چھوٹ نہ جائے اگر فوت ہو جائے یعنی چھوٹ جائے گا تو خزانہ وحدت و معرفت تک رسائی تو ہو جائے گی مگر دروازہ مفتوح نہ ہوگا۔ چاہیئے کہ پہلے ارکان کو اس کے محل و موقع میں قرار دے ایک رکن کو تحت یعنی ناف کے نیچے سے نکال کر باقی ارکان کو اسی رشتہ میں شامل کر کے فوق یعنی ام الدماغ تک پہنچائے مگر ایک کو ایک سے ممتاز نہ کرے ایک ایک دکھائے اگر عین مداد ہو میں خطرہ پیدا ہوا مہات سبعہ سے دفع کرے اور پھر اسی طرح ذکر میں مشغول ہو جائے اور تحت سے فوق تک پے در پے تین کششیں اور نفس نفیس کو کسی جانب راہ نہ دے جب کچھ شعور ہو جائے اور فنا کا ذائقہ چکھے تو وہاں نفیس نفیس کو لوٹائے تاکہ تحت میں پہنچے یہاں جو صفت ذاتی پیدا ہو اس کا ملاحظہ کرے جب اس سے تنزل ہو تو چاہیئے کہ صفات افعالی میں ہوشیاری کرے اور ظاہر و باطن میں بغیر تصرف متصرف کے متصرف نہ ہو پھر اسی طرح ذکر کی مواظبت کرے فجر سے چاشت تک اور مغرب کے بعد اور تہجد کے بعد جتنا ہو سکے عمل کرے۔ خصوصاً جاڑوں میں اس ذکر کی کثرت کرے باقی موسموں میں جتنا ہو سکے۔ اگر ذکر تحت و فوق نہ ہو سکے تو حروف و صورت میں مواظبت کرے انشاءاللہ ثمرات بے شمار ظاہر ہوں گے۔ وھذا اسر من اسرار اللہ لا یدرکہ الا العارف الکامل (یعنی یہ ذکر خدا کے بھیدوں میں سے ایک بھید ہے اس کو عارف کامل کے سوا کوئی نہیں سمجھ سکتا بیت

برزخ وذات وصفات وشدّ و مدو تحت وفوق

مے نماید طالبان را کل نفس ذوق و شوق

برزخ ذات صفات م دت تحت شد م اعلا وحد

جب سالک اس ذکر کی واردات سے گزر جانے اور ہر رنگ سے بے رنگی

چاہے تو جو اشغال اب لکھے جاتے ہیں ان کو محاربہ صغریٰ یا کبریٰ کے حکم سے عمل میں لاوے یعنی انہیں آٹھ رکنوں میں ان سب کی کشش کرے اگر ہر ملاحظہ کو آٹھ کشش سے کھینچے تو اس کو صغریٰ کہتے ہیں اور اگر اسم ذات کے اعداد کے برابر (کہ ۶۶ ہیں) کھینچے تو اس کو کبریٰ کہتے ہیں۔ دوسرا طریق یہ ہے کہ اگر کسی اسم کو اسمائے حسنیٰ میں سے اس کے حروف کے برابر کھینچے تو اس کو صغریٰ کہتے ہیں اور اگر اس اسم کی تمام اسمائے حسنیٰ کے اعداد کے موافق کشش کریں تو اس کو کبریٰ کہتے ہیں اور لطیفہ غیبی میں لکھا ہے کہ اگر ہر سانس میں ایک مرتبہ ذکر کرے تو محاربہ صغریٰ ہے اگر ہر سانس میں سو یا دو سو مرتبہ ذکر کرے تو محاربہ کبریٰ کشش کا طریقہ یہ[1] ہے

---

[1] اس شغل کے دو طریقے ہیں ایک طریقہ یہ ہے کہ مرشد یا حرف الا کو زبان سے کہے اور ھو کو ناف کے نیچے سے نکال کر ام الدماغ تک پہنچائے دیگر صرف ھو اس صدا میں پیدا کرے اور صدا کو صدائے زنبور کی طرح زقیق نہ کرے) اور دوازدہ رکن میں صدائے ھو کے اندر حرف پیدا کرے اور کوئی صفت صفات میں سے مفہوم ملاحظہ کے ساتھ صدائے ھو میں ملاحظہ کرے اور جب ام الدماغ میں پہنچے تو دائم قائم حاضر ناظر شاہد کا تصور کرے اور شاہد میں اپنی طرف اشارہ کرے اور سانس چھوڑے اور تصور کرے کہ شاہد میں ہوں اور پھر دم کو آہستہ سے چھوڑے پھر اس تصور سے شاہد حاضر ہے اور ناظر ہے آہستہ آہستہ دم کو چھوڑے کہ تمام معدہ بھر جائے پھر سرے سے شروع کرے یا جب ھو کو ناف سے نکال کر ام الدماغ تک پہنچائے اور اس کے درمیان کوئی خطرہ پیدا ہو تو اس کو ہفت صفات ذاتی سے رد کرے اور ندائے ھو کو ام الدماغ تک پہنچائے اور اس ندا میں گم ہو جائے۔ دوسرا طریق یہ ہے کہ اسی طریق سے اسم ذات کو کشش میں لائے اور عین کشش میں اسم ذات کو صفات امہات میں سے کسی صفت کے ساتھ مفہوم ملاحظہ کے ساتھ ملاحظہ کرے جب ام الدماغ میں پہنچے پے در پے تین مرتبہ کشش کرے یا زیادہ جب تک طاقت رہے اور صفات کا ملاحظہ نہ چھوڑے یہاں تک کہ بے شعور ہو جائے اس کے اثر سے سالک مرتبہ علیا پر پہنچے گا۔ اور بہوات کہ صفات کے ساتھ متصف کی تھی اس سے متصف ہوگا جب ہوش میں آئے تو صفت سمیع و بصیر کے ساتھ متصف ہوا اور ایسے ہی دوسری صفتوں سے اور پھر از سر نو اسی طرح شروع کرے اس کی وجہ سے سالک بہ صفات موصوف ہوگا۔ اس طریق کو نگاہ رکھے باقی تمام اشغال متعلقات کو ہشت رکن میں کشش کرے یعنی ہر اسم کو مفہوم ملاحظہ کے ساتھ جدا جدا کشش کا طریقہ مرشد سے معلوم کرے ۱۲۔

## سند ذات صفاتی

ب ا ص س دق م ن ش سمیع
ب ا ص ب دق م ن ش بصیر
ب ا ص ع دق م ن ش علیم
ب ا ص ح دق م ن ش حلیم
ب ا ص ح دق م ن ش حی
ب ا ص ق دق م ن ش قدیر
ب ا ص م دق م ن ش مرید

## سند اسمائے تقدیسی

ب ا ص ق دق م ن ش قدوس
ب ا ص س دق م ن ش سبوح
ب ا ص س دق م ن ش سبحان
ب ا ص س دق م ن ش سلام
ب ا ص م دق م ن ش متعال
ب ا ص ل دق م ن ش لطیف

## سند اسمائے تنزیہی

ب ا ص ظ ع دق م ن ش عظیم
ب ا ص ک دق م ن ش کبیر
ب ا ص ج دق م ن ش جلیل
ب ا ص ج دق م ن ش جبار
ب ا ص م دق م ن ش متکبر
ب ا ص ع دق م ن ش عزیز
ب ا ص و دق م ن ش واسع

ب ا ص م دق م ن ش ماجد

## سند اسمائے ازلی و ابدی

ب ا ص ا و دق م ن ش احد واحد
ب ا ص ا ا دق م ن ش اول آخر
ب ا ص ب ظ دق م ن ش باطن ظاہر
ب ا ص ق ب دق م ن ش قدیم باقی

## سند اسمائے سلبی

ب ا ص ح دق م ن ش حی
ب ا ص غ دق م ن ش غنی
ب ا ص ر دق م ن ش رفیع
ب ا ص م دق م ن ش مبین
ب ا ص ق دق م ن ش قوی
ب ا ص ع دق م ن ش علی

## سند اسمائے ثبوتی

ب ا ص م دق م ن ش ملک
ب ا ص م دق م ن ش مؤمن
ب ا ص م دق م ن ش مہیمن
ب ا ص خ دق م ن ش خالق
ب ا ص ب دق م ن ش باری
ب ا ص م دق م ن ش مصور
ب ا ص غ دق م ن ش غفار
ب ا ص ق دق م ن ش قہار
ب ا ص و دق م ن ش وہاب

باس ر دق م ن ش رزاق
باس ف دق م ن ش فتاح
باس ق دق م ن ش قابض
باس ب دق م ن ش باسط
باس ح دق م ن ش حافظ
باس ر دق م ن ش رافع
باس م دق م ن ش معز
باس م دق م ن ش مذل
باس ح دق م ن ش حکم
باس ع دق م ن ش عدل
باس ش دق م ن ش شکور
باس م دق م ن ش خبیر
باس م دق م ن ش حکیم
باس غ دق م ن ش غفور
باس ح دق م ن ش حفیظ
باس ح دق م ن ش حسیب
باس ک دق م ن ش کریم
باس ر دق م ن ش رقیب
باس م ق م ن ش مجیب
باس و دق م ن ش واسع
باس ح دق م ن ش حلیم
باس و دق م ن ش ودود
باس م دق م ن ش مجید

باس ب دق م ن ش باعث
باس ش دق م ن ش شہید
باس ح دق م ن ش حق
باس و دق م ن ش وکیل
باس ح دق م ن ش حمید
باس ا دق م ن ش اوّل
باس م دق م ن ش محصی
باس م دق م ن ش مبدئی
باس م دق م ن ش معید
باس م دق م ن ش محیی
باس م دق م ن ش ممیت
باس م دق م ن ش ماجد
باس و دق م ن ش واحد
باس م دق م ن ش مقتدر
باس و دق م ن ش والی
باس ب دق م ن ش باقی
باس ت دق م ن ش تواب
باس م ا دق م ن ش منعم
باس م دق م ن ش منتقم
باس م دق م ن ش مقسط
باس ض دق م ن ش ضار
باس ن دق م ن ش نافع
باس ن دق م ن ش نور

باص ھ دق حن ش ھادی
باص ب دق حن ش بدیع
باص ر دق حن ش بصیر
باص ص دق حن ش صبور
باص ر دق حن ش رشید
باص ص دق حن ش صادق

## سند اسمائے ملفوف

باص ظ ع ی دق حن ش علی الاعلیٰ
باص ع م دق حن ش علیم الاعلم
باص ک ر دق حن ش کبیر الاکبر
باص ق ب دق حن ش قریب الاقرب
باص ل ف دق حن ش لطیف الالطف
باص ک م دق حن ش کریم الاکرم
باص ن ر دق حن ش نور الانور

## نوع دیگر

باص ا ن دق حن ش اجود الاجودین
باص ا ن دق حن ش اکرم الاکرمین
باص ا ن دق حن ش ارحم الراحمین
باص ذ م دق حن ش ذوالفضل العظیم
باص م ی دق حن ش محی الحی
باص ر م دق حن ش رؤف الرحیم
باص ع م دق حن ش علی العظیم

## سند اسمائے اخوات

باص ق دق حن ش
باص و دق حن ش
باص ح دق حن ش
باص ق دق حن ش
باص ظ دق حن ش
باص ب دق حن ش
باص ع دق حن ش
باص ر دق حن ش
باص ن دق حن ش
باص ہ دق حن ش
باص ب دق حن ش
باص ی دق حن ش
باص م دق حن ش
باص ق دق حن ش
باص ظ دق حن ش
باص ب دق حن ش
باص ع دق حن ش
باص ر دق حن ش
باص ت دق حن ش
باص ہ دق حن ش
باص ب دق حن ش
باص ب دق حن ش

جب صوفی وقت چاہے کہ تمام مراتب علی وجہ التفصیل طے کرے اور اس اثنا میں عمل استیلائے ہستی اس پر ایسا غالب ہو کہ وصول و فضول کی بھی تمیز نہ کر سکے اور اس کا حال مثل ہباءً منثوراً کے ہو جائے نہ اس عالم میں گزر نہ اس عالم میں نظر۔ تمام مراتب الٰہیت و کونیت اس کے آگے کمان ہو جائیں اور اپنی کمان کیں سے تمام واقعات کو گمان کرے کہ واقعی گمان ہے تو چاہیے۔ کہ اس وقت عمل اجمال تجلیات اختیار کرے تاکہ حال سے ہوشیاری ہو کیونکہ اس شغل کے الوان ایک عنوان نہیں ہیں اور اسی سبب سے ایک دوسرے پر غلبہ نہیں کر سکتا اور مراتب غیب و شہادت کو اعیان میں علی وجہ التحقیق عین عیان دیکھے اور جتنوں دور ہو تعینات کی صورت جیسی ہے ویسی ہی بالیقین نظر آئے اور مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی سے متصف ہو۔

ب اص م ق ص دق م ن ش
ب اص م م ع دق ح ن ش
ب اص ع م خ دق م ن ش
ب اص ب م غ دق ح ن ش
ب اص د ر د دق ح ن ش
ب اص ع ق ا دق م ن ش
ب اص ب خ ر دق ح ن ش
ب اص م م ص دق م ن ش
ب اص ب م ع دق ح ن ش
ب اص ل خ م دق ح ن ش
ب اص ع غ ش دق ح ن ش
ب اص ع ك ح دق م ن ش
ب اص م ح ج دق ح ن ش
ب اص ك ر م دق ح ن ش

ب اص و م و دق ح ن ش
ب اص م ب ش دق ح ن ش
ب اص م وق دق م ت ش
ب اص م و م دق م ن ش
ب اص م م دق ح ن ش
ب اص م ح دق ح ن ش
ب اص ق د م دق ح ن ش
ب اص د اص دق ح ن ش
ب اص ق م دق ح ن ش
ب اص م ا ا دق ح ن ش
ب اص ظ ب و دق م ن ش
ب اص م بت دق ح ن ش
ب اص م م ع دق م ن ش
ب اص ر م ر دق م ن ش

| | |
|---|---|
| ب اص م ج ع دق ح ن ش | ب اص ض ن ن دق ح ن ش |
| ب اص م م م دق ح ن ش | ب اص و ب ب دق ح ن ش |

ب اص و ہ ص دق ح ن ش

اے محقق راہ مدقق رہ اور اسماء وصفات کو بوہر جلال وجمال ومشترک پا۔ اور تمام صفات جلال کو مرتبہ جلال میں تصور کر اور ان کے حالات کا مشاہدہ کر کہ تمام جلالی مرتبہ جلال میں کاشف ہیں اور ذات منکشف کیونکہ وصفیت کسی شئے کو قبول نہیں کرتی مگر واحد القہار، مگر تنق تعزت اس کا حجاب ہے اس کا دفع ہونا غیر ممکن ہے ہمیشہ اس طرف سے ثبوت اور اس طرف سے سقوط ہوتا ہے

اور تمام جمالی کو مرتبۂ جمال میں پائے کیونکہ ذات حجاب جمال میں محجب ہے۔ (یعنی جمال ذات کا پردہ بنا ہوا ہے) حسن اور ملاحت تکوین اس پردہ سرا رنگ دکھاتی ہے اس طرف سے مشاہدہ اس طرف سے معائنہ خلق وحق ہر لحظہ چاہتے ہیں کہ تلوین سے نکلیں اور تمکین میں رہیں لیکن عشق شور انگیز نہیں چھوڑتا۔

جب اس سے گزرے تو اسمائے متبرکہ کا اسم ذات میں ملاحظہ کرے کہ جمع بہ تفرقہ صفات میں۔ اس کی ایک جانب غیب ہے اور دوسری جانب جانب شہادت اسمائے مذکورہ اعراف کا حکم رکھتے وہ جانب سے اثر ہوتا ہے اور ہر ایک پر نظر رہتی ہے اور کسی میں گند نہیں ہے یہ مقام مقربان درگاہ الٰہی ہے جو مقرب اس مرتبہ پر پہنچے خاص وعام کو لازم ہے چنانچہ کلام قدسی میں اہل ولایت کے بارے میں وارد ہے۔
یا اهل الولایة من انكم عن قربك بقربى فقد كفى

**اسمائے اجمالی**

| | |
|---|---|
| ب اص ع دق ح ن ش | ب اص ق دق ح ن ش |
| ب اص ج دق ح ن ش | ب اص ف دق ح ن ش |
| ب اص م دق ح ن ش | ب اص ح دق ح ن ش |
| | ب اص م دق ح ن ش |

با ص م دق ح ن ش
با ص ع دق م ن ش
با ص ک دق م ن ش
با ص ج دق م ن ش
با ص ن دق م ن ش
با ص م دق ح ن ش
با ص م دق م ن ش
با ص م دق ح ن ش
با ص م دق ح ت ش
با ص ذ دق ح ن ش
با ص م دق م ن ش
با ص م دق ح ن ش
با ص ض دق ح ن ش
با ص و دق ح ن ش
با ص م دق ح ن ش
با ص ص دق ح ن ش
با ص ی دق ح ن ش
با ص ی دق ح ن ش
با ص س دق ح ن ش
با ص م دق ح ن ش
با ص م دق ح ت ش
با ص ب دق ح ن ش
با ص ع دق ح ن ش

با ص و دق ح ن ش
با ص ی دق م ن ش
با ص ث دق ح ن ش
با ص ب دق ح ن ش
با ص ی دق م ن ش
با ص م دق ح ن ش
با ص ل دق ح ن ش
با ص ح دق ح ت ش
با ص غ دق ح ن ش
با ص ش دق ح ن ش
با ص ح دق م ت ش
با ص ک دق ح ن ش
با ص و دق ح ن ش
با ص ح دق م ن ش
با ص و دق م ن ش
با ص و دق م ن ش
با ص ح دق م ن ش
با ص م دق ح ت ش
با ص ح دق م ن ش
با ص ق دق ح ن ش
با ص ق دق م ن ش
با ص م دق ح ن ش
با ص ص دق م ن ش

ب ا ص ب د ق ح ن ش
ب ا ص ت د ق ح ن ش
ب ا ص ع د ق ح ن ش
ب ا ص ر د ق ح ن ش
ب ا ص م د ق ح ن ش
ب ا ص م د ق ح ن ش

## اسمائے مشترک

ب ا ص م د ق ح ن ش
ب ا ص م د ق ح ن ش
ب ا ص ف د ق ح ن ش
ب ا ص م د ق ح ن ش
ب ا ص ع د ق ح ن ش
ب ا ص س د ق ح ن ش
ب ا ص ب د ق ح ن ش
ب ا ص م د ق ح ن ش
ب ا ص ع د ق ح ن ش
ب ا ص م د ق ح ن ش
ب ا ص ع د ق ح ن ش
ب ا ص م د ق ح ن ش
ب ا ص م د ق ح ن ش
ب ا ص ر د ق ح ن ش
ب ا ص م د ق ح ن ش

ب ا ص ب د ق ح ن ش
ب ا ص س د ق ح ن ش
ب ا ص ح د ق ح ن ش
ب ا ص م د ق ح ن ش
ب ا ص د د ق ح ن ش
ب ا ص ا د ق ح ن ش
ب ا ص م د ق ح ن ش
ب ا ص م د ق ح ن ش
ب ا ص ا د ق ح ن ش
ب ا ص ا د ق ح ن ش
ب ا ص ظ د ق ح ن ش
ب ا ص ب د ق ح ن ش
ب ا ص د د ق ح ن ش
ب ا ص ر د ق ح ن ش
ب ا ص م د ق ح ن ش
ب ا ص ج د ق ح ن ش
ب ا ص غ د ق ح ن ش
ب ا ص ب د ق ح ن ش
ب ا ص ر د ق ح ن ش
ب ا ص ج د ق ح ن ش
ب ا ص ع د ق ح ن ش
ب ا ص ب د ق ح ن ش
ب ا ص ر د ق ح ن ش

جب سالک اشغال مذکورہ سے فارغ ہو تو چاہیئے کہ دو عین میں مشغول کرے کہ انجام کار صوفی کا یہی شغل ہے الصوفی ھو اللہ اسی مرتبہ میں کہا ہے کیونکہ اس کا حال غیب و شہادت میں ہوتا ہے اور کُلُّ شَیْئٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَهٗ اس کے وجود کا وصف ہے اَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰہِ اس کے شہود کا مشاہدہ ہے اسم ستار کی تجلی میں عین کو عین پائے اور ظہور نور عین میں عیان دکھلائے مگر اس مقام میں اپنی آپ کو علم معلومات سے نگاہ رکھے کیونکہ جب اپنی طرف متوجہ ہوگا تو حضور سے بے حضور ہو جائے گا اور جب شہود میں آئے گا تو بے شہود ہوگا ایسا حاضر الوقت رہے کہ شعور علمی بالکل نہ پیدا ہو اسی مقام پر کہا ہے کہ العلم حجاب اللہ الاکبر کیونکہ علم بے معلوم کے نہیں ہے اور یہ منزل سادگی اور آزادگی کی ہے جس سالک نے اس مقام سے گزر کر کائنات سے قدم بڑھایا تمام درویشاں کے دیدۂ بصیرت اس کے پاؤں کے نیچے ہوتے ہیں چنانچہ فرمایا ہے قدمی علی بصیرۃ کل اولیاء اللہ معانی اس سے زیادہ خبریں اس جماعت کی زبان سے بیان نہیں ہو سکتیں ع ای محقق راہ کبھی کبھی فکر مبدء و معاد میں ترقی و تنزل کے طریق سے ہوش رکھ کہ مرتبہ غیب کا دروازہ عینیۃ اور غیریت سے بند تھا اچانک عشق کی کنجی وہاں پہنچی اور اس گنج مخفی کا دروازہ کھلا اور جتنی شیون الٰہیہ تھیں سب بلا شعور و حضور اس کے تعین میں متعین ہوئیں۔ پھر انہی شیون نے ہر تنزل میں ایک نیا وصف اختیار کیا اور ہر مرتبہ میں ایک نام علیحدہ پایا مثلاً احدیت میں شیون۔ وحدت میں صفات واحدیت میں اسماء الٰہی اور ان کے صور یعنی اشکال، جن کو صوفیہ اعیان ثابتہ اور حکما صور علمیہ مرتبہ ارواح عالم میں عقول و نفوس مجردہ کہتے ہیں اس مرتبہ میں وجود اشیاء اس وجود کے ساتھ متصف ہوتا ہے جس کی وجہ سے اپنے وجود اور اپنے امثال کے وجود کا شعور ہوتا ہے اور مرتبۂ مثال میں ان کا نام خیال منفصلہ رکھا جاتا ہے اس مرتبہ میں ان کا ظہور مرکبات لطیفہ کی صورتوں میں ہوتا ہے جو تجزی اور تبعیض اور خرق والتیام کے قابل نہیں یعنی نہ مادۂ مطلق ہیں نہ مجرد مطلق اور

مرتبہ حس میں ان کو عالم ملک اور عالم اجسام کہتے ہیں وجود اشیاء اس مرتبہ میں مرکبات کثیفہ کی صورتوں میں ظاہر ہوتا ہے جو تجزی اور تبعیض اور خرق والتیام کے قابل ہیں (یعنی ان کے اجزاء ہو سکتے ہیں) اور مراتب ستہ شیون الٰہی سے مربوط ہیں یعنی کوئی مرتبہ بغیر شیون کے صورت قبول نہیں کرتا اور ہر مرتبہ کی تین نسبتیں ہیں۔ اعلیٰ ادنیٰ۔ اوسط اور ہر نسبت کے اسماء جداگانہ ہیں۔ چنانچہ اس دائرہ سے روشن ہوں گے۔ اور غیب سے مراتب تنزل کے ساتھ شہادت میں صورت پذیر ہوتے ہیں۔ دائرہ یہ ہے۔

اور اس کا عکس شہادت سے مراتب غیبیہ کی طرف راہ نما ہے ہر مرتبہ میں غیب بے نشان ہوگا اس دائرہ کا عکس یہ ہے ۔

اے محقق خوب سمجھ لے کہ تدقیق معرفت سے آگاہ ہونا ہر شخص کا کام نہیں ہے ۔ ترقی و تنزل شہود میں ہے نہ وجود میں حضرت وجود اَلْاٰنَ کَمَا کَانَ ہے نہ اس کو ترقی نہ تنزل نہ تغیر نہ تبدل ، چونکہ شہود وجود پر عارض ہے اور حضرت وجود میں تمام صفات کی قابلیت ہے لہذا بلا ظہور چارہ نہیں یعنی بغیر ظہور کے صورت گیر اور کمال پذیر نہیں ہوتا چند لطیف دقیق عبارت میں بیان کئے جاتے ہیں اُن کو سن تاکہ کبریائی کے پردے اور عظمت الٰہی کی چادر کی تجھ کو حاجت نہ ہو اللہ احد اللہ صمد کمال عظمت اور کبریائی وجود کی ہے

اللہ احد یکتا ہے اللہ صمد بے مثل ہے اپنا مثل اور برابر کا نہیں رکھتا۔ بلکہ اس کی جناب پاک ہیں۔ وصل۔ فصل۔ قرب۔ بعد۔ جسم۔ جوہر۔ خلوۃ۔ اتحاد خرق۔ القیام کچھ بھی نہیں وہ سب سے منزہ اور مبرا یعنی پاک صاف ہے اس کا وجود اس کی عین ذات ہے اور وجود شہود میں تاویہ البتہ آپس میں تغائر اعتباری ضرور ہے مگر صد ، وندا کی طرح ہمیشہ ہمدم ہیں۔ ندا ہمیشہ قدم میں ہے اور صدا ندا کی ساتھ عدم میں حضرت وجود تجلی صفات سے متجلی ہے اور حسن معلوم کے ساتھ متجلی سراب کو آب دیکھ آب کو سراب نہ دیکھ۔ سراب کو سراب کہہ سکتے ہیں آب کو سراب نہیں کہہ سکتے ہیں اگر کوئی عارف سمجھے کہ خود نمائی میں راہنمائی نہیں ہے تو معلوم کرے کہ اسم ورسم میں جدائی کے سوا کچھ نہیں ہے چنانچہ فرماتے ہیں۔ الذات فی الصفات حجاب والصفات فی الاسمآء حجاب والاسماء فی الافعال حجاب والافعال فی الاسماء حجاب والاسمآء فی الصفات حجاب والصفات فی الذات حجاب یعنی ذات صفات میں حجاب ہے اور صفات اسماء میں اور اسمأ افعال میں اور افعال اسمأ میں اور اسماء صفات میں اور صفات ذات میں) حجاب میں ظلمات رونما ہے آیۃ کریمہ اَوْ کَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ یَّغْشٰہُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِہٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِہٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُہَا فَوْقَ بَعْضٍ اسی کی طرف اشارہ کرتی ہے۔

اے متحقق اگر تو اپنے آپ کو پانا چاہتا ہے تو اس شغل معرفت کی ملازمت اور مواظبت کر تاکہ کن فیکون سے خلاصی پائے اور یگانگی تیرے دیدۂ بصیرت میں نہ سماوے اور عین وعیان تجھ کو ایک نظر آئے کسی بزرگ کا قول ہے شعر

ہر چہار آمد برون زین ہر چہار      روئے جاناں گشت ناگہ آشکار

اس کا طریق یہ ہے کہ اول ھو کو شش جہات سے باہر ملاحظہ کرے تاکہ جرس حقیقی کو بے اختیار سنے اور لا اول اور لا آخر ہو۔ دائرہ ھواء ہویت یہ ہے۔

(دائرہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں)

له الاسماء الحسنیٰ

ام یا اللہ ھو الاوّل الآخر

الظاہر والباطن

جب صوفی وقت نے تمام مراتب طے کر لئے اور آخر مقصود پر پہنچا تو چاہیئے کہ مبتدی کے کام ابتدا سے کرے کہ النہایۃ ھو الرجوع الی البدایہ سالک کو ہر حال میں لازم ہے کہ اس مرتبہ میں ذکر ارادت کی مواظبت کرے اگر ہمیشہ اور ہر وقت نہ ہو سکے تو صبح و شام التزام رکھے اگر صبح و شام دونوں وقت نہ ہو سکے تو فقط شام کو کیا کرے اور اس ذکر یعنی نفی و اثبات مع الفکر و ارادت کا طریقہ یہ ہے کہ نفی کے وقت سکان مراتب کو ملاحظہ کرے اور اپنے حسب حال لا معبود لا مطلوب لا مقصود لا محبوب لا مشہود لا موجود اور ایسے ہی امہات سبعہ اور نوونہ نام باری تعالی اور ایک ہزار ایک نام ارادۃ کا عمل کرے اس سند سے لا الہ الا اللہ لا الہ الا اللہ ذکر ارادت اسم ذات کو انواع مذکورین میں نگاہ رکھے اور تمام اسماء ارادت میں سے ہر ارادت کے سات بطن کے ساتھ مواظبت کرے اس صورت سے ام ملک اللہ ام مک حی

م ک ع لیم م قدیر م مرید م س مع ب م ک یم ل ب یم م بصیر م س میع

م م مرید م قدیر م ع یم م حی م

نیز جاننا چاہیئے کہ ذکر ارادۃ ایسا ذکر ہے جس کے فائدے نہ لکھے جا سکتے ہیں نہ بیان ہو سکتے اگر چالیس روز اشارت حروف سے عمل کرے تو اس پر ایسی حالت طاری ہو جائے کہ سوائے وحدۃ الوجود کے کچھ نہ دیکھے تمام صور اشیا اس کو اس طرح نظر آئیں جس طرح پانی میں ستارے نظر آتے ہیں یا آئینہ میں صورتیں محسوس ہوتی ہیں اور وجود کثیف اس کو مس نہ کرے گا۔ جب یہ حال ظاہر ہو تو چاہیئے کہ زیادہ عمل کرے اور نہ ڈرے یہاں تک کہ آگے بڑھے اور رائی اور مرئی دینی دیکھنے والا

اور وہ حبیں کو دیکھ رہا ہے، دونوں اس کی نظر میں نہ آئیں۔ حالت ترقی میں سقوط
اور حالت تنزل میں ثبوت ہے۔ ذکر ارادۃ یہ ہے۔

اہ ی م م م اہ ی م م م م اہ م م م ا اہ ق م م م ا اہ م م م م اہ غ م م م اہ ج م م
م م اہ خ م م م اہ ی م م م اہ م م م م م ا اہ غ م م م اہ ق م م م اہ و م م م اہ ی
م م م اہ ف م م م اہ ع م م م اہ ق م م م اہ ب م م م اہ خ م م م اہ ی م م م م
اہ ع م م م اہ م م م اہ ع م م م اہ ب م م م اہ م م م اہ ع م م م اہل
م م م اہ ح م م م اہ ح م م م اہ ع م م م اہ غ م م م اہ ش م م م اہ ع م م م
اہ ی م م م اہ ح م م م م اہ ج م م م اہ ج م م م اہ ک م م م اہ ی م م م
اہ م م م م اہ د م م م اہ ح م م م اہ د م م م اہ م م م اہ ب م م م اہ ش م م م
اہ م م م اہ و م م م اہ ق م م م اہ م م م م اہ د م م م اہ ح م م م اہ م م م
اہ م م م اہ م م م اہ خ م م م اہ ق م م م اہ د م م م اہ م م م اہ د م م م
اہ م م م اہ م م م اہ ص م م م اہ ن م م م اہ ف م م م اہ د م م م اہ ق م م م
اہ م م م اہ ص م م م اہ م م م اہ م م م اہ ظ م م م اہ ب م م م اہ د م م
اہ م م م اہ م م م اہ ب م م م اہ ق م م م اہ م م م اہ ص م م م اہ ع م م م
اہ ص م م م اہ م م م اہ ص م م م اہ م م م اہ ج م م م اہ غ م م م اہ م م م
اہ م م م اہ م م م اہ ص م م م اہ ن م م م اہ م م م اہ ب م م م اہ ب م
م م اہ م م اہ د م م م اہ ی م م م اہ ص م م م اہ

نیز جب اس ذکر سے فراغ حاصل ہو تو مراقبہ ذیل کا اپنا مراقب حال بنائے
اور وہ یہ ہے کہ ابد سربستہ ازل ہے اور ازل پابستہ ابد اور ازل و ابد دونوں وجود وجود
سے سربستہ ہیں اور ہدایت و نہایت کا وجود ایک ہے۔

جب اس حال کا مشاہدہ اور معائنہ کرنا چاہے تو اس شغل میں مواظبت
کرے حرف ق تین میم اور ایک واؤ اور شین کا اشارہ جو حروف مقطعات کے
تحت میں لکھا گیا ہے اور اس کے اوپر حافظا سے اشارہ کیا ہے اس کو سمجھے اور مفہوم

ملاحظہ اور معائنہ کو بواسطہ کاف[1] و صاد کے اوّل و آخر نگاہ رکھے اور حالت صعود (عروج) میں ملاحظہ ذات کو صفات کے ساتھ اور ملاحظہ صفات کو ذات کے ساتھ اپنے میں معائنہ کرے کہ المعاینۃ رؤیۃ اللہ جل جلالہ بے حجاب یعنی معائنہ اللہ کو بے حجاب دیکھنا ہے، اور واؤ سے فی کل نفس واحد مراد ہے اور شین کو شدہ سے تعبیر کرتے ہیں چاہیئے کہ ہر سانس میں شدہ کو شاھد کے ساتھ اپنے اندازہ اور امکان کے موافق تصور کرے ظا اور طا سے ظاہر و باطن کی طرف اشارہ ہے یعنی ہمیشہ ظاہر و باطن ذکر میں رہے اگر ذکر کی طاقت نہ ہو تو فکر کرے چنانچہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔

جاننا چاہیئے کہ سالک جب ظلمات جسمانی اور تجلیات روحانی اور سطوات نورانی سے گزرتا ہے تو وجود قدم کے فرش پر جو سراپا نشاط اور بے رنگی سے رنگ نما ہے قدم رکھتا ہے ان مراتب کے طے کرنے میں سالک کو دس منزلیں پیش آتی ہیں اور وہ دس منزلیں اس تفصیل سے ہیں۔

بدایات[1] ابواب[2] معاملات[3] اخلاق[4] اصول[5] اودیۃ[6] احوال[7] ولایات[8] حقائق[9] نہایات[10]

اور ہر ایک کے تحت میں دس دس منزلیں ہیں۔

## بدایات کی دس منزلیں

یقظہ[1] (یعنی الفہم من اللہ تعالیٰ ۱۲) توبہ[2] انابت[3] (ای الرجوع الی اللہ ۱۲)

---

[1] واسطہ سے مراد برزخ ہے اور کاف سے مراد کبریٰ اور صاد سے مراد صغریٰ واسطہ برزخ کبریٰ صغریٰ یعنی مفہوم ملاحظہ اور معائنہ کو برزخ کبریٰ صغریٰ میں نگاہ رکھے ۱۲ مترجم

[2] اس کے معنی رجوع الی اللہ کے ہیں اس کی تین قسمیں ہیں۔ اوّل توبۂ عام یعنی ہوائے نفسانی سے بری ہونا دوسری توبۂ خاصۃ الخاصۃ یعنی ہوائے نفسانی سے بری ہو کر مقتضائے اسماء کی طرف متوجہ ہونا اس کو توبۃ المتقین بھی کہتے ہیں۔ تیسری توبۂ خلاصہ خلاصۃ الخلاصہ یعنی مقتضیات سے گزر کر احدیت جامعہ کی طرف میلان کرنا اس کو توبۃ المنتہی بھی کہتے ہیں ۱۲۔

# معاملات کی دس منزلیں

ہیبت　　مراقبہ[1]　　حریت[2]

حد سے تجاوز کرنے سے ڈرنا ۱۲۔

اخلاص[3]　　تہذیب[4]　　استقامت

[illegible]

توکل　　تفویض[5]　　ثقہ[6]

یعنی تمام امور کو ان کے مالک پر چھوڑ دینا ۱۲۔

تسلیم[7]

---

[1] یعنی کامل توجہ کے ساتھ مقصود کا ہمیشہ ملاحظہ کرنا۔ اس کی کئی قسمیں ہیں۔ عام لوگوں کا مراقبہ یہ ہے کہ اپنے فرائض کا دھیان رکھیں اور مراقبہ مریدوں کا یہ ہے کہ حضور قلب صاحب کے ساتھ موجود ہیں غیر حاضر نہ ہوں۔ واصلین کا مراقبہ یہ ہے کہ اللہ پر جمعیت اور اطمینان رکھیں۔ نیز جاننا چاہیئے کہ مراقبہ کا مفہوم منحصر نہیں بلکہ ہر مطلوب و مقصود کا مراقبہ ہو سکتا ہے جیسے اذکار وغیرہ چنانچہ ہم کو ہمارے مخدوم شیخ العالم قدوۃ السالکین علاء الدین علی بن نصیر القرشی سے لا الہ الا اللہ کا مراقبہ پہنچا ہے جس کی کثرت سے قلب چاندی کی طرح چمکنے لگتا ہے اور روشن معلوم ہوتا ہے ۱۲۔

[2] یعنی اغیار کی زق زق سے بھاگنا عامیوں کے لیے اتباع شہوت سے بھاگنا۔ خواص کے لیے مرادات سے بھاگنا اخص کے لیے درہم وغیرہ سے پرہیز کرنا ۱۲۔

[3] اخلاص کے معنی اپنے اعمال کا تصفیہ کرنا ہے ۱۲۔

[4] تہذیب یعنی نفس کی اصلاح۔ نیز تہذیب خدمت یہ ہے کہ اس کے آداب پر نظر رکھے تہذیب کامل یہ ہے کہ احتیاج کو سر سے اتار دے تہذیب الحقیق یہ ہے کہ غیر اللہ کو نہ دیکھے ۱۲۔

[5] یعنی تمام امور کو خدا پر سونپ دینا ۱۲۔

[6] ثقہ یعنی بندہ کا خدا پر اعتماد اور بھروسا کرنا اور تحقیق معنی یہ ہیں کہ ثقہ وہ ہے جو خدا کے سوا کسی سے نہ ڈرے اور قضا و قدر سے منہ نہ پھیرے ۱۲۔

[7] یعنی بندہ کا ہر حال میں اپنے نفس خدا پر سونپ دینا اور اپنی عقل کو دخل نہ دینا ۱۲۔

## اخلاق کی دس منزلیں

صبر[۱] شکر[۲] رضا[۳] حیا[۴] صدق[۵] ایثار[۶] خلق[۷] تواضع

قنوت — انسان کے عدم شہود کا نام ہے ۱۲ فروتنی کرنا ۱۲

۱۰ انبساط — خدا کی خوشی میں اپنی خوشی سمجھنا ۱۲۔

## اصول کی دس منزلیں

قصد — خدا کی طرف توجہ کرنا ۱۲

عزم — خدا کی طرف ارادہ کرنا ۱۲

ارادت — دوام الاجابت لداعی الحق ۱۲

ادب[۸]

یقین[۹]

انس — خدا سے محبت رکھنا ۱۲۔

---

۱ صبر یعنی اوامر و نواہی کے لیے نفس کا روک رکھنا ۱۲۔

۲ شکر یعنی حصولِ نعمت پر خدا کی تعریف کرنا اور اہل تحقیق کے نزدیک شکر کے مرتبے یہ ہیں اول شکر تخلیق پر پھر ہدایت پر پھر توفیق پر پھر تائید پر پھر اداءِ حقوق میں پھر مرتبہ تحقیق کے پہنچنے پر ۱۲۔

۳ رضا یعنی تمام واقعات میں بندہ کا خدا کی مرضی پر راضی رہنا اور اس کا ثمرہ یہ ہے کہ خدا راضی ہو جاتا ہے ۱۲۔

۴ حیا یعنی اوامر و نواہی کو فروتنی کے ساتھ قبول کرنا اور بجا لانا اور منہی سے بچنا ۱۲۔

۵ صدق یعنی اقوال و افعال و احوال میں حق سے موافقت کرنا ۱۲۔

۶ ایثار یعنی غیر کو اپنے نفس سے مقدم رکھنا اور شریعت کا ایثار یہ ہے کہ گناہ نہ کرے اور طریقت کا ایثار یہ ہے کہ ارادۃ اللہ کے آگے اپنے ارادہ کو مفقود تصور کرے۔ حقیقت کا ایثار یہ ہے کہ ایثار کو ایثار نہ سمجھے ۱۲۔

۷ خلق یعنی انسان کا مکارم اخلاق سے متصف ہونا ہے۔

۸ ادب یعنی افراط و تفریط سے باز رہنا۔ ادب مع الحق یہ ہے کہ خدمت میں تقصیر نہ کرے اور ادب مع الخلق یہ ہے کہ اداءِ حقوق میں ادنیٰ اور اعلیٰ کو برابر سمجھے ۱۲۔

۹ یقین اطمینان بالغیب حاصل کرنا اس کی تین قسمیں ہیں اگر یہ اطمینان قوت دلیل سے ہوا ہے تو علم الیقین ہے اور اگر شہود عقل وجدانی کے سبب سے جو ہر شے میں ساری ہے آنکھ سے دیکھا ہے تو عین الیقین اور اگر تجلیات صفاتیہ ظاہر ہو کر تجلی ذات ظاہر ہوتی ہے تو یہ حق الیقین ہے ۱۲۔

**ذکر** [1] — **فقر** — تمام احتیاج کو خدا پر چھوڑ دینا ۱۲

**غنا** — ماسوی اللہ سے استغنائی کرنا ۱۲

**مراد** — خدا کی طرف سے حسب خواہش ملنا ۱۲

## اودیہ کی دس منزلیں

- **احسان** — گویا کہ اللہ کو دیکھ رہا ہے ۱۲
- **علم** — علم یقین حاصل ہونا ۱۲
- **حکمۃ** — اسرار اشیاء سے واقف ہونا ۱۲
- **بصیرت** — قوت باطنی سے آنکھ کی طرح دیکھنا ۱۲
- **فراست** — امور غائبہ سمجھنا ۱۲
- **تعظیم** — عظمت حق کا پہچاننا ۱۲
- **الہام** — بلا واسطہ غیبی باتوں کا معلوم ہونا ۱۲
- **سکینہ** — اطمینان نفس ۱۲
- **طمانیۃ** — قلب کا قرار ۱۲
- **ہمت** — دل کو ماسوی اللہ سے خالی کر کے ذوق و شوق سے عبادت کرنا ۱۲

## احوال کی دس منزلیں

- **محبت** — محبت ایک ایسا تعلق ہے جس میں محبوب پر جان قربان کرتے ہیں اور اس کی ماسوا سے اعراض ہوتا ہے ۱۲
- **غیرت** — یعنی ماسوائے محبوب سے رنج ہونا ۱۲
- **شوق** — دل میں محبت محبوب کی ہوائیں چلنا ۱۲
- **قلق** — شوق کا آنکھوں سے نکال لینا
- **عطش** — محبت محبوب کے غلبہ سے ایک اضطراب ہونا ۱۲
- **وجد** — دل میں عشق محبوب پانا ۱۲
- **دھش** — بندہ کو جلال الٰہی سے حیرت ہونا ۱۲
- **ہیمان** — تمام تصرفات کا بحر دل میں ڈوب جانا ۱۲
- **برق** — انوار الٰہی کا دل میں آنا
- **ذوق** [2]

## ولایت کی دس منزلیں

- **لحظ** — ملاحظۃ الحق فی الباطن ۱۲
- **وقت** — غلبۃ الاحوال علی العبد
- **صفا** — دل کا کدورت سے صاف ہونا ۱۲
- **سرور** — دوست محبوب کو دیکھ کر خوشی ہونا ۱۲
- **سر** — ہر شہود کل شے من الحق ۱۲

---

[1] ذکر وہ ہے جس سے قربت حاصل ہوتی ہے اور حجاب دور ہوتے ہیں ہمارے شیخ عارف سید السادات محمد بن یوسف حسینی فرماتے ہیں کہ بقاء نفوس ذکر قلب پر موقوف ہے اور مراقبہ سے قلب کو استقرار کا درجہ حاصل ہوتا ہے یہ وہ شے ہے جس سے انسان اللہ جل شانہ کا مشاہدہ کرنے لگتا ہے اور کلام الٰہی کی تجلی اس پر ظاہر ہوتی ہے اور کشف ارواح وغیرہ حاصل ہوتا ہے اور سید کے احوال اور دنیا کے وقائع سے خبردار ہو جاتا ہے ۱۲۔

[2] ذوق یعنی مبادی تجلیات جن سے علائق و عوائق سے دل خالی ہو جاتا ہے ۱۲۔

| نفس | غربت | غرق | غیبت | تمکین |
|---|---|---|---|---|
| یعنی بالقوم بالروح ۱۲ | طلب مقصود میں وطن چھوڑنا ۱۲ | دریائے قلب میں ڈوبنا | یعنی عدم شہود یا بجز حق کے لاحول ۱۲ | ہر مقام میں ثابت قدم ۱۲ |

## حقائق کی دس منزلیں

| مکاشفہ | مشاہدہ | معائنہ | حیات[1] | قبض[2] |
|---|---|---|---|---|
| صفات کا بواسطہ ظاہر ہونا ۱۲ | صفات کا بلا مظہر ظاہر ہونا ۱۲ | صفات کا بلا خصوصیۃ ظاہر ہونا ۱۲ | | |

| بسط | سکر | صحو | اتصال | انفصال |
|---|---|---|---|---|
| یعنی انشراح القلب فی الذات ۱۲ | احساس کا مفقود ہونا ۱۲ | یعنی رجوع الی الاحساس ۱۲ | امداد الٰہی کا پے در پے آنا ۱۲ | رویۃ اتصال کا ساقط ہونا ۱۲ |

## نہایات کی دس منزلیں

| معرفت | فنا | بقا | تحقیق | تلبیس[3] |
|---|---|---|---|---|
| بنگاہ کریمی ذات کو معلوم ہونا ۱۲ | زوال شہود بعینہ | اللہ تعالیٰ کو ہر شے میں تمام دیکھنا یہ مقام ارباب تمکین کا ہے ۱۲ | خدا کو دیکھنا ہر شے میں تمام ۱۲ | |

| وجود | تجرید[4] | تفرید | جمع[5] |
|---|---|---|---|
| ہر شہود سے مقصود پانا ۱۲ | | یعنی شہود الحق اور وہ مجمل دیکھنا اسکی تفصیل میں ۱۲ | |

---

[1] حیات یعنی صفات کا باحیا نہاد اوصاف کا ظاہر ہونا اس طرح کہ کوئی وصف میں سے محتجب نہ رہے ۱۲۔

[2] یعنی قلب کا مکروہات ظاہریہ سے مضطرب ہونا اگر مشاہدہ یا معائنہ میں حضرت جلال سے ہے تو قبض ہے اور مشاہدات جمال سے تو بسط ہے ۱۲ [3] تلبیس یعنی ذات اقدس کا عالم میں ملتبس ہو جانا اس رتبہ میں اہل تمکین ہی ثابت قدم رہتے ہیں ذات جس مظہر میں ظاہر ہو جس صورت میں متجلی ہو وہ اس کو تمیز کر لیتے ہیں ۱۲ [4] تجرید خالی ہونا خالی کرنا جیسے عقل کی تجرید ماسوائے اللہ کو نہ دیکھنا تجرید سلوک کی ماسوائے اللہ کا خطرہ دل میں نہ آنے دینا ۱۲ [5] جمع یعنی مجمل کا اسکی تفصیل میں اور تفصیل کا جمع میں دیکھنا اور کبھی جمع سے رویت حق کیطرف بھی اشارہ کرتے ہیں اور حق تعالیٰ کی مشغول کو بھی کہتے ہیں اور بعضے کہتے ہیں کہ جمع کے معنی یہ ہیں کہ شہود باری تعالیٰ اپنے ماسوا سے اور جمع کا اطلاق کبھی جمع الجمع پر بھی آتا ہے اور استہلاک فی اللہ اور شہود الحق علی الخلق اور شہود الوحدۃ فی الکثرۃ اور بالعکس پر اطلاق آتا ہے اور اسکو جمع الفرق والفراق بھی کہتے ہیں اور بعضوں نے اس کی تعریف کی ہے الجمع ھو الرجوع عن التفرقۃ المخالفۃ یعنی تفرقہ مخالف سے رجوع کرنے کا نام جمع ہے پس عوام کی جمع یہ ہے کہ خواطر متفرقہ کو جمع کریں اور اخص کی جمع یہ ہے کہ تمام تفرقوں کو ایک نور میں سے دیکھیں اور خاصۃ الخاصۃ کی جمع یہ ہے کہ عین واحد توحید سے رویۃ باری کا مشاہدہ کریں ۱۲۔

توحید[1]

# ہر کہ خواند جوہر شطار را • مفت یابد گوہر اسرار را

# تمام ہوا چوتھا جوہر

[1] توحید یعنی اللہ کی وحدانیت کا اعتقاد کرنا پس توحید عامہ خلائق کی یہ ہے کہ کہیں اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه اور توحید خاصہ کی یہ ہے کہ شہود میں کسی کو خدا کے برابر نہ سمجھیں۔ اور توحید خاصۃ الخاصۃ کی یہ ہے کہ ذات واحد کو بلا کثرت کے مشاہدہ کریں اور یہی شہود محققین بالوحدانیۃ کا ہے اور توحید افعال کی یہ ہے کہ تمام افعال کو واحد حقیقی کی طرف سے سمجھے اور توحید صفات کی یہ کہ تمام صفتوں کو اس ذات کے مقابلہ میں صفت واحد خیال کرے اور توحید ذات یہ ہے کہ سوائے اس ذات واحد کے کسی شے کو ساری اور متجلی نہ سمجھا اور بعض نسخوں میں اتحاد ہے

المؤمرات الخشیۃ الفیٔ المرجوع الاستغفاء السیاست

یعنی انکار حقیقت سے احتراز کرنا ۱۲ — یعنی ان سے بھاگ — طلب مغفرت — زہد نفس

الحرصۃ الاستقامۃ العزم الجزم المروت الحال

یعنی حقیقت کی تعظیم کرنا — عزم علی الاستقامہ ۲ — جس پر عمل واجب ہے

الہیجان الشرب الخضوع الملامۃ

ہیجان طبیعت ۱۲ — اپنے آپ کو ذلیل سمجھنا — نفس لوامہ کے ساتھ مجادلہ ۱۲

# پانچواں جوہر

## ورثۃ الحق کے اشغال کے بیان

جاننا چاہیئے کہ سالک جب عمل ابرار واخیار اور اسرار دعوت شطار سے فارغ ہو جب دُوعَبُنَا لَهُم مِنْ رَّحْمَتِنَا کا عارف ہوا تو چاہیئے کہ اشغال ورثۃ الحق میں قدم رکھے تاکہ یَزدَادُوا اِیْمَاناً مَّعَ اِیْمَانِهِم کی حقیقت متحقق ہو اور معلوم کرے کہ سالک کو کونسا ورثہ پہنچتا ہے اور وہ کس وجہ سے وارث ہوتا ہے۔ تاکہ زبان بشیر وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ سے بشارت اُولٰئِكَ هُمُ الْوَارِثُوْن اس کی شان میں ثابت ہو۔

واضح ہو کہ وارث دو طرح کا ہوتا ہے۔ اوّل صوری دوم معنوی۔ اور موارثہ صوریکا پہنچنا مورث کی ممات پر موقوف ہے اور معنوی میں ممات (مرنا) محال ہے لہذا دونوں میں مناسبت یہ ہے کہ صوری میں بھی حصول شئی بلا کسب ہوتا ہے اور معنوی میں بھی۔

اب معلوم کرنا چاہیئے کہ ارث صوری کیا چیز ہے اور ارث معنوی کس کو کہتے ہیں سارث صوری ایک فیض کا نام ہے جو ظاہر ہوا اور ارث معنوی ایک عطیہ جو علمائے باطن سے سمجھا جاتا ہے (اس کا ادراک مدرک ثقلین کے سوا غیر ممکن ہے) اور صوریکا انتظام و سرانجام ارث کونی کے اہتمام سے ہوتا ہے اور معنوی کا مواہب میراث الٰہی سے ہے۔

چنانچہ ذاتِ کُلُّ ذِیْ حَقٍّ حَقَّهٗ اور اَلْوَلَدُ سِرٌّ لِاَبِیْهِ اور اَلْاِنْسَانُ سِرِّیْ و صِفَتِیْ سلک انتظام آیۃ اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ اٰدَمَ عَلٰی صُوْرَتِهٖ میں اس مقام کے دریافت کرنے کا لطیف اور کامل اشارہ ہے۔

سب سے پہلے عدم کو موجود کیا یہاں تک یہ نسبت ہر وجود کے کُنۡتُ کَنۡزًا مَخۡفِیًّا فَاَحۡبَبۡتُ کا ظہور ہوا پھر اپنے کمالات اس میں شامل کئے یعنی اپنے کمالوں سے بھر دیا تو اس اندراج واندماج وجود و شہود کو کسی نے نہ پہنچانا اور کسی کو پتہ نہ چلا یعنی حیث الوجود عین وجود ہے اور وجود شہود شہود کے مشاہدے میں ہے اور تقید نابود میں نمودار۔ اور نابود اطلاق میں نمودار ہے۔ کیونکہ وجود شہود جب قید کا اثر پزیر ہوتا ہے تو وجود مطلق کو کہاں پہنچ سکتا ہے حقیقت وجود قید اطلاق سے مبرا ہے اسمیں ایں وآں کی گنجائش نہیں چنانچہ کُلُّ شَیۡءٍ هَالِکٌ اِلَّا وَجۡهَهٗ اس کا شاہد ہے علم اپنے استعداد اصلی کے اعتبار سے آفتاب وحدت کی چمک اور ظلمت کے سامنے ایک ذرہ ہے اور اسماء کا تصرف ہر ذرہ میں پورا ہے۔ نیز جاننا چاہیئے کہ وجود حقیقی خاص و عام ہے جب یہ حاصل ہو جاتا ہے تو عالم الغیب والشہادت یعنی جناب الٰہی کی معرفت میں کچھ شک و شبہ نہیں رہتا عالم الغیب والشہادت سے جب تک فاطر السمٰوٰت والارض کا برقع نہیں اٹھتا عالم الغیب والشہادت کی معرفت حاصل نہیں ہوتی جیسے معلوم ازل سے اللہ کے علم میں تھا جب عالم کے علم نے معلوم کی طرف التفات کیا وجود معلوم بوجہ احسن ظاہر ہوا اور فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحۡسَنُ الۡخَالِقِیۡنَ کی نقاب اٹھی اور عالم باطن معلوم ظاہر ہوا اور معلوم ظاہر نے اپنے فعل سے ممتاز ہو کر اپنے حسن کی طرف نظر کی تو اپنے حسن کی طرف نظر کی تو اپنے حسن کی طرف نظر کی تو اپنے کو تمام اسماء الٰہی کے ساتھ پوری طرح متصف اور ان میں متصرف پایا کہ ان للہ تسعة وتسعون اسمًا جب یہ بات میسر آئی تو اپنے آپ کو صورت تقید میں مقید کیا اور اس کے آثار اور احکام کے موجب حکم کیا اور صفت الانسان بنیان الرب کے ساتھ متصف ہوا تو ذات الوارث اس پر متجلی ہوئی یہاں تک کہ وہ اس اسم کا مالک اور اس پر مستولی ہو گیا اور تمام اسماء کی معرفت اس کو حاصل ہو گئی اور بادشاہ الا کلها فیك سب اسماء کا خود مظہر بنا۔

سالک کو چاہیئے کہ تمام اسماء ~~توفیق~~ کو توفیق الٰہی کے وسیلہ سے فکر میں لا کر ازلاً وابداً

اپنی صورت میں لاشے اور جو اسماء ہر اسم کے نیچے لکھے ہیں ان کا تصور کرکے ہر اسم کی عین صورت بن جائے اور اس کے احکام اور آثار میں قدم رکھے اور دلکا ... جائے مِمَّا عَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَقَدْ خَلَقَكُمْ أَطْوَارًا کو دریافت کرے کبھی تمام جہان کو شہود دیکھے گا اور اپنے آپ کو وجود اور کبھی تمام جہان کو وجود اور خود کو شہود اور کبھی تجلیات اسماء میں ایسا گم اور نایاب ہوگا کہ نام و نشان تک نہ رہے گا والیہ المرجع والمآب کا ظہور ہوگا اور کبھی خود مرکز بنے گا اور عالم دائرہ اور کبھی عالم مرکز اور خود دائرہ اور کبھی تمام کائنات کا اور تمام معاینہ کرے گا اور خود کو اس میں نہ پائے گا اور کبھی غیب و شہادت دونوں سے خالی ہوگا اور کبھی با ہمہ اور کبھی بے ہمہ اور مقام لایزالی میں کبھی اپنے آپ کو آئینہ میں مشاہدہ کرے گا کہ المشاهدة رؤية الحق بالحق بلا حجاب اور کبھی اپنے آپ کو بلا آئینہ کے اپنے آپ میں معائنہ کرے گا کہ المعاينة رؤية الذات بلا حجاب جب وارث ابدی نے وراثت الحق سے ارث تُورِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا لیا اور اس میں متصرف ہوا تو وارث ازلی نے بفحوائے کلام معجز نظام إِنَّا نَحْنُ نَرِثُ الْأَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا ارث حقیقی طلب کیا کہ آج ارث تمام اس و عام ہم کو پہنچتا ہے یعنی آغاز و انجام ہمیں سے ہے كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَيَبْقَىٰ وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ جب حق مستحق کو پہنچ جاتا ہے تو سرادقات جلال و عظمت سے لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ کی ندا جہان میں آتی ہے اور بحکم لِلَّهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ کسی کو دم مارنے کی مجال نہیں ہوتی اور نجوم كُلُّ شَيْءٍ اور غروب هالك مستهلك اور آفتاب إِلَّا وَجْهَهُ اظہر من الشمس طالع ہوتا ہے جب سالک چاہے کہ حالات مذکورہ کو عین تحقیق سے معائنہ کرے اور اسرار الوہیت اس پر مکشوف ہوں اور وجود ممکن نظر نہ آئے تو چاہیے کہ اس شغل صورت بند میں مواظبت کرے ؎

تا تو با خویشی عدد بینی ہمہ ۔۔۔ چوں شوی ذاتی احد بینی ہمہ

پہلا شغل صورت بند میں ت م ق س م م ع ج م خ ب م ع ق و د ف ع ق ب غ م م س ب ح ع ل خ ح ع غ ش ع ث ح م ح ج ک م و ح د م ب ش ح د ق م د ح م م م م م ح ق د م و ا ص ق م م ا ظ ب و م ب ت م م

ع ر م ذ ر م ج غ م م ص ن ن هـ ب ر ص ت ا ل ا ه م

دوسرا شغل مشاہدہ میں اے آشیانہ حقیقت کے شہباز۔ اے میدان طریقت کے شہسوار تجھ کو جاننا چاہیئے کہ ہر طالب پر امام اور مرشد راہ طریقت کی تلاش واجب ہے اور اس کا اقتدا اس پر لازم چنانچہ آیۂ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَابْتَغُوْا اِلَیْهِ الْوَسِیْلَةَ اس پر دال ہے اور من تعرف الحقیقة بلا امام فقد کفر اس حال کا شاہد ہے

اگر بے پیر کارے پیش گیرد ہلاکت راز بہر خویش گیرد

ذات ازل الآزال ظہور اور بطون کی قید سے پاک ہے اِنَّ اللّٰہَ لَغَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ اسی کی طرف اشارہ ہے۔ موجہ ذاتی جو تمام اعتبارات سے پاک ہے اس کا دریافت کرنا مشکل ہے اگر اس ذات کو پہنچانے تو باطل ہے لہذا ضروری ہوا کہ کمر ہمت باندھے رکھے اور حقیقت کا سرمایہ جمع کرے جب ذات مقدس نے جو کمال عظمت کے ساتھ تعین قبول کئے ہوئے ہے اور غیر کے ظہور کا اس میں نشان تک نہیں چاہا کہ اپنے آپ کو ظاہر کرے تو سرادقات جلال وعظمت کو اٹھا کر جمال کبریائی کے پردہ میں علما ورد وجوفا ور نوزا اور شہودا اپنے آپ کو ظاہر کیا چنانچہ الکبریاء ردائی والعظمة ازاری اسی معنی کی خبر دیتا ہے اور آئینہ جمال کبریائی میں مثال نے بے مثل کو مشاہدہ کیا اور عاشق ہوا تو سایق عشق یُحِبُّھُمْ نے رونمائی کی اور معشوق کو طرح طرح کے لباس پہنائے اور ایسا فریفتہ ہوا کہ آئینہ یُحِبُّوْنَهٗ میں عکس ڈالا جب اپنی اہلیت پر پہنچا آپ کو اپنے میں دیکھا کبھی محب ہوا اور کبھی محبوب اور محبت دونوں میں جلوہ گر ہوئی اور آئینہ شَهِدَ اللّٰہُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ میں صورت خاص وعام باختصاص تمام مشاہدہ فرمائی تو اپنے مشاہدہ کے سوا کوئی مشہود نظر نہ آیا اِنَّهٗ یُبْدِئُ وَیُعِیْدُ جب سالک اپنے قرب میں محرم راز ہو جائے جمال کا مشاہدہ کرے جو الوان صفات کے ساتھ متصور ہے جب تک ربوبیت کا اثر رہے گا ربوبیت کا مشاہدہ ہوتا رہے گا کہ وُجُوْهٌ یَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ اِلٰی رَبِّهَا نَاظِرَةٌ جب یہ دونوں پردے اٹھ جاتے ہیں تو استیلا ہستی غالب ہوتا ہے اور ناظر ومنظور دونوں نظر سے غائب ہو جاتے ہیں

جب شغل مشاہدہ میں مواظبت کرتا ہے تو یہ حال ظاہر ہوتا ہے ا ج ج

تیسرا شغل دل مدور کے تصور میں اے ارباب طریقت طریق معرفت الی اللہ کو جانو کہ الطریق الی اللہ بعدد انفاس الخلائق سالک کو چاہیئے کہ محقق بنے جب تک محقق محل اور مقادیر اور تجلیات ذاتی وصفاتی میں تفاوت نہ کرے۔ اور اپنی استعداد اور قابلیت تام نہ ہو اسم کونی پر اسم الٰہی کا اطلاق نہ کرے کیونکہ کون مظہر ہے (بفتح میم و ہا) اور الٰہی مظہر (بضم میم و کسر ہا) اور اگر بے حصول استعداد تام یہ اطلاق کرے گا تو مغلوب اور ابتر ہوگا۔ جب تک مراتب کما حقہا معلوم نہیں ہوتے مفہوم کا معلوم ہونا معلوم۔ اب سر معنی الٰہ الا اللہ کو دریافت کرنا چاہیئے۔ مراتب ذات مقدسہ تین مرتبے ہیں اوّل مرتبہ غیب کو منقطع الاشارہ ہے دوسرے مرتبہ صرف کو اس میں ذات کی تجلی ذات ہی کے لئے ہوتی ہے تیسرے مرتبہ ذات کہ صفات کے ساتھ ملحوظ ہے کمالات ذات بغیر صفات کے حاصل نہیں ہوتے اور صفات بغیر ذات کے متجلی نہیں ہو سکتیں اور صفات کا بے معلومات کے ظہور نہیں ہوتا واضح ہو کہ پاک یعنی ذات ملک یعنی صفات کے لباس میں آئی صورت ملک۔ ملک ہے (یعنی فرق صوری دونوں میں کوئی نہیں)، والملک ھو العالم عالم علم میں ہے اور علم عالم کی ذات کے ساتھ قائم والعالم ھو الظاھر والباطن جبروت مثال لاہوت ملکوت مثال جبروت ناسوت مثال ملکوت ہے از روئے تفصیل کے ناسوت جمع و تفرقہ کی ایک صورت ہے اور آدم باعتبار حقیقت کے کل ہے اور تشخص میں بھی کل معلوم ہوتا ہے مگر ہر جزو پر صادق نہیں آتا۔ دیکھو عضو شخص نہیں ہوتا اور نہ شخص عضو ہوتا ہے شخص کے دیکھنے سے عضو کا معائنہ نہیں ہوتا اور عضو کے دیکھنے سے شخص کا نشان نہیں ملتا عالم معانی سے مرکز تک اگر مشاہدہ کیا جاتا ہے تو ایک انسان ہے اور اگر مرتبہ حس و شہادت میں معائنہ کرے تو اس کے چار مرتبے ہیں ن مرتبہ حیوان ہے خصائل حیوانی اس میں مستور ہیں اور تفرقہ جہان اس میں منظور ہے مرتبہ نفسانی ہے نفس اس میں موجود ہے اور عجب پندار اس میں مشہود ہے مرتبہ ملکیت ہے اوصاف ملکی

اس میں عیان ہیں مدور مرتبہ اصل ہے جانب ظہور روحانی ہے اور طرف بطون رحمانی اور مقام مشاہدہ غیب و شہادت ہے سرًا وعلانیۃً اس میں مرتبہ غیر شہود منظور نہیں۔ تجلیات سلبی و ثبوتی کا معائنہ ہوتا ہے کبھی سقوط کبھی ثبوت نظر آتا ہے جب سطوت جلال عظمت مستولی ہوتی ہے تو سالک بشریت سے باہر آجاتا ہے رایت ربی بصورۃ المرصاد علی صورۃ تشبیح اصیب نضرب رجلہ فی صدری فوجدت ضربہ فی کتفی فنسیت بہا علم الاولین والآخرین رونما ہوتا ہے اور اگر تجلی جمال کبریائی متجلی ہوتی ہے تو رایت ربی لیلۃ المعراج علی صورۃ شاب امرد قطط فوضع یدہ علی کتفی فوجدت بردانا ملہ فی صدری فعلمت بہا علم الاولین والآخرین پردہ کشا ہوتا ہے۔ جب سالک ان تجلیات سے گزرتا ہے تو داوالوا ہوتا ہے اور ازل شاہد اور حسن و ملاحت اس کی ہوتی ہیں تمام اوصاف وذوات اس کے ظہور سے ظاہر اور اس کے غلبہ سے ہلاک ہوتے ہیں شعر

ظَہَرَتْ شَمْسًا فَغِبْتُ فِیْہَا      اِذَا شَرَقَتْ فَذَاكَ شَرْقِیْ

اگر یہ حالت چاہے تو شغل دل مدور میں مشغول ہو یہ ہے۔

**چوتھا شغل تصور روحانی میں** اے صوفی صافی صف میدان وفا میں تحفہ صفا پر بیٹھے والے توجہ ذاتی سے دل صافی کے حالات کو گوش زد کر کہ نور کے آئینہ کو زنگ نہیں لگتا عین کا معائنہ حاصل کرتا کہ راہ صواب سے دور نہ پڑے خاص و عالم حسب لیاقت یا صفت معینہ کے ساتھ متصف ہیں یا اطوار مختلفہ کے ساتھ۔ مراتب ہدایت و نہایت کو فکر عمیق کے ساتھ اس اقبال میں بالتحقیق معلوم کر مع آبگینہ پر آب آگ کا اثر ہرگز قبول نہیں کر سکتا جب آفتاب کے برابر میں آتا ہے صفت آفتاب قبول کرتا ہے اور شعلہ پذیر ہوتا ہے اور جو کچھ درمیان میں آتا ہے سب کو جلا دیتا ہے ثم ایک طبق میں آہنی ریزے ڈالیں اور مقناطیس کو اس طبق کے نیچے رکھیں تو جس طرف مقناطیس جائے گا آہن بھی اسی طرف میلان کرے گا۔ یہ نسبت معلوم نہیں ثم ستارے اپنی وضع و بنیاد و نہاد کے موافق سیر کرتے ہیں مگر جب آفتاب طلوع کرتا ہے تو کوئی ستارہ نظر نہیں آتا ثم زمرد ایک پتھر ہے رنگ دار رنگ بے سنگ کے قرار نہیں پکڑتا اور سنگ بے رنگ کے عزت پذیر نہیں ہوتا۔ ثم موتی کا وجود اور اس کی لطافت پانی سے ہے اگر پانی نہ ہو بے آب ہے مگر قیمت کچھ نہیں جب بازار میں آتا ہے قیمت لگتی ہے۔

ثم پانی جب ہوا سے منجمد ہوتا ہے تو اولہ بنتا ہے اور دوسرا نام پیدا کرتا ہے اور جب پگھلتا ہے تو پھر وہی پانی کا پانی ثم بصل یعنی پیاز از روئے اصل و وصل آغاز و انجام کے پردے ہیں اگر تو حیثیت بصل سے دیکھے تو کوئی وصل نہیں اور فصل کرے تو پردہ ہی پردہ ہے اگر اس کی حقیقت معلوم کرنا چاہتا ہے تو اس شغل میں کوشش کرتا کہ مبدء حقیقت تجھ پر ظاہر ہو مرکز سے غیب کی طرف[1] بہ نسبت شہود کے مشاہدہ کرے اگر یہ نہ ہو سکے تو ارقام نقشے کے ساتھ کہ اسم عجمی ہے سر بلند کر کے آنکھیں کھولے اور اس اسم کے مسمّٰی کو دیکھے تا کہ روحانیت پیدا ہو اور ایک ہستی دکھلائی دے اور اس میں گم ہو جاوے اس اسم کے گم ہونے

---

[1] جبوتر ۔ و معنی مراد کی مسند ۱۲ [2] اس لفظ کے عدد آسمان کے عدد کے برابر ہیں۔

[1] بہ نسبت وجود کے اور غیب سے مرکز کی طرف ۱۲

سے وہ روحانیت بھی گم ہوجاوے گی اس کے بعد عالم علوی وسفلی کو اپنی صورت میں دیکھے گا اور ہستی کی تاریکی ایسی غالب ہو گی کہ ہر موجود کا وجود غائب ہوجائے گا۔ اسم عجمی یہ ہے اس مراد۔

پانچواں شغل حقائق اشیاء کی معرفت میں | جب عارف افعال شریعت اور اوصاف طریقت اور احوال حقیقت میں کامل ہو جاتے تو اپنے مآل کا طالب ہو کہ زاغ و باز کا آشیانہ جمال وجلال سے ہیں جب دونوں اپنی صفت سے باز آئے تو کون سے راز سے ہمراز ہوئے اور اپنی صفت سے کیوں باز آئے۔ جب زاغ نے باز کی صفت اختیار کی اور باز نے اس کو غیر سازی سے روکا تو کچھ پایا صفت اصلی میں مستور ہوا اور باز نے کہ صفت ہما کی لی وہ اس کا باعث قرار پایا کہ جو الوان مختلف دیکھے ومِنْ اٰیٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ان کو یک رنگی کا لباس پہنائے تاکہ رنگ اصلی کی طرف کہ بے رنگی ہے راہ پائے اس مقام میں صفت عشق کو نگاہ رکھے کیونکہ عشق ایک راز ہے جو بے راز کو محرم راز کر دیتا ہے اور محرم راز کو راز سے باہر نکال لیتا ہے۔ اے سالک اگر تو ان اسرار پر مطلع ہونا چاہتا ہے تو ماہیت شہود کو کہ روح الامین ہے معلوم کر اور اپنی ہستی کا دامن پکڑ اور اپنے آپ کو ایک روحانیت دیکھ اور شہود کو اس میں گم کر تاکہ ظاہراً اور باطناً اس کا رنگ قبول کرے علانیۃً اور از روئے شہود کے مراد جہ وجود سے ہفت پیکر میں نگاہ کر اور ماسوا چیز کو نظر میں نہ لا اشارہ یہ ہے [illegible] اور شغل ہفت پیکر کا یہ ہے کہ جیسا شغل حقائق اشیاء میں مذکور ہے اسی طرح یہاں شاغل ہو۔

چھٹا شغل فنا شہود میں | اے مفلس ازلی اور مجرد ابدی اتنی ھاو ھو کس لئے کرتا ہے جب تک عقدے نہ کھلیں اور سرمایۂ ہویت گنج خانہ کُنْتُ کَنْزًا مَخْفِیًّا سے حاصل نہ کرے حاصل بے حاصلی اور سرمایہ بے سرمائیگی ہے۔ راہ فنا مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا اختیار کر ایسا نہ ہو تجھ کو اثنینیت اثنین سے حسرت حاصل ہو۔ بیت

عدم آئینہ ہستی است مطلق　　　ازو پیداست عکس تابش حق

تو جو کچھ دریافت کرتا ہے تیری طرف سے نہیں ہے وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰہُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ۔ بیت

تو چشم عکسی و او نور دیدہ　　　بدیدہ دیدہ را دیدہ بدیدہ

اے آزاد ازلی یہ وجود تیرے لئے بلا ہے کہ وجودک ذنب لایقاس بہ ذنب اس جگہ سے چاہا کہ تو اس بلا میں گرفتار ہو اور گرفتار عشق و محبت پیش کرے اور وصل کو اصل کے ساتھ انقلاب دے کہ فصل تجھ پر ظاہر ہو۔ بیت

تعین نقطۂ وہمی ست بر عین　　　چو صافی گشت آں عینت شود عین

آئینۂ ہستی پر زنگار زیانگار آگیا ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُکُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِکَ فَهِیَ کَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً۔ اس کے لئے صیقل لِکُلِّ شَیْءٍ مِّصْقَلَةٌ وَّمِصْقَلَةُ الْقَلْبِ ذِکْرُ اللّٰہِ چاہیئے کہ آئینۂ صاف ہو اور وہ نقطۂ وہمی دور ہو اور عین وجود کو عین ذات دیکھے

بیت　همہ از وہم تست اے صورت غیر　　　کہ نقطہ دائرست از سرعت سیر

اے عقلمند اگر تو چاہتا ہے کہ بند پیوند سے خلاصی پائے اور ناچار ہر چہار گرہ گرہ کو کھولے۔ تو ہر چہار کو ہر چہار کے حوالے کر اور اسم و رسم کو درمیان سے اٹھا اور امام حقیقت کا (کہ روح ہے) دامن پکڑ اور اس کا اقتدا اپنے اوپر لازم کر کہ وہ امر کے تحت میں ہے بغیر محل کے قرار پذیر نہ ہوگا۔ جب وہ اپنی مسند پر پہنچ جاوے گا تجھ کو خلاصہ فقر اِذَا تَمَّ الْفَقْرُ فَهُوَ اللّٰہُ حاصل ہوگا۔ عبارت مذکور اس اشارہ سے معلوم کر۔

ساتواں شغل صفات سبعہ میں اعتقاب نشان نے آشیانۂ قابلیت کو جواہر صفات ذاتی و افعالی کے ساتھ آراستہ کیا تاکہ آشیانہ عین نشان ہو اور عین سے معائنہ کر کے عین پایا حضرت جد امجد فرماتے ہیں۔ بیت

آں پادشاہ اعظم دانستہ بود محکم　　　پوشید دلق آدم ناگاہ بر در آمد

یہ عجیب اعجوبہ ہے کہ غیب و شہادت اس میں پائدار ہیں بیت۔

آں شاہد لاہوت کہ در کسوت انسان ست — انسان ست ہماں شخص ز انسانش طلب کن

عالم عین آدم ہے اور آدم ایک ظلمات ہے کہ اس میں آب حیات پوشیدہ ہے جس نے پایا پوشیدہ پایا لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ بیت

سیاہی گر بدانی نور ذات ست — بتاریکی درد آب حیات است

جہان انسان انسان شد جہانے — ازیں پاکیزہ تر نتواں بیانے

اے غواص اگر تو چاہتا ہے کہ در ثمین یعنی قیمتی موتی تیرے ہاتھ آئے تو دریائے شہادت کو نگاہ میں نہ لا یہ ایک شیشہ ہے جس کی آب تجھ پر ظاہر ہے اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ اسی آبگینہ سے مراد ہے۔ يُوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبَارَكَةٍ قامت انسانی کی طرف اشارہ ہے اس کو سمجھ اور اپنے حسن پر نظر کر اور روئے بصارت نور علی نور دیکھ اشارہ یہ ہے۔ سی ب ع ل ج ق لور ق لور۔

آٹھواں شغل وحدانیت میں | عالم خفی بیرنگی رکھتا تھا جب اس نے بیرنگی سے رنگ اختیار کیا تو ہر رنگ میں ظاہر ہوا اور کوئی رنگ ایسا نہ تھا جو اس کا مثل ہو صِبْغَةَ اللّٰهِ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً لیس کمثلہ شئی ہر شئے کی شان میں شایان تھا اور ہر ایک یگانگی پر شاہد اور یقین ہر شئے کا شاہد ہے وجود کے لئے ہے نہ انانیت شہود کیلئے فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ لِاُعْرَفَ اسی معنی کی تائید ہے ہر شہود میں تجلی عین ذات سے ہے جو شیوہ شاہد و مشہود کے ساتھ حلیہ شہود سے مزین اور محلی ہے۔ ہر حلیہ تعین موزن راز رکھتا ہے کہ اس راز سے ہمراز ہے۔ بیت

ففی کل شئے لہ شاھد — یدل علی انہ واحد

اے سالک اگر تو ان اسرار پر مطلع ہونا چاہتا ہے تو اس شغل میں قدم رکھ اور خود سے انتفا اور حق سے اثبات حاصل کر۔ ف ك ل ش ی

نواں شغل عالم خفی کے تصور میں | اے اہل باطن معلوم کر کہ ہر شے ظاہر و باطن رکھتی ہے هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ باطن ایک وجود ہے اور ظاہر بانواع موجود پس مناسب ہے کہ ظاہر کو بہ نسبت باطن کے مشاہدہ کر لے کہ

وَاللہ عِنْدَہٗ حُسْنُ الْمَآب وجود شہود ظاہر کو استیلاء ہستی سے منور کرتا ہے کُلُّ شَیْءٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَہٗ اور ہستی مطلق کے سوا در سرا وجود نمودار نہیں اور یہ حال جب ہی حاصل ہوتا ہے جب سالک شغل خفی میں مخفی ہو جاتا ہے اشارہ یہ ہے (ت) -

دسواں شغل مبداء و معاد میں سلطان عشق نے چاہا کہ گنج کُنْتُ کَنْزًا مَخْفِیًّا کو بروجہ تکمیل ظاہر کرے ترتیب و تنزل نے حسب استعداد بنیاد اِنَّ رَبَّکُمُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ان مراتب کا آغاز و انجام دے کر بساط ھُوَ اللہُ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الْاَرْضَ بِسَاطًا پر فرش مودت بچھایا اور ذات بحت میں جڑا یا۔ دل کشا باغ ہے تخم محبت ڈالا اور اپنی تجلی سے اتم اور اکمل کیا۔ اگر سالک ان مراتب کو بروجہ کمال حاصل کرنا چاہیے تو شغل مبداء و معاد میں مشغول کرے یہ ہے خ اب

ان س ح ح س ن اب ا ح -

گیارھواں شغل نسبت نفس یا احضرت غیب تمام نسبتوں اور اعتباروں سے معرا و مبرا ہے اس کا وجود اس کی عین ذات ہے اور حضرت وجود دو نسبت رکھتا ہے غیب اور شہادت غیب باطن ہے اور شہادت ظاہر حضرت روح القدس کو وجود صرف کے ساتھ یگانگی کی نسبت تھی مگر اس نے یگانگی کو نہ پہچانا بے گانگی کے رستہ چلا نسبت شہود اختیار کی گرفتار ہوا۔ شہود وجود کے ضد کو کہتے ہیں وجود سے شہود پانچواں مرتبہ ہے نسبت شہود اختیار کی گرفتار ہوا۔ شہود وجود کے ضد کو کہتے ہیں وجود سے شہود پانچواں مرتبہ ہے نسبت ظاہری کے ساتھ آفتاب الوہیت نے کہ ھُوَ اللہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اظہر من الشمس ہے طلوع کیا اور کوکب محبت اِنَّ اللہَ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ چمکا اور انوار محبوبیت اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ظاہر ہوئے اور اغوائے عقل آدم رَبَّہٗ فَغَوٰی اور ضلالت اُولٰٓئِکَ ھُمُ الضَّآلُّوْنَ نے غیرت کی آگ جہان میں ڈالی جسم اور جان یک رنگ نظر آئی اور اعمالکم عمالکم کما تکونوا یولی علیکم در کار ہوا نسبت باطن برابر

ہر ظاہر کے سر قسم ہوئی ظاہر خلق باطن حق نمودار ہوا شہود سے جو باطن ہے یقیناً ذاتی سمجھ کہ اعیان ثابتہ خلق اوّل کے ما تحت ہیں اگر طالب ان اسرار سے واقف ہونا چاہے تو کامل تفحص کرے اور رشد حاصل کرے۔ اشارہ یہ ہے

ا م م ا ض ا ض ا م م ا

## مناجات

خلاقا پروردگارا کارساز اکرما
بادشاہا لایزالا بے نیاز ا دائما

الٰہی جب تو ہم کو اپنے ارادے سے دار القرار ازل الآزال سے دار الابتداء ابد الآباد میں لایا تو ہم مضطرب الاحوال ہو گئے فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلَالُ اب تو ہم کو زادَ تُہُمْ ھُدًی عطا فرما اور رفیق اَللّٰھُمَّ الرَّفِیْقَ الْاَعْلٰی عطا کرتا کہ سلامتی سے اپنی قدیمی جگہ میں عود کر جائیں کیونکہ اپنے وطن اصلی میں قرار محبوب ہوتا ہے

مثنوی

مارا چو زمانے لایزالی
انداختہ باین حوالی

از لطف چو بازمی توانی
یارب بمقام خود رسانی

اے احد توحید صرف وَمَا مِنْ اِلٰہٍ اِلَّا اللّٰہُ ہم کو صورت مادمن میں دکھلا کہ یہ
تمام نشوونما تیرے ہی اسماء وصفات کی تجلیاں ہیں اے صمد ہمیں جو کچھ غفلت
ہوئی ہے اسکو ہوشیاری سے بدل دے اور ہماری طرف سے عذر فَھُمْ غٰفِلُوْنَ کا قبول
کر۔ اور بتائید وَلَا تَکُنْ مِّنَ الْغٰفِلِیْنَ ہماری دستگیری کر اے علیم ہوشیاری کا ذکرُ
رَبَّکَ اِذَا نَسِیْتَ کو نسیان نَسُوا اللّٰہَ فَاَنْسٰھُمْ اَنْفُسَھُمْ سے مبدل نہ کر۔ اور حجاب
نقاب کو رخسارہ سِیْمَاھُمْ فِیْ وُجُوْھِھِمْ سے اٹھا دے اے قدیم ہماری ماہیتوں
میں جو اندیشہ کو دخل دیا گیا ہے اس سے ہم کو بچا کہ مَا یُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَیَّ اور جو کچھ
ہماری استعداد میں ہے فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِیَ لَھُمْ مِّنْ قُرَّۃِ اَعْیُنٍ اس کو بے مشقت
ہمارے سامنے لا۔ مثنوی

زلطف آنچہ مطلوب ست مقصود
مہیا کن بوجہ احسنش زود

مکن یارب بآں عزو جلالت | بتقدیر قضا آزا حوالت
معاذ اللہ کار ہر طلب گار | کہ افتد با قضا مشکل شود کار
چو دارد کلک یمحو اللہ قدرت | بہ ثبت اثبت و اسلاز مثبت
بدہ سامان بلطف بے حسابش | بلوح عندہ ام الکتابش

الٰہی جو ہمارے حق میں بہتر ہو اس کی ہم کو توفیق دے اور جو ہمارے حق میں بہتر نہ ہو اس سے بچا کہ پوشیدہ اسرار کو تو ہی جانتا ہے عَسٰی اَنْ تَکْرَهُوْا شَیْئًا وَّهُوَ خَیْرٌ لَّکُمْ اور فتنہ عَسٰی اَنْ تُحِبُّوْا شَیْئًا وَّهُوَ شَرٌّ لَّکُمْ کا دروازہ ہم پر نہ کھول۔ بلکہ دونوں نسبتیں ہم کو یکساں دکھلا۔ اور خوف درجائے موت و حیات سے ہم کو بچا بے خوف رکھ کہ مختار تو ہی ہے تیرے ہی ہاتھ اختیار ہے۔ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ وَیَخْتَارُ۔ الٰہی ظہور حقیقت میں تیرا ہی ظہور ہے اور وجود تیرا ہی وجود ہے۔ حضور تیرا ہی حضور ہے۔ شہود تیرا ہی شہود ہے جس نے تیرے ظہور کے موافق وجود کی طرف نسبت پائی اور تیرے کمال کے سبب عنان وجود فلک شہود کی طرف پھیری اس کو بھی زلال بقا چکھا اور اپنے کمال کو پہنچا۔

## رباعی

مقصودِ ظہور کائنا تیم ہمہ | سرچشمۂ اسماؤ صفاتیم ہمہ
یارب کہ رسیم از تو با ہم بکمال | چوں ماسبب کمال ذاتیم ہمہ

الٰہی جو اپنا کمال طلب کرتا ہے اس کا کمال تیرا جمال ہے اس کی طلب کو ہوائے نفسانی نہ کر۔ کہ یہ سب تیرا ہی کمال ہے۔ آلٰہی جس کو تو نے عزت تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ سے معزز کیا اور کرامت وَلَقَدْ کَرَّمْنَا سے نوازا اس کو ذلت تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ سے ذلیل نہ کر اور مرض فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ سے مریض نہ کر اور جو شخص کہ ذلیل اُولٰٓئِكَ فِی الْاَذَلِّیْنَ اور شغل اَسْفَلَ السَّافِلِیْنَ رکھتا ہے اس کو سر سے مرتبۂ عالی وَمَا اَدْرٰىكَ مَا عِلِّیُّوْنَ میں پہنچا اور درجۂ عظیم اَعْظَمُ دَرَجَةً سے مشرف کر۔ رباعی

یارب اثرے بخش مناجات مرا | از لطف روا کن ہمہ حاجات مرا

میدار بذاتِ خود صفاتم قائم　　قائم بصفاتِ خویشتن ذاتِ مرا

بِالْخَیْرِ وَالْعَاقِبَةِ

تمت

## قطعہ تاریخ ابتدائے ترجمہ کتاب ہذا

### از منشی محمد سردار خاں صاحب کیفی مرحوم

چوں جواہر خمسہ دیرینہ اصلی کنوں　　ترجمہ گر دیدہم مطبوع گشتہ آنچناں

عاملانِ دہر را ز دید نقش دل شدند ست　　نسخہ شد کیمیا آمد بدستِ طالباں

نسخہائے کیمیا ابر مہوس سوختہ　　دیدہ گنج شائگاں حالا بدستِ ایں و آں

گر کسے اوراد و اعمالش نماید کارِ خویش　　حاصلش باشد متاعِ دین و دنیا بیگماں

وقتِ فکرِ سال طبعش کیفی آوازے شنید　　نقش و اعمال و دعا و ورد و وظائف ز آسماں ۱۸۹۲ء

## تقریظ ریختۂ کلک جواہر سلک صوفی صافی

### مولوی محمد نظام الدین صاحب کیرانوی سلمہ الولی

للہ الحمد ہر آنچیز کہ خاطر میخواست

آخر آمد ز پس پردۂ تقدیر پدید

حمد مر واحدے را کہ عالمِ صغیر را کہ انسان تعبیر ازاں ست برزخ قرار دادہ از دائرہ کُنْ فَیَکُوْنَ رہانید و باز طبل لِمَنِ الْمُلْکُ الْیَوْمَ نواختہ بحکم لِلّٰہِ الْوَاحِدِ الْقَہَّارِ سطوتگاہ جلال لایزال گردانید و خود بخود تافت ۔ و حسب منطوق لازم الوثوق خَلَقْتُ الْخَلْقَ لِاُعْرَفَ خود را بخود شناخت و درود نامحدود سالکے را کہ مسالک سلوک را از مَنْ سلک وسعت دادہ بہدایتِ طالبان گرائید و بسیاست حضرت الوہیت اِنَّکَ لَا تَہْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ ترسانیدہ از ما و را و رہانید و بوراء الورا رسانید وَالسَّلَامُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ اما بعد میگوید فقیر حقیر نظام الدین کیرانوی

مولانا حنفی مذہبا چشتی مسلکا کہ این کتابیست عجیب کہ اگر این را غذائے روح گویا
می زیبد و اگر ضیاء القلوب خوانم می سزد معروف بجواہر خمسہ مصنفہ قدوۃ الکاملین
زبدۃ الواصلین **محمد غوث** گوالیاری مترجمہ ادام مدامکہ۔ طریقت عارف معارف
حقیقت صوفی صافی مولوی **مرزا محمد بیگ** صاحب دہلوی نقشبندی
سلمہ اللہ تعالیٰ کہ ہر یک جوہر از ان مجموعہ خمسہ انسانی مشتمل و منضبط و ہر یک
را بصفت انفراد فوائد و عوائد جدا و مجموع من حیث المجموع زوائد و فرائد جدا گویا بحر یست کہ قطرہ
اش تشنہ را سیرابی و بد و موجش عالم را بہ یا ساید و کیف مترجمش او ترجمہ داد۔ و ملحت
دل پیش طالبان نہادتے سے جواہر خمسہ را بمضامین لطیفہ پیراستہ مجموع لطائف خمسہ
انسانے آراست و فیوضش را اجرا دادہ منبع فیض خاص و عام ساخت۔ ہمیں است
کہ در طبع آن تاخیری و درنگے رو داد و زیرا کہ تا از مبدا فیاض حقیقی اشارتے و از نسبت
مصنف اجازتے نیافتہ بحرفی نساختہ و بلفظے نپرداختہ وَهٰذَا أَمْرٌ مَرْمُوزٌ
بِحِسْبَةِ اللهِ لَا يَعْلَمُهُ إِلَّا اللهُ الحمد للہ کہ ترجمہ اش را با اصل مناسبتے است عجیب
و ملازمتے ست غریب کہ از مترجمان احدے را میسر نشد و کیف ہم دیدۂ بصیرت
نداشتہ از معنی دور افتادند بل مترجمہ لفظی ہم لغزشہا کردند بامید حطام دنیا جواہر
را خزف کردہ فروختند۔ وَذٰلِكَ فَضْلُ اللهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَاءُ۔

## باالخیر

# فتوح الغیب

تالیف

عالم بے بدل مولانا مرزا محمد بیگ صاحب نقشبندی دہلویؒ

مترجم جواہر خمسہ کامل

جس میں دعوات اسمائے مکررہ وادعیہ مجربہ مستندہ اولیائے کرام و معمولات حضرت مرشد قبلہ رشد و ارشد مولانا شاہ احمد سعید صاحب نقشبندی مجددی دہلویؒ و معمولات و عملیات دیگر اولیائے عظام درج کئے گئے ہیں۔

بعد حمد و صلوٰۃ کے احقر العباد محمد بیگ نقشبندی اصحاب باصفا کی خدمت میں عرض کرتا ہے کہ جب میں تیسرے جوہر کے ترجمہ سے فارغ ہوا تو بعض احباب مصر ہوئے کہ اگر کچھ دیگر اعمال ونقوش بھی آخر میں بطور ضمیمہ درج ہو جائیں تو انسب ہے لہذا بپاس خاطر احباء میں نے چند طریق دعوات وادعیہ مجربہ مستندہ مع اسمائے عالمین لکھا اپنے دادا پیر حضرت شاہ احمد سعید صاحب نقشبندی مجددی احمدی رحمۃ اللہ علیہ کے معمولات سے کہ جو ضرورت کے وقت حاجتمندوں کو لکھ کر عطا فرماتے تھے۔ اور مولانا شیخ محمد صاحب قدس سرہٗ اور دیگر اولیائے کرام کے مجربات سے چند اعمال ونقوش جو مناسب وقت معلوم ہوئے لکھے اور چار فصلوں پر منقسم کر کے فتوح الغیب نام رکھا۔ خداوندا۔ ان اعمال کو تیرے نیک بندوں سے دریغ کرنا نہیں چاہتا۔ بلکہ دعا کرتا ہوں کہ ان کی ہر حال میں مدد کیجیو۔ مگر بدکار اور فاسق و فاجر کی نظر اور ہر خائن کی بصر سے بچانا چاہتا ہوں سو تو ہی حافظ و ناصر حقیقی ہے۔ اور تجھ پر ہی امداد کا حصر ہے۔ فاللہ خیر حافظا وہو ارحم الراحمین۔ الٰہی ان اعمال سے مستحقوں کو بہرہ ور فرمائیو اور نا اہلوں کو ان سے دور رکھیو۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العٰلمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین۔

# پہلی فصل چودہ اعمال کے بیان میں

جب عامل ان اعمال سے کوئی عمل شروع کرے تو اوّل اس کو چاہئے کہ اپنی جان کے عوض کوئی جاندار حلال فقراء کو تصدق کرے یا بہ نیت تصدق ہفت اندام سات پرند ہر قسم کے رہا کرے۔ ایک جانور اپنے سر سے دوسرا سینہ سے تیسرا دست راست سے چوتھا دست چپ سے پانچواں پشت سے چھٹا سید ھے پاؤں سے ساتواں بائیں پاؤں سے مساس کر کے رہا کرے کہ اس تصدق میں سرّ عظیم ہے اور ان اعمال کا خاصہ یہی ہے۔ ان میں سے پانچ عمل شروع کرے کہ جسکو پنج گنج کہتے ہیں ہر ایک کی سند ہر ایک امام اولیائے کرام سے ہے۔ ہر ایک کی قرأۃ اور غذائے مخصوص علیحدہ علیحدہ بیان کی جاتی ہے۔

**پہلا عمل بقول شیخ الشیوخ جمال الملۃ والدین ابو محمد بن عبد اللہ** مصری اگر کوئی چاہے کہ اس کے دل کا قفل کشادہ ہو اور مشاہدۂ حق کے انوار سے منور ہو تو اس عمل کو جو **مفتاح القلوب** کے نام سے نامزد ہے اس طریق سے بجالائے کہ چالیس روز تک متواتر مجموعہ اسمائے عظام کو صبح کے وقت نماز کے بعد چالیس بار ظہر کے بعد چالیس بار بعد نماز عشا چالیس بار باآداب و شرائط پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے قلتِ طعام میں زیادہ سعی کرے اور سوائے نان جوین کے اور کچھ نہ کھائے اختلاط مردم اور تکلم دنیوی ولایعنی سے کمال پرہیز رکھے کہ تمام فوائد سے بہرہ مند ہو اس طرح کی مواظبت سے صاحب عمل پر عجیب و غریب آثار ظاہر ہوں گے چاہیئے کہ مغرور نہ ہو ورنہ ہلاکت کا خوف ہے۔ جو کچھ اسرار مغیبات ظہور میں آئیں ان کو اصلاً کسی سے بیان نہ کرے۔

**دوسرا عمل بقول حضرت شیخ حماد دباس و حضرت غوث صمدانی میران محی الدین سید عبد القادر جیلانی و حضرت شیخ الشیوخ شیخ شہاب الدین سہروردی قدس اللہ اسرار بعد لزوم شرائط عامل**

خصوصاً قلت طعام چہار شنبہ کی شب کو غسل پاک کر کے جامۂ پاک پہنے اور عطر حیوانی ملکر اس سند کے ساتھ شروع کرے کہ بعد صبح کاذب و بعد نماز فجر و وقت زوال بعد نماز ظہر و عصر و شام و عشاء دس دس مرتبہ چالیس روز تک پڑھے اگر اس پر مداومت کرے گا مشاہدات غیبی اور مکاشفات لاریبی اس پر ظاہر ہوں گے اور ارواح انبیاء اور اولیا اور صلحا اور اصدقاء کی اس کی مصاحب ہوں خلائق کے دلوں سے آگاہی پائے اور عنایت الٰہی کے جذبہ سے ایک مقام سے دوسرے مقام پر اور ایک حال سے دوسرے حال پر اور ایک کیفیت سے دوسری کیفیت میں ترقی حاصل کرے اور عجب و خود بینی سے احتراز کرے اور اپنے کو سب کمتر تصور کرے ورنہ رجعت کا خوف ہے۔ حضرت غوث الثقلین میراں محی الدین سید عبدالقادر جیلانی قدس سرہ فرماتے ہیں کہ جب میں نے اس عمل کو کیا پایا جو کچھ پایا کہ میری عقل و فہم اس کے ادراک سے قاصر ہے۔ مجھے امید واثق ہے کہ جو کوئی اس طریق سے عمل کرے گا اس کے فوائد سے محروم نہ رہے گا اصل یہ ہے کہ جس کو سعادت ازلی نصیب ہوگی وہی اس عمل کی توفیق پائے گا۔

حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی قدس سرہٗ نے فرمایا کہ اگر حق تعالیٰ مجھ کو ہزار برس کی عمر دیتا تو اسی میں صرف کرتا۔

**تیسرا عمل بقول حضرت خواجہ معروف کرخی قدس سرہ** آپ جس پر زیادہ عنایت فرماتے تھے اس کو اسی عمل کی اجازت عطا فرمایا کرتے تھے۔

عامل کو چاہیئے کہ مع رعایت شرائط عامل و قلتِ طعام بغرض حصول جذبہ حقیقی و تصرف تحقیقی و ترقی درجات سجان و تخلق باخلاق ربانی اس طریق سے مواظبت کرے کہ بعد نماز فجر و وقتِ زوال و بعد نماز ظہر و میان ظہر و عصر و مغرب و بعد از نماز مغرب و میان مغرب و عشا و بعد نماز عشا سات سات بار پڑھے۔ تمام مقاصد مذکورہ حق تعالیٰ کے فضل و کرم سے حاصل ہوں۔

**چوتھا عمل بقول حضرت خواجہ حبیب عجمی قدس سرہ** اور وہ بروایت

خواجہ حسن بصری اور وہ بروایت حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ اور وہ بروایت حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح فرماتے ہیں کہ بعد لزوم شرائط عمل بغرض حصول مرتبہ ولایت و اطلاع یا سرار مغیبات اس طریق سے پڑھے کہ صبح کو نماز سے پہلے اور بعد نماز فجر کی نماز کے بعد چالیس مرتبے اور بعد زوال و اوائے ظہر و میان ظہر و عصر نماز عصر و بعد مغرب و مغرب و عشاء (تا) دس بار پڑھے اگر اتنا بھی نہ ہو سکے تو پانچ پانچ بار ضرور لازم کرے تاکہ ولایت کے مرتبے کو پہنچے اور وراثۃ الانبیاء سے بہرہ مند ہو۔

پانچواں عمل بقول شیخ عبداللہ قریشی قدس سرہ برائے تسخیر جن و انس مع الشرائط داخلوت چالیس روز تک متواتر اسمائے عظام وقت صبح اور بعد نماز ظہر چالیس چالیس بار پڑھے۔ اور عشا کے بعد چالیس بار سورہ جن پڑھ کر شروع کرے اگر ایک چلہ میں کام نہ بنے تو تین چلہ تک اسی طرح عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ مقصود حاصل ہوگا۔ اور انواع عجائب و غرائب سے مطلع ہوگا۔ لیکن کسی سے بیان نہ کرے اور جو امر کہ موجب تکبر اور غروری کا ہو۔ مردان غیب کو حکم نہ فرمائے ہمیشہ موذب رہے اگر اس طریق پر مداومت کرے گا ابواب تصرفات و فیوضات اس پر مفتوح ہونگے اور نعمہائے مزید بر مزید عطا ہونگی بعونہ وکرمہ۔

چھٹا عمل اگر مجموعہ اسمائے عظام کو اکتالیس روز تک برابر اکتالیس مرتبہ پڑھے گا کشف قلوب اور تصرفات ظاہری و باطنی حاصل ہوں گے۔

ساتواں عمل اگر مجموعہ اسمائے عظام کو ہر روز بعد اوائے ہر نماز کے ایک ایک بار پڑھے اور جمعہ کو نماز فجر یا ظہر کے بعد اکیس بار پڑھے اور روزمرہ کی قرأۃ الگ پڑھے اور اس پر مداومت کرے تزکیہ نفس اور تصفیہ دل اور تجلیہ روح حاصل ہو اور انوار و اسرار نہانی اس پر ظاہر و ہویدا ہوں۔

آٹھواں عمل اگر مجموعہ اسمائے عظام کو ہر روز طلوع آفتاب اور استوا اور غروب کے وقت پندرہ پندرہ مرتبہ اور جمعہ کو اسی وقت پینتالیس مرتبہ پڑھے اور اس پر

مواظبت کرے تمام وحوش اور طیور اور جن وانس اور جمیع مخلوقات اس کے مطیع و مسخر ہوں اور جو کچھ اس کے دل میں گزرے فوراً اس کا ظہور ہو۔

نواں عمل اگر مجموعہ اسمائے عظام کو اوقات مذکورہ پر پچیس پچیس مرتبہ اور جمعہ کو پچہتر مرتبہ اسی رتبت پر قراۃ کرے اپنے وقت کا خضر ہو۔

دسواں عمل قتل اعداء کے لیے وکہ جس کا قتل عندالشرع جائز ہو، صنوبر کا درخت خالی گھر میں لگائے اور مجموعہ اسمائے عظام کو اس پر لکھے اگر جماعت ہو تو اڑتالیس بار اور اگر تین ہوں تو اٹھائیس بار مجموعہ اسمائے عظام مع موکلات پڑھ کر اس درخت پر دم کرے اور پڑھتے دم تک عود جلائے اور ننگا سر رکھے اور اس کے گرد ایک غضب کے ساتھ پھرے اور دشمن کا تصور کر کے اس صنوبر پر مارے اور کہے کہ میں نے فلاں کو اللہ جل جلالہ کے قہر سے ہلاک کیا تین یا سات روز تک اسی طریق سے عمل کرے۔

گیارھواں اور بارھواں اور تیرھواں اور چودھواں عمل قتل اعدا کے لئے ہے اس واسطے ایک پر اکتفا کیا۔

## دوسری فصل دعوات اسماء و ادعیہ مکرمہ کے بیان میں

### دعوت اسم امہات الصفات

اگر کوئی چاہے کہ کیفیت فنا فی اللہ اور بقا باللہ حاصل ہو اور صفت جمال و جلال حق سے متصف ہو اور وسعت رزق اور عزت دو جہانی میسر ہو اور علم لدنی اور کشف انوار غیبی عطا ہو تو اس کو چاہیئے کہ اول اس اسم کی شرائط ادا کرے اور اس طریق سے دعوۃ میں مشغول ہو پیر کے دن عروج ماہ میں غسل پاک کر کے ایک دوگانہ بروح سید الانبیاء علیہ السلام ادا کرے اور سو بار درود شریف پڑھے پھر اسم شروع کرے اور رات دن میں دو ہزار چھ سو بچانوے بار چالیس روز تک یا ننانوے روز تک برابر پڑھے اور ہمیشہ باوضو رہے اور غسل کرتا رہے۔ اگر نہ ہو سکے تو تین دن کے بعد بحکم ضرورت

غسل کرے اور ہر روز شروع دوگانہ کے وقت درود شریف ضرور پڑھے اور اسرار کہ ظاہر ہوں کسی سے بیان نہ کرے اسم امہات الصفات یہ ہے۔ ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْعَالِمُ الْمُرِیْدُ الْقَدِیْرُ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ الْمُتَکَلِّمُ۔

دعوۃ اسم یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ بعضے اس اسم کو لیلی کہتے ہیں مثل اسم یا بدوح واضح ہو کہ مشائخ علیہم الرحمۃ اس اسم کو متعدد طریق سے پڑھا ہے۔ اور طریق بندگی حضرت شیخ قدس سرہ واوصل الینا فیوضہ اس طرح پر ہے کہ جب شرائط یا دعوۃ اس اسم کی بجالائے اور دوگانہائے مسطورۂ مقدمہ ادا کر چکے تو اکیس بار اذا جاء نصر اللہ تا آخر اور ستر بار یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ اور اکتالیس بار سورہ الحمد بوصل میم تسمیہ بالام الحمد پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور سات بار آیۃ الکرسی اور سات بار معوذتین پڑھ کر فولادی چھری پر دم کر کے اپنے گرد ایک دائرہ کھینچے اور دونوں سرے برابر ملادے اور عطر حیوانی کا استعمال کرے اور بخور جلائے۔ اگر عمل بہ نیت لطف ہے تو اسم کے آخر میں لفظ بالخیر ملائے اور اگر بہ نیت قہر ہے تو آخر میں لفظ بالطارق ملا کر شرائط پوری کرے اس کے بعد بہ نیت دعوۃ آغاز کرے اور بعد اتمام ہر شرط از شرائط مثل نصاب زکوٰۃ وغیرہ ایک ایک دوگانہ بہ نیت محبۃ للہ ادا کر کے دوسری شرط ادا کرے لطف کے لئے عروج ماہ روز قمر یا زہرہ اور قہر کے لئے ماہ روز زحل یا مریخ مقرر ہے اور حالت شرائط اور دعوت میں ہر روز ورد سے پہلے سات بار اعتصام اور بعد ختم تین بار اختتام پڑھے۔ اعتصام یہ ہے سات بار درود شریف اور تین بار سورۂ اخلاص۔ چاہیئے کہ حالت قرأۃ میں کسی سے بات چیت کرے اگر اجابت میں تاخیر دیکھے تو روحانیات کے ساتھ پڑھے۔ طریق استخراج شرائط ودعوت یہ ہے کہ حسب تعداد حروف اصلی و وصلی بہ نیت نصاب و حروف اصلی بہ نیت زکوٰۃ واعراب وسکون بہ نیت عشر و نقاط بہ نیت قفل اور جو اعداد کران سب سے حاصل ہوں بہ نیت دور مدور پس ہر حرف واعراب وسکون ونقطہ سو بار اعتبار کرے اور بہ نیت بذل پس ہر حرف اصلی و وصلی دس بار بہ نیت ختم احاد اور بہ نیت

سریع الاجابت ارقام حروف اصلی و وصلی کو اسم کے حروف اصلی و وصلی میں ضرب دے کر اس کی تعداد کے بموجب قراۃ کرے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مقرون بہ اجابت ہو۔ اوراد صوفیہ میں لکھا ہے کہ بہ نیت شرائط اسم مذکور بارہ ہزار بار پڑھے اور بعد اتمام شرائط برائے تسخیر یا جو حاجت ہو بارہ رات تک ہر رات بارہ بارہ ہزار مرتبہ پڑھے اگر نہ ہو سکے تو ایک ہزار دو سو بار ضرور پڑھے بعضے مشائخ رہ فرماتے ہیں کہ وسعت رزق یا کسی اور حاجت کے لئے چھتیس ہزار بار جب تک ہو سکے پڑھے لیکن لطف کے لئے عروج ماہ ساعت مشتری یا زہرہ ہو اور اس طور سے پڑھے یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ اور قہر کے لئے نزول ماہ ساعت زحل یا مریخ میں اس طور سے پڑھے یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالشَّرِّ اور بندگی حضرت شیخ قدس سرہ سے مسموع ہے کہ تسخیر جن کے لئے بِالشَّرِّ بِالطَّوَاقِ کہے اور شفائے مریض کے لئے بِالْخَیْرِ بِاللُّطْفِ کہے لیکن تسخیر یا فتح کے لیے جب پڑھے تو مصری منہ میں رکھے اور قتل اور جدائی کے لئے نیم کا پتہ منہ میں رکھے اور حاجت بر آنے کے بعد شیر و برنج فقراء کو کھلائے۔

ایضاً بعضے عامل فرماتے ہیں کہ اگر اس اسم کو اللہ کے واسطے پڑھے تو لفظ بالخیر رے کے پیش پڑھے اور حصول دنیا اور تسخیر خلق کے لئے رے کے زبر سے اور مقہوری اعداء کے لیے رے کی زیر سے پڑھے۔

ایضاً بندگی حضرت شیخ ابو سعید ابو الخیر قدس سرہ سے منقول ہے کہ اگر کسی کو کوئی مہم پیش آئے تو ایک ہزار دو سو بار اس اسم کو پڑھے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کامیاب ہو گا۔

ایضاً حضرت خواجہ خضر علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب کسی کو کوئی حاجت پیش آئے اور اس کے علاج سے واقف نہ ہو اور چاہے کہ جلد بر آئے تو اس کو چاہیئے کہ اس اسم کی دعوۃ میں اس طریق سے مشغول ہو کہ جمعرات کو روزہ رکھ کر غسل پاک کرے شام کو حلال چیز سے افطار کرے اور تھوڑا کھانے اور ترک حیوانات

جلالی و جمالی کرے پھر عطر غیر حیوانی ملکر بخور کرے اور اپنے گرد حصار کھینچ لے اور ایک وضو سے بارہ ہزار بار اسم مذکور پڑھے حق تعالیٰ اس کی مراد جلد پوری کرے۔

ایضاً ایک بزرگ سے منقول ہے کہ جن کا نام نامی شیخ صالح ہے کہ جس کسی کو کوئی مہم پیش آئے تو جمعہ کی رات کو دو رکعت نماز ادا کرے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد اذا زلزلت الارض دس بار اور قل یا ایہا الکافرون چار بار اور قل ہو اللہ احد گیارہ بار اور سلام کے بعد اسم مذکور ایک ہزار دو سو بار پڑھے اگر مراد اس کی پوری نہ ہو تو قیامت کو اس کا ہاتھ اور میرا دامن ہو۔ عامل کو چاہیئے کہ ہر روز اول و آخر درود شریف پڑھے۔

ایضاً بندگی حضرت شیخ قدس سرہٗ نے جواہر خمسہ میں لکھا ہے کہ شفائے مریض کے لیے دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد تین بار سورۂ اخلاص پڑھے اور سلام کے بعد اپنی جگہ بیٹھا رہے کسی سے بات چیت نہ کرے اور ہزار بار یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ اِرْحَمْنِیْ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ پڑھے حق تعالیٰ کریم نئے سرے زندگی عطا فرمائے اور اوراد غوثیہ میں لکھا ہے کہ سات روز تک ہر روز بہ نیت شفائے مریض ایک دوگانہ ادا کرے اور سلام کے بعد کسی سے بات نہ کرے اور اسی جگہ بیٹھ کر یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ اِرْحَمْنِیْ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ پڑھے اور اس کے بعد یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَا حَیُّ ساٹھ بار اور یَا مُبْدِعَ الْبَدَایَا وَمُعِیْدَھَا بَعْدَ فَنَائِھَا بِقُدْرَتِہٖ یَا مُبْدِئُ پڑھے حق جل علا نئے سرے زندگی بخشے اس نماز کا طریق حضرت شیخ کو شیخ صدرالدین ابوالفضل سے حاصل ہوا ہے فرماتے ہیں کہ تمام اولیاء محفوظ ہیں عبادت متعدی کے لئے ظاہر کرتے ہیں اور شیخ عبدالرحمٰن صوفی رحمۃ اللہ سے منقول ہے کہ اگر کوئی مقہوری اعداء اور اصلاح دشمن کے لئے یہ اسم سو بار سورہ فاتحہ مع تسمیہ عشا کی نماز کے بعد بلفظ بالخیر والصلاح ملا کر پڑھے دشمن اس کا مقہور ہو اور صلح کرلے۔

لہ ۳ لیفات حضرت محمد غوث گوالیاری رہ ۲

ایضاً اگر کوئی شخص روزمرہ پانسو بار پڑھا کرے تمام آدمی اس کے دوست اور مطیع ہوں۔

ایضاً اگر کوئی چالیس بار اس اسم کو اور اکیس بار یَا بُدُّوحُ کو اور تین بار سورۂ فاتحہ کو پڑھ کر اپنی ہتھیلی پر دم کر کے اپنے منہ پر ملے جس جگہ جائے سرخرو ہو۔

ایضاً زبدۃ العارفین میں لکھا ہے کہ اگر کوئی مہم پیش آئے تو شب جمعہ کو وضو کر کے بعد ادائے تحیۃ الوضو دو رکعت نماز بہ نیت استخارہ ادا کرے اور ایکہزار دو سو بار یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ یَا کَاشِفَ الْغَرَائِبِ پڑھے مہم اس کی سرانجام پائے۔

ایضاً قضائے حاجت کے لیے شب جمعہ کو ایک ہزار دو سو بار یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ سُبْحَانَ بِفَضْلِكَ یَا عَزِیْزُ پڑھے حاجت اس کی روا ہو۔

ایضاً اگر کسی کو کوئی حاجت پیش آئے تو ایک مجلس میں بارہ ہزار مرتبے یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ سوا ہا پڑھے مقصود حاصل ہو اور اگر اسقدر پڑھ نہ سکے تو ایکہزار دو سو بار روز پڑھا کرے۔ اور اگر کوئی دفع اعداء کے لئے شب دوشنبہ سے شب جمعہ تک ہر شب بارہ ہزار بار پڑھے یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالشَّرِّ کہے اور اگر نہ ہو سکے تو ہزار بار ضرور پڑھے۔ تمام اعداء اس کے دفع ہوں۔

ایضاً اگر کوئی حصول علم کیمیا کے لیے ہر شب بارہ ہزار مرتبے بہتر رات تک یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ اِمْدَحْنَا بِفَضْلِہٖ پڑھے کوئی شخص خواب میں یا بیداری میں اس علم سے اس کو آگاہ کرے گا۔

ایضاً اگر کوئی شخص حضوری حق اور مہمات دینی و دنیوی کے لئے چالیس رات تک متواتر اس اسم کو عشا کی نماز کے بعد ایک ہزار دو سو بار تنہائی میں پڑھے خدا چاہے مقصود اس کا حاصل ہو۔

ایضاً اگر کوئی شخص دفع اعداء کے لئے چالیس روز تک متواتر ایک سو ستر مرتبہ یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالنَّوَائِبِ پڑھے۔ بہتر یہ ہے کہ ایک ہزار تین سو مرتبے پڑھے اور پڑھتے وقت دشمن کا نام زبان پر لائے بے شک اس عرصہ میں دشمن اس

کا ہلاک ہوگا یا اپنے وطن سے آوارہ ہوگا۔ یا معزول ہوگا۔ لیکن عامل کو چاہیئے
کہ رات کو سو دفعہ اس اسم کو ضرور پڑھ لیا کرے۔

**دعوت اسم یَا بُدُّوحُ** عامل کو لازم ہے کہ پہلے بہ نیت شرائط بیس ہزار
با موکل پڑھے اس کے بعد بہ نیت حاجت بیس ہزار مع مؤکلات سات راتوں
میں ختم کرے ہر شب قرأۃ کی تعداد سات سو ستاون بار ہے ایک عدد باقی بچتا
ہے اس کو آخر دن میں بڑھا لے یعنی ایک سو اٹھاون مرتبے پڑھے **نوع دیگر**
بعضے عامل اس طور سے فرماتے ہیں کہ اول بہ نیت شرائط ایک لاکھ کو پندرہ
راتوں پر تقسیم کر کے شب عطارد میں اس طریق سے مع مؤکلات پڑھے۔
یَا جِبْرَائِیْلُ یَا دَرْدَائِیْلُ یَا رُقْمَائِیْلُ یَا تَنْکَفِیْلُ بِحَقِّ یَا بُدُّوحُ واضح ہو کہ تعداد قرأۃ
ہر شب چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ ہے دس عدد باقی بچتے ہیں ان کو آخر شب میں زیادہ
کرے یعنی چھ ہزار چھ سو چھہتر مرتبے پڑھے پس اس شرائط کے ادا کرنے کے بعد اس
اسم کی ہر قسم کی دعوت سے فراغت ہو جاتی ہے اور اس کا عامل ہو جاتا ہے
لیکن یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ اس میں رجعت زیادہ ہے ان دونوں طریق مذکورہ
کی حالت شرائط اور دعوت میں عامل شرائط عامل کا پورا پورا پابند رہے شرائط کے
ادا کرنے کے بعد ہر شب سو مرتبے وظیفہ مقرر کرلے۔ کیونکہ یہ اسم لیلی ہے اسلئے
اس کو دن میں نہ پڑھے کہ آنکھوں میں نقصان پہنچے گا اور نہ چھپر کے نیچے دن میں
پڑھے کہ اس کے جل جانے کا خوف ہے۔ ایک بزرگ لکھتے ہیں کہ ایک فقیر نے
اکبر آباد میں دن کو چھپر کے نیچے یہ اسم پڑھا اسی دن اندھا ہو گیا اور چھپر جل
گیا۔ دونوں نقصان پہنچے۔

**شرائط دعوت آیہ** اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ
بہ نیت نصاب ایک سو ستر بار بہ نیت زکوٰۃ پچاس بار بہ نیت عشر پینتالیس
بار بہ نیت قفل بائیس بار بہ نیت دعوۃ دلوں کی الفت اور طلب جاہ و منصب
و بزرگی و محبت سلطان و وسعت رزق و عقد اللسان سلاطین و امراء و وزراء

ہر روز ایک ہزار بار پڑھے اور ادائے دین اور خلاصی محبوس اور جو اپنے عہدے سے معزول ہونے والا ہو اور طلب حرمت و حکومت و اندفاع دشمن قوی و حکومت ظالم اور لشکر کو قلعہ کے محاصرے سے روکنے کے لئے ہر روز تین ہزار تین سو بار چھ رات یا دن تک پڑھے۔ لیکن محاصرے کے دفع کرنے اور محبوس کی خلاصی کے لیے چند آدمی مل کر پڑھیں ہر ایک بعد سطور پڑھے۔ اور اگر ہر روز ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے جو حاجت ہو بر آئے۔ اور جو مہم پیش آئے سرانجام پائے۔ بعض بزرگوں نے یہ بھی لکھا کہ اگر ایک مرتبہ بھی ہر روز پڑھ لیا کرے گا تو سارے کام اس کے بنتے رہیں گے۔

**دعوة اسم** اِنَّهٗ ذِی الْاِجَابَةِ عاملان کامگار فرماتے ہیں کہ اس اسم کے خواص دعائے سیفی کے برابر ہیں مگر اتنی بات آسان ہے کہ اس میں ترک جلال لازم نہیں ہے اور اس میں نہایت ضرور ہے۔ بہ نیت ادائے شرائط ایک لاکھ مرتبہ پڑھے اس کے بعد ہر روز بطریق ورد ایک ہزار بار پڑھے اور اسی کی مداومت کرے تمام مقاصد اس کے پورے ہوتے رہیں گے۔

**دعوة اسم** سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ عاملان کامگار فرماتے ہیں کہ یہ اسم جوہر تسمیہ ہے۔ زبدة الدعوة میں لکھا ہے کہ یہ اسم بہت بڑا ہے جس کسی کو کوئی حاجت یا مہم پیش آئے سات روز تک مع لزوم شرائط عامل اس کو پڑھے اور روزہ نان یا نمک سے افطار کرے۔ بعد ادائے فرض و سنن تمام اوقات اس اسم کی قراءة میں مشغول رہے اور بے گنتی پڑھے۔ اور بقول حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ اگر اس قدر نہ ہو سکے تو ایک ہزار بار دن کو اور ایک ہزار بار رات کو پڑھے بعد تعداد یہ ساتویں روز حق سبحانہ و تعالیٰ سے اپنی مراد مانگے بے شک قبول ہو۔ خزانۃ المحققین میں لکھا ہے کہ یہ اسم حضرت غوث الثقلینؓ کا معمول ہے اور حاملان عرش کی تسبیح ہے اس کے بہت سے خواص ہیں جو کوئی ہر نماز کے بعد پانچویں وقت ایک ہزار بار مدام پڑھے گا جو کچھ اس کے دل میں گزرے گا فوراً ہو کر رہے گا۔

دعوت اسم یا ودود برائے اجلاب محبوب چاہیئے کہ طالب و مطلوب کے نام کے درمیان میں اسم ودود علیحدہ علیحدہ حرفوں میں لکھے اور مکسر کرے یہاں تک کہ سطر آخر بعینہٖ مثل سطر اول کے ہوجائے۔ مثلاً

ط ا ل ب (نام طالب) و د و د م ح م د (نام مطلوب)

د ط م ا ح ل م ب د و د
د د ط د م د ا ب ح م ل
ل د م د ح د ب ط ا د د م
م ل د د د م ا د ط ح ب د
د م ب ل ح د ط د د د ا م
م د ا م د ب د ل د ح ط د
د م ط د ح ا د م ل د د ب
ب د د م د ط ل د م ح د ا
ا ب د د ح د م م د ل ط

ط ا ل ب و د و د م ح م د یہ سطر آخر مثل پہلی سطر کے ظاہر ہو گئی۔ اس کے بعد ایک ایک حرف پہلا سب سطروں سے لے کر پھر اسی طرح ایک ایک حرف آخر کا سب سطروں سے لے کر اس طور سے لکھے۔

حروف سطر اوّل ط د د ل م د م د ب ا ط۔ حروف سطر آخر د د ل م د م د ب ا ط د پس ان سب حرفوں کی بطریق مذکور ارقام نکالے اور ارقام جمل اس ارقام کے ایک نقش مربع میں پر کر کے فتیلہ بنائے اور روئی میں لپیٹ کر مثل بتی کے بنائے اور چراغ میں خوشبودار تیل ڈالکر قدرے شیرینی اس میں ملا کر روشن کرے اور فتیلہ کا منہ مطلوب کی جانب رکھے پھر موافق اعداد جمل اسم طالب اور ودود اور اسم مطلوب کوئی اسم اسمائے حسنیٰ سے ایک یا دو یا تین زیادہ کر کے ان سب کے اعداد کے موافق مطلوب کی طرف رخ کر کے ہر روز تا بایام تعداد حروف

ان تینوں اسموں کے پڑھے۔ اگر اعداد کے موافق اسماء الحسنیٰ بنانے تو اس کے مطابق کوئی عزیمت وضع کر کے بعد دمذکورہ تا بایام مسطورہ قرأۃ کرے اور اگر اجابت میں تاخیر دیکھے تین مرتبے اعادہ کرے اللہ تعالیٰ کے کرم سے مدعا حاصل ہوگا۔

طریق دعوۃ اسم یَا بَاسِطُ بعمل شکل لنگ عامل کو لازم ہے کہ بعد لزوم شرائط عامل غرہ ماہ سے بعد نماز صبح بہ نیت شرائط دعوۃ چار ہزار چار سو چوالیس مرتبے با موکل اس طریق سے پڑھے اُجِبْ یَا جِنْبِیْلُ مَامِعًا مُطِیْعًا بِحَقِّ اَلْبَاسِطِ یَا عَالِیُ ذُوْ مَاہ اَسْئَلُکَ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ باقی ہر نماز فریضہ کے بعد چاروں وقتوں میں سو سو بار اس طریق سے پڑھے اور شکل لنگ دن میں جس قدر ہو سکے کاغذ کے پرچوں پر لکھے اور خالی خانے میں یَا مَالِیْ ذو ماہ رقم کرے اور ان کو کسی شیشے یا خریطہ میں جمع کرتا جائے پھر دریا میں ڈال دیا کرے یا کسی صندل کے تختے پر پاک مٹی بچھائے جو کسی انسان اور حیوان کے پاؤں تلے بظاہر نہ آئی ہو اور انار کی لکڑی سے جو ایک دفعہ میں قلم بنی ہوئی ہو یہی نقش لکھے اور مٹا دے یہاں تک کہ ایک لاکھ ہو جائے اور اگر اتنا نہ ہو سکے تو خیر چالیس ہزار سے کم نہ لکھے۔ اور جب تک یہ تعداد پوری ہو قراۃ پنجوقتہ جس طرح اوپر بیان ہوئی ہے پڑھتا رہے اس کے بعد عمل کی تاثیر ظہور میں آئے گی اس شرائط کے ادا کرنے کے بعد جس حاجت کے لئے عمل کرے عروج ماہ چہار شنبہ یا پنجشنبہ کی شب کو استخارہ کرے اور روزہ کی نیت کر کے بزرگوں کی ارواحِ طیبہ کو ثواب فاتحہ پہنچا کر سو جائے۔ جب صبح ہو غسل کر کے چار رکعت نماز ادا کرے پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد والشمس دوسری میں واللیل تیسری میں والضحیٰ چوتھی میں الم نشرح سات سات مرتبے پڑھے اور سلام کے بعد سو مرتبے درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ پڑھ کر سات بار یَا بَاسِطُ الَّذِیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ پڑھے پھر سات بار آیۃ

رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنْکَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ؕ پڑھ کر ایک شکل پُر کرکے جو فتوح کہ چاہے اس خالی خانہ میں لکھے اور لکھتے وقت اس شکل کے جو عدد کہ لکھے اُتنے ہی مرتبہ اسم یا باسط پڑھ کر قلم کی نوک پر دم کرکے لکھے۔ پھر چار ہزار نو سو ساٹھ مرتبہ یا باسط پڑھ کر سورۂ اذا جاء پچیس بار بعد وہ مذکور سو بار یَا بَاقِیُ یَا مُنْعِمُ ایک سو تیرہ بار اور یَا بَاسِطُ الَّذِیْ تا آخر اور آیہ ربنا انزل تا آخر بعدد مذکور قراءۃ کرے اس طرح تین روز تک عمل کرے خدا چاہے مقصود حاصل ہو۔

ایضاً اتوار کے روز طلوع آفتاب کے وقت اس عمل کو شروع کرے اور ہر روز سات بار آیہ ربنا انزل علینا تا آخر پڑھ کر ایک شکل وہ پایہ پر کرے پھر بہتّر مرتبہ یا باسط قراۃ کرکے اس پر دم کرے اسی طرح ہر روز چالیس روز تک بہتّر شکل پُر کرے۔ پھر شرائط کے تمام ہونے کے بعد اپنی حاجت کے لئے عمل کرے۔ لیکن چاہیئے کہ ایک تختہ صندل کا ہو تو خوب ہے کھڑیا مٹی میں عنبر ملا کر شیشی میں محفوظ رکھے لکھتے وقت ذرا سی مٹی اس تختے پر ڈالی اور شکل مذکور کو لکھ لیا اس مٹی کو علیحدہ کسی پاکیزہ ظرف میں رکھ چھوڑا اسی طرح ہر روز اس شیشی سے ذرا سی مٹی لی اس پر لکھا۔ پھر اسی مستعمل مٹی میں ملا دیا یا کسی پاکیزہ کاغذ پر لکھ لیا اور رکھ چھوڑا۔ جب چلہ تمام ہوا ان کاغذوں کو یا مٹی کو دریا میں ڈالے اس کے بعد اپنی حاجت کے لئے خواہ شہر میں یا جنگل میں سات بار آیہ مذکورہ پڑھ کر شکل مذکور زمین یا سفال آب نارسیدہ پر لکھے اور اپنے مطلب کو خالی خانہ میں لکھ دے اور دھوپ میں رکھے اور بہتّر بار یا باسط پڑھ کر اس پر دم کردے اگر رقیق پر لکھے اسم

مالینو سا ہ اس شکل پر لکھ دے اگر سفال پر لکھے تو اسکی پشت پر لکھ دے بعد حصول مدعا اس شکل کو زمین پر سے مٹا دے اور ہر روز کا وظیفہ ایک ہزار بار مع پچیس بار اذا جاء نصر اللہ کے مقرر کرے اور بلا ناغہ پڑھے۔

| ١٨ | ٤٨ | ٦ |
|---|---|---|
| ١٢ | ٢٤ | ٣٦ |
| ٤٢ |  | ٣٠ |

شکل مثلث یہ ہے۔

## شرائط دعوۃ اسم یا بدوح بحسب وفق اعداد بشکل جسم و روحانی

ملہ جسم بے جان چہ بود مردارے ۔ جان بے تن چہ بود بے کارے

جب جسم و جان دونوں ملجاتے ہیں تمام کام خوش اسلوبی کے ساتھ سرانجام
پاتے ہیں لہذا طریق شرائط اور دعوت اس اسم کا معلوم کر چاہیئے۔ طریق شرائط
روح ماہ اتوار کے روز بعد نماز فجر طلوع آفتاب سے پہلے غسل پاک کر کے پاک کپڑے
پہن کے عطر غیر حیوانی ملکر پہلی ساعت میں ارواح عاملان اسم بدوح عموماً و
بارواح شیخ بدو خصوصاً فاتحہ پڑھ کر ثواب پہنچائے اور نہائے مثلث میں
ستاروں کی موافقت ملحوظ رکھ کر بخور جلا کر ایک شکل جسم و جانی خانہ نحس سے شروع
کر کے برفتار جالی آٹھویں خانہ تک پُر کر کے باقی خانوں کو پورا کرے اور خانہ پری
کرتے وقت جو حرف کہ اس کے اندر لکھا ہے اس کے اعداد کے بموجب اسم
پڑھ کر خانہ پُری کرے اور شکل کے تمام ہونے کے بعد ایک بار دعاء پڑھتی اور
بہتر بار اسم بدوح بے حرف ندا مثوں بکسر چار پڑھے اور ہر روز بہتر روز تک اسی
طریق بہتر شکلیں وضع کرے اور ہمیشہ عمل کے اوّل و آخر میں ایک ایک بار دعا
پڑھتی اور تین بار بسم اللہ مذ ثمان الرحمٰن ابو ثمان الرحیم حیثمان اور ایک
ایک بار آیۃ الکرسی اور چار قل قراءۃ کرے ۔

طریق شرائط اسم یہ ہے جبکہ اس شکل کے ایک ضلع کے جسم و جان کے اعداد نکال
کر اور ان کو ضرب دے کر بموجب حاصل ضرب عدد قراءۃ و اشکال و ایام تعین کرے
اس کے بعد بہ نیت دعوۃ سات رات تک بطریق مذکور عمل کرے اور پڑھتے وقت
اپنے مدعا کا خیال رکھے اور جو مطلب ہو اس شکل کی پشت پہ مقابل منتہائی عدد
تحریر کرے اور بعد تمام شرائط و دعوت تمام اشکال کو دریا یا تالاب میں ڈال دے
اس کے بعد ہر شب بلا انفصال چوبیس یا بیس یا پندرہ یا نو یا تین بار دعاء پڑھتی
پڑھ کر بہتر مرتبہ اسم مذکور بطریق مسطور پڑھے ۔

| ٦ | ٤٨ | ١٨ |
|---|---|---|
| ٣٦ | ٢٤ | ١٢ |
| ٣٠ | یا باسط | ٤٢ |

واضح ہو کہ اگر اسم یا باسط کو باشکال دو پایہ پُر کرکے بطریق مذکور شرائط دعوۃ دے تو زیادہ اثر بخشتا ہے پھر اسکے بعد وظیفہ یومیہ مسطورہ بالا کو بھی نگاہ رکھے۔ شکل دو پایہ یہ ہے:۔

## بیان شرائط عامل برائے عمل ہر دو اسم یعنی یَا بَاسِطُ و یَا بَدُّوحُ

واضح ہو کہ ان دونوں اسموں کی شرائط دعوۃ خلوۃ میں ادا کرے بخور جلائے حصار کھینچے وقت اور جگہ معین کرے پڑھتے وقت کسی سے بات نہ کرے اگر کوئی اتفاقاً پکارے تو جواب نہ دے۔ جس وقت وضو کی حاجت ہو فوراً وضو کرلے اور حصار کرکے عمل میں مشغول ہو بعد فراغ جس جگہ چاہے جس سے چاہے بات چیت کرلے مگر اثنائے دعوۃ میں سات روز تک احاطۂ خلوت سے قدم باہر نہ رکھے روزے رکھے۔ ماکولات جلالی کو ترک کرے۔ ماکولات جمالی اور آب دلو کو چاہے ترک کرے چاہے رکھے۔ وضو کرکے فوراً پاؤں جوتیوں میں نہ ڈالے جب تک کہ خشک نہ ہوں (ایسی حالت میں چوبی کھڑاؤں خوب ہیں)۔ سلا ہوا کپڑا نہ پہنے۔ پسو۔ مچھر وغیرہ کو نہ مارے عامل کی بے اجازت اس عمل کو ہرگز نہ کرے۔ اپنا اسرار مرشد کے سوائے کسی سے بیان نہ کرے۔ سائل کو محروم نہ جانے دے جو کچھ میسر ہو دیدے۔ بخور سیار گان ایک جگہ جمع کرکے رکھے۔ شرائط دعوۃ کے وقت ہر شب اس میں سے جلائے۔

اور دعائے برھتی میں اگرچہ بہت کچھ اختلاف واقع ہوگیا ہے لیکن جو صحیح طور سے استاد عامل کامل سے حاصل ہوئی ہے اس جگہ لکھی جاتی ہے۔

دعائے برھتی بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بَرْھَتِیَہٖ بُوْھَتِیَہٖ کَرِیْرٍ کَرِیْرٍ تَثْلِیْہٖ طُوْرَانٍ مُمْرَجْلٍ بَرْجَلٍ تَرْقُبٍ بَرْھَشٍ غَلْمَشٍ خُوْطِیْرٍ قُلْنَهُوْدٍ بَرْشَانٍ کُطْهَیْرٍ بُمُوْسَلِمٍ بَرْھَیُوْلٍ دَتَّیْلَخٍ کَرْمَزْ نَعْلٍ لَیْطٍ تَیْرَانٍ مُحَطِیْرٍ غَیَاھًا کَیْدٍ ھُوْلَدٍ سَمَاهِیْرٍ شَمْخَاهِیْرٍ شَمَاهِیْرٍ بِحَقِّ الْعُھْنِ الْمَاخُوْذِ عَلَیْکُمْ اَلْاَتَّقِیَا دُ نِیْمَا اُمِرْ تُکُمْ بِہٖ وَ بِعِزَّ

عَزَّتِ اللّٰہِ فِیْ عِزِّ عِزَّتِہٖ بِطَشَتِہٖ شِدَّۃُ قَہْرِہٖ وَاَوْفُوْا بِعَہْدِ اللّٰہِ اِذَا عَاھَدْتُّمْ وَلَا
تَنْقُضُوا الْاَیْمَانَ بَعْدَ تَوْکِیْدِھَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰہَ عَلَیْکُمْ کَفِیْلًا تَحْضُرُوْا وَتَفْعَلُوْا
کَذَا وَکَذَا بِحَقِّ الَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ بِحَقِّ بُدُّوْحٍ اُجْھُدْ جِ
یَطِیْرُ زُھَیْدَ اَحْ وَبِحَقِّ قَسَمِ اَذَ لَہٗ اِلٰہٗ اَذْ خِرَۃُ اِلٰہٗ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَبِحَقِّ
اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ اِفْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ بَارَکَ اللّٰہُ فِیْکُمْ وَعَلَیْکُمْ اِذَا ائْتُمِرْتُمْ
مَا وُصِفَ عَلَیْکُمْ اِنْصَرِفُوْا بِحَقِّ مَا جِئْتُمْ مِنْ اَجْلِہٖ بِلَا خَوْفٍ وَّلَا اِضْرَارٍ بَارَکَ
اللّٰہُ فِیْکُمْ وَعَلَیْکُمْ

**ترکیب دعوۃ رحمانی** ایک چلہ اس کی زکوٰۃ دے ہر شب اکیاسی بار پڑھے اوّل و آخر سو سو بار درود شریف۔

**شرائط عمل و عامل** تنہا مکان ہو پڑھتے وقت عود اور لوبان کا بخور دے۔ منہ میں الائچی رکھے اور تمام چلہ گوشت۔ مچھلی۔ پیاز۔ لہسن وغیرہ کھانا قطعاً موقوف کر دے۔ جس مکان میں عمل شروع کرے پڑھتے وقت اس میں چراغ نہ جلائے اوّل شب جمعہ کو جو عروج ماہ میں واقع ہو غسل پاک کرے۔ اور کپڑے پاک پہنے اور دو رکعت نماز نفل پڑھے پھر سید الاستغفار سات بار پڑھے پھر سو دفعہ درود شریف پڑھے پھر اس کے بعد اپنے معبود حقیقی کی طرف کامل طور سے متوجہ ہو اور دعاء رحمانی شروع کرے۔ **واضح** ہو کہ جو کچھ اسرار اس کی برکت سے بیداری یا خواب میں ظاہر ہوں ان کو سوائے اپنے مرشد کے کسی سے بیان نہ کرے۔ یہ دعائے رحمانی کمال سریع التاثیر ہے اس کا پڑھنے والا دنیا میں کبھی محتاج نہیں ہوتا اللہ تعالیٰ اس کے پڑھنے والے کو غیب سے رزق عطا فرماتا ہے کوئی نہیں جانتا کہ کہاں سے کھاتا ہے اور کیونکر اس کا کام چلتا ہے اس کی برکت سے مشکلیں آسان ہوتی ہیں سینہ میں نور پیدا ہوتا ہے۔ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوتا ہے۔ حق تعالیٰ کی رحمت نازل ہوتی ہے۔ خطائیں معاف ہوتی ہیں۔ گناہوں سے بچتا ہے۔ دنیا اور

بلا دور ہوتی ہے۔ جو شخص جس حاجت کے لئے گیارہ بار پڑھ کر دعا مانگے گا۔ قبول ہوگی۔ چاہیئے کہ اس دعا کو کبھی ترک نہ کرے۔ حضرت شیخ احمد کاشانی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تصنیفات میں لکھتے ہیں کہ جب کسی جگہ وبا یا بلا نازل ہو تو چند آدمی اس دعاء کو مل کر تین روز پیہم ایک ہزار ایک سو بچاس بار مع اول وآخر سو سو بار درود شریف پڑھیں۔ جب تین دن پورے ہو جائیں کچھ کھانا پکوا کر اللہ کے واسطے مسکینوں کو کھلائیں اور دعاء مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ وہ بلا یا وبا دفع ہوگی اور پھر کبھی نہ آئیگی۔ یہ عمل نہایت مجرب ہے اور ہر امر کے واسطے مفید ہے۔ یہ دعاء خاندان عالیہ نقشبندیہ میں بعض حضرات سے سینہ بہ سینہ چلی آتی ہے اور خزانہ غیبی ہے۔ جو حضرات اکابرین اس کو پڑھتے رہے ہیں ان کے نام نامی یہ ہیں۔ شاہ احمد اللہ حضرت آخوند عبد الغفور صاحب حضرت حمید الدین ہمدانی۔ شاہ عبد الرحمٰن صاحب۔ شاہ رؤف الدین صاحب شاہ عبد الستار صاحب حضرت علاء الدین صاحب کاشانی۔ حضرت ہیبتہ اللہ مکی۔ حضرت شاہ نور الدین صاحب مدنی حضرت شاہ محی الدین عبد القادر جیلانی غوث صمدانی قدس اللہ اسرارہم۔ وہ دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَکَ الْحَمْدُ اِلٰھِیْ اَنْتَ بَھَاءُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَکَ الْحَمْدُ اِلٰھِیْ اَنْتَ زَیْنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَکَ الْحَمْدُ اِلٰھِیْ اَنْتَ قَیُّوْمُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِیْھِنَّ وَمَنْ عَلَیْھِنَّ اَنْتَ الْحَقُّ وَمِنْکَ الْحَقُّ وَلِقَاءُکَ حَقٌّ وَالْجَنَّۃُ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ وَالنَّبِیُّوْنَ حَقٌّ وَمُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ حَقٌّ اَللّٰھُمَّ لَکَ اَسْلَمْتُ وَبِکَ تَوَکَّلْتُ وَبِکَ خَاصَمْتُ وَاِلَیْکَ حَاکَمْتُ فَاغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَللّٰھُمَّ اٰتِ نَفْسِیْ تَقْوٰھَا وَزَکِّھَا اَنْتَ خَیْرُ مَنْ زَکّٰھَا اَنْتَ وَلِیُّھَا وَمَوْلٰھَا اَللّٰھُمَّ سُبْحٰنَکَ وَبِحَمْدِکَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَسْئَلُکَ التَّوْبَۃَ فَاغْفِرْ لِیْ وَتُبْ اِلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ

الرَّحِیْمُ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ صَبُوْرًا شَکُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ مِمَّنْ یَّذْکُرُکَ کَثِیْرًا وَّیُسَبِّحُکَ بُکْرَۃً وَّاَصِیْلًا ط اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ط اَللّٰھُمَّ اَعُوْذُ بِعَفْوِکَ مِنْ عِقَابِکَ وَاَعُوْذُ بِرِضَاکَ مِنْ سَخَطِکَ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْکَ لَآ اُحْصِیْ ثَنَاءً عَلَیْکَ اَنْتَ کَمَآ اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِکَ اَنَا عَبْدُکَ ابْنُ عَبْدِکَ نَاصِیَتِیْ بِیَدِکَ جَارٍ فِیَّ حُکْمُکَ عَدْلٌ فِیَّ قَضَآؤُکَ ھٰذِہٖ یَدَایَ بِمَا کَسَبَتْ وَھٰذِہٖ نَفْسِیْ بِمَا اجْتَرَحَتْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اَللّٰھُمَّ عَمِلْتُ سُوْءً وَّظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ ذَنْبِیَ الْعَظِیْمَ اِنَّکَ اَنْتَ رَبِّیْ اِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ طرف آسمان کے نظر کرے اور گیارہ بار کہے اَللّٰہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا وَّسُبْحَانَ اللّٰہِ بُکْرَۃً وَّاَصِیْلًا گیارہ بار سبحان اللہ کہے پھر گیارہ بار الحمد للہ کہے پھر گیارہ بار لا الٰہ الا اللہ کہے پھر گیارہ بار اللہ اکبر کہے اور پھر کہے اَللّٰہُ اَکْبَرُ ذُو الْمَلَکُوْتِ وَالْجَبَرُوْتِ وَالْکِبْرِیَاءِ وَالْعَظَمَۃِ وَالْجَلَالِ وَالْقُدْرَۃِ اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ لِاَحْسَنِ الْاَعْمَالِ فَاِنَّہٗ لَا یَھْدِیْ لِاَحْسَنِھَآ اِلَّآ اَنْتَ اَسْئَلُکَ مَسْئَلَۃَ الْبَائِسِ الْمِسْکِیْنِ وَاَدْعُوْکَ دُعَآءَ الْمُفْتَقِرِ الذَّلِیْلِ فَلَا تُخَیِّبْنِیْ بِدُعَآئِکَ یَا خَیْرَ الْمَسْئُوْلِیْنَ وَاَکْرَمَ الْمُعْطِیْنَ اَللّٰھُمَّ رَبَّ جِبْرَئِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ اَنْتَ تَحْکُمُ بَیْنَ عِبَادِکَ فِیْمَا کَانُوْا فِیْہِ یَخْتَلِفُوْنَ اھْدِنِیْ لِمَا اخْتَلَفُوْا فِیْہِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِکَ اِنَّکَ تَھْدِیْ مَنْ تَشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝

# نادعلی کا بیان

واضح ہو کہ ان کلمات کے نزول کا بیان اس طور پر ہے کہ غزوہ تبوک میں جب لشکر اسلام کی شکست ہونے لگی سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم مغموم ہونے لگے اس وقت جبرئیل علیہ السلام یہ کلمات لائے آپ نے فرمایا کہ ہمیں غم

سَیَنْجَلِیْ بِنُبُوَّتِکَ یَا مُحَمَّدُ وَبِوَلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ ہنوز تین مرتبے بھی پورا نہ نکلا تھا کہ جناب اسد اللہ الغالب حاضر ہوئے اور لشکر کفار کے ساتھ محاربہ کیا بعضے ان میں سے قتل ہوئے اور بعضے فرار ہوئے۔ اسلام کی فتح ہوئی بہت سا مال غنیمت ہاتھ آیا۔

خواص ان کلمات کے بہت ہیں از انجملہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص گرفتار ہوگیا ہو اس کے لیے جمعہ کے روز ایک مشت خاک لے کر سات دفعہ اس دعا کو پڑھ کر ہوا کی طرف اڑائے خدا چاہے کوئی ضرر اس کو نہ پہنچا سکے گا۔

ایضًا اگر کسی کو دشمن سے خوف ہو ہر روز ستر بار پڑھے دشمن مقہور ہو۔

ایضًا اگر کوئی مسحور کو آب چاہ پر دم کرکے اس سے غسل کرائے اور ذرا سا پلائے خدا چاہے سحر باطل ہو۔

ایضًا اگر مریض آب باران پر دم کرکے پئے بیماری سے شفا پائے۔

ایضًا اگر کوئی مغموم ہزار بار پڑھے رنج و الم سے نجات پائے۔

ایضًا اگر کوئی بادشاہ کسی پر غضبناک ہو سات بار پڑھ کر جائے اور تین دفعہ آہستہ اسکے روبرو پڑھے حاکم مہربان ہو۔

ایضًا اگر کوئی جمعہ کی اوّل ساعت میں اڑتالیس بار پڑھے جس سے بات کرے اس کا محبوب ہو۔

ایضًا اگر کوئی متہم ہر صباح چالیس بار پڑھے جلد نجات پائے۔

ایضًا جو کوئی جمعہ کی نماز سے پہلے چھبیس بار پڑھے بے خوابی دور ہو۔

ایضًا جو کوئی ہر صبح کو کلام کرنے سے پہلے اکیانوے بار پڑھے غنی ہو۔

ایضًا جو کوئی ہر روز صبح کو سو بار پڑھے صاحب دولت ہو۔

ایضًا جو کوئی ہر روز ستر بار برائے انقیاد اعداء ستر دن تک پڑھے کامیاب ہو۔

ایضًا جو کوئی دس روز تک دس بار ہر روز پڑھے دشمنوں کی زبان بند ہو۔

ایضًا برائے تحصیل مرادات ہر روز چالیس مرتبہ

**ایضاً** برائے شفائے امراض مزمنہ دس بار ہر روز ستر بار۔

**ایضاً** برائے چشم زخم و عقد اللسان تین روز تک ہر بیس بار۔

**ایضاً** برائے کشف قبور ہر روز ستر بار۔

**ایضاً** برائے رؤیت حضرت سید عالم صلے اللہ علیہ وسلم اپنے بستر پر ہر شب تین ہزار بار پڑھے۔

**ایضاً** فتوح ابواب اقبال کے واسطے ہر روز پانسو بار پڑھے۔ خواص اس کے بہت ہیں اس جگہ مختصر لکھے گئے ہیں۔ دعا یہ ہے۔ نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِي بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ وَبِوِلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ۔

**دعوۃ یا حی یا قیوم** سہ شنبہ۔ چہارشنبہ۔ پنجشنبہ کو تین روزے رکھے چوتھے روز جب جمعہ کی صبح ہو۔ اول وقت نماز ادا کرے سلام کے بعد پہلے اس سے کہ کسی ذکر یا شغل یا فعل میں مشغول ہو یا حی یا قیوم کا ذکر کرے اور طلوع آفتاب تک بلا انفصال و سکوت برابر پڑھے۔ جب آفتاب طلوع ہونے لگے فوراً ایک کاغذ پر یا حی یا قیوم لکھے اور بخور جلائے۔ اور تعویز بنا کر اپنے پاس رکھے اور شام کو روزہ افطار کرے۔ اس کی برکت سے عجائب و غرائب کا مشاہدہ کرے گا۔ اور جمعیت خاطر اور وسعت رزق میسر ہوگی۔

واضح ہو کہ اس اسم مبارک کی ایک لوح یہ درج ہے۔ اگر عامل اس کا عامل ہو تو عمل اس کا تام و کامل ہو۔ اس لوح کے خواص بہت ہیں قساوت قلبی دور ہوتی ہے۔ ابنائے جنس کا محتاج نہیں رہتا۔ فقر و فاقہ

| ح ٨ | ی ١٠ | ق ١٠٠ | ی ١٠ | و ٦ | م ۴٠ |
|---|---|---|---|---|---|
| و ٦ | ی ١٠ | ح ٨ | م ۴٠ | ق ١٠٠ | ی ١٠ |
| ق ١٠٠ | م ۴٠ | ی ١٠ | و ٦ | ح ٨ | ی ١٠ |
| م ۴٠ | و ٦ | ی ١٠ | ق ١٠٠ | ی ١٠ | ح ٨ |
| ی ١٠ | ح ٨ | و ٦ | ی ١٠ | م ۴٠ | ق ١٠٠ |
| ی ١٠ | ق ١٠٠ | م ۴٠ | ح ٨ | ی ١٠ | و ٦ |

سے خلاصی پاتا ہے۔ لوح مبارک

**تیسری فصل۔ اعمالِ خاندانی حضرت قبلہ و کعبہ مرشدِ مرشدِ زمین المتقین سند الکاملین مولانا شاہ احمد سعید صاحب نقشبندی مجددی احمدی رحمۃ اللہ علیہ کے بیان میں۔**

**طریق خواندن سورہ یٰسٓ** | حاجتوں کے روا ہونے کے واسطے یہ طریقہ بہت مفید ہے کہ اوّل تین بار درود شریف پڑھ کر لفظ یٰسٓ کو تین بار کہے اور جب ہر مبین پر پہنچے سورہ فاتحہ نستعین تک جب مثلہم پر پہنچے تین بار یہ کلمہ انگلی اٹھا کر پڑھے اور جب آیہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ پر پہنچے سات بار اس آیت کو کہے پھر یا سَلَامُ یَا رَبُّ یَا رَحِیْمُ ان تینوں اسموں کو سات سات مرتبہ پڑھے۔ جب ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ پر پہنچے سات مرتبے اس آیت کو کہہ کر یہ اسما سات سات مرتبے پڑھے یَا قَدِیْرُ یَا عَزِیْزُ یَا عَلِیْمُ اور جب مثلہ پر پہنچے تین بار یہ کلمہ پڑھے پھر یٰسٓ کو تمام کر کے سورہ فاتحہ نستعین تک شہادت کی انگلی اٹھا کر پڑھے پھر سورہ فاتحہ کو تمام کرے بعدہٗ درود شریف اور لاحول اور یا ذالجلال والاکرام اور یا ارحم الراحمین اور لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ سو سو بار پڑھے۔ پھر تین بار درود پڑھ کر اس کا ثواب حضرت امام ربانی رضی اللہ عنہ کی روح پرفتوح کو پہنچا کر اپنی حاجت جناب الٰہی سے بواسطہ اس سورہ کے چاہے اگر درمیان میں کام ہو جائے تو بہتر ہے ورنہ چالیس دن تک پڑھے۔

**طریق خواندن سورہ مزمل** | اس کے پڑھنے کی ترکیب یہ ہے کہ اوّل یٰۤاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ پڑھے اس کے بعد یہ الفاظ اکتالیس بار زَمِّلْنِیْ زَمِّلْنِیْ زَمِّلْنِیْ بِاَلْتُقٰی وَتُوَالْحُنِیْ وَادْرِكْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ یَا اَحْمَدُ فجر کی نماز کے بعد یا درمیان عصر و مغرب یا درمیان مغرب و عشا کے پڑھے اگر عمل تمام سورت کا کرے تو تمام موکلات کے نام بھی جو لکھے جاتے ہیں پڑھے یَا اللّٰهُ یَا اِسْرَافِیْلُ یَا سَمُوْطِیْشَا جَقِّ یَا اٰبَدُ رَحْمُ یَا جِبْرَئِیْلُ پھر کہے قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا نِّصْفَهٗ آخر تک جب رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ پر

پہنچے تو اس کو گیارہ مرتبہ تکرار کرے۔ جب کلمہ مُبِیْدُ پر پہنچے یَا عَزِیْزُ الْوَهَّابُ پانسو مرتبہ پڑھے اوّل و آخر درود بیتالیس بار۔ اسی طور سے سورہ موصوفہ کو چالیس بار پڑھے۔ اور کسی نوع کی اپنی حاجت کسی شخص سے ہرگز نہ چاہے خدا چاہے اس کی حاجت روا ہو۔

درد سر کا عمل | درد سر کا عمل جو بہت فائدہ مند ہے۔ چاہیئے کہ عامل اپنا ہاتھ درد کے موقع پر رکھ کر تین یا سات مرتبہ پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ اِسْمُهٗ بَرَكَةٌ وَّشِفَآءٌ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ بِيَدِهِ الشِّفَآءُ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ انشاء اللہ تعالیٰ تسکین ہو گی۔

برائے دفع جن | جن کے دفع ہونے کیلئے اس تعویذ کو لکھ کر آسیب زدہ کی گردن میں لٹکا دے اللہ تعالیٰ جلد شفا بخشے گا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ هٰذَا الْكِتَابُ مِنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اِلٰى مَنْ طَرَقَ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ وَالسَّائِحِیْنَ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ يَّا رَحْمٰنُ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِی الْحَقِّ سَعَةً فَاِنْ تَكُ عَاشِقًا مُّوْلِعًا اَوْ فَاجِرًا مُّقْتَحِمًا اَوْ دَاعِيًا حَقًّا مُّبْطِلًا هٰذَا كِتَابُ اللّٰهِ يَنْطِقُ عَلَيْنَا وَعَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ وَرُسُلُنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِیْ هٰذَا وَانْطَلِقُوْا اِلٰى عَبَدَةِ الْاَصْنَامِ وَاِلٰى مَنْ يَّزْعَمُ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ تُغْلَبُوْنَ حٰمٓ لَا تُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَ اَعْدَآءُ اللّٰهِ وَبَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

برائے بردہ گریختہ | ایک آسینی نفل کے دو پر اکیس بار الحمد پڑھ کر گریختہ کے نام پر بند کر کے ایک نئی ہانڈی پر آب میں ڈال کر چولھے پر چڑھا دے اور آنچ کر دے خدا چاہے حاضر ہو گا۔

برائے ہر حاجت کہ باشد | ہر نماز کے بعد یہ رباعی ساٹھ بار پڑھا کرے بفضل

خدا روا ہو۔ رباعی۔

اے زلف سیاہ تو بلائے دل من
وے لعل لبت گرہ کشائے دل من

من دل ندہم بکس برائے دل تو
تو دل ندہی بکس برائے دل من

پائخانہ اور پیشاب بند ہونے اور مثانہ کی کنکریوں کے لئے | یہ آیت لکھ کر مریض کو پلائے خدا چاہے مخلصی ہو۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا فَكَانَتْ هَبَاءً مُّنْبَثًّا وَحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً۔

ایضاً اس کے مانند یہ آیت بھی ہے وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا۔

ایضاً اور یہ آیت قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا قُلِ الَّذِيْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا اور اسی طرح سورۂ تکاثر اور حبس بول کے لئے یہ آیت مفید ہے فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ لکھ کر مریض کی گردن میں لٹکا دے۔

ادرار بول و در حیض و نکسیر کیلئے | ادرار بول اور حیض مفرط اور سینہ سے خون جانے اور نکسیر چھوٹ جانے کے روکنے کے لئے لکھ کر مریض کو پلائے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ۔ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ

برائے دفع بدخوئی طفل | بچہ کی بدخوئی کے واسطے لکھ کر بچے کی گردن میں لٹکا دے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا۔

برائے دفع نظر بد | برائے دفع نظر بد دو تین ہلدی کی گرہ پر تین تین مرتبہ یہ کلمے پڑھ کر پھونکے اَلْسِنَدِ مُحِقَّ وَالْكُفْرُ بَاطِلٌ اور آگ میں ڈال کر دھونی اس کی

مریض کو دیوے۔

**برائے چیچک** | چیچک کے لئے سات ثابت چاول پر سورہ کوثر سات مرتبہ پڑھے اوّل و آخر درود شریف تین تین بار اور بچے کو کھلاوے۔

**برائے ہمسایہ بد** | دفع ہمسایہ بد کے لیے سورہ کوثر سات سات مرتبہ پرانی قبر کی خاک پر جو سات قبروں سے لائی گئی ہو جدا جدا دم کر کے ایک کپڑے میں باندھ کر ایسی جگہ ڈالدے جہاں جھاڑو نہ دیجاتی ہو۔ اور یہ عمل منگل کے دن مفید ہے

**برائے دردِ سر** | دردِ سر کے لئے مریض کے سر پر یا باسط لکھے انشاءاللہ تعالیٰ درد دور ہو۔

**برائے اصلاح دو کس** | دو رنجیدہ آدمیوں میں اصلاح کے لئے اسم یا وَدُود ہر روز ہزار بار مع اول و آخر درود گیارہ گیارہ بار پڑھے خدا چاہے باہم رضامند ہوں

**برائے حاجت وغیرہ** | دفع حاجت اور غائب کے حاضر ہونے اور مریض کی شفا کے لئے سورہ فاتحہ اکتالیس بار درمیان سنت و فرض صبح کے پڑھے۔

**برائے سگ دیوانہ** | باؤلے کتے کے کاٹنے کے لئے جس کے باؤلے ہو جانے کا خوف ہو روٹی کے چالیس ٹکڑوں پر یہ آیت لکھے اِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا وَّاَكِيدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكَافِرِينَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا۔ اور ہر روز ایک ایک ٹکڑا مریض کو کھلائے۔

**برائے حفظ اطفال** | بچے کے ہر آفت سے محفوظ رہنے کے لیے یہ دعا لکھ کر گلے میں ڈالے اَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَامَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ۔

**برائے خوف حاکم** | جو حاکم سے ڈرتا ہو اس کے لئے کٓهٰيٰعٓصٓ كُفِيتُ کہے اور ہر حرف پر دائیں ہاتھ کی انگلی بند کرتا جائے پھر حٰمٓ عٓسٓقٓ حُمِيتُ کہے اور ہر حرف پر بائیں ہاتھ کی انگلی بند کرتا جائے جب اس کے روبرو جائے جس سے کہ خوف کرتا ہو تو اس کے سامنے انگلیاں کھولدے۔

برائے دفع امراض | تمام مرضوں کے دفع ہونے کے لئے یہ چھ آیتیں جن کو آیات شفا کہتے ہیں ایک چینی کے پیالے یا رکابی وغیرہ پر لکھ کر پانی میں دھو کر تین دن یا سات دن بیمار کو پلائے خدا چاہے ضرور شفا حاصل ہو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ۔ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ۔ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ۔ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ۔

برائے سحر وغیرہ | سحر وغیرہ اور دوسری آفتوں کے لئے قرآن شریف کی تینتیس آیتیں ایسی ہیں جن سے شیاطین اور جن اور درندے اور گزندے اور اثر جادو وغیرہ دفع ہوتے ہیں۔ لکھ کر مریض یا مسحور کو پلائے یا پڑھ کر دم کرے یا مریض کو پڑھنے کا حکم کرے اور ہمارے مرشد قبلہ و کعبہ فرماتے تھے کہ جو کوئی ان آیتوں کو ایک بار صبح اور ایک بار شام پڑھ لیا کرے تو امان الٰہی میں رہے گا۔ اور کوئی اسم یا دعا اس پر رجعت نہیں کریگی۔ اور شر شیطان اور بدخوابوں سے امان میں رہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ چار آیتیں اول سورۂ بقرہ کی اور آیۃ الکرسی اور دو آیتیں بعد آیۃ الکرسی کے خالدون تک اور تین آیتیں سورہ بقرہ کے آخر کی للّٰہ ما فی السموات والارض سے آخر سورہ تک اور تین آیتیں سورۂ اعراف کی اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ سے محسنین تک اور آخر سورہ بنی اسرائیل کا قل ادعوا اللّٰہ او ادعو الرحمٰن سے آخر تک اور دس آیتیں سورۂ صافات کے اول کی لازب تک اور دو آیتیں سورہ رحمٰن کی یا معشر الجن سے تنتصران تک اور آخر سورہ حشر کا لو انزلنا سے آخر سورۂ تک اور دو آیتیں سورہ جن کی اول سے شططا تک یہ آیتیں تینتیس آیتوں کے نام سے مسمّٰی ہیں اور بعضے لوگ ان آیتوں میں سورہ فاتحہ و قل یا ایہا الکفرون و قل ہو اللّٰہ احد اور معوذتین زیادہ کرتے اور اول سورہ جن کا شططا تک لیتے ہیں۔

برائے چیچک | چیچک کے لئے مفید ہے۔ جب چیچک نکل آئے تو نیلے سوت

کے تار بشمار اعداد لفظ تکذبان کے جو سورۂ رحمٰن میں ہے لیوے اور سورۂ مذکورہ پڑھے۔ جب فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پر پہنچے اس ڈورے پر دم کر کے گرہ دے یہاں تک کہ سورۃ تمام ہو جائے۔ پھر اس کا گنڈہ بنا کر مریض کے گلے میں باندھ دے خدا تعالیٰ اس مرض سے شفا دے گا۔

فوائد اسماء اصحاب کہف فوائد اسماء اصحاب کہف یہ نام لٹنے اور ڈوب جانے اور آتش زدگی سے محفوظ رکھتے ہیں اور امراض اور حاجات میں فائدہ رساں ہیں لکھ کر مکان یا کشتی یا اسباب میں رکھ دے وہ مکان وغیرہ امان الٰہی میں رہے گا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِلٰهِيْ بِحُرْمَةِ يَمْلِيْخَا مَكْسَلْمِيْنَا كَشْفُوْطَطْ تَبْيُوْنَسْ اَذَرْفَطْيُوْنَسْ. كَشَافَطْيُوْنُسْ يُوَانُسْ بُوْنُسْ وَكَلْبُهُمْ قِطْمِيْرٌ وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَائِرٌ۔

براۓ حاجت | دفع حاجت کیلئے یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ بارہ سو مرتبہ بارہ روز تک پڑھے خدا کے کرم سے احتیاج روا ہو جائے۔

براۓ فہم | اندوہناک حاجت کے لئے چار رکعت نماز اس طور سے ادا کرے کہ پہلی رکعت میں الحمد کے بعد پڑھے۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ سو بار اور دوسری رکعت میں رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ سو بار اور تیسری رکعت میں وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْۤ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ سو بار اور چوتھی رکعت میں قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ سو بار پھر سلام پھیرے اور سو بار کہے رَبِّ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ سو بار۔

براۓ نزول شیاطین | نزول شیاطین کے لئے جو گھروں میں پتھر پھینکتے ہیں اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا چار کیلوں پر پچیس پچیس بار پڑھ کر دم کر کے گھر کے چاروں کونوں میں گاڑے۔

براۓ ازالہ اثر شیاطین | شیاطین کا اثر دور ہونے کے لئے اصحاب کہف کے نام

لکھ کر گھر کے چاروں کونوں میں چسپاں کر دے۔

علاج زن عقیمہ | بانجھ عورت کا علاج یہ آیت مشک و گلاب و زعفران سے ہرن کی جھلی پر لکھ کر عورت کی کمر میں باندھے خدا چاہے عورت حاملہ ہو وَنَوَاتٍ تَكُونَا مُنبَعِثَ بِهِ الْجِبَالُ تَا جَنِيْنًا۔

ایضاً | چالیس عدد لونگوں پر آیت اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ تا نُوْرٍ سات سات مرتبہ پڑھے اور ایک روز عورت کو کھلائے اور یہ عمل انقطاع حیض کے پہلے دن سے شروع کرے غسل کرنے کے بعد اور ان ایام میں شوہر اس کا ہم خواب نہ ہو۔

برائے حفظ حمل | حفظ جنین کے لئے چالیس تار گلابی سوت کے حاملہ کے قد کے برابر لے کر یہ آیت شریف وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ آخر تک اور سورۃ کافرون سات بار دم کرے اور ہر بار سوت میں گرہ دیوے اور عورت کی کمر سے باندھے۔

برائے دردزہ | دردزہ کے لئے یہ آیت کاغذ پر لکھ کر اور پاک کپڑے میں لپیٹ کر عورت کی بائیں ران میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ آسانی وضع ہو وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ اِهْيَا اَشْرَاهِيَا۔

برائے تولد فرزند نرینہ | جو عورت کہ ہمیشہ لڑکی جنتی ہو اس کا علاج جب حمل پر تین مہینے گزر جاویں تو ہرن کی جھلی پر گلاب اور زعفران سے یہ آیت شریف لکھے اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى تا مُتَعَالِ اور آیت يٰزَكَرِيَّا اِنَّا نُبَشِّرُكَ تا سَمِيًّا پھر لکھے اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِیْ بِحَقِّ مَرْيَمَ وَعِيْسٰى اِبْنًا مَالِمًا طَوِيْلَ الْعُمُرِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ وَسَلَّمَ اور عورت کی کمر میں باندھے خدا تعالیٰ اس کو لڑکا بخشے گا۔

برائے زن عقیمہ | جو عورت کہ حاملہ نہ ہوتی ہو اس کا علاج اسم یا مُبْدِئُ تین کاغذ کے پرچوں پر لکھ کر اوّل تاریخ مہینے سے تین روز تک کھلائے اور اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ تا مُتَعَالِ لکھ کر کمر میں باندھے بفضل خدا حاملہ ہو۔

برائے حیات فرزند | جس عورت کا بچہ نہ جیتا ہو اس کا علاج تھوڑی سی کالی

مرچ اور اجوائن لیکر اس پر ہر پیر کے روز قریب ظہر کے سورہ والشمس چالیس مرتبہ پڑھے مگر شروع اور ختم سورہ پر درود شریف پڑھ لیا کرے اور اجوائن اور کالی مرچوں کو قدرے روزانہ ظہور حمل سے عورت کو کھلاتا رہے۔ جب تک کہ بچے کا دودھ چھڑایا جائے۔

**برائے تولد فرزند نرینہ** جس عورت کے سوائے دختر کے لڑکا نہ ہوتا ہو اس کا علاج عورت کے پیٹ پر ستر مرتبہ شہادت کی انگلی سے دائرہ کھینچے اور جب انگلی کو گردش دے یا متین کہے۔

**برائے مرض لاعلاج** جس مریض کے علاج سے اطبا عاجز ہوں اس کا علاج ایک سفید چینی کے پیالے یا دوسرے پیالہ پر لکھے یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَ بَقَائِہٖ یَا حَیُّ اور بعضے لوگ ان الفاظ پر سورۂ فاتحہ زیادہ کرتے ہیں پھر پانی میں دھو کر چالیس روز پلائے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو۔

**اشیاء گم شدہ کا علاج** گم شدہ کے لئے یَا حَفِیْظُ ایک سو انیس مرتبہ بلا کم و کاست پڑھے پھر اسی قدر یہ آیت پڑھے۔ یٰبُنَیَّ اِنَّهَا اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ تا یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ انشاء اللہ گم شدہ اسباب نکل آئے۔

**تپ ولرزہ کا علاج** تپ و لرزہ کے لئے یہ آیت لکھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِرَحْمَتِ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْحَكِیْمِ اِلٰی اُمِّ مِلْدَمٍ اِنِ الَّتِیْ تَاْكُلُ اللَّحْمَ وَتَشْرَبُ الدَّمَ وَتَهْشِمُ الْعَظْمَ اَمَّا بَعْدُ یَا اُمَّ مِلْدَمٍ اِنْ كُنْتِ مُؤْمِنَةً بِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاِنْ كُنْتِ یَهُوْدِیَّةً بِحَقِّ مُوْسٰی الْكَلِیْمِ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَاِنْ كُنْتِ نَصْرَانِیَّةً بِحَقِّ الْمَسِیْحِ عِیْسَی ابْنِ مَرْیَمَ عَلَیْهِمَا السَّلَامُ اَنْ لَّا تَاْكُلِیْ لِفُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ لَحْمًا وَلَا تَشْرَبِیْ لَهٗ دَمًا وَلَا تَهْشِمِیْ لَهٗ عَظْمًا وَتَحَوَّلِیْ عَنْهُ اِلٰی مَنِ اتَّخَذَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ وَاِلَّا فَاَنْتِ بَرِیْئَةٌ مِّنَ اللّٰهِ تَعَالٰی وَاللّٰهُ تَعَالٰی بَرِیْءٌ مِّنْكِ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ۔

ایضاً واسطے بخار کے لکھ کر مریض کے سر پر باندھے کھیعص ذِکْرُ رَحْمَةِ رَبِّكَ تَاشِقِیاً ۔

بخار کے لئے | واسطے تپ ولرزہ کے قُلْنَا یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا تا اَخْسَرِیْنَ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنَاهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۔

خنازیر کے لئے | خنازیر کے لیے کچے چمڑے کا تسمہ مریض کے قد کے برابر لے کر گرہ دیوے چالیس گرہ اور گرہ دیتے وقت پڑھے ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُوَّةِ اللّٰهِ وَعَظَمَةِ اللّٰهِ وَبُرْهَانِ اللّٰهِ وَسُلْطَانِ اللّٰهِ وَكَنَفِ اللّٰهِ وَجِوَارِ اللّٰهِ وَاَمَانِ اللّٰهِ وَحِرْزِ اللّٰهِ وَمَنْعِ اللّٰهِ وَكِبْرِیَاءِ اللّٰهِ وَفَخْرِ اللّٰهِ وَجَلَالِ اللّٰهِ وَكَمَالِ اللّٰهِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ اور پھونکے جب چالیس گرہ ہو جائیں مریض کی گردن میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی ۔

برائے ضعف بصر | ضعف بینائی کے لئے ہر فرض نماز کے بعد تین بار، فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ پڑھ کر دم کر لیا کرے ۔

برائے مرگی مرگی کا علاج ایک نئے تانبے کی تختی پر اتوار کے دن اول ساعت میں ایک طرف یہ کندہ کرے ۔ یَا قَهَّارُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ یَا قَهَّارُ اور دوسری طرف یَا مُذِلَّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَهْرِ سُلْطَانِهٖ یَا مُذِلُّ اور گردن میں لٹکا دے خدا چاہے شفا ہو ۔ تمام ہوئے اعمال حضرت مولانا شاہ احمد سعید صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ۔

## چوتھی فصل اعمال مجربات مولانا شیخ محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ و دیگر اولیائے کرام عالی مقام قدس اللہ اسرارہم

عمل سورہ یٰسین | عمل دائرہ سورہ یٰسین کا منقول ہے حاجی مولوی محمد قلندر صاحب

قدس سرہ جلال آبادی سے واسطے حاجت روائی کے مجرب ہے۔ طریق اس کا یہ ہے یٰس شریف کو مع بسم اللہ شروع کرے۔ جب لفظ مبین اوّل پر پہنچے اس کے برابر کی انگلی بند کرے پھر سرے سے یٰس پڑھنا شروع کرے جب تیسری مبین پر پہنچے بڑی انگلی کو بند کرے پھر نئے سرے سے پڑھ کر چوتھی مبین پر پہنچے کلمہ کی انگلی بند کرے پھر سرے سے شروع کر کے پانچویں مبین پر پہنچا انگوٹھے چاروں بند انگلیوں پر رکھ کر زور سے بند کرے جیسے کہ گھونسا زور سے بند کر لیتے ہیں۔ پھر اوّل سے یٰس پڑھنی شروع کرے جب چھٹی مبین پر پہنچے بائیں ہاتھ کی چھنگلی بند کرے اسی طرح ساتویں مبین پر برابر والی انگلی بند کرے جب ساتویں عقد سے فارغ ہو پھر سورۃ اوّل سے شروع کر کے آخر تک پڑھتا چلا جائے درمیان میں جب اوّل مبین پر پہنچے پہلے بائیں ہاتھ کی برابر والی انگلی کھولے۔ اور دوسری مبین پر بائیں ہاتھ کی چھنگلی کھولے۔ اور تیسری مبین پر دائیں ہاتھ کا انگوٹھا کھولے۔ اسی طرح برخلاف عقد کے باقی انگلیوں کو ہر مبین پر کھولتا چلا جائے۔ یہاں تک کہ ساتویں مبین پر دائیں ہاتھ کی چھنگلی کھلے پھر سورۃ یٰس تمام کرے پھر ایک بار سورۃ اوّل سے آخر تک پڑھے اور جب کہ ہر بار سورۃ شروع کرے اس طور یٰس صلے اللہ علیہ وسلم یٰس والقرآن الحکیم تا آخر پڑھے۔

**حصول دست غیب** عمل حصول دست غیب جس میں آٹھ آنہ روز حاصل ہو جاتے ہیں یَاذَا الْعِزِّ وَالْبَقَاءِ یَاذَا الْجُوْدِ وَالْعَطَا یَا وَدُوْدُ ذُوالْعَرْشِ الْمَجِیْدُ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنْکَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ بِحُرْمَۃِ مُتَکَفِّلٍ بِحَقِّ یَا مُحَمَّدُ الْغَفَّارُ ذُو الْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِہٖ بِلُطْفِہٖ یَا مُمِدُّ دو سو مرتبہ ہر روز پڑھتا رہے۔

**برائے حکام** احکام کے مدبر و جانے کے لیے فَلَمَّا رَاَیْنَہٗ اَکْبَرْنَہٗ تا مَلَکٌ کَرِیْمٌ گیارہ دفعہ پڑھ کر ہاتھ پر دم کر کے منہ اور بدن پر ملے۔

**برائے چیچک** چیچک کے لئے نیلے سوت کے اکیس تار لے کر نو گرہ دے ہر گرہ پر

سورۂ فاتحہ ایک بار پڑھ کر دم کرے اور گلے میں باندھے۔

براۓ مسان | مسان کا گنڈہ والسماء والطارق اکتالیس گرہ دے اور پیٹ پر باندھے اور بچہ کی پیدائش کے بعد اس کے گلے میں باندھ دے اور سوت کے تار بھی اکتالیس ہی ہوں۔

براۓ نیش زنبور بھڑ کے ڈنگ کے لیے نو بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر زمین پر تھوکے اور تھوک کے لعاب میں خاک آلودہ کر کے ڈنک کی جگہ ملے۔

براۓ اداۓ قرض | قرض ادا ہونے کے لیے سورہ اذا جاء فجر کی نماز کے بعد پڑھنی مجرب ہے۔

براۓ مسان اور آسیب مسان اور آسیب کے لیے ہر روز پرچہ پر لکھ کر پلاۓ بحق باللہ العلی العظیم۔

براۓ حب | عمل حب بکری کے شانہ کی ہڈی پر جمعہ کی نماز کے بعد برہنہ ہو کر سورہ یٰسین جس قدر اس پر آسکے لکھے اور نام طالب اور مطلوب کا بھی لکھے مگر یہ کام عروج ماہ میں کرے پھر ہڈی کو ایک ہانڈی میں رکھ کر چولہے کے نیچے دفن کر دے اس طرح کہ ہانڈی گرم رہے۔ مگر جلنے نہ پاوے۔ دل محبوب بیقرار ہوگا۔ مگر احتیاط رہے کہ اگر ہانڈی جلے گی تو طالب کو سوزش ہو جاۓ گی۔ عمل مجرب ہے۔

ایضاً | جو عورت یہ نقش اپنے پاس رکھے گی شوہر کے دل میں محبوب اور چشم خلائق میں صاحب عزت ہو اور جو اس کو دیکھے اس کا خیر خواہ ہو نقش یہ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۰۰۳ | ۶۰۱۶ | ۶۰۱۳ | ۶۰۰۹ |
| ۶۰۱۴ | ۶۰۰۸ | ۶۰۰۳ | ۶۰۱۵ |
| ۶۰۰۷ | ۶۰۱۱ | ۶۰۱۸ | ۶۰۰۴ |
| ۶۰۱۷ | ۶۰۰۵ | ۶۰۰۶ | ۶۰۱۲ |

برائے بیماری اطفال | بچوں کی بیماری دفع ہونے کے لئے خاص کر مسان کے واسطے مجرب ہے نقش یہ ہے اور بیماری کے لیے گلے میں باندھے۔

| ۱۱۵ | سینہ | ۹ | ۱۱ | ۱۱ | ھ | ۵ |

اگر مسان میں یہ ترکیب ہے کہ نقش کو پانی میں گھول کر ایک توے پر بوند بوند کرکے ڈالیں اور جو دھواں اس سے اٹھے اس سے مریض کو دھونی دیویں۔

برائے طحال | تلی کے مرضوں کے لئے یہ نقش لکھ کر چار تند دمال کی تلی پر رکھ کر تعویذ ایک نلکی میں بند کرکے رومال پر رکھ دیں اور نلکی کو آگ سے جلائیں انشاءاللہ فائدہ ہو۔

یا عزیز

بحق ۱

برائے حب | عمل حب ایک جوز بستہ جنگلی کبوتر کالا کر مہیا رکھے بعدہٗ بارہویں تاریخ کو آدھی رات کے وقت جو تیرھویں رات مہینے کی ہوتی ہے۔ ایک پیپل کے درخت کے پاس جاکر بالکل برہنہ ہوکر بارہ پتے لیوے صبح کو وہ پتے بچھاکر کبوتران پر ذبح کرکے خون پتوں پر گراوے پھر پتوں کو جلا کر راکھ ان کی رکھ چھوڑے جس پر ایک رتی ڈالے گا وہ عامل کے اوپر فریفتہ ہوجائے گا۔

ایضاً | بروز اتوار نوچندی کے آفتاب نکلنے سے پہلے ایک سیاہ جونک کہ اس پر زردی نہ ہو مارے۔ مگر ایسے حال میں کہ عامل کے بدن پر کپڑا نہ ہو اور نہ کسی سے کلام کرے۔ پھر جونک کو جلاکر راکھ اس کی رکھ چھوڑے جس پر چٹکی ڈال دے گا اس کا فرمانبردار اور دیوانہ ہوجاوے گا۔

ایضاً | تھوڑے سے گڑ یا پان یا کسی خوردنی شئے پر یہ آیت پڑھ کر مطلوب کو کھلاوے مطلوب اس کا فرمانبردار ہوجائے گا۔ مگر لازم ہے کہ کسی بدکار کو نہ دے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ یُحِبُّوْنَ کَحُبِّ اللّٰهِ لِتَعْلُوْ بِهِمْ فِیْ لَیْلٍ وَّنَهَارٍ وَّفِیْ سَاعَةٍ وَّشَهْرٍ عَلٰی حُبِّهِمْ اَشَدُّ حُبًّا وَّلَوْ یَرَی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا اَنَّ السَّاعَةَ جَمِیْعًا فُلَانُ بِنْتِ فُلَانٍ عَلٰی حُبِّ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ

**برائے جذب دل محبوب** محبوب کا دل کھینچنے کے واسطے محبوب کا تصور کر کے تین سو ساٹھ مرتبے یہ دعا پڑھے اول و آخر درود تین بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ بِحُرْمَةِ جَبْرَائِيْلَ اَللّٰهُ الصَّمَدُ بِحُرْمَةِ اِسْرَافِيْلَ لَمْ يَلِدْ بِحُرْمَةِ مِيْكَائِيْلَ وَلَمْ يُوْلَدْ بِحُرْمَةِ عِزْرَائِيْلَ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ بِحُرْمَةِ دردائیل مِهْرَائِيْلَ۔

**حب خلائق** حب کے لیے آیت وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ لازم ہے کہ قطب کی طرف منہ کر کے دایاں پاؤں بائیں پر رکھ کر گیارہ سفید موٹھ کے دانوں پر جو ایک رنگ سفید ہوں گیارہ بار پڑھے۔ پھر ایک ہانڈی میں رکھ کر منہ بند کر کے اپنے مکان میں دفن کرے اور ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پڑھ کر ثواب اس کا حضرت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مقدس کو پہنچائے پھر جس قدر ممکن ہو ہر روز یہ آیت پڑھتا رہے۔ خلق کے رجوع ہونے اور گرویدہ ہونے کے باب میں یہ عمل عجیب الاثر ہے۔ مگر عامل کو یہ نصیحت ہے کہ نیک خلق ہو اور فراخی حوصلہ اختیار کرے اور خلائق کو طعام و لباس اور ہر طرح سے نفع پہنچائے کروڑوں آدمیوں کو فائدہ پہنچے گا۔ مگر مال جمع نہ کرے آدمی ہر طرف سے ہجوم کریں گے۔

**دفع وباء** وبا دور ہونے کے لیے کاغذ پر لکھ کر مکان کے دروازہ پر لگائے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا اَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا آمنہ کا پوت عبداللہ کا جایا۔ جا رے وبا محمد آیا (صلعم اگرچہ لفظ ایمنہ لکھا دیکھا گیا۔ صحیح لفظ آمنہ ہے۔ اگر آمنہ لکھے تو بہتر ہے)۔

**دفع شیاطین وجن** نقش دافع شیاطین وجن جو حضرت مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہٗ سے منقول ہے۔ جس سے بلا دور ہوتی ہے اور جن جل جاتا ہے۔ چاہیئے کہ نقش روئی کے اندر رکھ کر فتیلہ بنائے اور کورے چراغ میں رکھ کر تلوں کے تیل سے روشن کر کے آسیب زدہ کو اس کے روبرو بٹھائے۔ صورت نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

**ایضاً** یہ عمل بھی حضرت موصوف سے منقول ہے اس سخت مریض کیواسطے جس کا مرض معلوم نہ ہوتا ہو یا اچھا نہ ہوتو چاہیے کہ وضو تازہ کرے اور دو رکعت نماز ادا کرے ہر رکعت میں سورہ کوثر گیارہ گیارہ بار پڑھے

بـــــــــــہ

اللھم احرق الشیاطین

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۱۳ |
| ۵ | ۱۱ | ۱۰ | ۸ |
| ۹ | ۷ | ۶ | ۱۲ |
| ۴ | ۱۴ | ۱۵ | ۱ |

اور سلام کے بعد قل یا ایہا الکافرون ایک ہزار بار اور یا بدیع السموٰت کا لا ہزار بار اور سو بار اول و آخر درود شریف پڑھے خدا چاہے شفا ہوگی یہ عمل بارہا آزمایا گیا ہے۔

**اجرائے بول** پیشاب بند ہونے کے لئے جس کا پیشاب بند ہو اس کی گردن میں باندھے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لَمْ يَلْبَثُوٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ بَلٰغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ بِاَنَّهٗ يُخْرِجُ بَوْلَهٗ وَيُجْرِيْ اِنْشَاءَ اللہ تعالیٰ۔

**خلل ناف** تعویذ خلل ناف منقول حضرت مولانا و سیدنا حضرت سید احمد صاحب بریلوی مجاہد فی سبیل اللہ قدس سرہ سے۔ لکھ کر ناف پر باندھے۔

**آدھا سیسی و امراض مختلفہ** داء اللعمی اور درد سر اور آدھا سیسی اور خلل ناف اور درد زہ وغیرہ کے لیے مفید ہے۔

ران پر باندھے۔ اللھم محمد محمد صل محمد علی محمد یا محمد محمد محمد محمد

**دفع کھسرہ و چیچک** کھسرہ اور چیچک کے لیے قبل طلوع آفتاب کے لکھ کر گلے میں ڈالے انشاء اللہ ہرگز نہیں نکلے گی اور جو بالفرض نکل بھی آئے

| | | | |
|---|---|---|---|
| الحمد للہ | غیر المغضوب | الصراط المستقیم | وایاک |
| صراط الذین | ایاک نعبد | رب العالمین | انعمت علیہم |
| یوم الدین | نستعین | ولا الضالین | الرحمٰن |
| علیہم | الرحیم | مالک | اھدنا |

گی تو جلد اچھی ہو جائے گی بعونہ تعالیٰ۔

علاج عقیمہ | پانچ عورت کا علاج انار کی چار پھانکیں اس طرح کرے کہ وہ الگ الگ نہ ہو جائیں پھر اس پر سورہ یٰسین پڑھے۔ جب اول مبین پر پہنچے اس پر پھونک کر پھر سرے سے پڑھے اور دوسرے مبین پر پہنچ کر دم کرے اسی طرح سات مبین ختم کر کے اس پر پھونکے پھر باقی سورۃ پڑھ کر پھونکے پھر باقی سورۃ پڑھ کر پھونکے اور پاؤ سیر کشمش اور پاؤ سیر چنے کی دال بھنی ہوئی پر ہفت سلطان کی فاتحہ پڑھ کر چھوٹے بچوں کو کھلا دے پس اس بانجھ کو وہ انار بعد غسل کے کھلا دے اللہ تعالیٰ اس کو فرزند عطا فرما دے گا۔

ایضاً | منقول حضرت حاجی مولوی محمد قلندر صاحب جلال آبادی قدس سرہٗ سے سیاہ مرچ اور اجوائن پر ستر بار یہ آیت خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً آخر تک اور اول و آخر درود شریف پڑھے اور سات بار قل یاایہا الکافرون اور سورہ مزمل اور گیارہ مرتبہ الم نشرح پڑھے پھر سات دانہ مرچ اور قدرے اجوائن اس میں سے ہر روز کھایا کرے اور یہی علاج اس کا ہے جس کا کچا حمل گر جاتا ہو۔

ادائے قرض | ادائے قرض کے لیے سورہ اذا جاء چالیس مرتبہ بعد نماز فجر کے پڑھے۔

حل مشکل | حل مشکل کے لیے سورۃ قریش ستر بار حل مشکل تک پڑھنے کی مداومت کرے اور ایسے ہی شب کے وقت ساڑھے چار ہزار بار اسم ذات پر مداومت کرنی حل مشکل میں عجیب الاثر ہے۔

تنگی معاش | دفع تنگی معاش کے لیے سو بار یا زیادہ یہ دعا ہمیشہ پڑھا کرے اَللّٰهُمَّ تُبْ عَلَيْنَا قَبْلَ الْمَوْتِ وَهَوِّنْ عَلَيْنَا شِدَّةَ الْمَوْتِ وَارْضَ عَنَّا عِنْدَ الْمَوْتِ وَلَا تُعَذِّبْنَا بَعْدَ الْمَوْتِ يَا خَالِقَ الْحَيٰوةِ وَالْمَوْتِ تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصّٰلِحِيْنَ۔

ایضاً | کلمہ تمجید مع اول و آخر درود کے پانسو مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔

عسرِ ولادت | جننے کی سہولت کے لیے ایک نئے ٹھیکرے پر یہ تعویذ لکھے۔ اور عورت کو برہنہ کرکے اس کے پاؤں کے نیچے رکھے اور پاؤں سے توڑے۔ نقش یہ ہے۔

| | حی | |
|---|---|---|
| حی | حی | حی |
| | حی | |

تسخیر امراء و احکام | تسخیر امراء احکام کے لیے منقول ہے حضرت مولانا شاہ رفیع الدین قدس سرہ برادر خورد حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ سے یَا اٰخِذُ کُلِّ شَیْءٍ وَمَا اٰخِذُہٗ پانسو مرتبہ تین روز پے در پے پڑھے اور چوتھے روز غسل کرے اور ہزار بار پڑھے اور ہاتھ کی ہتھیلی پر لکھے اور روبرو امیر یا حاکم وغیرہ کے جائے اور اس کے مقابلے میں پندرہ بار پڑھے خدا چاہے تو نہایت مدارات سے پیش آئے۔

جمعیت خاطر | جمعیت خاطر کے لیے ہر روز پانسو بار یہ آیت پڑھا کرے اور اول و آخر درود شریف فَلِلّٰہِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَلَہُ الْکِبْرِیَآءُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ۔

حاجت کے لیے | حاجت روائی کے لیے ہر روز سو بار پڑھا کرے اَللّٰھُمَّ یَا رَبَّ الْاَرْبَابِ وَیَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَیَا مُسَھِّلَ الْاِصْعَابِ وَیَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ وَیَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ وَیَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ یَا رَبِّ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَیْکَ یَا رَبِّ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

نئے شہر میں جانا | نئے شہر میں داخل ہونے کے وقت یہ پڑھے تو فائدہ پائے رَبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَکًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ۔

برائے تو نگری و اطمینان | تو نگری اور اطمینان کے لیے سفر میں جاتے اور گھر میں واپس آنے کے وقت آیۃ الکرسی تین تین بار پڑھنی مجرب ہے۔ اسی طرح سفر میں قل یا ایہا الکفرون اور اذا جاء اور قل ہو اللہ اور معوذتین با بسم اللہ پڑھنی مجرب ہے۔

**برائے اسقاط حمل** استقاط حمل کی حفاظت کے لیے باوضو ایک کونے میں لکھ کر اور عورت کے پیٹ پر باندھے بحکم الٰہی حمل محفوظ رہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَاِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْھَا حَافِظٌ ط فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ اَللّٰھُمَّ احْفَظْ حَمْلَ ھٰذِہِ الْمَرْاَۃِ مِنْ جَمِیْعِ الْاٰفَاتِ بِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اٰمِیْنَ اٰمِیْنَ اٰمِیْنَ۔

**درد شقیقہ** آدھا سیسی کے درد کے لیے باوضو لکھ کر سر میں باندھے مگر پہلے تھوڑی سی شیرینی پر فاتحہ اولیائے کرام رحمہم اللہ کی دیگر تقسیم کرے ان شاء اللہ شفا ہو گی وہ یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَلَا یَشْعُرُنَّ بِکُمْ اَحَدٌ اَللّٰھُمَّ اَسْکِنْ ھٰذَا الْوَجَعَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

**ترکیب سورہ فاتحہ** الحمد پڑھنے کی ترکیب ہر مشکل اور مہم کے لیے چار بار الحمد اس ترکیب سے پڑھنی تاثیر عظیم رکھتی ہے کہ بعد ادائے سنت فجر کے پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لفظ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو مکرر پڑھے اور جو کچھ مقصود ہو اس کا تصور کرے باقی الحمد تمام کرے اور جب لفظ آمین پر پہنچے تین تین بار کہے اللہ تعالیٰ اس کی مہم کو آسان کرے گا۔

**دفع مسان** دفع مسان کے لئے ایک ہانڈی لے کر اس میں تین مٹھی ماش اور تین لوہے کی کیلیں رکھے اور یہ تعویذ لکھ کر اس میں ڈالے اَلْحَفِیْظُ سات بار، اَلرَّقِیْبُ سات بار اَللّٰھُمَّ بِالْوَاحِدِ الصَّادِقِ مِنْ شَرِّ کُلِّ طَارِقٍ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ الٰہی بحرمت غوث الاعظم الٰہی بحرمت حاجی محمد شاکر قدس سرہٗ مسان فلاں دفع شود اور یہی تعویذ گلے میں ڈالے۔

**برائے تسخیر** تسخیر کے لیے وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَیْمٰنَ تا اَنَابَ پڑھ کر چنبیلی کے تیل پر دم کرے

اور جس کو سونگھاوے وہ فرمانبردار ہو انشاء اللہ تعالیٰ۔

برائے حاجت | حاجت کے لئے ظہر کے وقت تین سو تیرہ مرتبہ یہ دعا پڑھے انشاء اللہ حاجت برآوے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ حَبِيْبِكَ اِنِّيْ مُشْتَاقٌ بِجُوْدِ جَمَالِكَ وَرَسُوْلِكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ۔

تپ لرزہ | بے لرزہ کی تپ کے واسطے قُلْنَا يَا نَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ پیپل کے تین پتوں پر لکھ کر دیوے تاکہ مریض ہر روز ایک پتا چاٹ لیوے۔

تپ لرزہ و باری | واسطے تپ لرزہ کے یہ نقش لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۱ | ۶ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۴ | ۹ | ۲ |

باری کے بخار کے واسطے اللہ شافی اللہ کافی گرم پانی کے اوپر پڑھ کر مریض کو پلائے انشاء اللہ صحت ہوگی۔ مجرب ہے۔

چلوانس طفل | لڑکے کے رونے اور چلوانس کے لیے لکھ کر گلے میں ڈالے۔

حیّ حیّ حیّ حیّ حیّ حیّ

دفع رنجش امراء | دفع رنجش امراء و حکام کے واسطے آیت کریمہ رَبِّ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ تین سو ساٹھ بار بعد نماز عشاء کے پڑھے اور اول و آخر گیارہ گیارہ بار کوئی سا درود پڑھے اور پڑھنے کے بعد اور پڑھنے کے بیچ کسی سے کلام نہ کرے خدا چاہے ان کی رنجش دور ہو اور رضامند ہو کر اس کی ضرورت نکال دیں۔ مجرب ہے۔

علاج مسان | علاج مسان کا جو معمول مشائخ عظام کا ہے۔ ایک بکری سیاہ ایک رنگ جوان یا سفید مرغ تاجدار لاوے۔ مگر یہ عمل ایسے وقت سے شروع کرے جب کہ حمل پر ایک چلہ یا نہایت دو یا ڈھائی مہینے گزرے ہوں اس سے زیادہ عرصہ نہ گزرا ہو۔ بکری کو حاملہ کے سرہانے باندھ کر گھاس اور چارہ اسی جگہ دیتا رہے اور صبح و شام حاملہ کا پیشاب بکری کے تمام بدن پر ملتا رہے اسی طرح پیہم نو دن تک کرے بعد ازاں عامل یکشنبہ کے روز نہا کر اور وضو کر کے خوشبو ملے اور تین تعویذ جو نیچے لکھے جائیں گے دو تعویذوں میں تو کلمہ طیب لکھے تیسرا تعویذ

بغیر کلمہ طیبہ کے لکھے پھر اسی یکشنبہ کے روز چار گھڑی دن چڑھے بکری کو روبقبلہ ہو کر حاملہ کے ہاتھ سے اسی طریق سے ذبح کرائے مگر ان تعویذوں میں سے ایک تعویذ جسمیں کلمہ لکھا ہو پہلے حاملہ کے ہاتھ میں بندھوائے اور ایک تعویذ پاک روئی میں رکھ کر سوت لپیٹ کر بکری کے منہ میں رکھے اور منہ سوت سے باندھ دیوے اور تیسرا تعویذ جس میں کلمہ نہ ہو بطریق مذکورہ روئی میں رکھ کر سوت باندھ کر بکری کے گلے میں لٹکائے کہ سینہ کے قریب رہے۔ پھر حاملہ کے ہاتھ میں چھری دیکر روبقبلہ کرا کے بکری کو اس کے ہاتھ سے اس ڈھنگ سے ذبح کرائے کہ بکری کا سرتن سے جدا ہو جائے اور خون بکری کا ایک پاک مٹی کے پیالہ میں لے کر حاملہ کے مکان کی چار دیواری پر دو انگلیوں سے اس خون کا خط کھینچے اور جس طرف سے خط شروع کرے اس طرف کا خط خوب قائم کرے۔ اور بکری کی سری بعیر اس تعویذ کے جو اس کے منہ میں رکھا گیا تھا حاملہ کے مکان کے باہر چوکھٹ کے پاس دفن کر دیوے اور حاملہ کے ہاتھ میں جو تعویذ باندھا تھا اس کو کنوئے میں ڈالے اور وہ تعویذ جو بکری کے منہ میں رکھا تھا تانبے میں منڈھوا کر حاملہ کے گلے میں بندھوادے۔ اور جب بچہ پیدا ہو تو وہ تعویذ بچے کے گلے باندھ دے۔ یہ بھی واضح رہے کہ اگر ذبح کی جرأت حاملہ کو نہ ہو تو اس کا محرم حاملہ کا ہاتھ پکڑ کر بکری کے گلے پر پھروائے یہانتک کہ سر اس کا بدن سے علیحدہ ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے بچہ جملہ آسمان سے محفوظ رہیگا دعا (یعنی تعویذ) یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْجَلِيْلِ بِاَوْحَدِ اٰيَتِهِ الْوَاحِدِ الصَّادِقِ وَحَقِّ كُلِّ طَارِقٍ مِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ بِسْمِ اللّٰهِ الشَّافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الْكَافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الْمُعَافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَاءِ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ بِسْمِ اللّٰهِ نُوْذِيْكَ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا الٰہی فلاں بنت فلاں فرزند دراز عمر با صحت و خیریت بزاید و از جمیع امراض و آفات و بلیات محفوظ ماند بحرمت کلمہ پاک لا اِلٰہ

اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَبِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ وَبِحَقِّ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اٰمِیْنَ

فراغت ظاہری و باطنی | ظاہری و باطنی فراغت کے لئے اکتالیس بار یہ دعا۔
اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ لِسَانًا ذَاکِرًا وَّقَلْبًا خَاشِعًا شَاھِدًا اَشْغَلْنَا بِجَمَالِکَ وَارْزُقْنَا حَلَالًا طَیِّبًا وَّاجْعَلْنَا بِغَیْرِکَ اَوِ اسْتَجِبْ دُعَائِیْ بِغَیْرِہٖ وَّاذْھَبْ عَنِّی الْفَقْرَ وَالدَّیْنَ بِحُرْمَۃِ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ وَاُمِّھِمَا وَجَدِّھِمَا عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ بعد از نماز مغرب پڑھے۔

نشست و برخاست مجلس | مجلس سے اٹھتے یا بیٹھتے وقت اگر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وصلی اللہ علی محمد پڑھ لیا کرے تو وہ لوگوں کی غیبت سے اور لوگ اس کی غیبت سے محفوظ رہیں گے۔ کیونکہ خدا تعالیٰ اس کی حفاظت کے لیے ایک مؤکل مقرر فرمائے گا۔

دعا کی قبولیت | دعا کی قبولیت اور مکاشفات اور مناجات اور بسہولت مطالب لابدی حاصل ہونے اور جسم کی بیماریوں سے محفوظ رہنے اور مقہوری اعدا اور انکشاف اسرار علوی اور تسخیر کل اہل عالم کے واسطے یہ دس کلمے جو اسمائے الٰہی عزشانہ ہیں مخصوص ہیں اَلْمُحِیْطُ الْعَالِمُ الْقَادِرُ السَّبَّبُ الرَّشِیْدُ الْحَسِیْبُ الْفَعَّالُ الْخَلَّاقُ الْبَارِئُ الْخَالِقُ الْمُعْبُوْدُ پڑھے۔

چور ظاہر کرنے کیلئے | چور ظاہر کرنے کی ترکیب اگر کوئی چیز چوری جائے اور اس کا چور معلوم نہ ہو تو چاہیئے کہ دس مرتبہ درود شریف شنگرف کی ڈلی پر پڑھ کر اپنی ران پر ملے اور چالیس بار یہ اسماء ایک استرہ پر پڑھ کر اپنی ران کے بال مونڈھے۔ چور کے سر کے بال خود بخود منڈ جائیں گے یہ عمل عجیب ہے۔
بسم اللہ علیقہ ملیقہ تلیقہ تلیقہ بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ و علی ولی اللہ۔

کشائش رزق کے لیے | کشائش رزق کے لئے تعویذ یا باسط کا دس بار لکھ کر دریائے رواں میں۔ اگر نہ ہو تو کنوئیں میں ڈالے اور لکھنے اور ڈالنے

| ۱۸ | ۴۸ | ۶ |
|---|---|---|
| ۱۲ | ۲۴ | ۳۶ |
| ۴۲ | یا باسط | ۳۰ |

کا ایک وقت کسی نماز کے بعد مقرر کرے اگر
کوئی شخص قیدی کے رہا ہونے کے لیے یہ
تعویذ لکھ کر قیدی کی پشت پر دائیں مونڈھے کی طرف چپکائے تو امید ہے کہ جلد
خلاص ہو۔

**قضائے حاجت کے لئے** | قضائے حاجت کے لیے ہر روز

۸ ۱۳۱ ح ط / ۱۱۱ ھ

گیارہ مرتبہ یہ شکل لکھ کر دریائے رواں میں علیحدہ علیحدہ ڈالے۔

| ۶ | ۱ | ۸ |
|---|---|---|
| ۷ | ۵ | ۳ |
| ۲ | ۹ | ۴ |

**تسخیر و فتوحات کے لیے** | تسخیر اور فتوحات کے لیے
یہ نقش پندرہ بار باوضو لکھ کر دریا میں ڈالے اور یہی
تعویذ حوائج ہر حاجت کے لیے بھی مجرب ہے۔

**خواص آیت قطب** | آیت قطب یعنے ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ سے بذات
الصدور تک ہے عاملوں نے اس آیت میں بہت سے خواص بیان کئے ہیں مگر اس
جگہ گیارہ خواص کے بیان پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ اوّل جو کوئی اس آیت کو ہر
روز چالیس مرتبہ پڑھا کرے تو جو مراد خدا سے چاہے اس کو عطا ہو۔ مگر فجر کی
نماز کے بعد پڑھا کرے دوسرے جس کسی کو کوئی اہم کام بادشاہ یا امرا سے پیش
آئے اور اس کا نکلنا دشوار نظر آتا ہو تو اس اسم کو تین بار مصلے پہ پڑھ کر دونوں
ہاتھ اپنے منہ پہ ملے انشاء اللہ مراد بر آئے۔ تیسرے اگر آسیب زدہ کے بائیں
کان میں یہ آیت پڑھ کر دم کرے تو آسیب دور ہو چوتھے اگر بچھو کاٹے ہوئے
کے دائیں کان میں پڑھ کر پھونکے آرام ہو۔ پانچویں اگر جنگ یا مہم میں تیرہ یا
پندرہ دفعہ پڑھے فتحیاب ہو۔ چھٹے اگر دشمن کے مکان پر چار مرتبے پڑھ کر دم
کرے اس کا گھر ویران ہو۔ ساتویں اگر دشمن کے منہ پہ بارہ دفعہ پڑھ کر دم کرے
مطیع ہو جائے آٹھویں جو کوئی سات مرتبہ پڑھ کر دم کر کے کھانا کھائے باہ زیادہ ہو
دسویں جو کوئی ہر روز ہزار بار پڑھا کرے فراخ دستی اور فارغ البالی اس کو حاصل ہو

گیارھویں اگر گھوڑا بزدلی کرے تین بار اس پر پڑھے۔

**قضائے حاجات دارین کے لیے سورۂ فاتحہ کی ترکیب**

سورۂ فاتحہ پڑھنے کی ترکیب سات دن کے اندر واسطے ہر ایک حاجات دینی اور دنیوی کے مفید ہے۔ دنیوی حاجتوں کے لئے جنوب رو ہو کر اور مطالب دینی کے لیے قبلہ رو بیٹھ کر پڑھے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اتوار کے دن پانسو دو مرتبہ اور آمین سو مرتبہ اور الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پیر کے دن پانسو چھپن مرتبہ اور آمین سو مرتبہ اور منگل کے دن مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ دو سو مرتبہ اور آمین سو مرتبہ اور جمعرات کو اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ایک ہزار چالیس مرتبہ اور آمین سو مرتبہ اور جمعہ کے روز صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ گیارہ سو تیرہ مرتبہ اور آمین سو مرتبہ اور ہفتہ کو غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ چار ہزار ستر مرتبہ اور آمین سو مرتبہ پڑھے خداوند کریم مراد اس کی پوری کرے گا۔

**طریق دریافت مرض یا آسیب**

مرض یا آسیب دریافت کرنے کا طریق ایک کورے سکورہ پر یہ نقش لکھ کر سات بار مریض پر سے اتار کر آگ میں ڈالے اور آگ کو پنکھے سے خوب دھونکے اگر حرف سفید ہو جائیں تو سحر ہے اور جو سرخ ہو جائیں تو چڑیل ہے۔ اگر غائب ہو جائیں تو آسیب پری کا ہے اگر حروف سیاہ ہی باقی رہیں تو بدنی مرض ہے۔ لا۳۸۱۵ع۹۴۳ع۳۱۱۱۳۳

**طریق دریافت چور**

چور دریافت کرنے کی ترکیب ترنج کے پتے لا کر ہر ایک پتے پر یہ آیت لکھے اور اس کے نیچے نام ہر شخص اور متہم کا لکھ کر آگ میں جلائے چور کے پیٹ میں بالضرور درد اٹھے گا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ۔

**نماز قضاء حاجت**

قضاء حاجات کی نماز کوئی حاجت پیش آئے یا کسی ظالم کے ظلم سے عاجز ہو تو یہ نماز ادا کرے انشاء اللہ مصلے کے اٹھنے سے پہلے اس کی حاجت ادا ہو اور ظالم سے نجات ملے۔ چار رکعت پڑھے اول میں قل اللھم۔

مالک الملک بغیر حساب تک الحمد کے بعد اور دوسری میں انا اعطینا تیسری قل یاایہا الکفرون چوتھی میں قل ہو اللہ ہر ایک پندرہ مرتبہ پڑھے بعد فراغت کے یہ دعا پڑھے لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْۤ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ یَا مَنْ ذِكْرُهٗ شَرَفٌ لِلذَّاكِرِیْنَ وَیَا مَنْ طَاعَتُهٗ نَجَاةٌ لِلْمُطِیْعِیْنَ وَیَا مَنْ رَاْفَتُهٗ نَجَاةٌ لِلْعَالَمِیْنَ وَیَا مَنْ لَا یَخْفٰى عَلَیْهِ شَیْءٌ الْمُحْتَاجِیْنَ اغْفِرْلِیْ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

**برائے درد دندان** دانتوں کے درد کے لیے یہ تعویذ لکھ کر دانتوں پر رکھے، انشاءاللہ تعالیٰ درد ساکن ہو جائے گا۔ اَیُّهَا الْوَجْعُ الْمَقْصُوْدُ اُسْكُنْ بِقُدْرَةِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ۔

**کھیت سے چوہے دور کرنے کیلئے** کھیت کے چوہے دور ہونے کے لیے یہ اسماء لکھ کر ایک بانس کی چھڑی میں باندھ کر کھیت کے چاروں طرف پھرا کر کھڑا کر دے اسماء یہ ہیں بسم اللہ الرحمن الرحیم بحرمۃ بسم اللہ الرحمن الرحیم بحرمۃ بسم اللہ الرحمن الرحیم الٰہی بحرمۃ حضرت بایزید عثمانی از شر موشہا نگہدار۔ اگر چوہے کھیت میں رہتے ہوں تو تعویذ اس ڈھنگ سے لکھے۔ جو اوپر درج ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الٰہی بحرمۃ بایزید عثمانی
از شر موشہا نگہدار
بسم اللہ الرحمن الرحیم

**دافع بواسیر** بواسیر دور ہونے کے لئے اتوار کے دن صبح کے وقت یہ تعویذ لکھے بعد زوال کے کمر میں باندھے۔

**دفع مرگی** مرگی دور ہونے کے چار کورے سکوروں پر اصحاب کہف کا نقش لکھے اور ہر سکورے میں

| ۱۰۳۰ | ۱۲۲۲ | ۱۰۱۰ | ۱۰۳۶ |
|---|---|---|---|
| ۱۰۱۲ | ۱۳۴ | ۱۰۳۲ | ۱۰۲۲ |
| ۱۴۰ | ۱۰۱۴ | ۱۰۲۰ | ۱۰۲۶ |
| ۱۰۱۸ | ۱۰۲۸ | ۱۰۳۸ | ۱۰۱۶ |

کوئلے بھر کر آگ دے جب خوب تپ جائیں تب نیچے کی چارپائی کے پایوں کے نیچے ایک ایک سکورا رکھ دے۔ نقش پچھلے صفحہ پر ہے۔

**دفع طحال تلی کا ورم دور کرنے کے لیے** یہ نقش لکھ کر مریض کے ہاتھ پر رکھے اور سفید مٹی کا ڈھیلا اس پر رکھ کر تین یا پانچ یا سات یعنی بعدد طاق قل ہو اللہ پڑھے اور ڈھیلے پر لوبان رکھ کر جلاوے اور دوسرا شخص تلی کو پکڑ رہے بفضل خدا تلی دور ہو جائے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اللہ

**دفع اقسام آسیب** اقسام آسیب کے لیے ایک کپڑے کا ٹکڑا ہلدی میں رنگ کر چالیس فتیلہ بنائے۔ اور جس مکان میں آسیب زدہ سوتا ہو اوّل ایک فتیلہ ایک رات دن برابر جلائے پھر باقی فتیلوں کو ایک ایک روز ہر شب چالیس دن تک اس مکان میں روشن کر دیا کرے۔ خدا چاہے آسیب دور ہو۔

**ایضاً** سورۂ ناس کو سات مرتبہ بغیر سین کے پڑھ کر کڑوے تیل پر دم کرے اور آسیب زدہ کے آنکھ ناک کان اور ہاتھ پاؤں کے ناخنوں پر ملے انشاء اللہ تعالیٰ شفا حاصل ہوگی۔

**چور پکڑنے کا عمل** چور پکڑنے کی ترکیب نابالغ لڑکے یا لڑکی کے دونوں ہاتھوں پر سیاہی تیل میں ملا کر ملے۔ اور یہ منتر ماش کے دانوں پر ایک ایک مرتبہ پڑھ کر ایک ایک دانہ ہاتھ پر مارتا جائے ساتویں دانہ پر نیچے کی ہتھیلی پر چور کی صورت نمودار ہو جائے گی انشاء اللہ تعالیٰ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ نَفَخُوْنَ نَفَخُوْنَ نَفَخُوْنَ جُنَیْلَکَ جُنَیْلَکَ جُنَیْلَکَ شُفَیْعًا شُفَیْعًا شُفَیْعًا مُطِیْشًا مُطِیْشًا مُطِیْشًا سُرُوْدًا سُرُوْدًا سُرُوْدًا قُدُوْدًا قُدُوْدًا قُدُوْدًا سُھْلًا سُھْلًا سُھْلًا نُھْلًا نُھْلًا نُھْلًا اُخْفُوْا مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ بِحَقِّ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَیْھِمَا السَّلَامُ۔

**دریافت اسباب مرض** اسباب بیماری کے معلوم کرنے کو بیمار کا وہ کپڑا لیوے

جس میں کہ رات گزاری ہو اوّل اس کو گز سے ناپ لے پھر اس پر سورہ فاتحہ تین بار اور آیۃ الکرسی تین بار اور سورۂ والصافات سے لازب تک اور سورۂ جن سے شططا تک اور معوذتین ایک ایک بار پڑھے پھر اس کو ناپے اگر بڑھ جائے بیماری شیاطین کے مس سے ہے اور جو کم ہو جائے تو جن یا سحر کا سبب ہے اور جو برابر رہے مرض بدنی ہے معلوم کرے اگر سحر وغیرہ ہے تو آیات مذکورۂ بالا کو ایکبار اور سورہ جن تمام وکمال لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے۔ اور جو مرض شیاطین کے مس کرنے سے ہو تو سورۂ دوم فما لہم من ناصرین تک لکھ کر گلے میں لٹکا دے۔ اگر مرض بدنی ہو تو آیاتِ مذکورہ بتعداد مذکورہ قدرے پانی پر پڑھ کر پلا دے اور تھوڑا پانی مریض کے پیروں اور کپڑوں پر چھڑک دے انشاء اللہ تعالیٰ شفا حاصل ہوگی۔

**دفع مرگی** مرگی دور ہونے کے لئے سورہ اذا جاء نصر اللہ اکیس بار پڑھ کر اور اجوائن پر دم کر کے زچہ کی چارپائی کے پایہ سے باندھنی مفید ہے۔

**ایضاً** ایک کاغذ کے تختہ پر سورۂ یٰس بطور دائرہ لکھو اور درمیان دائرہ کا خالی رہے۔ پھر وہ خالی گردہ نکال کر حلقہ رہنے دیں پھر ایک لوہے کے دستہ کا چاقو لائیں جس سے کوئی چیز نہ تراشی گئی ہو اس پر سات بار سورہ یٰس پڑھ کر دم کریں جب جنین ماں کے پیٹ سے باہر آجائے تو اس کو مع آنول نال کے کاغذ کے حلقہ میں سے سات بار نکال کر چاقو مذکورہ سے آنول اس کی کاٹیں اور اس عمل کا نذرانہ بچے کے والدین سے پانچ ٹکے مانگیں۔

**برائے حاجات** حاجتوں کے روا ہونے کے لیے لازم ہے کہ ہر فرض نماز کے بعد یہ وظیفہ پڑھا کرے پہلے دائیں کی چھنگلی سے شروع کر کے درجہ بدرجہ انگوٹھی تک لائے بعدہٗ اسی طرح بائیں ہاتھ کی انگلیاں بترتیب بند کرے جب کلمہ تشفع عندنا پر پہنچیں دونوں عینوں کے درمیان ترقی درجات اور کشائش رزق کی دعا نیا سے کرے اور جو کسی شخص کے مسخر اور فرمانبردار ہونے کے لئے کرے تو انگوٹھوں کے بند کرنے کے وقت اس شخص کا تصور کرے اس کے بعد تین تین بار الم نشرح

اور سورہ اخلاص اور درود شریف اور سات مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھے اور انگلیاں کھولے کھولتے وقت نام ہر مطلوب کا جو مد نظر ہو لیوے۔
ایضاً حضرت مولانا شیخ محمد صاحب تھانویؒ حکیم بدر الدین سے اور وہ شاہ ابوالبرکات صاحب عامل سے آیۃ الکرسی کا عمل نقل کرتے ہیں جو واسطے استقامت دولت وجاہ اور دفع اور تہ و بالا ہونے اعدا کے مجرب ہے وہ یہ کہ ہر نماز فرض کے بعد آیۃ الکرسی کے اس طرح پڑھنے پر ملاومت کرے کہ آیۃ الکرسی کے دس کلموں پر دسوں انگلیاں بند کرتے شروع دائیں چھنگلی سے کرکے بائیں انگوٹھے پر ختم کرے اور یشفع عندہٗ کے دو عینوں کے مابین حاجات لطف یعنے مثل حب یا ازدیاد مناصب وغیرہ دل میں لائے اور یعلم مابین ایدیہم کے دو میموں کے درمیان حاجات قہر یعنی بربادی اعداء و تعدی ظالمان وغیرہ کا خیال کرے جب عقد سے فارغ ہو تو الم نشرح اور قل ہو اللہ اور درود شریف تین تین بار پڑھ کر آسمان کی طرف پھونکے پھر ایک بار الحمد مع بسم اللہ و آمین پڑھ کر ایک ایک انگلی کھولتا جائے۔ مگر بسم اللہ کا اخیر میم الحمد للہ کے لام سے ملاوے۔ جب دس بار پڑھ کر دس انگلیاں کھول چکے تو ہاتھ پر پھونک مار کر تمام اعضائے پر ملے۔ معمول صاحب عمل کا یہ تھا کہ جمعیت اور دفع شر ظلمہ کے لئے یہی عمل ارشاد فرمایا کرتے تھے مولانا صاحب کو یہ عمل نواب مصطفےٰ خاں صاحب والی جہانگیر آباد سے پہنچا ہے۔
اسیطرح مولانا صاحب اپنی ممانی صاحبہ سے یہ عمل نقل کرتے ہیں جس سے غضب حکام و اہل ظلم اور دشمنوں کا غصہ مہربانی اور اطاعت سے بدل جائے اور عامل کا مقصد انجام پاوے عمل یہ ہے کہ قلنا یا نار کونی برداً وسلاماً علیٰ ابراہیم کو بعد ادائے زکوٰۃ عمل ہذا، گیارہ بار مگر اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کرکے مکان کے قرب و جوار میں چھڑک دے اور اگر دشمن یا حاکم دور دراز ہو تو اس پانی میں ایک رومال تر کرکے رکھ چھوڑے جب دشمن کے پاس جائے رومال کو ایک ظرف پُر آب میں تر کرے اور پانی چھڑکے انشاء اللہ دشمن

یا حاکم مہربان ہو کر مقصد عامل کا نکالے گا۔ زکوٰۃ اس طرح ہے کہ تین روزے رکھ کر آیہ مذکورہ کو مع کلمہ طیب کے کثرت سے پڑھے اگر بغیر روزہ رکھے زکوٰۃ دے گا تو بھی ادا ہو جائیگی۔ مگر روزہ رکھنا بہتر ہے اور جو رمضان شریف میں زکوٰۃ دینا کا اتفاق ہو تو بہتر ہے۔ بعد ادائے زکوٰۃ عمل پر اثر ہو گا۔ عمل مجرب ہے۔

تمت

کتابت : محمد یونس و عبد الرؤف رشید

دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی